عالمِ حاضرات

قیصر احمد بی۔اے

شہنشاہِ حاضرات
جناب قیصر احمد بی۔اے کی تحقیق کا نچوڑ
پانچ صد سے زائد
نئے غیر مطبوعہ، اچھوتے
اور آسان حاضرات
عالم حاضرات
مصنف و مؤلف
قیصر احمد بی۔اے
قیمت: 200 روپے
مکتبہ آئینہ قسمت اکیڈمی
کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ-II، لاہور-54660
کاشانہ زنجانی، آرام باغ روڈ، کراچی- 74200
باہتمام: حیدری پریس ریلوے روڈ۔ لاہور

فہرست

سابقہ کتاب

''حاضرات کی دنیا''

کے بارے میں اہلِ دانش کی رائے

قیصر احمد بی۔اے کراچی کی سابقہ کتاب ''حاضرات کی دنیا'' کو اہلِ دانش نے نہ صرف سراہا ہے بلکہ اپنے اپنے انداز میں خراجِ تحسین بھی پیش کیا ہے۔ جناب راغب مراد آبادی کا نام اہلِ دانش میں ہمیشہ ادب و اِحترام سے لیا جاتا ہے۔ منجم اعظم شاہ زنجانی کے ہم عصر جناب راغب مراد آبادی نے کتاب ''حاضرات کی دنیا'' کو منظوم خراجِ تحسین پیش کیا ہے جس سے ''حاضرات کی دنیا'' کی اہمیت و افادیت کا پتہ چلتا ہے۔

قیصرؔ احمد ہیں باکمالوں میں
دیکھئے ''حاضرات کی دنیا''

اس کی تعریف سخت مشکل ہے
یہ ہے ایسی صفات کی دنیا

اس کا اِک اِک ورق ہے قابلِ غور
یہ تو ہے حُبِ ذات کی دُنیا

روز و شب کے خواص ہیں اس میں
یہ ہے دِن اور رات کی دنیا

راغبؔ اس پر عمل بھی لازم ہے
یہ نہیں صرف بات کی دنیا

(راغبؔ مراد آبادی)

انتساب!

میں اپنی کتاب ''عالمِ حاضرات'' اپنے استادِ گرامی خانوادہ سادات معصومین علیہ السلام حضرت منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی (مرحوم) ماہر روحانیات اور بانی گولڈن جوبلی ادارہ آئینہ قسمت لاہور کے ہونہار پوتوں شہزادہ مصور علی شاہ زنجانی' شہزادہ محمد علی شاہ زنجانی اور شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی کے نام منسوب کرتا ہوں کہ آپ ہی کی عطا میں اپنی برسہا برس کی محنت کو جمع کر کے آپ کے فرزندار جمند شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور کی نذر کر دیا ہے کہ وہ ''عالمِ حاضرات'' کو اپنے خاندانی روحانی فیوض و برکات اور دربارِ مصطفائی ﷺ کا روحانی فیض اپنی اجازت سے جاری کریں۔ بلاشبہ جب تک باب العلمؑ سے کسی وسیلہ سے تمسک قائم نہ ہو دربارِ مصطفائی ﷺ کا روحانی فیض جاری نہیں ہوتا۔ مورخہ: ۲۴ مئی ۲۰۰۲ء

عامل قیصر احمد بی-اے (کراچی پاکستان)

مصنف و مؤلف کتاب سے رابطہ کا پتہ

3-F ' 8/15 ' ناظم آباد نمبر 3

کراچی- 74800

پیش لفظ

مکتبہ آئینہ قسمت لاہور سے شائع ہونے والی کتب "حاضرات کی دنیا"، "بحر الحاضرات" اور "محفلِ حاضرات" نے یکے بعد دیگرے شائقین روحانیات کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ حاضرات کی دنیا کے مصنف و مؤلف قیصر احمد بی۔اے کو نئی صدی میں نیا جوش آیا اور انہوں نے حاضرات کا وہ خزانہ جو چھپا رکھا تھا اسے منظر عام کرنے کا ارادہ کیا ۔ میری وراثتی حوصلہ افزائی جو ہمیشہ صاحبانِ علم کے لیے وقف رہی ہے اور رہے گی۔ عالم حاضرات اسی حوصلہ افزائی کا آپ کے لئے ثمر ہے۔ عالم حاضرات کتاب نہیں بلکہ حاضرات کا انسائیکلوپیڈیا ہے اور ایسی پہلی کتب سے منفرد ہے۔ قیصر احمد بی۔اے کو اگر دوبارہ جنم بھی مل جائے تو وہ شائد اس پایہ کے علمی خزانہ کو اخفاء نہ کر سکیں۔ آپ کو تو "عالمِ حاضرات" مفت میں مل گئی مگر اس کے پیچھے قیصر احمد کی علمی تحقیق و ریسرچ کی نصف صدی کا خونِ جگر شامل ہے۔ میں انہیں بابائے حاضرات کا خطاب دیتا ہوں اور ان کی بی۔اے کی ڈگری کی جگہ انہیں حسنی و حسینی ہونے کا روحانی خطاب بھی عطا کرتا ہوں۔ عالمِ حاضرات کے ایک عمل سے بھی فیض پانے والے دوست بابائے حاضرات قیصر احمد حسنی و حسینی کی صحت و سلامتی و درازی عمر کے لیے اور شہزادگان منجم زنجانی برادرز (شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی، شہزادہ سید محمد علی زنجانی، شہزادہ سید محسن علی زنجانی) کے روشن مستقبل کے لیے دعا فرمائیں۔ نئی صدی ان کی صدی ہے۔ اُمید ہے کہ منجم اعظم شاہ زنجانی کے تینوں پوتے آپ کی مجھ سے زیادہ بہتر خدمت کر سکیں گے۔

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

چیف ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت، زنجانی جنتری

۲۴ مئی ۲۰۰۲ء

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

اجازت نامہ

اللہ تعالیٰ آپ کے روحانیات کے شوق کو سلامت تا قیامت رکھے آمین! عالمِ حاضرات مکمل کتاب کی اجازت کا ہدیہ گیارہ سو (1100) روپے ہے۔ ہدیہ ادا کر کے سجادہ نشین دربار عالیہ زنجانیہ **شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی** سے اجازت نامہ حاصل کریں۔

آپ کا ہدیہ بانی ادارہ حضرت سید ناظر حسین شاہ زنجانی قبلہ کے مزار اقدس (درگاہ پیر شاہ زنجانی) کی فلاح، سالانہ عرس اور لنگر میں شامل کیا جائے گا۔ جہاں سے فیض مصطفائی جاری ہے۔ وفات شاہ زنجانی 11 ربیع الاول 1392ھ کی مناسبت سے سالانہ عرس جشن عید میلاد النبی ﷺ کے ساتھ ہر سال منایا جائے گا۔ حضرت سید ناظر حسین شاہ زنجانی (مرحوم) کی سوانح عمری کتاب کے آخری صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

خصوصی اجازت

تجربہ حاضرات کے لیے کتاب کا کوئی ایک عمل 6 کلو چینی کا صدقہ حشرات الارض کو ڈال کر بعد شوق کر سکتے ہیں۔

خصوصی نوٹ

سفلی حاضرات اعمال و وظائف غیر مسلم شائقین کے لیے شائع کیے جا رہے ہیں یہ غیر شرعی ہیں۔ ان کا اجازت نامہ سے کوئی تعلق نہیں۔

عامل شاہ زنجانی

تقریظ

قیصر احمد حسینی ہمارے اُن چند لکھنے والوں میں سے ہیں کہ جو ریسرچ و تحقیق کر کے لکھتے ہیں۔ میرے دوستوں میں سے ہیں۔ میں نے 1976ء میں پیش گوئی کی تھی کہ اس عزیز کی لگن عملیات میں ایک نام پیدا کرے گی۔ لہٰذا موصوف کی زیر نظر تصنیف اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ قیصر احمد حسینی دنیا کے واحد شخص ہیں کہ جو حاضرات کے موضوع پر ایک جامع کتاب لکھی ہے اور اس قدر مجرب اعمال کا ایک جگہ ذخیرہ ایک علمی کرامت ہے۔ پہلی کتاب میں موصوف نے 342 اعمال کا مجموعہ ''حاضرات کی دنیا'' کے نام سے پیش کیا۔ اب جو تصنیف آپ کے ہاتھوں میں ہے بنام ''عالم حاضرات'' ...... اس میں تقریباً 650 اعمال مجرب ایک گلدستہ کی طرح موجود ہیں۔ امید ہے اہلِ علم حضرات حوصلہ افزائی فرما کر اس صاحب وقت اہلِ علم کی قدر کریں گے۔ اور علمی تحقیقات میں اس صاحبِ اثر شخص کی مدد کریں گے۔

والسلام

بابر سلطان القادری

تقریظ

بہت زیادہ خوشی کی بات ہے کہ میرے روحانی بھائی قیصر احمد بی۔ اے نے ''علم الحاضرات'' پر دو جامع کتب تحریر فرمائی ہیں۔ (۱) حاضرات کی دُنیا' (۲) عالم حاضرات ...... موصوف کی دونوں کتب میں حاضرات پر تقریباً گیارہ سو مجرب اعمال پیش کیے گئے ہیں اور یہ سعادت تا حال کسی دوسرے عامل کو نصیب نہیں ہوئی۔ اس لحاظ سے یہ شخصیت منفرد ہے۔ مستقبل کا مورخ جب علوم روحانی کی تاریخ مرتب کرے گا تو جناب قیصر احمد حسینی کے تذکرہ کے بغیر اپنی تاریخ مرتب نہ کر سکے گا۔ موصوف کی علمی خدمات سے متاثر ہو کر خاندانِ زنجانیہ کے نامور سپوت' ماہنامہ آئینہ قسمت کے چیف ایڈیٹر جناب شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی نے آپ کو ''شہنشاہِ حاضرات'' کے لقب سے نوازا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ حکومتِ وقت روحانی علوم کے ماہرین کی طرف توجہ نہیں دیتی ہے۔ جس طرح ادیب حضرات کو خصوصی ایوارڈ دیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح روحانی علوم وفنون پر ریسرچ کرنے والے ماہرین کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے جانے چاہئیں۔ مگر صد افسوس کہ ملک میں روحانی علوم وفنون پر کتب مرتب کرنے والے ماہرین پر کفر کے فتوے لگتے ہیں۔ قیصر احمد حسینی نے حاضرات پر دو جامع کتب مرتب فرما کر علم الحاضرات کے خزانہ کو آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کر دیا ہے۔ میرے نزدیک موصوف کی دونوں کتب ''حاضرات کی دنیا'' اور ''عالم حاضرات'' کو اگر حاضرات کا انسائیکلو پیڈیا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ میری دعا ہے کہ مصنف موصوف کی یہ کتاب بھی ''حاضرات کی دنیا'' کی طرح شہرتِ دوام حاصل کرے۔ اور حاضرات کے طلباء اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ آمین!

خادمِ فن غلام سرور شباب

9/7/2001

تقریظ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَافِیَۃُ الْمُتَّقِیْنَ۔ امابعد

کسی کتاب پر تقریظ لکھنا اتنا ہی مشکل ہے جتنا نئی کتاب تحریر کرنا۔ کیونکہ اگر تقریظ لکھنے والا موضوع کتاب سے واقفیت نہ رکھتا ہوگا جس پر فاضل مصنف نے خامہ فرسائی کی ہو۔ تو یقینی طور پر وہ عدم واقفیت کی بنا پر کوئی صحیح رائے قائم کرنے میں ناکام رہے گا۔ زیرنظر کتاب ایک ایسے عجیب وغریب علم لطیف پر تحریر کی گئی ہے۔ جس کے جاننے والے موجودہ دور میں ہزاروں میں سے بمشکل جاننے والے چند ایک ہونگے مگر دعویٰ کرنے والے سینکڑوں ہوں گے۔ یہ علم حاضرات روحانیات کی ایک شاخ ہے۔

بازار میں کھڑے ہوکر اور کسی بچے کے ہاتھ میں انگوٹھی دے کر جنوں کے بادشاہ کو گرفتار کرلے بلالیا اور ان کے ذریعہ سے ہر مرحوم اور زندہ کو حاضر کرلینا۔ یہ تو ایک شعبدہ ہے۔ اور اہل دانش غور کرسکتے ہیں کہ جن خدا کی معزز و محترم مخلوق ہے۔ اور وہ اس قدر ذلیل ہستی نہیں ہو سکتے کہ جب اور جہاں جس کا جی چاہے وہ بلالے۔ اس کے لیے برسوں خون جگر پینا پڑتا ہے اور اپنی ہستی کو مٹانا پڑتا ہے۔ حاضرات ایک ایسا موضوع ہے۔ جس پر زمانہ قدیم سے لے کر موجودہ زمانہ میں ہر کوئی نامہ فرسائی کررہا ہے۔ کئی کتب اس پر لکھی جاچکی ہیں۔ لکھی جارہی ہیں اور لکھی جائیں گی۔ ہر شخص اس دل چسپ موضوع کے متعلق زیادہ سے زیادہ جاننے کا خواہش مند ہے۔ ہر جگہ آپ کو عاملِ حاضرات ملیں گے جو زمین اور آسمان کے قلابے ملاتے ہوں گے اور دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کے مقابلہ کا فی زمانہ کوئی ماہر حاضرات نہیں ہے۔ یہ تو ایک الگ گفتگو ہے مگر پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ حاضرات وروحانیت کی حقیقت کیا ہے؟

میرے ناقص خیال کے مطابق حاضرات وروحانیت سے مراد ایسی پوشیدہ مخلوق کا وجود ہے جو اس کائنات بے کراں میں ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد ہے اور زبردست قوتوں کی مالک ہے۔ یہ پوشیدہ اور روحانی مخلوق خالق کائنات کی طرف سے کائنات میں حضرت انسان کی حفاظت وخدمت پر مامور ہے۔ اس اعتبار سے انسان عملیات وریاضت کے ذریعہ اس روحانی مخلوق کو تسخیر کرکے تابع اور فرمانبردار بنا سکتا ہے۔ جس کی مدد سے انتہائی عجیب و غریب اور حیرت انگیز کام لیے جاسکتے ہیں۔ خفیہ باتوں اور پوشیدہ رازوں سے پردہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ زمانہ قدیم کے ماہرین طلسمات نے اس باب میں تسخیراتِ حاضرات وروحانیت کے وہ حیرت انگیز اور نادر الوجود عملیات طشت از بام کیے ہیں جو پہلے سینوں کے نہاں خانوں میں بخل کے تالوں سے بند تھے۔ جن کو ظاہر کرنا ان کے نزدیک گناہِ عظیم تصور کیا جاتا تھا۔ بلکہ سالوں اپنے شاگردوں اور مریدان باصفا سے خدمتیں کرواکر بھی کوئی عمل عطا کرنا مشکل ہوتا تھا۔ بلکہ ان میں سے جو شاگرد ہر قسم کے کڑے امتحانات سے گزر کر معیار کی کسوٹی پر پورا اترتا تھا اسے اہل سمجھتے ہوئے عمل عطا کردیا جاتا تھا۔ ساتھ ہی رازداری کی کڑی شرط لگادی جاتی ہے۔ اس علم کے ماہرین نے حاضرات کو تین درجوں

میں تقسیم کیا ہے۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1- طلسماتی اعمال...... ان میں مختلف قسم کی ادویات کو کاجل کی صورت میں اکٹھا کر کے شیشے پر یا انگوٹھے پر یا کسی ڈبیہ میں مصالحہ بنا کر لگا دیا جاتا ہے۔ یہ مصالحہ ایک قسم کا مقناطیسی مواد ہوتا ہے اور اس میں عامل کی توجہ کام کرتی ہے۔ جو معمول کو اس درجہ تک اپنے اثر میں لے لیتی ہے کہ جو کہا جائے معمول کو نظر آتا ہے۔ یہ مسمریزم کی ایک قسم ہے۔ اس حصہ میں یا عمل کی تیاری میں جتنی قسم کے مقناطیسی مصالحہ جات بنتے ہیں ان کے تمام اجزاء شائقین علم حاضرات کو آسانی سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اس طریقہ حاضرات میں 9 سے 14 سال تک کا لڑکا اور 16 سال تک کی لڑکی حاضرات دیکھ سکتی ہے۔

2- اس درجہ میں پانی میں حاضرات یا شیشہ میں دیکھی جاتی ہے۔ اس میں بھی عمر کی قید ہے۔ کچھ عرصہ سات دن سے لے کر چالیس یوم تک ریاضت کر کے شخص کسی بھی عمل کا عامل بن سکتا ہے اور پوشیدہ موکلات مسخر ہو جاتے ہیں۔ جب بھی بلایا جائے حاضر ہوتے ہیں۔ چراغ کی لو میں یا پانی میں حاضرات سب بچے دیکھ سکتے ہیں۔

3- یہ طریقہ حاضرات ذرا مشکل ہے۔ اس میں سخت ریاضت پاکیزگی، مستقل مزاجی، بردباری اور حلیم الطبع ہونا ضروری ہے۔ اس میں بچے کا کام نہیں ہے۔ صرف بالغ ذہن کے مالک عورت مرد دیکھ سکتے ہیں۔ اس میں طریقہ حاضرات کا چارٹ، پنڈولم کی حاضرات، خودنویسی اور روحوں کو بلانے کی حاضرات کا ہوتا ہے۔ اس میں مضبوط قوت ارادی اور سخت ریاضت شرط ہے۔ باعمل پرہیزگار لہو لعب سے دور پاکیزہ خیالات کا شخص مستفید ہو سکتا ہے۔

حاضرات کسی بھی قسم کی ہو اس میں مستقل مزاجی اور صابرانہ طبیعت کا مالک ہونا ہی کامیابی کی دلیل ہے۔ جو شخص ان صلاحیتوں سے بہرہ ور نہیں ہو سکتا اس کی کامیابی مشکوک ہوتی ہے۔ چاہے جتنی ریاضتیں کر لے۔

اس عاجز کا روحانی سفر تقریباً 18 سال پر محیط ہے۔ اسی روحانی سفر کے دوران برادر محترم جناب قیصر احمد حسینی ماہر عملیات روحانیت و حاضرات کی ملاقات میسر آئی۔ اس میرے انتہائی مہربان بھائی نے ساری زندگی عشق کیا تو صرف عملیاتی دنیا میں حاضرات سے۔ اپنی تمام زندگی کی رعنائیاں اس علم کے تجربات میں صرف کر دیں۔ اس شخص کو رب العزت نے بہت سی صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ عملیات ہوں یا علم الاعداد یا حاضرات کی بھول بھلیاں ہوں یا کوچہ شاعری کی خیال آفرینی ہو۔ چاہے فن کبوتر بازی ہو یا حکمت وطب کی خامہ فرسائی ہو۔ ہر میدان میں تحقیق کے جھنڈے گاڑے ہیں۔ مجھے خود ذاتی طور پر قیصر احمد حسینی کا انداز دل نشین بہت پسند ہے۔ اس میں خودسری ہے۔ بعض اوقات جوش علم میں آ کر خوب لتے بھی لے لیتا ہے چاہے دوسرا کتنا ہی ملول ہو۔ لیکن جو بات دل میں آئے کہہ دیتا ہے۔ میں نے علم حاضرات میں شرفِ تلمذ بھی حاصل کیا ہے۔ کراچی جا کر نزدیک سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ حیرت ہوتی ہے۔ جہاں اس کے ہم عمر اپنے گھروں میں بچوں کی اٹھکیلیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں وہاں یہ عجیب انسان اکیلا حاضرات کے تجربات میں مگن ہوتا ہے۔ اس کا کمرہ طلسم کدہ ہے۔ میرے اس دوست کی پہلی کتاب

''حاضرات کی دنیا'' نے جو مارکیٹ میں آ کر تہلکہ مچایا ہے وہ سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ اس شخص کی محنت حاضرات کے عملیات میں بھاگ دوڑ بڑی عجیب ہے۔ ہر وہ شخص جس کے بارے معلوم ہوا کہ اس کے پاس کوئی عمل ہے دولت تن من ہر چیز خرچ کر کے اسے حاصل کرنے کی جستجو میں لگ گیا۔ سندھ کا کونہ کونہ کھنگال مارا۔ ہر مصنف اور قدیم ماہرین کو کھنگالا اور حاضرات کا ایک ''انسائیکلوپیڈیا'' بنا دیا۔ اس کتاب کی پسندیدگی قبولیت اندرون ملک اور بیرون ملک یکساں طور پر ہوئی۔ طرّہ یہ کہ پڑوسی ملک کے ایک طلسماتی رسالہ والوں نے من وعن اس کتاب کو خاص نمبر کی صورت میں شائع کر دیا۔ قیصر احمد بی۔ اے نے اپنی جوانی کا خون اور جوش اس بکھرے ہوئے علم کو اکٹھا کر کے کتابی صورت میں ''عالم حاضرات'' کے نام سے آپ لوگوں کے آگے پیش کر دیا ہے۔ اس نوجون نے شائقین حاضرات کے شوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک انمول تحقیق کر کے ایک نئے علم کی شاہراہ قائم کر دی ہے۔ جس پر چل کر مبتدی اور منتہی دونوں اپنی منزل مقصود پر آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔ اور جدت پسند دماغ نئی نئی راہیں پیدا کر سکیں گے۔

لیکن اس میں حسد کی بُو نہیں ہونی چاہئے جیسا کہ پہلی کاوش آنے سے قبل ہی چند نام نہاد عامل بے تکے عملیات ہندی کتب سے نقل کر کے ایک کتاب کی صورت میں مارکیٹ میں لے آئے۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح ہم قیصر احمد بی۔ اے کو ملنے والی محبت اور عزت چھین لیں گے۔ مگر جس کا حامی کائنات کا خالق ہو اس کو کیا ڈر! اہل علم اس بات کے گواہ ہیں۔ وہ کتاب جو حسد کی آگ میں جلتے ہوئے لکھی گئی تھی دکانوں میں گرد کے نیچے دبی ہوئی چیخ رہی ہے۔ یہ بات بالکل بجا ہے علم کی اشاعت میں حسد اس وقت اچھا لگتا ہے جب نئی چیز عوام الناس کے سامنے آئے اور شائقین اس سے مستفید ہو سکیں۔ اس علم کا کیا فائدہ جو خود اس کے عامل کو بھی فائدہ نہ دے۔

میں اپنے بھائی جگری دوست قیصر احمد بی۔ اے کو اس عظیم علم پر ایسی تحقیقانہ اور مدبرانہ مکمل کتاب لکھنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ گو یہ علم مکمل نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے لیکن کسی حد تک تشنگی دور ہو گی اور طلب علم میں کافی فرق آئے گا اور یہ کتاب انشاء اللہ پہلی کاوش سے بھی زیادہ عزت پائے گی اور پسند ہو گی۔ کیونکہ اس کا ہر عمل تحقیق شدہ ہے۔ دعا گو ہوں مولا کریم اپنے حبیب پاک حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے وسیلہ جلیلہ کے طفیل شرفِ قبولیت بخشے۔ آمین!

از

ماہر علم جفر فقیر حکیم سرفراز احمد زاہد نقشبندی مجددی چشتی صابری
پوسٹ بکس نمبر 454۔ ملتان

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی　　تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

اجازت کیوں؟

میڈیکل سٹور پر جتنی دوائیں ہوتی ہیں وہ صحت کے حصول کے لئے ہوتی ہیں۔ لیکن کوئی شخص بھی اپنی مرضی سے دوا لے کر استعمال نہیں کرتا بلکہ پہلے ڈاکٹر سے رجوع کرتا ہے۔ پھر دوا استعمال کرتا ہے۔ روحانی معالج آپ کی استعداد کو بہتر سمجھتا ہے۔ وہ آپ کو وہی عمل بتاتا ہے جس میں آپ کامیاب ہوں۔ ایسا عمل نہیں بتاتا جس سے آپ مشکل میں پھنسیں۔ اور آپ کو سنبھالنا مشکل ہو۔ اس لئے اجازت لینا ضروری ہے۔ ہمارا مقصد آپ کو ڈرانا و خوف زدہ کرنا نہیں ہے بلکہ ہم حقیقی معنوں میں آپ کی رہبری و رہنمائی کرنا چاہتے ہیں۔ قاعدہ میں فائدہ ہے۔ ہر چیز کے اصول وضوابط ہوتے ہیں ان ہی اصولوں وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے جب انسان کسی خاص مقصد وحصول کے لئے محنت کرتا ہے تو اسے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ جب آپ اپنی ذات کو کسی چیز کے حصول کے لئے (Devote) وقف کرتے ہیں تو وہ چیز بھی آپ کو آتی ہے۔ ہر چیز کے آداب وضوابط ہوتے ہیں۔ آپ ان آداب وضوابط کو ملحوظ خاطر رکھیں انشاء اللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو رائیگاں نہیں کرتے۔ لَیۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ مَا سَعٰی. کسی بھی عمل کی کامیابی کے لئے ان تین چیزوں کا ہونا لازمی ہے۔

(1) یکسوئی، (2) قوتِ ارادی (3) اخلاص ان چیزوں کے بغیر کامیابی ناممکن ہے۔

اجازت لیں

روحانیات و اعمالِ حاضرات میں دلچسپی رکھنے والے بہن بھائی کسی روحانی سلسلہ سے ضرور رہنمائی و رہبری لیں۔ دورانِ عمل ترتیب پانے والے اور ہونے والے اثرات وواقعات سے آگاہی حاصل کرنے اور ان کی رجعت سے بچنے کا نام اجازت ہے۔ اجازت لینے سے عامل میں روحانی طاقت آجاتی ہے اور عمل میں یقینی کامیابی ہو جاتی ہے۔ جس کے نصیب میں جس عمل کا فیض ہے وہ بلا تامل جاری ہو جاتا ہے۔ اکثر اشخاص اجازت نہیں لیتے اور بغیر اجازت کے عمل شروع کر دیتے ہیں کہ ہم عمل میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یاد رکھیں کہ اجازت لینا گویا کامیابی وخوشی کی دلیل ہے۔ اجازت پریشانی، رجعت، پاگل پن وناکامی کے اثرات سے بچاتی ہے جس کا ازالہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے عامل سے اجازت ضرور لیں۔ یاد رکھیں کہ وہی لوگ کامیاب وخوشحال زندگی گزارتے ہیں جو اجازت لے کر عمل شروع کرتے ہیں۔ اور سعادت، خوش بختی، روحانی منازل آسانی سے طے کرتے ہیں۔

حاضرات کی حقیقت

حاضرات سے مراد جناتی ارواح کا وجود ہے۔ ایسے جنات جن کی روحیں ان کی طبعی موت کے بعد آزاد کر دی جاتی ہیں۔ یہ ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد اور زبردست قوتوں کی مالک مخلوق ہے۔ یہ مخلوق خدائے قدوس کی طرف سے کائنات

میں حضرت انسان کی حفاظت وخدمت پر مامور ہے۔اس اعتبار سے انسان عملیات وریاضت کے ذریعے اس روحانی مخلوق کو اپنا تابع فرمان بنا سکتا ہے۔جس کی امداد سے انتہائی عجیب وغریب اور حیرت انگیز کام لئے جا سکتے ہیں۔خفیہ باتوں اور پوشیدہ رازوں کا انکشاف کیا جا سکتا ہے۔میں نے اپنی اس کتاب میں تسخیرات حاضرات وروحانیات کے وہ نادر الوجود عملیات جو اس فن کے اکابر علماء واساتذہ کے سینوں تک محدود تھے اور جن کا اظہار کسی بھی قیمت پر ممکن نہ تھا۔میں نے مجرب عملیات کو اپنے ذاتی تجربات میں لاکر ارباب فن کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔علمائے طلسمات نے حاضرات وروحانیات کے عملیات کو دو طرح سے بیان کیا ہے۔پہلی قسم کے عملیات میں صرف نابالغ عمر کے بچے ہی حاضرات وروحانیات کا نظارہ کر سکتے ہیں جبکہ دوسرے طریقے کے اعمال میں عمر کی کوئی قید نہیں بلکہ ہر شخص حاضرات وروحانیات کا مشاہدہ کر کے اپنے مطلوبہ امور میں ہر طرح کی معلومات حاصل کر سکتا ہے۔

عقیدہ

اکثر حضرات عمل میں ناکامی کا ذکر کرتے ہیں۔تعویذات کرتے اور عملیات پڑھتے ہیں اور بعد میں شکایت کرتے ہیں کہ ہمارا کام نہیں ہوا اور فلاں عمل میں کامیابی نہیں ہوئی۔اپنی کوتاہی اور خامی کا ذکر نہیں کرتے بلکہ عامل اور صاحب مصنف کو بدنام کرتے ہیں۔یہ لوگ وہ ہی جو عقیدہ کے خام ہوتے ہیں۔اعتقاد ایک جادو ہے بلکہ ایک طلسم ہے۔سری رام چندر جی مہاراج نے سنا کہ میری سلطنت میں میرا ایک بھگت ہے اور وہ پانی پر چلتا ہے۔آپ کو خیال ہوا کہ اگر میرا پرستار ایسی قوت کا مالک ہے تو مجھ میں اس سے کئی گنا زیادہ طاقت ہوگی۔آپ نے اسے طلب کیا اور اس سے کہا کہ تو میرا نام لے کر پانی پر چلتا ہے؟اس نے کہا ہاں اور چل کر دکھایا۔رام چندر نے ایک پتھر اٹھایا اور دریا میں پھینک دیا۔وہ ڈوب گیا۔اپنے بھگت سے پوچھا کہ یہ کیوں ڈوب گیا؟وہ شخص مؤدب ہوا۔عرض کیا کہ آپ پرماتما ہیں۔آپ سے جو چیز دور ہوگی وہ ڈوب جائے گی اور جس چیز کو آپ کا سہارا ہوگا۔دنیا کی کوئی طاقت اسے غرق نہیں کر سکتی۔یہ وہ شخص تھا جس کے دل میں عقیدت کا نور تھا۔سچا عقیدہ تھا۔درحقیقت انسانی قوتوں میں بے پناہ اضافہ کرتا ہے۔عقیدہ آدھا پیر کہلاتا ہے۔جب تک آپ میں اعتقاد وعقیدہ نہ ہوگا عمل میں کبھی کامیابی نہ ہوگی لہٰذا عمل میں اعتقاد،بھروسہ وعقیدہ کا ہونا لازمی شرط ہے ورنہ عمل کرنا بیکار ہے۔

قوتِ ارادی

تمام عملیات روحانی میں خصوصاً اور تمام دنیاوی کاروبار میں عموماً قوت ارادی کے بغیر کامیابی مشکل ہے۔جس شخص میں قوت ارادی نہیں وہ کوئی کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتا اور نہ ہی کامیاب ہو سکتا ہے۔ضعیف قوت ارادی والا شخص بالکل اس ہلکی لکڑی کے مشابہ ہے جو کسی سمندر میں تیر رہی ہو۔اگر شمال کی طرف ہوا کا جھونکا آتا ہے تو اس لکڑی کو جنوب کی طرف بہا لے جاتا ہے۔اگر جنوب کی طرف سے آتا ہے تو شمال کی طرف بہا لے جاتا ہے۔گویا وہ ہواؤں کے زیر ماتحت ہے۔خود اس لکڑی میں یہ طاقت نہیں کہ وہ جس طرف کو چاہے جا سکے۔اسی طرح ایک کمزور قوت ارادی والا شخص بھی زمانہ کا محتاج رہتا ہے۔خود اپنے پاؤں پر

کھڑا نہیں ہوسکتا اور نہ ہی خود کچھ کرسکتا ہے۔ وہ ہمیشہ دوسروں کا محتاج رہتا ہے۔ اگر ایک شخص نے ایک صلاح دی تو بے سوچے سمجھے اس کے پیچھے لگ گئے اگر دوسرے شخص نے کچھ اور کہہ دیا تو اسی کی تقلید شروع کر دی۔ پس ایسے اشخاص ہمیشہ دکھ تکلیف اٹھاتے رہتے ہیں اور زندگی کے دن نہایت بے سروسامانگی کی حالت میں پورے کرتے ہیں۔ وہ شخص جو آج ایک کام کر رہا ہے اور کل اس کو چھوڑ کر دوسرے کام کی طرف رجوع کرتا ہے۔ کبھی بھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔ انگریزی میں ایک مثل ہے۔

A ROLING STONE GATHERS NO MASS

جس کا مطلب ہے (ڈانواں ڈول مٹی خراب) ایسے شخص کی قوت ارادی بہت کمزور ہوتی ہے اور وہ کچھ بھی اپنی رائے سے نہیں کرسکتا اور اس طرح وہ تمام عمر خستہ حال' پریشان طبیعت اور دوسروں کا محتاج رہتا ہے۔ جیسا عمل ہمزاد تمام عملیات سے مشکل ہے۔ ویسا ہی افضل ترین ہے۔ اس کے عامل کے لئے بڑی زبردست قوت ارادی کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ کامیابی دشوار کیا بلکہ ناممکن ہے۔

قوتِ ارادی کیا ہے؟

قوت ارادی کا مطلب ارادے کی قوت ہے یعنی جس کام کے سرانجام دینے کا ارادہ آپ کرتے ہیں اسے سرانجام دے کر ہی چھوڑنا ہے۔ ہر ایک کام کے شروع شروع میں کئی تکالیف رونما ہوا کرتی ہیں اور ضروری ہے لیکن کامیاب وہی ہوا کرتا ہے جو ان تکالیف کو برداشت کرتا جائے۔ جب تکالیف برداشت کرنے کی عادت ہو جاتی ہے تو قوت ارادی خود بخود بڑھتی چلی جاتی ہے۔ ہمیشہ ہر ایک کام کا خود ہی فیصلہ کرنا چاہیئے۔ اپنے آپ کو دوسروں کے حوالے کبھی نہ کرو۔ اس طرح اور بھی قوت ارادی کمزور ہو جاتی ہے۔ پھر جب کسی کام کے کرنے کا فیصلہ کر لیا تو ہمہ تن اس میں مصروف ہو جاؤ۔ خواہ کتنی ہی مشکلات پیش آئیں۔ کبھی ہمت نہ ہارو اور استقلال کو ہاتھ سے نہ چھوڑو۔ کامیابی یقینی ہے۔ زبردست قوت ارادی کے آگے سخت پتھر موم ہو کر بہہ جاتے ہیں۔ دیکھیے تواریخی واقعہ فرہاد نے کس طرح پہاڑوں کے پہاڑ تن تنہا کاٹ کر رکھ دیئے تھے اور اُف تک نہ کی تھی۔ کسی کام کے شروع کرنے سے پہلے اس کے سرانجام دینے کا دلی سچا شوق ہونا چاہیئے اور جو کام کرنے کے قابل ہو اسے اچھی طرح کرنا چاہیئے بس پھر کوئی وجہ نہیں کہ آپ کامیاب نہ ہوں۔ جاننا چاہیئے کہ قوت ارادی یکسوئی قلب اور استقلال سے بڑھتی ہے اور یکسوئی اور استقلال بڑھتے ہیں تصور سے اور تصور بڑھتا ہے اجتماع خیالات سے اور اجتماع خیالات بڑھتے ہیں دلی شوق سے۔ پس جب تک کسی کام کے سرانجام دینے کا شوق نہ ہو کچھ بھی نہیں ہوسکتا اور جب شوق ہوگا تو اس کام کے متعلق خیالات جمع ہوتے جائیں گے اور پھر تصور بڑھتا جائے گا اور اس طرح قوت ارادی کی مضبوطی تک نوبت پہنچ جائے گی۔ یکسوئی قلب کا مطلب ہے کہ دل کو ایک طرف لگالینا۔ دل اپنی مرضی کا مالک نہیں۔ یہ اپنے مشیروں کا محتاج ہے۔ جو اس کو ایک کام کی طرف رجوع نہیں رہنے دیتے۔ خیالات دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ جو صرف دماغ سے پیدا ہو کر دل میں پہنچتے ہیں یعنی اندرونی خیالات اور دوسرے بیرونی جو حواس خمسہ یعنی دیکھنے سننے سونگھنے اور ٹٹولنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً بیٹھے بیٹھے میرے

دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ مجھے آج لاہور جانا چاہیئے۔ یہ خیال مجھے کسی بیرونی طریقہ سے نہیں پیدا ہوا یعنی مجھے کسی نے نہیں کہا ہے کہ جاؤ پس ایسے خیالات اندرونی ہیں۔ اگر مجھے کوئی کہتا تو یہ بیرونی ہوتا۔ اس طرح اگر میں کسی چیز کو سونگھتا ہوں تو میرے دل میں اس کی خوشبو یا بدبو کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح دوسری طاقتوں مثلاً دیکھنا' چکھنا' ٹٹولنا کا حال سمجھئے۔ یہ بیرونی خیالات ہوگئے تو ایسی حالت میں دل کو ایک طرف لگانا نہایت مشکل امر ہوتا ہے۔ اسی واسطے عاملان کے لئے علیحدگی بھی ضروری قرار دی گئی ہے۔ تاکہ کم از کم دوران عمل میں بیرونی خیالات نہ ستائیں اور جب عامل عمل شروع کر دیتا ہے تو آہستہ آہستہ اندرونی خیالات بھی دبنے شروع ہو جاتے ہیں اور قوت ارادی بڑھتی چلی جاتی ہے۔ عاملان نے قوت ارادی بڑھانے کی بہت سی عجیب و غریب مشقیں بھی معلوم کی ہیں۔ جن پر عمل پیرا ہو کر قلیل عرصہ میں عامل میں وہ قوت ارادی پیدا ہو جاتی ہے کہ صرف ایک آنکھ سے ہی ظالم سے ظالم شخص اور چرند پرند کو مطیع کر سکتا ہے۔ اڑتے ہوئے پرندوں کو اپنے پاس بلا سکتا ہے۔ ہرے درختوں کو خشک اور خشک درختوں کو ہرے کر سکتا ہے۔ چنگے بھلے آدمی کو بیمار اور بیمار کو تندرست بنا سکتا ہے۔ دنیا میں ہر مشکل سے مشکل کام میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ آدمی کو ہمیشہ یہ عادت ڈالنی چاہیئے کہ جو کام وہ کرنا چاہتا ہے اس کو اچھی طرح سرانجام دے اور پایہ تکمیل کو پہنچائے۔ اس طرح قوت ارادی خود بخود بڑھتی جاتی ہے۔ پہلے پہل اس کی مشق چھوٹے چھوٹے کاموں پر کرنی چاہیئے۔ مذہب خود روحانی تعلیم بڑے اعلیٰ پیرایہ میں دیتا ہے۔

مذہب اسلام اس بات میں سب مذہبوں پر فوقیت رکھتا ہے۔ دیکھیئے ہر مسلمان کے لئے نماز روزہ فرض قرار دیئے گئے ہیں اور یہاں تک حکم ہے کہ اگر کوئی شخص ان کو عمداً چھوڑ دے تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ کیا مقصد ہے صرف قوت ارادی کی تکمیل جب ایک شخص نماز روزہ کا پابند ہو جاتا ہے تو گو شروع شروع میں اسے یہ دوبھر معلوم ہوتا ہیں مگر جلد ہی وہ اس میں اپنی راحت اور اطمینان قلبی دیکھتا ہے اور باقاعدہ جاری رکھنے پر اس کی قوت ارادی بڑھتی چلی جاتی ہے اور اس میں صبر و استقلال کا مادہ آ جاتا ہے۔ اس سے یہ نہ سمجھ لینا کہ نماز روزہ کا مقصد اسی بات پر ختم ہو جاتا ہے۔ نہیں '' میں ہزار ہا فوائد اور بھی ہیں جن کو یہاں بیان کرنا ضروری نہیں کیونکہ ہمارا مقصد صرف قوت ارادی سے ہے۔ دیگر مذاہب میں بھی ایسی پابندیاں ضرور ہیں۔ مثلاً ہندوؤں میں سندھیا اور برت' عیسائیوں میں ہر اتوار کو گرجا جانا اور رات کو دعا مانگنا' روزہ وغیرہ ان کا پابند آدمی دیگر کاروبار میں بھی کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ جو شخص مذاہب کی پابندیوں سے آزاد ہونا چاہتا ہے وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔

لہر سمندر سے اُٹھتی ہے کناروں سے نہیں
منزل ہمت سے ملتی ہے سہاروں سے نہیں

کامیابی

کامیابی کا دارومدار محنت و ہمت پر ہوتا ہے۔ ہر کام ہمت و حوصلہ سے مکمل و پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے۔ ''عمل ایک وسیلہ ہے۔ کامیابی عطیۂ خداوندی۔ کامیابی و کامرانی وہ شے نہیں جسے پیسے سے خریدا جا سکے بلکہ یہ تو وہ نعمت ہے جو براہ راست

اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتی ہے۔'' کامیابی کا تعلق نصیب' عقیدہ واُمید سے ہے۔ جس کے نصیب میں جس عمل کا فیض ہے وہ بلا تامل جاری ہو جاتا ہے۔ عقیدہ اور امید۔ یہ دونوں جتنی زیادہ مضبوط ہوں گی اتنی ہی مستحکم اور فوری کامیابی ہوگی۔

قانون حاضرات

اکثر حضرات شکایت کرتے ہیں کہ حاضرات کے کچھ اعمال صحیح و سچی خبر نہیں دیتے لہٰذا ان عاملوں کو میں دعوت دیتا ہوں کہ میرے بتائے ہوئے قوانین کے مطابق حاضرات کریں۔ ہرگز ہرگز ان کو کوئی خبر یا معلومات دروغ نہ ملے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حاضرات کرنے سے قبل عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں اور باوضو ہوں۔ کمرہ پاک وصاف ہو۔ کمرہ میں اگربتیاں وغیرہ سلگائیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔

زنجانی جنتری دیکھ کر ساعت دیکھیں کہ اس وقت کونسی ساعت چل رہی ہے۔ نیک ہے یا نحس۔ اگر نحس ہو تو حاضرات مت کریں۔ عملیات اور ساعات کے علوم کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جو شخص ساعات کو نہیں سمجھتا وہ جان لے کہ اس کے علم میں ایک ایسی خامی ہے۔ جس کو دور کیے بغیر وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ علم ساعات علم نجوم کے تابع ہے اور عملیات کے شعبے میں اور بھی کئی امور علم نجوم کے تابع ہیں۔ ساعات کا نقشہ زنجانی جنتری 2002ء کے صفحہ نمبر 49 پر دیکھ سکتے ہیں۔

عملیات و ساعات

ہر دن ایک کوکب سے منسوب ہے۔ جمعہ کا دن زہرہ سے۔ ہفتہ کا دن زحل سے۔ اتوار کا دن شمس سے۔ پیر کا دن قمر سے۔ منگل کا دن مریخ سے۔ بدھ کا دن عطارد سے۔ جمعرات کا دن مشتری سے منسوب ہے۔ یعنی دن کے چوبیس گھنٹے کسی نہ کسی کوکب کے زیر اثر آتے ہیں اور پھر بذات خود دن بھی ایک کوکب کے زیر اثر آتا ہے لہٰذا آپ جب بھی حاضرات کریں یا کوئی عمل کریں تو اس بات کو ضرور مدنظر رکھیں کہ عمل کس نوعیت کا ہے۔ آپ کیا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ جب یہ امور واضح ہو جائیں تو ان ہی کی مناسبت سے متعلقہ دن اور پھر اس کے اندر جاری متعلقہ کوکبی ساعت میں عمل کریں۔

ساعات کے منسوبی امور

ساعت شمس حکومت حاصل کرنے' عہدے میں ترقی' حکومتی ملازمت' وزیر' بادشاہ بننے کے واسطے' حکومتی اداروں میں ٹھیکے لینے' عروج و وقار' شہرت' مشہوری و کامیابی کے واسطے' دشمنوں پر غلبہ و قابو' غیر معمولی پوزیشن و طاقت کے حصول کے لئے۔

ساعت قمر روزمرہ امور کی کامیاب تکمیل' سمندر سے متعلق کام' پانی ادویات اور دیگر ذرائع' مائع اشیاء کا کاروبار کرنے والے یا ان اشیاء سے کسی طور سے منسلک افراد جو متعلقہ شعبے یا کام میں کامیابی کے متمنی ہوں ان کے لئے عمل' کامیابی' محبت' اولاد' قیام حمل' خون سے متعلق امراض' مستورات کے جسمانی و دیگر مسائل کے بارے میں رد سحر وغیرہ۔

ساعتِ مشتری روپے پیسے کے حصول' دولت' رزق میں اضافے' ترقی کاروبار یا ملازمت' علم و ادب کے بارے میں پاس یا فیل' عدالتی فیصلے' دفینہ' طاقت و دولت شہرت بزنس کامیابی و اقتدار' کھانے پینے کی اشیاء سے وابستہ' روپے پیسے کی فراوانی' لاٹری' ریس وسٹہ کے ذریعے روپے کا حصول۔

ساعتِ زہرہ عورتوں سے متعلق امور' محبت' شادی بیاہ' راگ رنگ' لغویات سے منسوب افراد و کام' اشیاء' زبان بندی' زنانہ امراض سے شفاء' کاروباری و دیگر حضرات مثل سیاست دانوں کے لئے جن کی طرف عوام کی رغبت کی ضرورت ہو' اداکار' عامل حکیم ڈاکٹر وغیرہ بھی اس میں شامل ہیں۔

ساعتِ عطارد زبان بندی' خواب بندی' کاروبار کے چلنے یا بند کرنے کے لئے' لکھائی پڑھائی کے کام' ڈاکٹر یا حکیم وغیرہ کے واسطے' پڑھنے لکھنے والے بچے' تاجر' کاروباری اشخاص' کاروباری ترقی' علم و دانش میں اضافے' حافظے کو قوی بنانے' زبان دانی' فصاحت و بلاغت' شادی' خزانہ' دفینہ' دفع دماغی امراض' کامیابی امتحان' گمشدہ یا چوری یا کسی خبر کے حصول یا کسی کا نام وغیرہ جاننے کے لئے۔

ساعتِ مریخ جسمانی طاقت' قوت مردانگی' صحت' خاتمہ امراض' غلبہ دشمن' عداوت' مقابلے میں کامیابی' جنگ و جدل میں کامیابی' میچ وغیرہ میں کامیابی اور بخیریت واپسی' دشمنوں پر رعب قائم کرنا و فتح حاصل کرنا۔

ساعتِ زحل طویل مدت کے کام' عمارتوں کا سنگ بنیاد' دشمن میں جدائی' ہلاکت' نامردی' شہرت' عوامی مقبولیت' بزرگی' عظمت' بادشاہ بننا' اعلیٰ ترین حکام' امراء و بڑے بڑے تاجر و کاروباری اداروں کے مالکوں کے فائدے و استحکام کے اعمال تیار کئے جاتے ہیں اور بذریعہ حاضرات معلوم کئے جاتے ہیں۔ الغرض ان ساعتوں کو دیکھ کر آپ جو بھی کام کریں گے یا نقش بنائیں گے یا حاضرات کریں گے۔ یہ ساعتیں آپ کے لئے بنیاد کا کام دیں گی۔

اس کے بعد تین دفعہ بچے سے کلمہ طیبہ پڑھوائیں یا خود پڑھیں۔ تین مرتبہ کلمہ توحید اور تین مرتبہ آیت الکرسی پھر گیارہ مرتبہ یہ کلمات منقوش' مہوش' خرش' خروش فردوش۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود ابراھیمی پڑھ کر بچے پر دم کر کے حاضرات کریں انشاء اللہ دو سو فیصد سوالات کے جوابات درست ملیں گے۔

آداب حاضرات

بعض عاملین کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ ہم نے بزرگوں کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کیا لیکن ہمیں ان میں کامیابی نہیں ملی اور نہ ہی حاضرات ہو سکی۔ ایسے لوگ بالعموم حاضرات کے آداب و شرائط سے ناواقف ہوتے ہیں۔ سرسری طور پر کتابیں پڑھ کر حاضرات شروع کر دیتے ہیں اور ناکام ہو جانے کی صورت میں اپنی کوتاہیوں کا احساس کرنے کی بجائے روحانی عملیات ہی سے بدظن ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ضروری معلوم ہوا کہ حاضرات کے طریقے لکھنے سے قبل ہم قارئین کو حاضرات کے آداب و شرائط سے آگاہ کر دیں تاکہ انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا نہ پڑے۔

☆ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ عامل اور معمول دونوں باوضو ہوں اور ان کا لباس پاک وصاف اور عطر سے معطر ہو۔

☆ جس طریقے سے حاضرات کی جائے وہ طریقے ازبریاد ہوں اور صحیح تلفظ اور الفاظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھنے کی قدرت ہو۔

☆ جس کمرے میں حاضرات کرنی ہو کمرہ پاک وصاف ہو۔ اس کمرے میں کوئی فحش، زنا او شراب نوشی جیسا گناہ نہ ہوتا ہو۔ ٹی وی نہ چلتا ہو اور کسی بھی طرح کا فحش کام نہ ہوتا ہو۔

☆ کمرہ بالکل بند ہو، اگر کوئی روشندان یا جنگلا وغیرہ ہو تو حاضرات کے وقت اسے بند کر دینا چاہیے۔

☆ کمرے میں کسی طرح کا ایسا کیلنڈر نہ ہو جس میں عورت کی فحش اور برہنہ تصویر ہو۔

☆ حاضرات کے وقت کمرے میں کوئی بھی شخص سگریٹ نوشی نہ کرے۔ بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ جس کمرے میں حاضرات کرنی ہو وہاں کم از کم تین گھنٹے پہلے ہی تمباکو نوشی نہ کی گئی ہو۔

☆ حاضرات کے وقت کمرے میں کوئی ایسی عورت موجود نہ ہو جس کو ماہواری آرہی ہو۔ کوئی ایسا مرد یا عورت موجود نہ ہو جس پر غسل جنابت واجب ہو۔

☆ بوقت حاضرات کمرے میں جس ستارے کی ساعت ہو اس کا بخور جلائیں۔ ورنہ پھر لوبان اور اگربتی سلگائیں۔

☆ عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی نیت پاک صاف رکھے اور خدمت خلق کی نیت سے اللہ کی مخلوق کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے حاضرات کرے۔ تماشہ دکھانے کی نیت نہیں ہونی چاہیے۔ اس سے مؤکلین خفا ہوتے ہیں اور عامل کو نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں۔

☆ عامل کسی بھی طریقے سے زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد از راہ تجربہ کسی بچے پر حاضرات کر سکتا ہے۔ اس وقت بھی کوئی اہم سوال ذہن میں رکھے اور مؤکلین سے ان کا جواب طلب کرے۔

☆ جس کمرے میں حاضرات کرنی ہو اس میں تاریکی جس قدر زیادہ ہوگی اسی قدر ہی واضح انداز میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ رات کو صرف چراغ کی روشنی کافی ہے۔ لائٹ نہ جلائیں۔ اگر جلانی ضروری ہو تو نائٹ بلب (زیرو کا بلب) جلائیں۔ تیز روشنی کا بلب نہ جلائیں۔

☆ عامل حاضرات کا اسٹینڈ تیار کرے۔ ایک مٹی کا گھڑا یا مٹی کی ہانڈی لے اور اس کو الٹا کر کے قبلے کی طرف رکھ دے اور اسی کے اوپر مٹی کا کورا چراغ رکھے۔ کورے چراغ سے مراد یہ ہے کہ اس چراغ کو اس سے پہلے استعمال نہ کیا گیا ہو اور نہ ہی اس کو پانی لگا ہو۔

☆ چراغ میں جلانے کے لئے نئی روئی کی بتی بنائیں اور سرسوں کا تیل چراغ میں ڈالیں۔ جس حاضرات میں تلوں کے تیل کی شرط ہو اس میں تلوں کا تیل اور جس حاضرات میں اصلی گھی کی شرط ہو اس میں اصلی گھی ڈالیں۔ جہاں کوئی شرط اور قید نہ ہو وہاں سرسوں کا تیل ہی استعمال کریں۔

☆ جس حاضرات میں زکوٰۃ کی شرط ہو اس کو بغیر زکوٰۃ ادا کئے نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ہاں اگر عامل یا کتاب کا صاحب مصنف اجازت دے تو بغیر زکوٰۃ ادا کئے عمل کر سکتے ہیں بشرطیکہ عامل اجازت دے۔

☆ عامل ایک چٹائی بچھا کر حاضرات کا سٹینڈ مغرب کی جانب قائم کرے۔ خود قبلہ رو بیٹھے۔ اپنی پشت مشرق کی جانب کرے۔ معمول کو اپنی دائیں جانب بٹھائے۔ رخ اس کا بھی مغرب کی طرف کرے لیکن اس کی پشت گوشہ شمال کی طرف ہو۔ مریض کو اپنی بائیں جانب بٹھائے۔ اس کا رخ چراغ کی طرف یا نقش حاضرات کی طرف اور پشت گوشہ جنوب کی طرف ہو۔

☆ عامل حاضرات کے وقت ثابت اڑد اپنے پاس رکھے اور اس پر عزیمت پڑھنے کے بعد دم کر کے معمول کے سینے کی طرف اچھالتا رہے۔ یہ زکوٰۃ کھولنے کا ایک طریقہ ہے اور تجربتاً مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

☆ حاضرات کھلنے کے بعد معمول انتہائی ادب واحترام کے ساتھ معمول کے ذریعے اپنا سلام پیش کرے۔ حاضر ہونے کا شکریہ ادا کرے اور اس کے بعد اپنے سوالات اور مطالبات رکھے۔ فراغت عمل کے بعد پھر مؤکلین کا شکریہ ادا کرے اور انہیں اچھے الفاظ کے ساتھ رخصت کردے۔

☆ معمول کا آسیبی اور سحری اثرات سے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔ کسی ایسے بچے کو معمول نہ بنائیں جو آسیب یا سحر کا شکار ہو۔

☆ کسی حاملہ عورت یا ماہواری والی عورت پر حاضرات ہرگز نہ کریں۔

☆ کسی ایسی عورت پر حاضرات نہ کریں جس کے بال کٹے ہوں یا جس کے ناخن پر نیل پالش وغیرہ لگی ہوئی ہو۔

☆ کسی مشرک عورت مرد پر حاضرات نہ کریں۔

☆ معمول ہمیشہ ایسے بچے کو بنائیں جس کی عمر بارہ یا دس سال سے زیادہ نہ ہو۔ اس سلسلے میں لڑکے یا لڑکی کی کوئی قید نہیں ہے لیکن اگر کسی طریقے سے لڑکے یا لڑکی کی قید ہو تو اس کا لحاظ ضرور کریں۔

☆ جس بچے، عورت، مرد کی آنکھ میں کوئی نقص ہو مثلاً آنکھ کا بھینگا پن یا کوئی ایک آنکھ پتھر کی ہو یا کوئی اور نقص واضح ہو تو اس پر حاضرات نہیں کرنی چاہیئے۔ البتہ بینائی کی کمی گوارہ ہوگی۔ اس کو نقص سے تعبیر نہیں کریں گے۔

☆ حاضرات کے لئے ایسے بچے کا انتخاب کرنا چاہیئے جو بالکل صحت مند ہو اور دماغی اعتبار سے بھی اس میں کسی طرح کی کوئی کمی نہ ہو۔ سست، بیمار یا بیوقوف قسم کے بچوں پر حاضرات نہیں کرنی چاہیئے۔

☆ حاضرات کرنے کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے۔ البتہ نماز کے اوقات میں اور ان اوقات میں جن میں نماز مکروہ ہے۔ حاضرات نہیں کرنی چاہیئے۔

☆ ذی الحجہ کی 9 تاریخ کو اور محرم کی دس تاریخ کو حاضرات نہیں کرنی چاہیئے۔

☆ جن حاضرات میں دن یا رات کی کوئی قید ہو اس کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔

☆ بعض حاضرات کے وقت سات طرح کی مٹھائی' پھول' بتاشے' الائچی' لونگ' پان وغیرہ کی شرط ہوتی ہے اس کو توشہ حاضرات کہتے ہیں۔ یہ مؤکلین کا صدقہ ہوتا ہے۔ حاضرات کے بعد ان چیزوں کو کسی دریا میں ڈالنا ضروری ہوتا ہے۔ دریا قریب نہ ہو تو کسی جنگل یا میدان میں جو بستی سے دور ہو رکھ دینا چاہیئے یا کسی جھاڑی کی جڑ میں ڈال دینا چاہیئے۔

☆ جن حاضرات میں کسی توشہ حاضرات کی قید ہو اس حاضرات کو اس کے توشہ کے بغیر نہ کریں ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

☆ حاضرات کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ عامل اپنا حصار اپنے اوپر دم کر کے کرے اور معمول اور مریض کا حصار بھی ضروری ہے جو دم کر کے بھی ٹھیک ہے ورنہ حصار کا دائرہ قائم کرے۔ بہرکیف کسی بھی حصار کے ذریعہ خود کو اور معمول مریض کو دائرہ حفاظت میں لے لینا عامل کے لئے ضروری ہے۔

☆ یہ بات یاد رکھیں کہ جب عامل کسی بچے پر یا کسی بڑے پر حاضرات کرتا ہے وہ حاضرات کسی نقش کے خانہ پر کی جارہی ہو یا ہتھیلی یا انگوٹھے کے ناخن پر' پہلے معمول کو چھوٹے چھوٹے تارے جگنو کی مانند نظر آتے ہیں۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا جاتا ہے۔ سر اور آنکھیں بھاری ہو جاتی ہیں۔ اس کے بعد حاضرات کھل جاتی ہے اور سب کچھ صاف نظر آنے لگتا ہے۔

☆ مریض سے مراد ضرورت مند بھی ہے مثلاً کسی کے گھر سے مال چوری ہو گیا ہے تو اس شخص کو مریض یا ضرورت مند سمجھ کر بچے کے برابر میں بٹھایا جاسکتا ہے یا مثلاً کوئی شخص کسی بھی طرح کی معلومات چاہتا ہے تو اس کو ضرورت مند سمجھ کر معمول کے برابر میں بٹھا سکتے ہیں۔

☆ حاضرات کی سیاہی تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کافور کو عرق گلاب میں ڈال دیں اور 72 گھنٹے تک ڈالے رکھیں۔ اس کے بعد نئی روئی میں ایک بتی بنائیں اور اس گلاب میں اس کو تر بتر کرلیں۔ پھر دو چراغ مٹی کے نئے لیں۔ ایک چراغ پیچھے رکھیں۔ اس میں سرسوں کا' تلوں کا یا زیتون کا تیل ڈالیں اور اس بتی کو جلائیں جو عرق گلاب میں بھگوئی گئی تھی۔ پھر دوسرے چراغ کو اسی چراغ کے اوپر رکھیں اور اوپر والے چراغ پر سیاہی جمنا شروع ہو جائے گی۔ اس طریقے کو سیاہی اپارنا کہتے ہیں اور اسی طریقے سے کاجل بھی بنائے جاتے ہیں۔ یہ سیاہی حاضرات کے لئے انشاء اللہ مفید و مؤثر ثابت ہوگی۔ اس کے علاوہ اگر کسی خاص عمل میں کوئی خاص طریقہ سیاہی اپارنے کا درج ہو تو اس کا لحاظ رکھیں۔

☆ کسی بھی عامل کو ایک دن میں تین مرتبہ سے زیادہ ایک طریقے کی حاضرات نہیں کرنی چاہیئے۔ تین سے زائد مرتبہ حاضرات کرنے سے مؤکلین بیزار ہو جاتے ہیں اور وہ حاضر ہونا بند کر دیتے ہیں۔ ہاں البتہ تنتر والی حاضرات کو آپ دس مرتبہ کرسکتے ہیں۔

☆ بعض حاضرات میں پرہیز کی شرط ہوتی ہے اس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔

☆ ہر حاضرات کے بعد عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ کچھ نہ کچھ صدقہ ضرور کرے اور اس کا ثواب بزرگان چشت کو پہنچائے۔

☆ حاضرات سے ناجائز قسم کی تحقیقات کرنا یا کسی کے عیبوں سے پردے ہٹانا شرعاً ممنوع ہے۔ کسی بھی عامل کے لئے یہ زیبا نہیں ہے کہ وہ ناجائز قسم کی تحقیقات کے لئے یا کسی کو رسوا کرنے کے لئے حاضرات کرے۔

☆ چوری اور قتل وغارت گری کے معاملات میں بھی عاملین کو احتیاط برتنی چاہیئے اور اپنی زبان سے کسی کا بھی نام نہیں لینا چاہیئے۔ کسی کو رسوا کرنا یا پوشیدہ حقیقت سے پردے ہٹا کر سماج میں فتنے فساد پھیلانا روحانی عملیات کی بنیادی شرائط کے خلاف ہے۔

روحانی قوت بیدار کرنے کا عمل

ہر عامل کے لئے ضروری ہے کہ ہمزاد، مؤکل کے اعمال اور حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے اپنے اندر روحانی قوت پیدا کرنے کی جدوجہد کرے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ 505 مرتبہ یَاهَادِیُ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْب ٥ پڑھ لیا کرے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمیؑ بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ ان اسماء مبارک کے طفیل سے عامل کے اندر زبردست روحانی قوت پیدا ہوگی اور حاضرات وتسخیرات کے عملیات اس ورد کے بعد انشاء اللہ سو فیصد کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ مبتدی حضرات وعاملین کے لئے قابل قدر تحفہ ہے۔

رجعت سے محفوظ رہنے کے نایاب اعمال

معزز قارئین کرام کتابیں سینکڑوں قدیمی ونئی پڑھ ڈالیں ماسوائے اضافہ علم کے کچھ نہ ہوگا۔ اس لئے عملیاتی دنیا میں عمل شروع کرنے سے پہلے کسی استاد کامل کا ہونا ضروری ہے کیونکہ مثل مشہور ہے کہ ''جائے استاد خالی است'' بغیر استاد کے کامیابی حاصل کرنا ناممکنات میں سے ہے۔ نقطہ نقطہ کا استاد ہوتا ہے۔ اور ہر چیز کا استاد ہوتا ہے۔ استاد رہبری ورہنمائی کرتا ہے۔ استاد عمل کے اتار چڑھاؤ سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ استاد عمل کی نوک جھونک سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اجازت لینا بھی ضروری ہوتی ہے۔ اگر اجازت لے لی جائے اور استاد کامل یا پیر مرشد کی رہنمائی میں عمل کیا جائے تو دنوں کا کام گھنٹوں میں ہوجاتا ہے۔ یا ہفتوں میں ہوجاتا ہے۔ اور کامیابی سو فیصد یقینی ہوجاتی ہے۔

میں نے اپنی کتاب ''عالم حاضرات'' میں سینکڑوں بیش بہا وقیمتی مجرب اعمال تحریر کئے ہیں لیکن میرے ضمیر نے مجھے ملامت کی۔ اگر رجعت سے محفوظ رہنے اور رجعت سے ٹھیک کرنے کے اعمال نہ پیش کئے تو یہ مبتدی حضرات ونئی آنے والی نسلوں کے لئے زیادتی وناانصافی ہوگی۔ لہٰذا آپ لوگوں کی خدمت میں رجعت سے محفوظ رہنے کے اعمال بلا بخل ودریادلی سے پیش کردیئے ہیں تاکہ ہر شخص فیض اٹھا کر کامیابی سے ہمکنار ہو۔ آپ بھی فیض اُٹھائیں اور دوسرے لوگوں کو بھی فیض پہنچائیں۔ یہ ایک صدقہ جاریہ ہوگا۔

جو شخص کسی عمل کے پڑھتے وقت اس سورۃ کو پڑھ لے تو وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا۔

(۱) اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ٥ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ٥ وَاِذَا الْاَرْضُ

مُدَّتْ Oوَالقَتْ مَافِیْھَا وَ تَخَلَّتْ O سے آخر اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْن تک پڑھیں۔ (سورۃ انشقاق پارہ عم ۳۰)

(۲) اگر کسی کو کسی عمل سے نقصان پہنچا ہو یعنی رجعت ہوگئی ہو یا کسی اور کے عمل کے اثر سے نقصان پا رہا ہو یا دیوانہ ہوگیا ہو تو بعد طلوع آفتاب اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دعائے قنوت پڑھ کر درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور اس رجعت والے کے دونوں کانوں میں پھونکیں۔ تین دن اسی طرح عمل کریں۔ خدا کے حکم سے اس عمل کا اثر فوراً دور ہوگا۔ خواہ سحر ہو یا جادو ہو۔ اگر رجعت والا خود یہ عمل کرے تو اس کا پڑھنا ہی کافی ہے۔ اس کو خود اپنے کانوں میں پھونکنے کی ضرورت نہیں۔

(۳) اگر کوئی شخص رجعت سے برسوں سے پاگل یا دیوانہ ہوگیا ہو تو چاہیئے کہ حروفِ تہجی اُلٹے پڑھ کر اُس پر دَم کریں اور یہی حروفِ تہجی اُلٹے پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلائیں۔ اس طرح تین دِن عمل کریں۔ اللہ کے حکم سے ہر قسم کی رجعت سحر و جادو فوراً دور ہوگا۔

اُلٹے حروفِ تہجی یہ ہیں:

﴿ے ی ء ہ و ن م ل گ ک ق ف غ ع ظ ط ض ص
ش س ژ ز ڑ ر ذ ڈ د خ ح چ ج ث ٹ ت پ ب ا﴾

(۴) سورۂ عبس و تولیٰ روزانہ گیارہ مرتبہ سات دِن تک پڑھیں اور دَم کر کے پانی پر پئیں۔ دیگر سورۂ عبس کا یہ نقش گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ رجعت و پاگل پن فوری دور ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۲۸	۱۲۸۳۱	۱۲۸۳۴	۱۲۸۲۱
۱۲۸۳۳	۱۲۸۲۲	۱۲۸۲۷	۱۲۸۳۲
۱۲۸۲۳	۱۲۸۳۶	۱۲۸۲۹	۱۲۸۲۶
۱۲۸۳۰	۱۲۸۲۵	۱۲۸۲۴	۱۲۸۳۵

بحق نقش ہٰذا بحکم اللہ تعالیٰ رجعت فوری ختم ہو۔

حاضرات کی جادوئی سیاھی

اجزاء جائفل۔ ایک عدد' بڑی ہرڑ۔ ایک عدد' رائی۔ آدھ چھٹانک' سرمہ سیاہ۔ حسب ضرورت' ارنڈ کا تیل۔ حسب ضرورت۔

طریقہ تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر اس میں تھوڑا سا ارنڈ کا تیل ملا کر کاجل بنالیں۔ بس حاضرات کی جادوئی سیاہی تیار ہے۔ اس تمام سیاہی کو ایک بڑی ڈبیہ میں رکھ لیں۔ جب کبھی بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو دس بارہ سال کے بچہ یا بچی کے ہاتھ میں اس ڈبیہ کو دے کر کہیں کہ وہ اس میں غور سے دیکھے اور آپ (عامل) بچہ یا بچی پر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر آیت کریمہ ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝﴾ پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتے رہیں۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچہ کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر سوال کا جواب مکمل اور حتمی ملے گا انشاء اللہ۔

اعلیٰ قسم کی خوشبودار اگربتی

(مؤکلات کو اپنی طرف دیوانہ وار کھینچنے کا بخور)

معزز قارئین کرام آپ نے اکثر بعض اعمال میں پڑھا ہوگا کہ عود، عنبر، مشک، زعفران کا بخور جلائیں۔ اب آپ خود فیصلہ و انصاف کریں کہ ایک غریب آدمی جس کو پیٹ بھر کر روٹی نصیب نہ ہو وہ یہ قیمتی بخور کہاں سے خرید کر جلائے گا۔ لہٰذا قارئین کرام و عاملین کی خدمت میں ایسا بخور و اگربتی پیش کی جاتی ہے جو ان چیزوں سے سستی، اعلیٰ و خوشبودار ہوگی۔ عود، عنبر، مشک، زعفران بھی ان کی خوشبو کے آگے کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ یا تو آپ ان اجزاء کو کوٹ کر تھوڑا تھوڑا سا جلائیں یا ان تمام اجزاء کو کوٹ کر اگربتی تیار کر لیں۔ بس عمل کے دوران پڑھائی کے وقت ایک ہی اگربتی سلگانا کافی ہے۔ کمرہ خوشبو سے معطر ہو جائے گا۔ یا تھوڑا سا ان اجزاء کو جلائیں جیسا آپ کا دل چاہے استعمال کریں۔ ان اجزاء کی خوشبو سے دور دور سے حاضرات الارواح و مؤکلات مقناطیس کی طرح دیوانہ وار کھچے چلے آتے ہیں۔ اگر سچ پوچھا جائے تو یہ مؤکلات کو حاضر کرنے اور کھینچنے کا حیرت انگیز و نایاب بخور (دخنہ) ہے۔

نسخہ/ فارمولا یہ ہے:

(۱) برہمی بوٹی......۱ تولہ، (۲) بالچھڑ......۱ تولہ، (۳) گلاب کے پھول......۱ تولہ، (۴) کافور......۱ تولہ، (۵) دیودار کا برادہ......۱ تولہ، (۶) مشک دانہ......۱ تولہ، (۷) سفید صندل کا برادہ......۱ تولہ، (۸) ناگرموتھا......۱ تولہ، (۹) رال......۱ تولہ، (۱۰) اسگندھ بالا......۱ تولہ، (۱۱) گوگل......۱ تولہ، (۱۲) لوبان......۱ تولہ، (۱۳) دارچینی......۱ تولہ، (۱۴) جائفل......۱ تولہ، (۱۵) جاوتری......۱ تولہ، (۱۶) تیزپات......۱ تولہ، (۱۷) چھوٹی الائچی......۱ تولہ، (۱۸) پانڑی (ایک خوشبودار گھاس)......۱ تولہ، (۱۹) اگر (خوشبودار لکڑی)......۱ تولہ، (۲۰) زرنب (ایک خوشبودار گھاس)......۱ تولہ، (۲۱) خس......۱ تولہ، (۲۲) چھیل چھبیلہ......۱ تولہ۔

(کل اجزاء=۲۲)

☆☆☆نورانی اعمالِ حاضرات☆☆☆

1-حاضرات اسم ذات اللہ

اللہ اسم ذات ہے اور باقی تمام نام صفاتی ہیں۔ اسم ذات چونکہ تمام کائنات پر محیط ہے۔ اس لئے جو شخص اسم ذات کا عامل ہوگا اس کو اٹھارہ ہزار عالم کی جملہ مخلوقات پر تصرف حاصل ہوگا اور وہ پھر علوی و سفلی مخلوقات سے بالمشافہ ملاقات کر کے جملہ سوالات کے جوابات خود حاصل کر سکتا ہے۔ اسے میڈیم یا واسطہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس اسم کے چار حروف یعنی (ا ل ل ہ) ہیں اور اعداد 66 ہیں۔ آپ پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ 41 یوم 4356 کے حساب سے روزانہ پڑھیں یا اسم ذات کے ہر حرف کو ایک ہزار شمار کر کے چار ہزار روزانہ کے حساب سے 41 یوم پڑھیں۔ ہر دو صورتوں میں سے جو صورت بھی آپ کو آسان لگے اختیار کر کے زکوٰۃ ادا کریں۔ دوران زکوٰۃ جو مشاہدات و کیفیات سے آپ آگاہ ہوں وہ کسی پر سوائے اپنے مرشد کے ظاہر نہ کریں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے ورد اس وقت شروع کریں جب نیا چاند نظر آئے۔ اس کے لئے آپ ''زنجانی جنتری'' دیکھیں کہ پہلی منزل یعنی شرطین میں کس دن داخل ہوگا۔ جس دن چاند اس منزل میں قیام پذیر ہو آپ مکمل پاکیزگی اور پرہیز کا خیال رکھ کر زکوٰۃ کی نیت سے اسم ذات کو روزانہ کی مقررہ تعداد میں پڑھ کر 41 یوم پورے کریں اور پھر روزانہ 66 بار بلاناغہ پڑھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ جب حاضرات کرنا ہو درج ذیل نقش کو جو اسم ذات اللہ کا ہے اس کے درمیانی خانہ کو معطر کر کے حاضراتی سیاہی جس کا طریقہ ادارہ آئینہ قسمت کی کتاب ''حاضرات کی دنیا''، حصہ اول، صفحہ نمبر 54 پر دیا گیا ہے۔ یہ سیاہی لگا کر اس خانہ میں نظر جما کر دیکھے اور جب مؤکلات حاضر ہو جائیں تو اپنے مسائل کے بارے میں سوال کر کے جواب حاصل کرے۔ جیسا کہ لکھا گیا ہے کہ یہ جلالی اسم ہے اور پرہیز خاص اہتمام کر کے زکوٰۃ ادا کرنا ہے۔ ورنہ ذرا سی کوتاہی رجعت میں مبتلا کر دے گی۔

اس اسم کی زکوٰۃ ادا کرتے وقت اپنے مرشد کا تصور جما کر پڑھیں یا پھر کسی بھی کامل بزرگ یا پھر صاحب مصنف کتاب ''حاضرات کی دنیا'' سے باقاعدہ اجازت حاصل کر کے زکوٰۃ ادا کریں۔ تاکہ رجعت و پریشانی کا اندیشہ نہ رہے۔ جس نقش کو آپ نے بعد زکوٰۃ کام میں لینا ہے اور دوران زکوٰۃ سامنے رکھ کر زکوٰۃ ادا کرنا ہے وہ یہ ہے۔ اس نقش کو اگر تانبہ کے پترے پر کندہ کرا کر درمیانی خانہ کو دوران زکوٰۃ معطر رکھیں۔ البتہ بعد زکوٰۃ جب سوال و جواب کا مرحلہ آئے تو درمیانی خانہ معطر کریں اور حاضراتی سیاہی بھی لگائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

نوٹ یہ عمل چونکہ حاضرات فنافی اللہ اور ناظرات بقا باللہ کا ہے اس لئے جملہ قواعد جو درج کیے گئے ہیں ان کا لحاظ رکھ کر کریں اور بغیر اجازت ہرگز ہرگز نہ کریں تا کہ کسی قسم کا نقصان یا رجعت سے دو چار نہ ہو۔

2-حاضرات کلمہ طیبہ

سب سے پہلے کلمہ طیبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی زکوٰۃ ادا کریں۔ روزانہ عروج ماہ میں 619 مرتبہ 21 یوم تک پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ بعدۂ ورد میں 23 مرتبہ پڑھ لیا کریں عمل ہمیشہ قابو میں رہے گا۔

۷۸۶

۱۵۴	۱۵۷	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۸
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۵	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

﴿بحقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ حاضرات حاضر شو حاضر شو﴾

طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو 7 تا 14 سال کے لڑکے لڑکی کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اسے کہیں کہ وہ نقش کے سیاہ خانے میں غور سے دیکھتا رہے اور عامل بچے سے یہ الفاظ گیارہ مرتبہ کہلوائے۔

﴿اے اللہ اپنے نور کی اندھیرے میں شمع روشن کر﴾

عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمیؑ اور 28 مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دَم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد سیاہ خانے میں روشنی نظر آئے گی۔ جب بچہ بتائے کہ اجالا ہو گیا ہے تو پھر معروف طریقہ سے حاضرات کریں اور سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر بات کا اور ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و سچا ملے گا۔

3-حاضرات

﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾

طریقہ اس اسم مبارک کی زکوٰۃ سوا لاکھ 40 یوم میں ادا کریں۔ روزانہ 3125 مرتبہ 40 دن تک پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ روزانہ ایک تسبیح ورد میں ہمیشہ رکھیں تا کہ عمل قبضہ میں رہے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور عامل بچہ کو کہے کہ وہ آنکھیں بند کر لے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف ابراہیمیؑ اور 28 مرتبہ مندرجہ بالا اسم مبارک پڑھ کر بچہ پر دَم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو روشنی نظر آئے گی اور میدان وغیرہ نظر آئے گا۔ پھر معروف طریقہ سے حاضرات کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع

کریں۔ ہر سوال کا جواب درست ملے گا انشاء اللہ۔ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً پانی میں انڈہ پر، شیشہ پر، بچے کی ہتھیلی اور ناخن پر بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔

4-عمل حاضرات اسم یا لَطِیفُ

۷۸۶

۱۵۴	۱۵۷	۱۶۰	۱۴۷
۱۵۹	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۸
۱۴۹	۱۶۲	۱۵۵	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۱

(یَا فَتَّاحُ یَا لَطِیفُ)

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے عروج ماہ نوچندی جمعرات کو عمل شروع کریں اور اسم الٰہی **یَا لَطِیفُ** کی زکوٰۃ ادا کریں۔ **265** مرتبہ روزانہ بعد نمازِ عشاء فرض نماز کی ادائیگی کے بعد پڑھیں اور پھر سنتیں اور وتر ادا کریں۔ صرف **5** یوم تک بلاناغہ۔ وقت اور جگہ کی پابندی کا خیال رکھیں۔

طریقہ حاضرات بعد ادائیگی زکوٰۃ مندرجہ بالا نقش کو لکھ کر کسی طفلِ نابالغ کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں چند ثانیہ بعد سیاہ خانہ میں بچے کو ارواحِ حاضرات نظر آئیں گی۔ ان سے پھر آپ اپنے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں اور راقم الحروف کو دعا میں یاد فرمائیں۔

5-حاضرات مؤکل یا بُدُوحُ یا لَطِیفُ

عروج ماہ نوچندی جمعرات یا نوچندی پیر کو خلوت میں باوضو ہو کر **121** مرتبہ پڑھیں اور پڑھتے وقت آئینہ سامنے ہو۔ اس آئینہ کے عکس کی بائیں آنکھ کی پتلی پر ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے رہیں۔ آنکھ کم جھپکیں۔ **41** دن بلاناغہ ایک ہی مقام پر عمل کریں۔ انشاء اللہ مؤکل تسخیر ہوگا اور ہر کام کرے گا۔

نوٹ پرہیز جمالی کریں۔

6- حاضرات اسم "بَاسِطُ"

طریقہ بروز نوچندی جمعرات پھول عطر شیرینی رکھ کر عمل پڑھیں۔ لوبان وغیرہ جلاتے رہیں۔ **101** مرتبہ **41** یوم تک پڑھیں پھر عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ **21** مرتبہ وِرد رکھیں۔ عمل یہ ہے۔

﴿یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع﴾

پھر پندرہ کا نقش بھریں اور بائیں طرف سات زنجیر اس طرح سے تعویذ کے بھریں۔ پھر دوسرا پندرہ کا نقش لکھ کر اور اس کا فتیلہ بنا کر چراغ میں بتی بنا کر جلائیں اور کاجل بنائیں۔ پھر لڑکی یا لڑکا نابالغ کے کاجل بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر معہ زنجیرہ داہنے ہاتھ میں دے کر عمل پڑھیں۔ زنجیر سات شوشہ سے کم نہ ہو۔ پندرہ کا نقش یہ ہے۔

زنجیر سات شوشہ یہ ہے۔

V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V
V	V	V	V	V	V	V

نقش یہ ہے:

۷۸٦

٦	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

7- حاضرات ''یَا نور''

عبارت عمل ﴿یَا نُوْرُ﴾

طریقہ عمل چاند کی چودہ تاریخ کو چاند پر نظر رکھ کر اٹھائیس سو (2800) بار پڑھیں عامل ہو جائیں گے۔ معروف طریقہ سے طفل نابالغ پر حاضرات کریں۔ لڑکیوں پر بہت اچھی چلتی ہے۔ لہٰذا لڑکیوں پر کرنا بہتر ہے۔

8- باطنی نگاہ کھولنے کے مجرب اعمال

(1) ﴿یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام...... مجھے مشکل تجھے آسان﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء پاکیزہ سفید روئی لے کر اس پر باریک پسی ہوئی کالی مرچ چھڑکیں اور روئی کو ہلکا سا گیلا یا نم کر لیں۔ اور اپنے دونوں کانوں میں رکھ لیں اور مندرجہ بالا عمل کو 313 مرتبہ 21 یوم تک بلا ناغہ آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ انشاء اللہ چند یوم میں باطنی نگاہ کے حجابات ختم ہو جائیں گے اور ہر چیز اور حالات منکشف ہونے شروع ہو جائیں گے۔

(2) ﴿یَا عَلِیْمُ یَا بَصِیْرُ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء پاکیزہ روئی لے کر کالی مرچ باریک پسی ہوئی چھڑک کر روئی کو پانی سے معمولی گیلا کر کے دونوں کانوں میں رکھ لیں اور مندرجہ بالا عزیمت کو 313 مرتبہ 21 یوم متواتر

آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ چند یوم میں باطنی نگاہ کھل جائے گی اور حالات منکشف ہونے لگیں گے اور 21 یوم بعد آپ اپنے تصور کی نگاہ سے جو کچھ دیکھنا چاہیں گے وہ آپ کے سامنے من وعن اسی طرح ظاہر ہو جایا کرے گا۔

9- حاضرات

﴿یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَاَبْصِرْنِیْ﴾

8000 بار بعدہ' یہ شعر 10 بار پڑھیں۔

میں بے خبر ہوں یا رب' تو ہے خبیر مولا
میں بے بصر ہوں یا رب' تو ہے بصیر مولا

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء آٹھ ہزار بار یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَاَبْصِرْنِیْ پڑھیں۔ ہر ہزار کے بعد 10 بار مندرجہ بالا شعر پڑھنا ہے۔ عمل مدت یوم زکوۃ گیارہ دن ہے۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا آیت کو 11 بار اور مندرجہ بالا شعر کو بھی 11 بار پڑھ کر طفلِ نابالغ پر دم کریں۔ اول و آخر 11`11 بار درود شریف پڑھیں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

10- حاضرات اسماء حُسنیٰ

هُوَاللّٰهُ الَّذِی لَآاِلٰهَ اِلَّاهُوَ اَلرَّحمٰنُ الرَّحِیمُ اَلمَلِکُ اَلقُدُّوسُ اَلسَّلَامُ اَلمُؤمِنُ اَلمُهَیمِنُ
اَلعَدلُ اللَّطِیفُ اَلخَبِیرُ اَلحَلِیمُ اَلعَظِیمُ اَلغَفُورُ الشَّکُورُ اَلعَلِیُّ الکَبِیرُ
اَلقَوِیُّ اَلمَتِینُ اَلوَلِیُّ اَلحَمِیدُ اَلمُحصِی اَلمُبدِیُٔ اَلمُعِیدُ
الاَوَّلُ الاٰخِرُ اَلظَّاهِرُ اَلبَاطِنُ اَلوَالِی اَلمُتَعَالِ اَلبَرُّ اَلتَّوَّابُ اَلمُنتَقِمُ اَلعَفُوُّ

اَلعَزِیزُ اَلجَبَّارُ اَلمُتَکَبِّرُ اَلخَالِقُ اَلبَارِئُ
اَلحَفِیظُ اَلمُقِیتُ اَلحَسِیبُ
اَلمُحصِی اَلمُمِیتُ اَلحَیُّ
اَلرَّزَّاقُ مَالِکُ المُلکِ
اَلبَاقِی اَلوَارِثُ
اَلرَّشِیدُ اَلصَّبُورُ
اَلسَّمِیعُ اَلبَصِیرُ اَلحَکَمُ اَلعَدلُ
اَلبَاعِثُ اَلشَّهِیدُ اَلحَقُّ اَلوَکِیلُ
اَلمُقَدِّمُ اَلمُؤَخِّرُ
اَلنَّافِعُ اَلنُّورُ
اَلهَادِی اَلبَدِیعُ

طریقہ عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں۔ باوضو کپڑوں پر عطر لگائیں اور کمرہ خوشبو سے معطر ہو۔ معمول کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ عامل معمول پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین یا 21 مرتبہ ''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' بھی پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر بعد سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ دنیاوی مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات سے غیر شرعی سوال مت کریں ورنہ سخت نقصان کا احتمال ہوگا۔

11-حاضرات

۷۸۶

اللہ ناظری	اللہ حاضری
اللہ معی	اللہ شاہدی

طریقہ اس نقش پر عطر لگا کر طفل نابالغ کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی میں پکڑوا کر مٹھی بند کروا دیں۔ پہلے کالی سیاہی پر یا کاجل پر ایک مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ' اور پھر تین مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ بچے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگا کر ہدایت کریں کہ وہ کاجل میں دیکھتا رہے۔ عامل بچے کے انگوٹھے کے ناخن پر تین مرتبہ درود شریف سات مرتبہ سورۂ اخلاص اور پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے اور بار بار بلا تعداد نقش بالا کی یہ عبارت اللہ حاضری' اللہ ناظری' اللہ شاہدی' اللہ معی پڑھ کر معمول کے انگوٹھے پر دم کرتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کھل جائے گی۔ اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو معمول کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب صحیح دیں گے۔ جب آپ ان سے سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

12-حاضرات شاہ رکن عالم
(نایاب حاضرات)

یہ حاضرات کسی خوش نصیب کو ہو جائے تو عملیات کی دنیا میں ایک عجیب و غریب دولت ہے۔ اس حاضرات کے ذریعے عامل دین و دنیا کی بیشمار نعمتوں سے سرفراز ہو سکتا ہے۔ شاہ رکن عالم بذاتِ خود تشریف لاتے ہیں اور عامل کی سرپرستی اور راہنمائی کا عہد کرتے ہیں۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے مندرجہ ذیل اسماء حسنیٰ روزانہ 360 مرتبہ پڑھیں۔

لگاتار 40 دن تک پڑھیں۔ پرہیز جمالی کریں۔ جس کمرے میں عامل زکوٰۃ ادا کرے اس کے کسی طاق میں سوا کلو یا سوا پاؤ برفی رکھ لیا کرے۔ جس دن طاق سے برفی یا مٹھائی غائب ہو جائے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ زکوٰۃ ادا ہو گئی اور اللہ کے فضل و کرم سے عمل کامیاب ہو گیا۔ جب حاضرات کرنا چاہیں تو سامنے دیوار پر ایک سفید چادر تان دیں یا دیوار پر چونا کر دیں اور اس کے قریب طاق میں سوا کلو مٹھائی رکھ دیں اور اپنا سوال کاغذ پر لکھ کر رکھ دیں۔ اس کے بعد عامل اسماء مذکورہ پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ عامل 260 مرتبہ پڑھنے نہیں پائے گا کہ مٹھائی غائب ہو جائے گی اور اس کا سوالنامہ بھی غائب ہو جائے گا اور اس کی جگہ دوسرا پرچہ موجود ہوگا۔ جس پر عامل کے سوال کا جواب تحریر ہوگا ورنہ پھر مٹھائی غائب ہونے کے بعد شاہ رکن عالم کی آواز عامل کے کانوں میں آئے گی اور وہ سامنے دیوار پر یا چادر پر نظر بھی آئیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ بڑا ہی عجیب و غریب عمل ہے۔ جسے نصیب ہو جائے اس کی خوش نصیبی میں کوئی کلام نہیں۔ اسماء الٰہی یہ ہیں:

﴿یَا اَللّٰهُ یَا اَحْکَمُ یَا عَلِیْمُ﴾

360 مرتبہ 40 یوم پڑھیں۔ ان کی زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت ہر بار بسم اللہ پڑھیں اور آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ان اسماء الٰہی کی ایک تسبیح روزانہ پڑھا کریں تاکہ عمل ہمیشہ قابو میں رہے۔

13-حاضرات اللّٰهُ الصَّمَدُ

طریقہ ایک مربع قسم کا آئینہ لیں اور اس کے بیچ میں ایک گول سیاہ دائرہ بنائیں۔ ٹھیک رات کے بارہ بجے سے عمل شروع کریں۔ ایک ہزار بار اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ اکیس یوم کا عمل ہے۔ سیاہ دائرہ میں نظر جما کر عمل پڑھیں۔ پرہیز جمالی کریں۔ چند دنوں میں آئینہ میں عجیب و غریب مخلوق نظر آئے گی گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اکیسویں دن آئینہ میں تمام مخلوق کے ساتھ بادشاہ نظر آئے گا جو بھی مشکل سوال ہو بیان کریں۔ انشاء اللہ تسلی بخش وحتمی جواب ملے گا۔

14- حاضرات

۷۸۶

۳	۱۶	۱
۱۵		۵
۲	۴	۱۴

طریقۂ زکوٰۃ 20 نقش روزانہ لکھیں۔ 20 یوم رات کو ہر نقش پر یہ عزیمت 20 بار پڑھ کر دم کریں۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

﴿یَا بُدُّوحُ تَبَدُّوحَتُ مِنَ الْبُدُّحِ فِی الْبُدُّوحِ بَدُّحِکَ یَا بُدُّوحُ o﴾

صبح سوا کلو آٹے کی 20 گولیوں میں یہ نقش لپیٹ کر دریا میں بہادیں۔ 20 دن میں عامل ہو جائیں گے۔

طریقۂ حاضرات مندرجہ بالا نقش کے سیاہ خانہ میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں نظر قائم کرنے کا کہیں اور آپ (عامل) 20 بار عزیمت پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نزول حاضرات ہو گا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

15- حاضرات

طریقہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل عزیمت کی زکوٰۃ ادا کریں۔ روزانہ 325 مرتبہ پڑھیں اور لگاتار 40 یوم تک پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو ایک پاک صاف آئینہ لیں اور اس پر سات مرتبہ عزیمت پڑھ کر دم کریں اور کسی نابالغ بچے کو یہ آئینہ دکھائیں۔ انشاءاللہ اس میں حاضرات کا نزول ہوگا اور ہر سوال کا جواب درست ملے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ عَا مَاطَۃُ مَا اَنَا عَلَیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ عَاسِفَتَہ مَا سِعَتَہ اللّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ ھُوَ السَّمَآءِ وَ نَزَلَ مِنَ الْقُرآن ۔ بِسْمِ اللّٰہِ مِن وَرَائِھِم مُحِیط ۔ بَلْ ھُوَ قرآنٌ مَجِیدٌ فِی لَوحٍ مَحْفُوظ بِحَقِّ یَا رَفِیقُ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ حَصَارًا مَجِیدًا﴾

16- حاضرات

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ بِسْمِ اللّٰہِ ذِیُ شَان شَدِید الْبُرھَان ۔ حَاضِر شُو ھمزائِیلُ بِحَقِّ فُرْقَان﴾

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

طریقہ کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اس کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر عطر ملا ہوا کاجل لگا کر اور مندرجہ بالا نقش چٹلی میں پکڑا کر مندرجہ بالا عزیمت 21 بار پڑھ کر دم کریں اور بچہ کو تاکید کریں کہ وہ سیاہ ناخن کو غور سے دیکھتا رہے۔ فی الفور حاضرات کا نزول کاجل کی سیاہی میں ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام معمول سے کہلوائے۔ پھر جو بھی سوال ہو عرض کرے۔

آپ کے ہر سوال کا جواب نہایت صحیح دیں گے۔ جس میں غلطی کا امکان نہ ہوگا۔ سوال و جواب کا سلسلہ ختم کر کے اور ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

ضروری و نکتہ کی بات یہ ضروری نہیں کہ ہر عمل کی زکوٰۃ دی جائے۔ عمل بغیر زکوٰۃ کے بھی کام کرے گا۔ حاضرات بغیر زکوٰۃ کے بھی مؤثر ہوگی۔ پہلے آپ بغیر زکوٰۃ کے عزیمت پڑھیں اور عمل بغیر زکوٰۃ کے کریں۔ اگر خدانخواستہ حاضرات نہ کھلے تو پھر عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ پھر حاضرات کریں انشاءاللہ حاضرات کا مشاہدہ ہوگا۔ اس لئے آپ پہلے ہر عمل کو بغیر زکوٰۃ کے ادا کیا کریں۔ اگر بچہ پر حاضرات کھل جائے تو ٹھیک ہے ورنہ بعدہٗ عمل کی زکوٰۃ ادا کر کے حاضرات کریں۔ انشاءاللہ حاضرات کرنے میں سو فیصد کامیابی ہوگی۔

17- تسخیر مؤکل بسم اللہ شریف

طریقہ اس عزیمت کو صرف 21 یوم باپرہیز جلالی و جمالی نوچندی جمعرات سے پڑھیں۔ عروج ماہ میں 1170 مرتبہ روزانہ۔ صرف سفید کپڑے جو کہ پاک و صاف ہوں اور معطر ہوں پہن کر عمل کریں۔ ہر کام میں فتح ہوگی اور مؤکل ہر کام میں بھرپور مدد کرے گا۔

عزیمت ﴿عَزَمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا لَتَسْزَطِیْشُ اُحْضُرُو وَ اَطِیْعُو بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم﴾

18- حاضرات سورۂ فاتحہ

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ 786 مرتبہ پڑھیں۔ پھر یا علیؑ 121 بار پڑھیں۔ لگاتار سات یوم۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 10 بار سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ یا علی پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور آپ (عامل) بچہ پر 10 بار سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ یا علی اور گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ عامل بچہ کی معرفت ہر مشکل سوال کا جواب پوچھ سکتا ہے۔ انشاءاللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

19-حاضرات سورۃ اخلاص

عروج ماہ نوچندی جمعرات اس عمل کی زکوٰۃ باپرہیز 1002 مرتبہ روزانہ تین یوم ادا کریں۔ یعنی تین یوم میں 3006 مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ عمل پڑھنے کے بعد ڈیڑھ پاؤ برفی پر مؤکلات کی نیاز دلائیں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 21 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں تاکہ عمل جاری رہے۔

طریقہ یہ حاضرات آپ بچوں اور بڑوں پر بھی کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو بہت سے طریقوں سے کر سکتے ہیں۔ یہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہے۔ عامل کسی بڑے آدمی یا بچہ کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور معمول سے یہ الفاظ پانچ تا سات بار ادا کروائے۔

﴿یَا رَبَّنَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن حاضرات جلد حاضر کن بِحَقِّ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْن﴾

چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ تمام حل طلب مسائل کے جوابات انشاء اللہ سو فیصد درست ہوں گے۔ اگر نقش میں حاضرات کرنی ہو تو بچہ یا بڑے آدمی کو سیاہ دائرہ میں دیکھنے کو کہیں اور عامل برابر معمول پر سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔

﴿نقش حاضرات سورۃ اخلاص﴾

یاجبرائیل — ۷۸۶ — یامیکائیل

8 / ٣٣٧	1 / ٣٣٠	6 / ٣٣٥
3 / ٣٣٢	5 / ٣٣٤	7 / ٣٣٦
4 / ٣٣٣	9 / ٣٣٨	2 / ٣٣١

یااسرافیل — بحق سورۂ اخلاص حاضر شو حاضر شو حاضر شو — یاعزرائیل

20-حاضرات سورۂ اخلاص (خود)

طریقہ زکوٰۃ سورۂ اخلاص کو عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو روزانہ 1002 بار 40 یوم تک پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ عمل کے اختتام پر آدھ کلو برفی پر مؤکلوں کی نیاز دلائیں اور برفی معصوم بچوں میں بانٹیں اور تھوڑی خود بھی کھائیں۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے سورۂ اخلاص 21 مرتبہ روزانہ پڑھا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ عمل باپرہیز پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو

بنائیں اور کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور **28** بار سورۂ اخلاص پڑھ کر بچہ پر دم کریں اور اسے کہیں کہ سیاہ خانہ میں غور سے دیکھے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر عامل بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔ اس حاضرات میں چھوٹے اور بڑے کی کوئی قید نہیں۔ آپ بڑوں پر بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کا مشاہدہ عامل خود بھی کر سکتا ہے۔ اس حاضرات کو آپ کئی طریقوں سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً شیشہ، انڈہ، پانی، انگوٹھی، نقش تمام چیزوں میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

بحق سورۂ اخلاص حاضر شو حاضر شو

21-حاضرات باموکل سورۂ اخلاص

(خفجطیش) ۷۸۶ (موکل سورۂ اخلاص)

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

یَا خدّام ھذا سورۂ اخلاص حاضر شو بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

طریقہ سورۂ اخلاص بمعہ پرہیز جلالی و جمالی بعد نماز عشاء نوچندی جمعرات سے **334** مرتبہ صرف **3** یوم تک پڑھیں۔ ہر بار بسم اللہ ضرور پڑھیں۔ بعد مداومت کے **21** مرتبہ روزانہ سورۂ اخلاص پڑھتے رہیں۔

طریقہ حاضرات یہ ہے کہ بعد ادائیگی زکوٰۃ سورۂ اخلاص **11** بار پڑھ کر بچے پر دم کریں یا مندرجہ بالا نقش لکھ کر چراغ میں جلائیں یا نقش کے سولھویں خانے میں سیاہی لگا کر غور سے دیکھنے کو کہیں۔ دونوں صورتوں میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ ہر مشکل امور میں سو فیصد صحیح و سچی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

22-تسخیر موکل سورۂ اخلاص

طریقہ سب سے پہلے اول و آخر درود شریف **21-21** مرتبہ پڑھیں اور درمیان میں سورۂ اخلاص

21 مرتبہ پڑھ کر ثواب رسول اللہ کی روح مبارکہ کو بخشیں۔ پھر اول و آخر درود شریف 12-12 مرتبہ اور درمیان میں یہ عزیمت 1002 مرتبہ پڑھیں۔ عمل نوچندی جمعرات یا نوچندی پیر کو کریں تو زکوٰۃ ادا ہو گی اور مؤکل ظاہری یا باطنی طور پر تسخیر ہوگا۔ یہ عمل 12 یوم تک بلا ناغہ کریں۔ پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ اگر بتی سلگا کر جگہ کو معطر کر کے پڑھیں۔

عزیمت ﴿عَزَمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا خَفجطِيش اُحْضُرُو وَ اَطِيْعُوْ بِحَقِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُو لَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ﴾

23- سورۃ مزمل کا حیرت انگیز عمل

طریقہ "سورۂ مزمّل" شریف روزانہ چار بار اکتالیس روز تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ مکان یا کمرہ بالکل تنہا ہو اور ہر وقت خوشبو سے معطر ہو۔ دوران عمل پانچوں وقت کی نماز ادا کریں اور پرہیز جلالی و جمالی لازمی کرنا ہے۔ آخری یوم چار اشخاص سامنے حاضر ہو کر سلام عرض کریں گے۔ ان کا لباس یا تو سبز ہوگا یا سیاہ۔ ڈرنے کی بالکل ضرورت نہیں۔ ان سے عہد و پیمان لے کر اپنے تابع ہونے اور جائز کام لینے کا اقرار کرالیں۔

24- حاضرات سورۂ مزمل

سورۂ مزمل کے نقش کے ذریعے جو حاضرات کی جاتی ہے وہ بہت اہم ہوتی ہے اور اس کے مؤکلین عامل کی زبردست مدد کرتے ہیں لیکن یہ حاضرات اسی وقت کھلتی ہے جب عامل نے سورۃ مزمل کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔

طریقۂ زکوٰۃ یہ ہے کہ 41 دن تک عامل دن کی چاروں نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور عشاء کی نماز کے بعد 41 مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ 41 ویں دن بچوں کو مٹھائی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ سورۂ مزمل کا نقش برائے حاضرات نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں تیار کر کے رکھے اور حسب قاعدہ عامل حاضرات کریں۔ انشاء اللہ چار مؤکل حاضر ہوں گے۔ ایک کا نام "لومائیلؔ". دوسرے کا نام "لوخائیلؔ" ہوگا۔ تیسرے کا نام دویائیلؔ ہوگا اور چوتھے مؤکل کا نام طاطائیلؔ ہوگا۔ عامل جو انہیں حکم دے گا یہ انشاء اللہ اس حکم کی تعمیل کریں گے اور عامل کی روحانی طور پر مدد بھی کریں گے۔

نقش حاضرات درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

25-حاضرات سورۃ القیٰمۃ

طریقہ سورۃ القیٰمۃ کو سات بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھیں اور سواپاؤ برفی پر حضرت فاطمہ الزہرہ علیہ السلام کی نیاز دلائیں اور پھر سات بار سورۃ القیٰمۃ پڑھ کر نقش مکرم پر دَم کریں۔ بعدہٗ سیاہ خانہ میں غور سے ٹکٹکی باندھ کر دیکھیں۔ تقریباً دس منٹ بعد نقش مکرم میں ایک باوقار خاتون کی تصویر نظر آئے گی۔ اس حاضرات کا مشاہدہ عامل اور معمول دونوں کر سکتے ہیں۔

حاضرات کے نزول ہونے پر جائز کام اور جائز مشکل امور کے بارے میں احتراماً و عاجزانہ طریقہ سے پوچھیں انشاءاللہ ہر جائز سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ نقش مکرم درجِ ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۳۶۵۱	۱۳۶۵۴	۱۳۶۵۸	۱۳۶۴۴
۱۳۶۵۷	۱۳۶۴۵	۱۳۶۵۰	۱۳۶۵۵
۱۳۶۴۶	۱۳۶۶۰	۱۳۶۵۲	۱۳۶۴۹
۱۳۶۵۳	۱۳۶۴۸	۱۳۶۴۷	۱۳۶۵۹

حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو

26-حاضرات سورۂ یٰسین (خود)

طریقہ یہ عملیات کی دنیا کا سب سے زبردست عمل ہے لیکن اس عمل کا عامل بننے کے لئے سب سے پہلے اس آیت کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کریں پھر اس سے حسبِ ذیل کام لے سکتے ہیں کہ کسی بھی بارہ سال کے بچے یا بچی پر سب کچھ معلوم کر سکتے ہیں اور اگر اس آیت کو سوا لاکھ سے زیادہ پڑھ لیں تو کسی بھی بڑے مرد یا عورت جو پاک وصاف ہو اس پر حاضرات کر کے خود بھی اور دوسروں کو بھی وہ سب کچھ دکھا سکتے ہیں جو ایک عام انسان کو دکھائی نہیں دیتا۔ عامل بننے کے لئے اس آیت کو پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے پڑھیں۔ آیت یہ ہے۔

﴿وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ○﴾

پھر بوقت ضرورت اپنے سیدھے ہاتھ سے دونوں آنکھیں بند کر کے صرف 21 مرتبہ مذکورہ بالا عزیمت

پڑھیں اور پھونک ماریں تو جو بھی غیر مخلوق ہوگی وہ فوراً حاضر ہوکر کلام کرے گی اور ہر مشکل سوال کا جواب سو فیصد درست بتائے گی۔

27- حاضرات سورۂ رحمان

سورۂ رحمٰن کو 7 مرتبہ اول اور آخر 11 مرتبہ درود شریف کے پڑھیں اور ساتھ میٹھی چیز ضرور رکھیں۔ 7 مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنے سے حاضرات شروع ہوگی۔ سفید داڑھی والے ایک بزرگ حاضر ہوں گے اور جو چاہیں اُن سے مانگ لیں وہ حاضر ہوگی۔ مگر جائز چیزیں۔ طلسم یہ ہے:

طلسم

جبرائیل — عزرائیل

۴۰۰۴۰۹	۴۰۰۳۸۸	۴۰۰۴۱۷
۴۰۰۴۱۳	۴۰۰۴۰۵	۴۰۰۳۹۶
۴۰۰۳۹۲	۴۰۰۴۲۱	۴۰۰۴۰۱

اسرافیل — میکائیل

28- حاضرات سورۂ کوثر

اگرچہ کتاب ''حاضرات کی دنیا'' کے صفحہ نمبر 54 پر یہ عمل دے چکے ہیں اور بہت سے معزز قارئین کرام نے دیئے ہوئے طریقے کے مطابق اس حاضرات سے استفادہ بھی کیا ہے لیکن ہم یہاں پر اس عمل کی مکمل زکوٰۃ کا طریقہ دے رہے ہیں۔ جو عامل اس زکوٰۃ کبیر کو ادا کرے گا وہ بالمشافہ خود اس سورۃ کے مؤکلات کا نظارہ کرسکتا ہے اور ان میں سے جس مؤکل کو حکم دے گا وہ معمول پر فوراً حاضر ہوکر تمام پوچھے گئے سوالات کے صحیح صحیح جواب دے گا۔

اس عمل میں پرہیز جلالی و جمالی کرنا لازمی ہے۔ روٹی پانی یا قہوہ سے کھائے گا۔ ہر وقت باوضو دوران زکوٰۃ رہے گا۔ باقی کوئی چیز نہ کھائے گا۔ جب مؤکلات حاضر ہوجائیں تو ان سے عامل قول و قرار کرتے وقت وہ کلمات بھی پوچھ لے جن کے پڑھنے سے وہ فوری حاضر ہوں اور وقت بھی پوچھ لے کہ کب بلایا جائے۔

پہلے مؤکل کا نام هَمْرَائِیلُ ہے۔

دوسرے مؤکل کا نام لَوْمَائِیلُ ہے۔

تیسرے مؤکل کا نام تَنْکَافِیلُ ہے۔

چوتھے مؤکل کا نام اَموَاکِیلُ ہے۔

ان چاروں مؤکلوں کی اپنی اپنی الگ ڈیوٹیاں ہیں۔ ان میں جو مؤکل ہم حاضرات کے لئے مخصوص کریں گے اسی سے حاضرات کا کام لیں گے ورنہ حاضرات کامیاب نہ ہوگی دیگر مؤکلات سے عامل اپنی مرضی کے مطابق دنیاوی امور میں جائز و نیک کاموں کے لئے مدد حاصل کر سکتا ہے لیکن قول و قرار کرتے وقت عامل چاروں مؤکلات سے ان کی حاضری کے کلمات لکھ کر رکھ لے جو وہ بتائیں اور ہر ایک کا وقت بھی نوٹ کر لے اور یہ بھی پوچھ لے کہ اگر ایک مؤکل کو چھوڑ کر دوسرے مؤکل سے اس کے دیئے ہوئے وقت کے علاوہ ضرورت کے تحت کام لینا چاہے تو پھر ان کی شرائط کیا ہوں گی؟ اس عمل کو جب شروع کریں تو بیچ میں ناغہ نہ کریں ورنہ دوبارہ نئے سرے سے عمل کرنا پڑے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ O بِحَقِّ ھمرائیلُ فَصَلِّ لِرَبِّکَ بِحَقِّ لومائیلُ وَانۡحَرۡ بِحَقِّ تنکافیلُ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَالۡاَبۡتَرُ بِحَقِّ اموا کیلُ O﴾

طریقہ زکوٰۃ اس عزیمت کو روزانہ 3125 مرتبہ 40 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ آخری یوم آدھ کلو برفی پر نیاز بھی دلائیں۔ روزانہ دوران عمل اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ اس عزیمت کو 13 بار یا 19 دفعہ پابندی سے پڑھیں تاکہ عمل ہمیشہ قابو میں رہے۔

29-عمل تسخیر با مؤکل سورۂ کوثر

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات یا پیر کو جلالی و جمالی پرہیز 3 دن روزے، خلوت و تنہائی، پاکیزہ جگہ، پاک و صاف بدن ہر نماز کے بعد سورۂ کوثر 1000 مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد یہ دعوت پڑھیں۔

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ مَا اَسۡئَلُکَ بِمُوۡجِبَاتِ رَحۡمَتِکَ وَ عَزَائِمَ مَغۡفِرَتِکَ اَنۡ تُسَخِّرَ لِیۡ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوۡرَۃ عَبۡدِکَ عَبۡدُالۡکَرِیۡم اِلَّا مَااحَستَ وَ سَمِعۡتَ وَ الۡمَعۡتِ بِحَقِّ شیریخ (۲) مردیخ (۲) بِحَقِّ مِنۡ کَلِمَۃٍ مُوۡسٰیۡ تَکۡلِیۡمًا عَلٰی طُوۡرِ سِیۡنَا اَلۡوَحا (۳) العَجَل (۳) السَّاعَۃ (۳) بَارَکَ اللّٰہُ فِیۡکَ وَ عَلَیۡکَ.﴾

30-حاضرات دعوت سورۃ کوثر

اس سورۃ کو تین روز مندرجہ ذیل تعداد میں پڑھیں۔ پہلے روز 921 بار۔ دوسرے روز 921 بار اور تیسرے روز 912 بار۔ تین دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ یہ زکوٰۃ اصغر ہوگی۔

طریقہ عروج ماہ قمری میں بدھ ۔ جمعرات ۔ جمعہ کی رات کو بعد از نماز عشاء بیٹھ جائیں اور عمل پڑھیں ۔ روزانہ دو رکعت نماز نفل زکوٰۃ کی نیت سے ادا کریں اور تین دن کے بعد ختم نیاز کرائیں ۔ اس ختم کے وقت پانی کافی پاس رکھیں ۔ پھر اس پانی کو محفوظ رکھیں اور بچوں اور مریضوں کو پلائیں ۔ خواہ ایک دن لگے یا ایک ماہ لگے ۔ زکوٰۃ کے بعد مندرجہ ذیل امور میں آپ کام لے سکتے ہیں ۔

☆ اگر بارش نہ ہوتی ہو اور خشک سالی ہو تو اعداد سورۃ مزکور کے مربع میں چہل کاف کو بھی ملا کر لکھیں اور جاری پانی میں اس نقش کو ڈال دیں ۔

☆ اگر اس نقش کو کسی لکڑی کے تختہ پر کندہ کریں اور دریا یا ندی میں ڈال کر کسی رسی سے باندھ دیں تو جب تک وہ تختہ پانی میں رہے گا بارش جاری رہے گی ۔

☆ اگر کوئی بہت مشکل امر درپیش ہو اور اس امر کا حصول لازمی ہو تو چاہیئے کہ سورۃ کوثر **2754** مرتبہ پڑھیں ۔ مطلب اسی روز یا اسی ہفتہ میں حاصل ہوگا ۔

☆ اگر کوئی شخص سورۃ کوثر کے اعداد کے مطابق مربع پر کر کے کبوتر کی گردن میں باندھ کر خانہ محبوب کی طرف اڑائے اور نقش کے نیچے فلاں بنت فلاں فوراً حاضر ہو لکھے تو بے شک وشبہ وہ بیقرار اور بے چین ہو کر حاضر ہو گا ۔ بلکہ اسی ساعت میں حاضر ہوگا مگر یہ امر جان لینا چاہیئے کہ یہ آیت قرآن مجید کی ہیں ۔ ان کے ماتحت جو مؤکلات ہیں وہ رُوحانی ہیں ۔ صرف جائز صورتوں میں کام لیں ورنہ نقصان ہوگا ۔ محبوب کو بلانا ہو ۔ بیوی کو بلانا ہو جو روٹھ کر گھر بیٹھ گئی ہو ۔ خاوند کو بیوی کا بلانا ۔ یا غائب کا بلانا سب اسی فتیلہ سے ہوگا ۔

نقش درج ذیل ہے ۔

یاجبرائیل

۷۸۶

یامیکائیل

۶۸۱	۶۹۴	۶۹۱	۶۸۸
۶۹۲	۶۸۷	۶۸۲	۶۹۳
۶۸۶	۶۸۹	۶۹۶	۶۸۳
۶۹۵	۶۸۴	۶۸۵	۶۹۰

یااسرافیل

یاعزرائیل

30- عمل برائے حاضرات سورۃ النحل

اگر چاہیں کہ آپ کو مستقبل کی اور ماضی کی خبر ہوتی رہے تو نوچندی جمعرات سے سورۃ النحل کی آیت نمبر **37** کی روزانہ ایک جگہ اور وقت مقرر کر کے **37** مرتبہ آیت پڑھیں ۔ **11** دن کا عمل ہے ۔ پہلے آیت کو زبانی خوب اچھی طرح یاد کرلیں ۔ اب کسی بھی امر میں کچھ معلوم کرنا ہو ۔ داہنی کروٹ لے کر سو جائیں ۔ سونے سے پہلے

باوضو ہو کر 13 مرتبہ آیت کی تلاوت کریں۔ انشاء اللہ سارا حال آئینہ کی طرح عیاں ہو جائے گا۔ اکثر آنکھ لگتے ہی تمام حال پہلی رات ہی معلوم ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

31- حاضرات ''سورۂ جنّ''

ایک انگشتری چاندی کی ایسی بنوائیں جس کے ایک طرف ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ'' کا نقش ہو اور دوسری طرف ''سُوۡرَۃُ جِنّ'' کا نقش کندہ کروائیں اور نگینہ حجر القمر لگوائیں۔ اب 11 روز تک آبادی سے باہر جا کر انگشتری پر نظر رکھتے ہوئے۔ ﴿اَجِبۡ یَا اِسۡرَافِیۡلُ بِحَقِّ یَا اَلۡفُ﴾ 425 مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل چاند جب منزل شرطین میں ہو اُس وقت کرنا ہوگا یعنی چاند منزل ''الف'' میں ہوگا۔ اگر چاند کی شروع کی تاریخیں ہوں یعنی 14 تاریخ سے پہلے تو اور اچھا ہے۔ اب 11 روز کے بعد انگشتری پر نظر جما کر بیٹھ جائیں اور بغیر کسی تعداد کے ﴿اَجِبۡ یَا اِسۡرَافِیۡلُ بِحَقِّ یَا اَلۡفُ﴾ پڑھنا شروع کریں اور جو امر ہو وہ ذہن میں رکھیں۔ دھیرے دھیرے انگشتری میں منظر ابھرنا شروع ہو جائے گا۔ حیرت کرنے کی ضرورت نہیں۔ جو امر ہے چند لمحوں کے لیے انگشتری میں اُس کا حل نظر آئے گا۔ اُسے ذہن نشین کرلیں۔

اب جب کبھی ضرورت ہو کسی مسئلہ کے بارے میں معلوم کرنا ہو اسی طرح آبادی سے باہر جا کر بلا تعداد ﴿اَجِبۡ یَا اِسۡرَافِیۡلُ بِحَقِّ یَا اَلۡفُ﴾ انگشتری پر نظر رکھ کر پڑھتے جائیں۔ تمام حال عیاں ہوگا۔ یہ انگشتری کام ہونے کے بعد موم کے اندر حفاظت سے کسی بلند جگہ رکھ چھوڑیں جب ضرورت ہو نکال کر کام میں لائیں۔ تمام عمر کام دے گی۔ اس کا تذکرہ کسی سے نہ کرنا۔ رازداری شرط ہے۔ مجرب ہے۔

32- حاضرات (خود)

﴿لَا تُدۡرِكُهُ الۡاَبۡصَارُ وَهُوَ يُدۡرِكُ الۡاَبۡصَارَ وَهُوَ اللَّطِيۡفُ الۡخَبِيۡرُ ۝﴾ (سپارہ 7 آیت نمبر 103)

طریقہ سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں۔ یعنی اس آیت کو بعد نماز عشاء تنہائی میں 1900 بار روزانہ 19 دن پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ بعدہٗ تھوڑی سی شیرینی پر نیاز بھی دلائیں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 101 بار عزیمت پڑھیں تاکہ عمل ہمیشہ قابو میں رہے۔

اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو آیت مذکورہ کو 19 مرتبہ پڑھ کر شیشہ پر دم کریں یا کسی بڑے آدمی پر دم کریں اور حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔ یہ حاضرات بغیر زکوۃ کے بھی کام کرتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور 19 مرتبہ مذکورہ بالا آیت پڑھ کر معمول پر دم کرے اور بچے

کو غور سے نقش کے سولہویں خانہ میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے وہاں دیکھنے کو کہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ اس حاضرات کو عامل آپ بھی دیکھ سکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ نقش کے سیاہ خانہ میں اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر اور نظر قائم کر کے مذکورہ بالا آیت کو 19 مرتبہ پڑھے۔ حاضرات کھل جائے گی اور تمام احوال سیاہ خانہ میں نظر آئے گا۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

یا جبرائیل ۷۸۶ یا میکائیل

٦٦٠	٦٦٣	٦٦٦	٦٥٢
٦٦٥	٦٥٣	٦٥٩	٦٤٤
٦٥٤	٦٦٨	٦٦١	٦٥٨
٦٦٢	٦٥٧	٦٥٥	٦٦٧

یا اسرافیل حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

33- حاضرات (خود)

﴿لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ O﴾ (پارہ 7 آیت نمبر 103)

یا جبرائیل ۷۸۶ یا میکائیل

٦٦٠	٦٦٣		٦٦٦	٦٥٢
٦٦٥	٦٥٣		٦٥٩	٦٦٦
٦٥٤	٦٦٨		٦٦١	٦٥٨
٦٦٢	٦٥٧		٦٥٥	٦٦٧

یا اسرافیل حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء تنہائی میں مندرجہ بالا آیت کو 1900 بار روزانہ 19 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ بعدہٗ کسی شیرینی پر اس آیت کے مؤکلات کی نیاز دیں۔ اب آپ اس آیت کے عامل ہو جائیں گے۔ روزانہ تین بار اس آیت کو ورد میں رکھیں تاکہ عمل قابو میں رہے۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو آیت مذکورہ کو 19 بار پڑھ کر کسی صاف و پاکیزہ شیشہ پر دم کریں یا کسی بڑے آدمی پر دم کر کے اسے شیشہ میں دیکھنے کو کہیں تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔

نوٹ یہ حاضرات بغیر زکوۃ کے بھی کام کرتی ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی

پڑھے اور 19 مرتبہ مذکورہ بالا آیت پڑھ کر معمول پر دم کرے اور بچہ کو غور سے نقش کے سیاہ خانے میں دیکھنے کو کہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ ہر قسم کی معلومات دریافت کر سکتے ہیں جو یقیناً سو فیصد درست ہوں گی۔ اس حاضرات کو عامل خود بھی دیکھ سکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ نقش کے سیاہ خانہ میں اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر نظر قائم کر کے مذکورہ بالا آیت اس وقت تک پڑھتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا اور تمام احوال و مقصد سیاہ خانہ میں نظر آئے گا۔ اس حاضرات کو آپ چھوٹوں اور بڑوں پر بھی بآسانی کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو شیشہ، انڈہ، انگوٹھی اور چراغ کی لو پر بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔

34- حاضرات بہ نوعِ دیگر

﴿وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ۝ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۝ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ۝ قَالَ فَخُذْ ۝﴾ (تیسرا پارہ آیت نمبر 259)

طریقہ سب سے پہلے اس آیت کی زکوٰۃ ادا کریں۔ ایک سو گیارہ مرتبہ بارہ پرہیز کسی بھی نماز کے بعد زکوٰۃ ادا کر سکتے ہیں۔ زکوٰۃ دینے کے بعد جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو۔ کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر عطر وغیرہ لگا کر بچے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور بچے کو ہدایت کریں کہ سیاہ ناخن پر نظر جما کر سکون سے دیکھے۔ عامل اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور مندرجہ بالا آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ اگر بچہ کو ناخن میں کچھ نظر نہ آئے تو پھر سورۂ یٰسین ''یُبْصِرُوْنَ'' تک پڑھ کر دم کریں اور سورۂ ملک بھی پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ انشاء اللہ فوراً حاضرات کھل جائے گی۔ اس کے بعد آپ بچے کے توسط سے ہر قسم کے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

35- حاضرات بر پیالہ

طریقہ سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پیالہ میں پڑھ کر پھونکیں اور پیالہ میں ہرے قلم یعنی ہرے رنگ کے مارکر سے چاروں طرف سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ لکھ لیں اور پیالہ کے بیچ میں سیاہ دائرہ بنائیں۔ بعدہٗ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھا کر اس کو پیالہ کے سیاہ دائرہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے اور 33 مرتبہ سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ پڑھ کر پیالہ میں اور بچہ پر پھونکیں۔ تھوڑی ہی دیر میں پیالہ کی سیاہی میں یعنی سیاہ دائرہ میں حاضرات کا نزول ہوگا پھر آپ بچہ کے توسط سے اپنا اور معمول کا سلام پیش کر کے ہر قسم کے سوالات کے جوابات تسلی بخش معلوم کریں۔ ہر سوال کا جواب انشاءاللہ سو فیصد درست ملے گا۔

36-تسخیر مؤکل

طریقہ اس مؤکل کی تسخیر کے لئے لازمی ہے کہ عامل صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو اور شرع کا پابند ہو۔ نفس کی ظاہری وباطنی پاکیزگی شرطِ اولین ہے۔

عامل اس عزیمت مبارکہ کو 7 یوم بلا ناغہ مع پرہیز جمالی جلالی کے ساتھ 360 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 11-11 مرتبہ لازمی ہے۔ اس عمل میں مؤکل تیسرے یا پانچویں دن بھی آجاتا ہے مگر 7 یوم پورے کرنا لازمی ہیں۔ بعدہٗ مؤکل سے شرائط طے کریں اور دوبارہ بلانے کا طریقہ بھی پوچھیں۔ صرف اور صرف جائز کام لیں۔

﴿یَا اَللّٰہُ . یَا رَبُّ . یَا رَحۡمٰنُ . یَا رَحِیۡمُ . لَاتَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ فِیۡ حِفۡظِ مَا مَلَّکۡتَنِیۡ کَمَا اَنۡتَ اَمۡلَکُ بِہٖO﴾

37- حاضرات

﴿عَالِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ الۡکَبِیۡرُ الۡمُتَعَالِO﴾ (پارہ 13 سورۂ رعد آیت 8)

یاجرائیل

۷۸۶

یامیکائیل

۹۱۶	۹۱۹		۹۲۲	۹۰۹
۹۲۱	۹۱۰		۹۱۵	۹۲۰
۹۱۱	۹۲۴		۹۱۷	۹۱۴
۹۱۸	۹۱۳		۹۱۲	۹۲۳

یااسرافیل

حاضر شو حاضر شو حاضر شو

یاعزرائیل

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء تنہائی میں مندرجہ بالا آیت کو 2766 بار روزانہ 19 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ گیارہ بار اس آیت کو ورد میں رکھیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو اس آیت کو 28 بار پڑھ کر کسی صاف پاکیزہ شیشہ پر دَم کریں اور کسی بڑے آدمی پر بھی یہ آیت دَم کر کے اسے شیشہ میں یا مندرجہ بالا نقش میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ ہر قسم کی معلومات دریافت کر سکتے ہیں جو یقیناً سو فیصد درست ثابت ہوں گی۔ اس حاضرات کو عامل خود بھی دیکھ سکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ نقش کے سیاہ خانہ میں تھوڑا سا عطر لگائے اور اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر نظر قائم کر کے مذکورہ بالا آیت اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا اور تمام احوال و مقصد سیاہ خانہ میں نظر آئے گا۔ اس حاضرات کو آپ چھوٹوں اور بڑوں پر بھی کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو آپ شیشہ، انگوٹھی، انڈہ اور چراغ کی لو پر بھی کر سکتے ہیں۔ غرض ہر طریقے سے حاضرات کر سکتے ہیں یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔

38-حاضرات

﴿یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْم﴾ (سورۃ الجمعۃ۔ پارہ ۲۸)

۷۸۶

۶۰۲	۶۱۴	۶۱۳	۶۰۹
۶۱۲	۶۰۸	۶۰۳	۶۱۳
۶۰۷	۶۱۰	**۶۱۶**	۶۰۴
۶۱۵	۶۰۵	۶۰۶	۶۱۱

طریقہ مندرجہ بالا آیتِ مبارکہ کو 248 مرتبہ 14 یوم تک بلا ناغہ ورد کریں۔ بعد نمازِ عشاء باوضو اور نقشِ مکرم کو لکھ کر سامنے رکھ کر پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعد زکوٰۃ کسی بھی خوبصورت طفلِ نابالغ کو نقش پکڑوا کر اُسے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور عامل خود بچہ پر 14 مرتبہ مندرجہ بالا آیت پڑھ کر دَم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں۔

39-تسخیر مؤکل

طریقہ اس عزیمت مبارکہ کو مع پرہیز جمالی و جلالی پابندئ صوم و صلوٰۃ کے ساتھ خلوت میں گیارہ روز بلا ناغہ 323 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف 5-5 مرتبہ لازمی پڑھیں۔ آخری دن مؤکل روحانی حاضر

ہوگا۔ شرائط طے کریں۔ صرف اور صرف جائز کام لیں بصورتِ دیگر جان کا خطرہ ہے۔

نوٹ اس عمل کو صرف اہل شخص ہی کر سکتا ہے۔ اس لئے ہر شخص طبع آزمائی نہ کرے۔ عمل کے لئے اجازت لینا لازمی ہے۔

عزیمت ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. يَا لَطِيْفُ يَا خَفِيُّ الْاَلْطَافِ اَدْرِكْنِىْ لُطْفِكَ الْخَفِىِّ الَّذِىْ مِنْ لُطِفَتْ بِهٖ كَفٰى٥﴾

40- حاضرات

طریقہ مندرجہ بالا نقش روزانہ گیارہ مرتبہ گیارہ یوم لکھیں۔ بعدہٗ آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دیں۔ بعدہٗ مندرجہ بالا عزیمت گیارہ سو مرتبہ گیارہ یوم پڑھیں اور 101 مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ پڑھنے کی عزیمت درج ذیل ہے۔

﴿اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. يَا اللّٰه مدد كن يَا اللّٰه مدد كن يَا اللّٰه جَلَّ جَلَالُهٗ. اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْم. بِحَقِّ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْن. يَا اللّٰه مدد كن يَا اللّٰه مدد كن٥﴾

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے مندرجہ بالا نقش بنائیں اور سیاہ خانہ میں عطر لگائیں اور عزیمت بالا کو صرف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور 101 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سیاہ خانہ میں نظر قائم کر کے اور اپنا مقصد ذہن

میں رکھ کر دیکھیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا اور تمام احوال مقصد سیاہ خانہ میں نظر آئے گا۔

41-کشف القلوب

کشف القلوب یہ علم عزائم سے ہے اور نہایت عظیم النفع ہے۔ جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں کی بات معلوم ہو جائے تو وہ روزانہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا ھُمُوَاکِیْلُ 12,000 مرتبہ پڑھے۔ بعد نمازِ عشاء درود شریف 21-21 مرتبہ اول و آخر یہ عمل 21 یوم برابر کرے۔ اللہ کے حکم سے ہر کسی کے دل کی بات معلوم ہو جائے گی۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں اور عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ جہاں پڑھیں وہ جگہ پاک و صاف اور خوشبو سے معطر ہو۔

42-برائے کشف القلوب

جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دل کی بات معلوم ہو جائے۔ وہ تین ہفتہ تک روزے رکھے۔ ترکِ حیوانات کے ساتھ اور ان اسماء سبعہ کو جو مفتاتیج العلم کہلاتے ہیں۔ اول و آخر درود شریف سو بار پڑھے پھر ان اسماء کو روزانہ ہزار بار پڑھے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ ﴿سُھْدُ یَدُعْ ھُلَیھُوْن لَالُھُوْن دمداعوت ھَاجَنِي فلیشآء ھَیلُوْب﴾ پھر یہ دعا تین بار پڑھے۔ ﴿اَللّٰھُمَّ اَکْشِفْ عَنْ قَلْبِیْ حِجَابُ الْغَفْلَتَه وَ عَلِّمْنِیْ مَالَمْ اَکُنْ اَعْلَمُ وَ بَیِّنْ لِیْ مِنْ کُلِّ مَا اَسْئَلُ عَنْهُ یَا مَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ وَلَا مَعْبُوْدُ سِوَالا﴾۔ 21 روز کے بعد اثر ظاہر ہونا شروع ہو جائے گا۔ جو شخص سامنے آئے گا جو کچھ اس کے دِل میں ہوگا عامل پر منکشف ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

43-حاضرات تسبیح

۷۸۶

۱۰۸	۱۲۲	۱۱۹	۱۱۶
۱۲۰	۱۱۵	۱۰۹	۱۲۱
۱۱۴	۱۱۷	۱۲۴	۱۱۰
۱۲۳	۱۱۱	۱۱۳	۱۱۸

سُبحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی یَا تسھائِیلُ حاضِر شُو

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو روزانہ 150 مرتبہ سبحان رب الاعلی اور یا تسھائیل 150 مرتبہ پندرہ دن تک پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعدہٗ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے ہمیشہ پندرہ مرتبہ پڑھ لیا

کریں۔ اب جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا نقش کے سیاہ خانہ میں عطر لگائیں اور بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر اور نقش پر 28 مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی اور یَا تَسھَائِیلُ پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست اور سچی معلومات حاصل کریں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست اور سچا ملے گا۔ حاضرات میں نایاب وچوٹی کا عمل ہے۔ اس عمل کی قدر دل وجان سے کرنی چاہیئے۔

44-حاضراتِ کائنات

﴿الٓمٓ ص ط ع ف ق بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ﴾

۷۸۶

۱۴۰	۱۴۳	۱۴۶	۱۳۲
۱۴۵	۱۳۳	۱۳۹	۱۴۴
۱۳۴	۱۴۸	۱۴۱	۱۳۸
۱۴۲	۱۳۷	۱۳۵	۱۴۷

مندرجہ بالا حاضرات میں کائنات پنہاں ہے۔ یہ حاضرات بڑی خوبی وکمال کی حامل ہے۔ اس حاضرات کی زکوٰۃ ادا کرنے سے مؤکل بھی سامنے حاضر ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ زکوٰۃ باپرہیز ادا کی جائے۔ اس حاضرات کا عامل شہنشاہ وقت وبے تاج بادشاہ کہلاتا ہے۔

طریقہ مندرجہ بالا عبارت کو 180 مرتبہ کل 18 دن تک باپرہیز جمالی پڑھیں۔ کمرہ میں نیم اندھیرا ہو۔ اور کمرہ خوشبو سے معطر و پاک وصاف ہو۔ جائے نماز پر بیٹھ کر بعد نمازِ عشاء وقت کی پابندی سے پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعد زکوٰۃ آخری دن تمام حروف مقطعات کی فاتحہ دیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا نقش کے سیاہ خانہ میں کسی طفلِ نابالغ کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے اور نقش پر 9 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچے کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست وسچی معلومات حاصل کریں۔

45-حاضرات

﴿یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا قَادِرُ یَا حَاضِرُ یَا نَاظِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ

وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

طریقہ اگربتیاں سلگائیں۔ کمرہ صاف ستھرا رکھیں۔ عامل اور بچہ دونوں پاک وصاف باوضو ہوں۔ چند عدد گلاب کے پھول رکھیں۔ کسی طفل نابالغ لڑکے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت گیارہ یا سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں اور اسے سیاہ انگوٹھے میں دیکھنے کو کہیں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات سے غیر شرعی سوال مت کریں ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

46-حاضرات

طریقہ مندرجہ بالا نقش کسی سفید کاغذ پر بنا کر کسی طفلِ نابالغ کو سیاہ دائرہ میں دیکھنے کو کہیں۔ اگربتیاں وغیرہ سلگائیں۔ عامل بچہ پر گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمیؑ پڑھ کر اور اسم ''اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَ اِنَّہٗ لَیْسَ لَھَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃ'' 28 مرتبہ پڑھ کر بچہ کے سر پر اور سیاہ دائرہ میں پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ

خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر آپ بچہ کے توسط سے اپنے جملہ پیچیدہ مسائل کے بارے میں سو فیصد مکمل درست حالات معلوم کر سکتے ہیں۔ جو یقیناً سچے و درست ہوں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

47- نایاب حاضرات

مندرجہ ذیل حاضرات کسی کرامت سے کم نہیں۔ یہ الہامی حاضرات ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف و خوبیاں بیان کی جائیں وہ احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ گویا یہ ایک گوہر نایاب ہے۔ اس حاضرات کی قدر و قیمت تجربہ کرنے پر معلوم ہوں گی۔ زیادہ تعریف لکھنا دانشمندی کے خلاف ہے۔ جو بھی اس حاضرات کو کرے گا وہ اپنا دامن خوشیوں و مرادوں سے بھر لے گا۔

یاد رکھیں سچائی تجربہ کی محتاج ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ آزمائیں اور بار بار آزمائیں اور اپنی دلی مراد پائیں۔ جوں جوں آپ حاضرات کرتے جائیں گے اسی طرح آپ اس پر عبور حاصل کرتے جائیں گے۔ ہر چیز محنت و کوشش سے حاصل ہوتی ہے۔ بغیر محنت کوشش و ریاضت کے کچھ نہیں ملتا۔

48- حاضراتِ لاثانی

۷۸۶

۵۴۷	۵۵۰	۵۵۳	۵۴۰
۵۵۲	۵۴۱	۵۴۶	۵۵۱
۵۴۲	۵۵۵	۵۴۸	۵۴۵
۵۴۹	۵۴۴	۵۴۳	۵۵۴

جیسا کہ عزیمت سے ظاہر ہے یہ حاضرات قابلِ احترام و مقدس حاضرات ہے۔ اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ تمام سوالوں کے جوابات سو فیصد درست بتاتی ہے۔ عامل و معمول کے لئے شرط یہ ہے کہ دونوں پاک و صاف اور باوضو ہوں۔ کمرہ پاک و صاف و خوشبو سے معطر ہو۔

طریقہ و لوازمات ایک سفید کاغذ یا گتہ پر مندرجہ بالا نقش مبارک بنائیں اور سیاہ دائرہ میں بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں۔ پھر عامل گیارہ مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ سورۂ اخلاص، پھر ۲۸ مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ عزیمت درج ذیل ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا فَاطِمَةُ

يَاصَاحِبَ الزَّمَانِ اَدْرِکْنِیْ وَلَا تُہْلِکْنِیْ

تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو گا جس سے آپ اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ سو فیصد درست جوابات ملیں گے۔

نوٹ حاضرات کرنے سے پہلے وضو کریں۔ چھ عدد اگربتی سلگائیں اور چند عدد تازہ گلاب کے پھول پانی بھرے گلاس میں رکھیں۔ یہ حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے۔ یہ ایک قابلِ قدر تحفہ ہے جس سے آپ یقیناً فائدہ اٹھائیں گے اور خلقِ خدا کو بھی فیض پہنچائیں گے۔

49-حاضرات برائے زیارتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمدؐ ۹۲	کامل ۹۱	علیم ۱۵۰
المحسن ۱۶۹	کافی ۱۱۱	احمد ۵۳
باسط ۷۲	سالم ۱۳۱	مکمل ۱۳۰

نقش کی چال

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

طریقہ اس لوحِ مبارکہ کو ساعتِ سعید میں لکھ کر رات کو سوتے وقت سر کے نیچے رکھیں۔ باطہارت اور معطر حالت میں رہیں۔ اور یہ اسماء مبارکہ 92 مرتبہ ورد کریں۔

اسماء مبارکہ یَا مُکَمِّلُ. الکَامِلُ. العَلِیْمُ. الکَافِیُ. البَاسِطُ. السَّالِمُ. المُحَمَّدُ. اَلْاَحْمَدُ

اللہ کے حکم سے جمالِ نبی محمدؐ کے دیدار سے مشرف ہوں گے۔ اس عمل کے لیے عامل کو صوم و صلوٰۃ کا پابند، رزقِ حلال کا پابند ہونا لازمی ہے اور تمام امورِ شرعی کی پابندی لازمی ہے۔ ورنہ رجعت و جان کا خطرہ ہے۔ عامل کے لئے ضروری ہے کہ اس کے دل میں نورانیتِ قلب کے ساتھ عشقِ خداوندی اور عشقِ رسولؐ و پنجتنؑ پاک بھی موجزن ہو۔ اور کثرت سے درود کا ورد کرتا ہو۔

50- حاضرات بر آئینہ (خود)

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دِیْمُوْمَتِہٖ مُلْکِہٖ وَ بَقَائِہٖ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

طریقۂ زکوٰۃ 292 مرتبہ روزانہ 9 یوم باپرہیز اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ چراغ سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کر کے کمر کی پشت پر رکھیں اور سایہ کی گردن پر نظر رکھ کر عمل کریں۔

بعدہٗ زکوٰۃ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو شیشہ پر مندرجہ بالا عزیمت 21 بار پڑھ کر دم

کریں اور شیشہ میں حاضرات ملاحظہ فرمائیں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

51-حاضرات

﴿لَآ اِلٰہَ تَنْ کَانَ اِلَّا اللّٰہُ مَنْ کَانَ﴾

۷۸۶

۲۱۳	۲۱۶	۲۲۰	۲۰۶
۲۱۹	۲۰۷	۲۱۲	۲۱۷
۲۰۸	۲۲۲	۲۱۴	۲۱۱
۲۱۵	۲۱۰	۲۰۹	۲۲۱

طریقہ مندرجہ بالا عبارت کو **18** دِن تک بعد نمازِ عشاء **180** مرتبہ آنکھیں بند کر کے ورد کریں۔ اول و آخر **11-11** مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفلِ نابالغ کو نقش کے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ پر **9** مرتبہ مندرجہ بالا عبارت پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

52- حاضرات بر پھول

طریقہ عروج ماہ ربیع الثانی میں پنجشنبہ کے روز سے درج ذیل عمل شروع کریں۔ روزانہ سات یوم تک **140** مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ عمل کے بعد عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے ہر روز ایک تسبیح پڑھنا ضروری ہے۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو حسب ضرورت گلاب یا چنبیلی کے گلہائے تازہ کے گلدستہ پر عمل کی آیات کو صرف سات مرتبہ تلاوت کر کے دَم کریں اور کسی صاف ستھرے پاکیزہ لڑکے یا لڑکی کو جو بارہ سے چودہ سال تک کی عمر کا ہو یہ پھول دے کر اسے سونگھنے کا حکم دیں۔ جیسے ہی بچہ پھول سونگھے گا اور خوشبو دماغ تک پہنچے گی فوراً ہی اس کے جسم پر حاضرات کا نزول ہو جائے گا اور بچہ ہلکی سی نیند سو جائے گا۔

عامل معمول کے چاروں طرف خوشبویات و بخور سلگائے۔ پھر عامل بچہ کے ذریعے حاضرات سے جو چاہے دریافت کرے۔ ہر سوال کا جواب صحیح اور تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ عمل حاضرات کی آیت مبارکہ یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ وَاَسْئَلُکَ

بِاِسْمِکَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الشَّھِیْدُ الْمَجِیْدُ وَاَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ اللّٰہِ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ اَلَامَا اُجِبْتُمْ یَا خُدَّامُ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ اُجِیْبُوْا بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَشْرَاھِیَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ السَّاعَۃَ بَارِکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ یَا اَیُّھَا الرُّوْحَانِیُّوْنَ الْکِرَامَ بِمَنِّہٖ وَکَرَمِہٖ o

53-نایاب حاضرات

کوشش میں ہے شرط ابتداء انسان سے ... پھر مانگنی چاہیئے دعا یزدان سے
جب تک نہ کام دست بازو سے لیا ... پائی نہ نجات نوح نے طوفان سے

یادرکھیں کہ حاضرات میں تجربہ وفہم وادراک کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ حاضرات کرنا اور اس کے اسرار ورموز کو سمجھنا ہر کس وناکس کی بات نہیں۔ اس میں تجربات سے گزرنا پڑتا ہے۔

طریقۂ حاضرات جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ حاضرات قابل احترام ومقدس حاضرات ہے۔ اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ حاضرات تمام سوالوں کے جوابات سو فیصد درست دیتی ہے۔ زندگی ہو یا موت' آنے والے واقعات سو فیصد درست بتاتی ہے۔ عامل کے لئے شرط یہ ہے کہ پاک وصاف ہو اور باوضو ہو کرہ خوشبو سے معطر ہو۔ صاف و پاکیزہ کپڑے ہوں اور ان پر عطر لگا ہو اور دوسری چیز یہ کہ معمول بھی پاک وصاف ہو پاکیزہ کپڑے ہوں۔

ایک سفید کاغذ یا گتہ پر مندرجہ بالا نقش بنائیں۔ باوضو بنائیں اور کالے دائرہ میں عطر لگائیں اور بچہ کو کالے دائرہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ بچہ پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور **101** مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر پھونکیں۔

﴿ یَا رَبَّنَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن حاضرات جلد حاضر کن بِحَقِّ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْن ﴾

تھوڑی ہی دیر میں مقدس و پاک قابل احترام حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ دنیاوی مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ حاضرات بڑوں پر بھی کی جا سکتی ہے۔ چھوٹے، بڑے کی کوئی قید نہیں۔

توشہ حاضرات کرنے سے پہلے وضو کریں۔ چھ عدد اگربتی سلگائیں۔ ڈیڑھ پاؤ برفی چند عدد تازہ گلاب کے پھول، درود شریف پڑھ کر چاروں خلفاء راشدین حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علیؓ کا ختم پڑھیں اور ان کو ثواب پہنچائیں۔ بعدہٗ حاضرات کریں۔ انشاء اللہ آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔ یہ حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے۔ یہ ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ جس سے آپ یقیناً فائدہ اٹھائیں گے اور خلق خدا کو بھی فیض پہنچائیں گے۔

54-حاضرات

﴿ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ ﴾

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے اس آیت کی 2305 مرتبہ روزانہ گیارہ ریوم پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں اور سات مرتبہ آخر میں اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ (اے اللہ ہم سب جانتے ہیں) پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل نقش کے سولھویں خانہ میں بچے کو دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر مندرجہ بالا آیت گیارہ مرتبہ اور سات مرتبہ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ (اے اللہ ہم سب جانتے ہیں) پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو گا۔ پھر عامل بچے کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷۶	۵۷۹	۵۸۲	۵۶۸
۵۸۱	۵۶۹	۵۷۵	۵۸۰
۵۷۰	۵۸۴	۵۷۷	۵۷۴
۵۷۸	۵۷۳	۵۷۱	۵۸۳

55-غیب کی خبریں معلوم کرنا

﴿ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ۝ ﴾

475 بار روزانہ 21 یوم تک پڑھیں اور 100 مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمیؑ بھی پڑھیں۔ پھر 70 مرتبہ مداومت کریں۔ انشاء اللہ غیب سے خبریں ملیں گی۔ نااہلوں سے اس عمل کو پوشیدہ رکھیں تاکید ہے۔

56-حاضرات مؤکل

۷۸۶

۶ ۱۴۲۰	۱ ۱۴۱۴	۸ ۱۴۲۲
۷ ۱۴۲۱	۵ ۱۴۱۹	۳ ۱۴۱۶
۲ ۱۴۱۵	۹ ۱۴۲۳	۴ ۱۴۱۸

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو 4256 مرتبہ لکھیں۔ زکوٰۃ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اگربتی سلگائیں۔ کمرہ الگ ہو۔ پرہیز جمالی کریں۔ منہ مشرق کی طرف رکھیں۔ مندرجہ ذیل عبارت ایک مرتبہ پڑھ کر نقش پر پھونک ماریں۔ زکوٰۃ گیارہ دنوں میں ادا کریں۔ عمل بعد از نماز عشاء کیا کریں۔ زکوٰۃ مکمل ہونے کے بعد ایک نقش اپنے پاس رکھ لیں۔ یہ نقش زعفران سے لکھیں۔ زکوٰۃ کے تمام نقوش آٹے میں گولیاں بنا کر حوض، دریا، سمندر، جھیل یا کسی نہر میں ڈال دیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ تین نقوش لکھ لیا کریں اور تین مرتبہ عبارت بھی پڑھ لیا کریں تاکہ عمل ہمیشہ قبضہ میں رہے۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو زعفران سے لکھا ہوا نقش معمول کے سر پر رکھیں اور ایک مرتبہ معمول پر مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کریں۔ فی الفور مؤکل حاضر ہوگا۔ جو جی چاہے پوچھیں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ عبارت عمل یہ ہے۔

﴿اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۝﴾

57-مؤکل حاضرات ایک روزہ

طریقہ سفید معطر کپڑے ہوں، کمرہ الگ ہو۔ جمعرات کو روزہ رکھیں۔ سیاہ رنگ کا عمامہ سر پر باندھیں۔ روزہ سرخ رنگ کی کھجور یا میوہ سے افطار کریں۔ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل برائے حاضری مؤکل پڑھ قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک بار سورۂ کہف پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دعا دس ہزار بار پڑھیں۔

﴿یَا لَطِیْفُ یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِکْنِی بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ الَّذِیْ مِنْ لُطْفِتْ بِہٖ کَفٰی﴾

تعداد پوری ہونے پر مؤکل انسانی صورت میں تلوار لئے حاضر ہو کر پوچھے گا کہ مجھے کیوں یاد کیا ہے؟ بلاخوف و خطر کہہ دیں کہ میں آپ سے دوستی چاہتا ہوں۔ بس اتنا کہہ کر خاموش ہو جائیں اور کچھ نہ بولیں۔ مؤکل آپ

کو رقم دے گا۔ ضرورت کے مطابق خرچ کریں۔ بقیہ خیرات کر دیں۔ موکل آپ کو سیاہ رنگ کا پتھر دے گا۔ بوقت ضرورت آگ پر پھینکیں حاضر ہوگا۔ رخصت کرنے کے لئے یہ دعا پڑھیں۔

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَبَرَّأْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْ وَالْقَیْتُ بِعُوْلِکَ وَ قُوَّتِکَ فَاَرِنِیْ عَجَائِبَ صَنْعِ لُطْفِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝﴾

58- حاضرات نور آفتابی

عبارت عمل ﴿یَا شَمْسُ بِحَقِّ نُوْرٌ عَلٰی نُوْر کھولو حاضرات جَامِعُ النُّوْر﴾

طریقہ زکوٰۃ یہ حاضرات بہت زبردست ہے اور بہت جلد کھل جاتی ہے۔ جو شخص اس کی زکوٰۃ ادا کرے گا تمام راز اس پر آشکارا ہوگا۔ بروز نوچندی جمعرات جس وقت سورج طلوع ہو آپ اس پر نظر رکھ کر کم از کم تین سو بار عبارت عمل پڑھیں یا سات سو بار یا پھر گیارہ سو بار پڑھیں۔ پلک نہ جھپکے تو بہتر ہے۔ اول جو تعداد روز اول مقرر کی روزانہ اسی تعداد میں ورد کریں۔ کل آٹھ یوم کا عمل ہے۔ آخری دن نیاز موکلات کی سفید شیرینی پر دیں۔ نیاز کی شیرینی معصوم بچوں کو تقسیم کریں۔ اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں۔ کسی بھی بچے یا بچی کو سامنے بٹھا کر دونوں آنکھیں بدن کرائیں اور عبارت عمل پڑھ کر بچے یا بچی پر دم کرتے رہیں۔ کوئی سیاہ رنگ کا کپڑا یا چادر بچے پر ڈھانک دیں تاکہ اندھیرا ہو۔ الغرض کچھ وقت کے بعد بچے کو بہت زبردست روشنی نظر آئے گی۔ اس وقت بچہ کہے کہ حاضرات کے شہنشاہ حاضر ہوں اور میرے سوالات کا جواب دیں۔ ایک بہت ہی بارعب سرخ وسفید رنگ کے باریش بزرگ نظر آئیں گے۔ اُن کو سلام کر کے جوابات حاصل کریں۔ یہ حاضرات طلوع شمس سے غروب شمس تک کی جا سکتی ہے۔ بارش کے وقت یا ابر آلود موسم میں نہیں چلے گی۔ دھوپ نکلی ہونی چاہئے۔

59- حاضرات نور ماھتاب

عبارت عمل ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ بِحَقِّ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾

طریقہ زکوٰۃ اس کا چلہ کل تین یوم کا ہے۔ چاند کی 12، 13 اور 17 تاریخ کو کیا جاتا ہے۔ گوشت، انڈہ، مچھلی، کچا پیاز، لہسن، اور جماع کا پرہیز ہے۔ بعد نماز عشاء قرص قمر پر نگاہ رکھ کر عبارت عمل کو سات سو بار پڑھیں۔ اول آخر 7، 7 بار درود شریف پڑھیں۔ کھڑے ہو کر پڑھائی کریں۔ سامنے اگربتی روشن کریں۔ آخری دن موکلات واحمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کی نیاز دیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ یہ حاضرات غروب آفتاب سے طلوع آفتاب

تک کی جاسکتی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ کسی طفل نابالغ کی سیدھی ہتھیلی پر گولائی سے کاجل لگا کر عبارت عمل پڑھ کر آنکھیں بند کرائیں اور عبارت عمل پڑھ کر معمول پر دَم کریں۔ حاضرات کھل جائے گی۔ جو چاہیں معلوم کریں۔ مؤکل درست جوابات دے گا۔

60-حاضرات بر آئینہ (خود بینی)

طریقہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل نقش حاضرات خود بینی شیشہ کی پشت پر لکھ کر چسپاں کریں۔

درج ذیل عزیمت کو باپرہیز پہلے نوچندی جمعرات کو جب سورج برج ثابت میں ہو یعنی دوسرے پانچویں آٹھویں اور گیارہویں برج میں ہو۔ 4418 بار روزانہ کے حساب سے پڑھ کر 41 دن تک زکوٰۃ ادا کریں۔ پھر روزانہ 109 بار باقاعدہ پڑھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ پھر جب حاضرات خود دیکھنا ہو یا کسی دوسرے کو دکھانا ہو تو اس عزیمت کو 109 بار پڑھ کر شیشہ پر دَم کریں اور معمول پر دَم کریں۔ خود حاضرات دیکھنا ہو تو اپنے پر اور شیشہ پر عزیمت دَم کریں اور سوال کے جوابات حاصل کر کے مؤکلات کو جانے کی اجازت دے کر شکریہ کے ساتھ حاضرات ختم کریں۔

عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا حَبِيْبَ اللّٰه بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَان بِنْ دَاؤد عَلَيْهِ السَّلَام وَ بِحَقِّ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ﴾

اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو یہ عزیمت پہلے پڑھے۔

﴿عَزَمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَة وَ مُؤَكِّلَاتِ علوِی عَزِيْمَت هٰذَا حَاضِر شده دَر آئِينه جَوَابَات صَحِيْحَه بَابَت سَوَالَات که پرسیده شوندبدهید﴾

یہ الفاظ کہہ کر زکوٰۃ ادا کی ہوئی عزیمت 109 بار پڑھ کر شیشہ پر دَم کر کے سوالات کے جوابات معلوم کریں۔

61- حاضرات حضرت شیخ سعدیؒ

﴿یا حضرت شیخ سعدیؒ شیرازی۔ عاشقوں کے شاہ معشوقوں کے قاضی
حاضر ہو کے حاضرات دکھائیں آپ پاک تے نمازی﴾

طریقۂ زکوٰۃ عروج ماہ نوچندی جمعرات بسوئے کعبہ جائے نماز پر بیٹھ کر باوضو اگربتی وغیر سلگا کر

313 بار بلا ناغہ روزانہ 21 یوم تک پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ عمل ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

طریقۂ حاضرات جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کو اپنے سامنے بٹھائیں اور برفی پر حضرت شیخ سعدیؒ کی نیاز دلائیں اور اگربتی سلگائیں۔ اب طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور اس پر تھوڑا سا عطر مل دیں اور معمول سے کہیں کہ وہ اس پر نگاہ رکھے اور عامل (آپ) گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر 21 مرتبہ عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام طفل کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو معمول کے ذریعے پوچھے انشاءاللہ آپ کے ہر سوال کا جواب مکمل اور حتمی ملے گا۔ جب آپ سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر حاضرات کا شکریہ ادا کر کے ان کو اپنا اور معمول کا سلام پیش کریں اور ان کو جانے کی اجازت دیں اور کاجل کو معمول کے ہاتھ پر سے کسی صاف کپڑے سے صاف کر دیں۔ شیرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔

62-حاضرات شہید اعظم غسیل الملائکہ حضرت حنظلہؓ

طریقہ جمعہ کے دن روزہ رکھیں۔ جمعہ کوئی بھی ہو اور مہینہ کوئی بھی ہو اس کی قید نہیں۔ چار آدمیوں کا کھانا تیار کروائیں۔ کھانا آپ کی حیثیت کے مطابق ہو۔ آپ روزہ صرف خرمے سے افطار کریں اور تین آدمیوں کی دعوت پہلے سے کر دیں۔ کسی آدمی کی قید نہیں جس کی مناسب ہو دعوت کریں۔ کھانا چار آدمیوں کا ہو۔ آپ صرف خرمے (چھوارہ) سے روزہ افطار کریں۔ پانی، پان یا حقہ کھا پی سکتے ہیں مگر کھانا نہ کھائیں۔ یہ چار آدمیوں کا کھانا علیحدہ ہے۔ جب وہ تین آدمی آجائیں تو سب کھانا ان کے سامنے رکھ دیا جائے اور آپ خود نہایت ذوق و شوق سے ان کو کھلائیں اور جس قدر ممکن ہو ان کی خاطر مدارت کریں۔ کھانا بھی جس قدر آپ سے ہو سکے بہتر پکوائیں۔ جب وہ لوگ کھا چکیں تو اب جو باقی رہے دستر خوان اسی طرح بچھا رہنے دیں اور خدا سے دعا کریں کہ الٰہی اس طعام کا ثواب اور خدمت مہمانان کا ثواب ''شہید اعظم غسیل الملائکہ حضرت حنظلہ علیہ السلام'' کو پہنچے اور بار الٰہا صدقہ شہید اعظم رُوح مقدسہ کا اور واسطہ اس جہاد اکبر کا میری مدد فرما اور جو مقصد ہو اس کو خدا کی درگاہ میں پیش کریں۔ یہ دعا مانگ کر جو کھانا مہمانوں کا باقی ہے وہ آپ کھائے۔ آپ کے کھانے کے بعد جو باقی رہے وہ گھر کے دوسرے لوگ بصد شوق کھا سکتے ہیں مگر اس کھانے کا ادب کریں۔ زمین پر نہ گرنے پائے۔ بس ایک دن کا عمل ہے۔ بحکم خدا مقصد ضرور حاصل ہو گا۔ بہت سے اصحاب و دوستوں نے اسے آزمایا ہے اور خدائے قدوس نے ان کا کام پورا کر دیا اور غیب سے امداد ہوئی۔ ہاں یہ خدا کو اختیار ہے کہ وہ فوراً اس کا اثر ظاہر فرما دے یا کچھ دیر بعد مگر اثر بحکم خدا ضرور ہوگا اس کو آزمائیں

اور سچے اعتقاد سے کریں بحکم خدا ہر مقصد پورا ہوگا۔ میں یہاں عرض کروں گا کہ ضرورت اور مجبوری اور شے ہے لیکن حسن اعتقاد اور شے ہے۔ آپ ضرورت اور مجبوری کے ماتحت عمل کرتے ہیں۔ حسن اعتقاد یہ ہے کہ عمل شروع کرنے سے قبل آپ کو کامل یقین ہو کہ ہم کامیاب ہوں گے۔ دل میں اگر مگر نہ ہو۔ سوء ظن نہ ہو۔ یہ خیال ہرگز نہ ہو کہ خدا جانے یہ کام ہوگا یا نہیں ہوگا۔ یہ چیزیں دل سے نکال دیں تو کام ضرور ہوگا۔ بس اسی کا نام اعتقاد ہے۔ دل کو پاک وصاف کر کے خدا کے سامنے عاجزانہ کھڑے ہوں وہ یقیناً انشاء اللہ کامیابی تک پہنچائے گا۔

63- حاضرات مؤکلات

مؤکلات کی حاضرات جو قبضہ میں کر کے اِن سے عجیب وغریب کام لئے جاسکتے ہیں اور جو دنوں کے نام سے منسوب کیے جاتے ہیں' خدا کے فضل وکرم سے ان کے تمام عملیات میرے پاس موجود ہیں۔ جو پیش خدمت ہیں۔ سب سے پہلے اتوار کا مؤکل سامنے آتا ہے۔ جو سب سے زورآور ہے۔ طاقت میں سب سے اعلیٰ ہے۔ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل مجرب اور میرا آزمودہ ہے کئی بار کر چکا ہوں۔ کندن سے بھی بڑھ کر پایا۔

اِس کی صداقت پر مجھے پورا پورا یقین ہے۔ شک کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس عمل کے اثرات 21 روز کے بعد شروع ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات مؤکل عمل ترک کروانے کے لئے عامل پر خوف طاری کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ اگر آپ نے اِس عمل کو ترک کرنا ہے تو اِس کے لیے 30 دن کی مدت ہے۔ اِس عمل کو آپ ترک نہیں کر سکتے۔ اِس عمل میں کوئی خاص پرہیز نہیں لیکن شرعی پرہیز ضروری ہے۔ میرے نزدیک شرعی پرہیز جو ہے وہ جلالی وجمالی سے بہت سخت ہے۔

لیکن اتنا کہنا ضروری سمجھوں گا کہ ملے جلے پرہیز ضرور کریں۔ مثلاً آپ یوں سمجھ لیں کہ گوشت لہسن پیاز اور جماع وغیرہ ضرور کر سکتے ہیں مگر اُس کے بعد پاک صاف ہونا بہت ضروری ہے۔ اس کے بعد آپ کی کامیابی ضروری ہے۔ آپ بہت قریب پہنچ جائیں گے۔

اتوار کے مؤکل کا نام عبداللہ ناصر ہے اور بہت جلد حاضری دیتا ہے۔ کوئلے دہکا کر اپنے سامنے رکھ لیں۔ صندل سرخ بورا سے تھوڑا تھوڑا صندل اوپر ڈالتے جائیں۔ عمل پر تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ لگ جانا چاہئے یہ ضروری ہے۔ صندل سرخ کی کمی نہیں ہونی چاہئے۔ بہتر ہے کہ اس میں تھوڑا سا گوند کیکر ملا کر گولیاں بنا لیں اور 10 منٹ کے بعد ایک گولی ڈال دی۔ منہ قبلہ کی طرف ہونا ضروری ہے مگر رجال الغیب کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔

عزیمت ﴿ اُقْسِمُ عَلَیْکُمْ یَا عَبْدُاللّٰہ ناصر بالروفیائیل بِحُرْمَتِ یَا فناح احفیر العجل الساعۃ ﴾

ایک بات یاد دلاتا چلوں کہ جو بھی عمل کریں کسی کے پاس ذکر کرنا اچھا نہیں لگتا۔ یہ 40 روز کا عمل ہے۔ پھر

یہ اُس وقت حاضر ہوتا ہے جب آپ کو حاضری مقصود ہوگی تو عبداللہ ناصر اُس وقت حاضر ہوگا۔ بڑی طاقت والا مؤکل ہے۔

64-حاضرات مؤکل رُویائِیلُ

رویائیل ٧٨٦ رویائیل

٦۴	٦٧	٧٠	۵٧
٦٩	۵٨	٦٣	٦٨
۵٩	٧٢	٦۵	٦٢
٦٦	٦١	٦٠	٧١

رویائیل رویائیل

طریقہ اسم مؤکل رویائیل کو روزانہ 258 مرتبہ متواتر ہر نماز کے بعد 21 یوم تک پڑھیں تو زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا نقش کے سیاہ خانوں میں عطر لگائیں اور کسی طفلِ نابالغ کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ و نقش پر صرف 16 مرتبہ رویائیل پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش کے سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں۔ انشاءاللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و سچا ملے گا۔

نوٹ یہی نقش استخارہ کے طور پر بھی نہایت ہی مؤثر و طاقتور ثابت ہوا ہے۔ جب بھی استخارہ کی ضرورت پیش آئے تو پاک وصاف ہو کر باوضو یہ نقش لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں اور آنکھیں بند کر کے اسم مؤکل رویائیل 150 مرتبہ پڑھیں۔ جس بارے میں معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں ہر بات معلوم ہو جائے گی اور ہر سوال کا جواب سو فیصد سچا و درست ملے گا۔

65-حاضرات مھدیَائیل (خود)

اس حاضرات میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ عامل خود بھی حاضرات کی پوشیدہ مخلوق کا نظارہ کرسکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرے۔

طریقہ مندرجہ ذیل خاتم کو سامنے رکھ کر عبارت عمل کو صرف 21 بار پڑھیں۔ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور بعد نماز عشاء مقررہ وقت پر پڑھیں۔ اکیس یوم کا عمل ہے۔ دوران عمل چلہ کشی کے تمام آداب وشرائط کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ بعد زکوٰۃ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ بلاناغہ سات بار پڑھ لیا کریں۔ بوقت ضرورت مندرجہ ذیل خاتم کو معمول کے ہاتھ میں دے کر عامل خود سامنے بیٹھ کر عمل پڑھے اور معمول کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہے یا پھر خود سیاہ خانہ میں دیکھے۔ انشاءاللہ چند لمحے بعد حاضرات وروحانیات کا نزول ہوگا۔ خاتم یہ ہے۔

عبارت عمل یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o طَوُشٍ طَوُشٍ فَیُوشٍ فَیُوش تَنْشَلٍ تَنْشَلٍ کَمَثَلٍ کَمَثَلٍ اَجب یَا مَهدِیَائِیلُ وَتَوکّل بتصویر اَلجان حَتیّٰ یَحْضُرُوْا فِی هٰذَا الْمَندَلِیْ وَیَکْشِفُوالْحَاجَاتِ بَیْنَهُمْ وَ بَیْنَ النَّاظِرُ اِلَیْهِمْ حَتّٰی یَرَاهُم بَعَیْنِہٖ وَ یُخَاطِیُهُمْ بِلِسَانِہٖ وَلِسَانَهُمْ عَمَّا یُرِیْدُوْلِیْ عِنْدَکُمْ حَاجَۃِ وَلَکُمْ عَلَی الْکَرَامَتِہٖ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَنْ لَا تَعْلُوا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ o﴾

66-حاضرات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۰۷۹	۱۰۸۲	۱۰۸۵	۱۰۷۱
۱۰۸۴	۱۰۷۲	۱۰۷۸	۱۰۸۳
۱۰۷۳	۱۰۸۷	۱۰۸۰	۱۰۷۷
۱۰۸۱	۱۰۷۶	۱۰۷۴	۱۰۸۶

طریقہ کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر عطر لگا کر اپنے روبرو بٹھائیں اور مندرجہ بالا نقش کے سولہویں خانے میں سیاہی لگا کر دیکھنے کو کہیں۔ اور عامل بچے پر سورۂ کوثر 7 مرتبہ پڑھ کر دَم کرے۔ اور خود مستقل سورۂ کوثر کا ورد کرتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں بچے پر حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ ہر مشکل امور میں سو فیصد صحیح اور سچی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ (نایاب عمل حاضرات ہے)۔

☆☆☆متفرق نورانی اعمالِ حاضرات☆☆☆

1-حاضرات

﴿لَآ اِلٰہَ کا نور۔ اِلَّا اللّٰہ کا ظہور۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ذات ظہور۔ لا حول بر شیطان درود بر نبیؐ۔ حاضرات حاضر کریا لعل سخیؒ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ﴾

طریقہ اس عمل کو **121** مرتبہ روزانہ سات یوم پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعدہٗ نیاز دلا کر جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اس کے انگوٹھے کے ناخن پر یا دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل یا سیاہی لگائیں اور آپ عامل مندرجہ بالا عزیمت کو **21** بار پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمیؑ بھی پڑھے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ آپ بچے کے توسط سے جو بھی پوچھنا چاہیں پوچھ سکتے ہیں۔ ہر سوال کا جواب درست ملے گا۔

2-حاضرات

﴿"الف" سے اللّٰہ. "ب" سے بِسْمِ اللّٰہ. "ر" سے رحمان. حاضرات کو حاضر کر پیارے حضرت سلیمانؑ. لَآ اِلٰہَ فرمادے اِلَّا اللّٰہ بلادے۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْل اللّٰہ حاضرات دکھلادے بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ﴾

طریقہ۔ کسی نابالغ بچے کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر یا دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل یا سیاہی لگائیں اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت **101** بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور بچے کو ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مقصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ غیر شرعی سوال مت کریں ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

3-حاضرات

﴿لَآ اِلٰہَ کا کوٹ اِلَّا اللّٰہ کی کھائی۔ حضرت محمدؐ کے کلمہ کی لاکھ دُہائی۔ ہم کو حاضرات جلد دکھلائی﴾

طریقہ زکوٰۃ نوچندی جمعرات کو روزانہ **313** بار **21** یوم تک پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمیؑ بھی پڑھیں۔ انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل

نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن یا دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل میں غور سے دیکھے۔اب عامل اٹھائیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اٹھائیس مرتبہ عزیمت حاضرات پڑھ کر معمول پر دَم کرے یکا یک معمول کی نگاہ پر سے حجاب اٹھ جائے گا اور وہ حاضرات کی مخلوق کا مشاہدہ کرے گا۔

پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے کرے۔آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب حاصل کر چکیں تو پھر مؤکلات کا شکریہ ادا کر کے ان کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

4- حاضرات

﴿لَآ اِلٰہَ حیلہ اِلَّا اللّٰہ وسیلہ محمدؐ رسول اللّٰہ میرا وَکِیْلا حاضرات کو حاضر کر اِسْرَافِیْلا﴾

طریقہ کسی بچے کو نہلا دھلا کر اور عطر لگا کر اس کے دائیں ناخن کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور اسے سیاہ ناخن میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عمل ایک سو ایک بار پڑھ کر بچے پر پھونکے۔تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ بچے سے بزرگ ہستی کو سلام عرض کروائیں اور اپنے مشکل امور کے مسائل کے بارے میں سو فیصد درست و مکمل معلومات حاصل کریں۔

5- حاضرات

﴿لَآ اِلٰہَ لادے اِلَّا اللّٰہَ بتلادے یَا حَضرَتْ سُلَیْمَان بِن داؤد علیہ السلام حاضرات دکھادے﴾

طریقہ جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو عامل کسی طفل نابالغ کو غسل کرائے اور پاک وصاف لباس پہنائے اور طفل کو اپنے سامنے بٹھائے۔اب طفل کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے یا ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور طفل کو کاجل کی سیاہی پر نگاہ رکھنے کے لئے کہے اور عامل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اٹھائیس مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر معمول پر دَم کرے۔انشاءاللہ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔پس اس وقت عامل اپنا اور طفل کا سلام پیش کرے اور جو بھی سوال ہو یا جو بھی کام ہو طفل کے ذریعے کروائے۔آپ کے ہر سوال کا جواب مکمل اور تسلی بخش دیں گے پھر آپ ان کو السلام علیکم اور شکریہ ادا کر کے رخصت کر دیں۔

6- حاضرات

اللّٰہ میرا بادشاہ، محمدؐ وزیر، علیؑ کوتوال، دیوان پیر دستگیرؒ لَآ اِلٰہَ لادے، اِلَّا اللّٰہَ دکھادے، یَا غوث الاعظم دستگیرؒ حاضرات دکھا

دے بِحَقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

طریقہ کمرہ پاک وصاف ہو۔ عامل اور معمول دونوں پاک ہوں۔ کپڑے صاف ستھرے ہوں اور ان پر خوشبو لگی ہو۔ اگربتیاں سلگائیں اور بچہ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت ایک سو ایک بار پڑھ کر بچہ پر پھونکیں۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

7- حاضرات

﴿اَلِف اَلِف کرو۔ حاضرات کو حاضر کرو۔ یَا اَللّٰہ خیر کرو﴾

111 بار گیارہ یوم باپرہیز اس عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ پھر جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو عامل کی طفل نابالغ کو غسل کرا کر اور عطر لگا کر اور بچہ کی ہتھیلی یا ناخن پر کاجل لگا کر مندرجہ بالا عزیمت کو **41** بار پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے متعلق سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

8- حاضرات

﴿بِسْمِ اللّٰہ حَقَانِی بِسْمِ اللّٰہ سُبحانی حاضرات کو حاضر کر یَا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ﴾

طریقہ سب سے پہلے اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اکیس یوم باوضو باپرہیز روزانہ ایک ہزار بار پڑھیں۔ عمل ختم ہونے پر آدھ کلو برفی پر حضرت غوث الاعظم دستگیرؒ کی نیاز دلائیں اور عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے رزانہ **21** بار پڑھ لیا کریں۔ عمل سدا جاری رہے گا۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کے ناخن پر سیاہی لگا کر اور کوئی سا بھی عطر لگا کر کلمات عمل کو **21** بار پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ بامقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

9- حاضرات

﴿اَللّٰہُ رَبِّیْ، مُحَمَّدٌ نُوْرِ رَبِّیْ. قدرت کا مولا قادر، حاضرات کو کرو حاضر بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور مذکورہ بالا عبارت **473** بار روزانہ گیارہ یوم پڑھیں۔ دوران عمل پرہیز جمالی کرنا ہوگا۔ پھر جب کبھی حاضرات کی

ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کو بٹھا کر معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

10- حاضرات

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔ اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ اَجِبْ يَا عِزْرَائِيْلُ بِحَقِّ يَا بُدُّوْح يَا بُدُّوْح يَا بُدُّوْح بِحَقِّ سُلَيْمَان بن دَاؤد عَلَيْهِ السَّلَام لَآ اِلٰهَ کی چوکی اِلَّا اللّٰه مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه حاضر کرو حاضرات۔ سب حکم میں دوہائی پنجتنؑ پاک کی المدد یا مرتضیٰ علیؑ﴾

اس کے بعد آیت الکرسی وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم تک پڑھیں۔ یہ ایک مرتبہ ہوا۔ اسی طرح عمل کے وقت **101** مرتبہ پڑھنا ہے۔ **40** یوم باپرہیز جلالی و جمالی ورد میں روزانہ تین پانچ سات یا گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

طریقہ جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو عامل جنوب کی سمت منہ کر کے بیٹھے۔ اگربتی سلگائے۔ کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے بٹھائے اور بچہ کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یا انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائے اور کاجل پر تھوڑا سا عطر بھی لگائے اور معمول کو ہدایت کرے کہ وہ کاجل کی سیاہی پر نگاہ قائم رکھے اب عامل تین' تین مرتبہ اول و آخر درود شریف اور گیارہ مرتبہ عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول کاجل کی سیاہی میں ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو معمول کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے ان کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل درست دیں گے۔ جب آپ ان سے سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں اور کاجل کو کسی پاک و صاف کپڑے سے صاف کر دیں۔

11- حاضرات

﴿اَلْکَرِیْمُ قَادِرُ یَا خِضَرُ حاضرات کو کرو حاضر بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه﴾

سب سے پہلے اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کریں۔ روزانہ **360** بار گیارہ یوم پڑھیں۔ آخری یوم برفی پر حضرت خضر علیہ السلام کی نیاز دلائیں۔ برفی معصوم بچوں کو کھلائیں اور خود بھی کھائیں۔

طریقہ جب بھی حاضرات کرنا ہو کسی بچے یا بچی کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل اوپر کوئی عطر لگا کر کلمات عمل کو گیارہ سے **21** مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ با مقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا۔

12- حاضرات

﴿واہ نور، واہ نور. خِضَرؑ کی تسبیح، جُبّۂ حضورؐ. اَللّٰہ کا سچ محمدؐ کا نور. حاضر ہو حاضرات بِحَقِّ جلوۂ طُور﴾

طریقہ اگربتیاں سلگائیں کمرہ صاف ستھرا ہو۔ عامل اور معمول دونوں پاک وصاف ہوں۔ چندعدد گلاب کے پھول اور ایک پاؤ تازہ برفی۔ کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اس کے اوپر تھوڑا سا عطر لگائیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت 101 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور اسے سیاہ انگوٹھے میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سوفیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات سے غیر شرعی سوال مت کریں ورنہ نقصان کا احتمال ہوگا۔ حاضرات ختم کرنے کے بعد برفی معصوم بچوں میں تقسیم کردیں۔

13- حاضرات

﴿عَزَمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مُوَکلانِ عُلوِی وَ سَفلِی حاضرات کوحاضرکرویَا جبرائیلُ یا میکائیلُ یَا اسرافیلُ یَا عزرائیلُ بِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْن o﴾

طریقہ اگربتیاں وغیرہ سلگائیں۔ کمرہ میں لوبان وگوگل دونوں ملا کر روشن کریں۔ کسی طفل نابالغ لڑکے یا لڑکی کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر یا سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر اسے غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) اس وقت تک عزیمت پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سوفیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

14- حاضرات

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ناس ناس حاضرات حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو مَلِکِ النَّاس ناس ناس حاضرات حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن o﴾

طریقہ دس یا بارہ سال کے لڑکے یا لڑکی کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اسے ناخن میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ آپ (عامل) بچہ پر مندرجہ بالا عبارت 41 یا 21 بار پڑھ کر دَم کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچے کے توسط سے ہر سوال کا جواب درست معلوم کر سکتے ہیں۔

15- حاضرات

﴿لَآ اِلٰهَ حیلہ اِلاَّ اللّٰہ وسیلہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ میراوَکِیْلا حاضرات کو
حاضرکرو اِسْرَافِیْلا﴾

طریقہ مندرجہ بالاعزیمت کو 41یا21باراول وآخرگیارہ گیارہ باردرودشریف پڑھ کربچے کے ناخن پرسیاہی یاکاجل لگاکرپھونکیں۔تھوڑی دیرمیں حاضرات کانزول ہوجائے گااورآپ بچہ کے ذریعےاپنے مشکل امورکے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ہرسوال کاجواب تسلی بخش ملے گا۔

16- حاضرات

﴿یَا کَرِیْمُ کرم کر۔ یَا رَحِیْمُ رحم کر۔حاضرات کوحاضرکر بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن﴾

طریقہ کسی طفل نابالغ کونہلا دھلاکرپاک وصاف کپڑے پہنا کرعطرلگا کراگربتیاں وغیرہ سلگاکر اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پرکاجل یاسیاہی لگائیں اوراسے اس میں غورسے دیکھنے کوکہیں اورآپ (عامل) بچہ پر مندرجہ بالاعزیمت برابرپڑھ پڑھ کرپھونکتارہے۔جب تک حاضرات کانزول نہ ہو۔

چندہی ثانیہ بعدحاضرات کانزول ہوگا۔جس سے آپ ہرقسم کی معلومات سوفیصددرست معلوم کرسکتے ہیں۔ہرسوال کاجواب تسلی بخش وسوفیصددرست ہوگا۔

17- حاضرات

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ دوتیغ دودھاری۔ حبیب محمدؐ مصطفیٰ دی سواری۔
جبرائیلؑ ، میکائیلؑ ، اسرافیلؑ ، عزرائیلؑ حاضرشوحاضرشوحاضرشو﴾

طریقہ کمرہ صاف ستھراہو بچہ کونہلا دھلاکرصاف ستھرے کپڑے پہنا کراگربتی وغیرہ سلگا کرمندرجہ بالاعزیمت 21بارپڑھ کرپھونکیں اوربچے کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پرکاجل لگاکراسے غورسے انگوٹھے کے ناخن میں دیکھنے کوکہیں۔اول وآخرگیارہ گیارہ باردرودشریف بھی پڑھیں۔چندثانیہ بعدحاضرات کانزول ہوگاجس سے آپ اپنے مشکل امورکے بارے میں سوفیصددرست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔یہ حاضرات بغیرزکوۃ کے بھی کام کرتی ہے۔زکوۃاداکرنے کی ضرورت نہیں۔

18- حاضرات

﴿لَآ اِلٰهَ لکھی بِسْمِ اللّٰہ ہزاری۔آئی حضرت مدارکی سواری۔چلوسواری کروحاضرات کو

حاضر خدمت میں ہماری بِحَقِّ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ٥

طریقہ 812 بار روزانہ گیارہ یوم پڑھیں۔ اس کے بعد جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو دس بارہ سال کے بچہ کو نہلا دُھلا کر اور اس کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی یا کاجل لگا کر مندرجہ بالا عزیمت 41 یا 21 بار پڑھ کر دَم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

19- حاضرات

'الف' سے اَللّٰہ، 'م' سے محمدؐ، 'ع' سے علیؑ۔ جس کی مدد شاہ علیؑ اس کی کل بلا ٹلی۔ جبرائیلؑ جھپٹ کر حاضرات کو کر حاضر بِحَقِّ نَادِ عَلِیًّا

طریقہ 110 بار روزانہ گیارہ یوم پڑھیں۔ مکمل پرہیز کے ساتھ۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو عامل کسی طفل نابالغ کو غسل کرائے اور پاک و صاف کپڑے پہنائے۔ عامل اپنا منہ مشرق کی سمت کر کے بیٹھے۔ اگربتی سلگائے اور حضرت علیؑ شیر خدا کے نام پر کسی شیرینی پر نیاز دلائے۔ اب طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور معمول سے کہیں کہ وہ اس پر نگاہ رکھے اور عامل مندرجہ بالا عزیمت 28 بار پڑھ کر معمول پر دَم کرے اور گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھ کر دَم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ اگر حُسن اتفاق سے حاضرات کا نزول نہ ہو تو بار بار عزیمت ورد کر کے معمول پر دَم کریں۔ انشاء اللہ حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام طفل کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے پوچھے انشاء اللہ آپ کے ہر سوال کا جواب مکمل اور حتمی ملے گا۔ جب آپ سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر حاضرات کا شکریہ ادا کر کے ان کو اپنا اور معمول کا سلام پیش کریں اور ان کو رخصت کر دیں اور کاجل کو معمول کے ہاتھ پر سے صاف کر دیں۔

20- حاضرات

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ٥ یَا جِبْرَائِیْلُ حاضرات کو کر حاضر۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ٥ یَا مِیْکَائِیْلُ حاضرات کو کر حاضر۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ٥ یَا اِسْرَافِیْلُ حاضرات کو کر حاضر۔ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٥ یَا عِزْرَائِیْلُ حاضرات کو کر حاضر بِحَقِّ یَا خَبِیْرُ یَا خَبِیْرُ یَا خَبِیْرُ

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بوقت شب غسل کر کے وضو بنا کر جائے نماز پر مشرق کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور اگربتی کا بخور جلائیں اور مندرجہ بالا عمل کو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ 313 بار روزانہ 21 یوم تک

پڑھیں۔اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔اس کے بعد جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی بچے یا بچی کے ناخن پر کاجل یا سیاہی لگا کر اوپر کوئی ساعطر لگا کر کلمات عمل کو 28 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ بامقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

21- حاضرات

﴿لآ اِلٰہَ لکھی' آیت الکرسی ہزاری۔آئی حضرت علیؑ کی سواری۔چلو سواری کرو حاضرات کو حاضر خدمت میں ہماری بِحَقِّ نادِ علیؑ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء مندرجہ بالا عزیمت کو روزانہ 812 بار 21 یوم پڑھیں۔اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔اس کے بعد حضرت علیؑ شیر خدا کی کسی میٹھی چیز سے نیاز دلائے۔

جب بھی حاضرات کا مشاہدہ کرنا ہو تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر پاکیزہ کپڑے پہنائے اور بچہ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن یا ہتھیلی پر کاجل کی سیاہی لگا کر معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی میں نگاہ رکھے۔اب آپ گیارہ مرتبہ درود شریف اور 28 مرتبہ عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کریں۔

یکایک کاجل کی سیاہی میں حاضرات کا نزول ہوگا۔پس عامل اپنا اور معمول کا سلام معمول کے ذریعے پیش کرے پھر جو بھی سوال ہو عرض کرے۔آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔بعدہٗ مؤکلات کا شکریہ ادا کر کے ان کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کردیں۔

22- حاضرات

﴿آیت الکرسی ہزاری' چڑھی موسیٰؑ پیغمبر کی سواری۔خدا کی خدائی محمدؐ کی بادشاہی
لآ اِلٰہَ کا کوٹ اِلاَّ اللّٰہ کی کھائی۔اے جبرائیلؑ حاضرات دکھا۔
تجھے حضرت علیؑ شیر خدا کی دُہائی بِحَقِّ لآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ﴾

طریقہ کمرہ صاف ستھرا ہو۔عامل اور معمول دونوں پاک وصاف ہوں۔باوضو ہوں۔اگربتی وغیرہ سلگائیں۔عامل جائے نماز مشرق کی سمت بچھائے اور خود اس پر مشرق کی سمت منہ کر کے بیٹھ جائے اور طفل نابالغ پاک وطاہر کو اپنے سامنے بٹھائے۔اب کسی سفید شیرینی پر حضرت علیؑ کی نیاز دے۔چند عدد تازہ گلاب کے پھول بھی رکھ لیں۔شیرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔اب آپ (عامل) طفل کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے یا ہتھیلی پر کاجل کی سیاہی لگائیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 28 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کریں اور معمول کو کہیں کہ وہ کاجل کی سیاہی میں برابر نگاہ رکھے۔

یکا یک حاضرات کا نزول کاجل کی سیاہی میں ہوگا۔ پس عامل اس وقت مؤکلات کو اپنا اور معمول کا سلام، معمول (بچہ) کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے عرض کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل درست ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب حاصل کر چکیں تو پھر مؤکلات کو شکریہ کے ساتھ السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں اور کاجل کی سیاہی کسی صاف کپڑے سے صاف کر دیں اور بچہ پر تین مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دَم کریں تاکہ بچہ کسی بھی قسم کی رجعت کا شکار نہ ہو۔

23-حاضرات

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ دو تیغ دو دھاری۔ حبیب غفاری محمد مصطفٰیؐ کی سواری۔ یَا جِبْرَائِیْلُؑ یَا مِیکَائِیْلُؑ یَا اِسْرَافِیْلُؑ یَا عِزْرَائِیْلُؑ حاضر شُو حاضر شُو حاضر شُو﴾

طریقہ مندرجہ بالا عزیمت نوچندی جمعرات کو عروج ماہ میں روزانہ ایک ہزار مرتبہ 30 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ منہ کعبہ کی طرف رکھیں۔ بعد نماز عشاء عمل شروع کریں۔ اگربتی سلگائیں اور خوشبو بھی لگائیں۔ عمل کو ورد میں رکھنے کے لئے 41 مرتبہ پڑھیں۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھا کر اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور آپ (عامل) بچہ پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور مندرجہ بالا عزیمت 28 مرتبہ پڑھ کر دَم کرے اور بچہ کو کاجل کی سیاہی میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس عامل معمول سے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب درست ملے گا۔ اس حاضرات سے آپ گمشدہ اشیاء، چوری، اور جنات کو قابو کر سکتے ہیں۔ یہ حاضرات زبردست طاقت کی مالک ہے اس سے گھر اور کاروبار کی بندش کو بھی ختم کروایا جا سکتا ہے۔ کالے علم کی تمام حاضریوں پر بادشاہی کے لئے ہے۔ اہلِ نظر کے لئے اتنے ہی الفاظ لکھنا کافی ہے۔ عامل ہر کام حاضرات کے ذریعے حسب منشاء کروا سکتا ہے۔

طریقہ نمبر۲ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء پرہیز جلالی کرتے ہوئے روزانہ ایک ہزار بار تیس یوم تک پڑھیں عامل ہو جائیں گے۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 41 بار پڑھ لیا کریں۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ اس حاضرات سے آپ چوری، گمشدہ اشیاء کا پتہ چلانا، امراض معلوم کرنا، سحری اثرات اور مکان میں آسیبی اثرات کا پتہ چلانا، دفینہ معلوم کرنا، جنات دور کرنا، غرض اس حاضرات سے آپ ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے۔ یہ ایک قابل قدر تحفہ ہے جس سے آپ یقیناً فائدہ اٹھائیں گے اور خلق خدا کو بھی فائدہ پہنچائیں گے۔ ناجائز ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت سے کوئی نہ بچا سکے گا۔

24- حاضرات

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ دو تیغ دودھاری۔ حبیب غفاری محمد مصطفیٰ کی سواری۔ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاحَیُّ یَا قَیُّومُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے بعد نماز عشاء روزانہ ایک ہزار بار 40 یوم پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 101 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ عمل قبضہ میں رہے گا۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی پاکیزہ صاف ستھرے بچے کو جس کی عمر چودہ سال سے زیادہ نہ ہو اس کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اس کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور اُسے کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ اور 28 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد ہتھیلی میں حاضرات کا نزول ہو گا۔ پھر عامل اپنا اور معمول کا سلام طفل کے ذریعہ مؤکلات کو پیش کرے۔ بعدۂ جس سوال کا جواب بھی طلب کرنا ہو تو معلوم کر سکتے ہیں۔ آپ کے ہر سوال کا جواب مکمل اور تسلی بخش ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب دریافت کر چکیں تو پھر مؤکلات کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

25- حاضرات

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ دو تیغ دودھاری۔ حبیب غفاری محمد مصطفیٰؐ کی سواری۔ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے عمل مذکورہ کو روزانہ 3125 مرتبہ 40 یوم تک پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 101 بار ورد میں رکھیں۔ یہ عمل حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے۔ اس عمل کا عامل دنیا کے ہر کام سرکار سے کہہ کر کروا سکتا ہے۔ حب و بغض کے کام بھی عامل لے سکتا ہے۔ جنات کو پکڑنا' روزگار و مکان/دکان کی بندش وغیرہ' غیب کی خبریں' زمین میں دفن شدہ خزانے کی اطلاع' دیگر عامل کو وہ اشارے ملیں گے کہ کائنات روشن ہو جائے گی۔ رزق حلال عین عبادت ہے۔ غیر شرعی کام نہ لیں ورنہ نقصان ہو گا۔ اگر بچہ/بچی پر حاضرات کرنی ہو تو اس کی عمر 14 سال سے زیادہ نہ ہو۔ معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ ہر سوال کا جواب درست و تسلی بخش ملے گا۔

26- حاضرات

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ دو تیغ دو دھاری۔ حبیب غفاری محمد مصطفیٰ ﷺ کی سواری۔ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا مِیکَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بسوئے کعبہ بعد نماز عشاء جائے نماز پر بیٹھ کر باوضو اگربتی وغیرہ سلگا کر روزانہ 1500 بار 40 یوم تک پڑھیں۔ آپ عامل ہو جائیں گے۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ عمل مذکورہ بالا کو روزانہ ورد میں رکھیں ورنہ عمل ختم ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ تمام اعمال میں روزانہ ورد کی جو تعداد مقرر کردی گئی ہے وہ زندگی بھر پڑھنی ہوگی ورنہ عمل ختم ہو جائے گا اور تمام محنت اکارت جائے گی۔ حسن اتفاق سے اگر پڑھنا بھول جائے تو دوسرے دن تعداد دوگنی کر کے عمل پڑھیں۔ جب بھی کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی صاف ستھرے پاکیزہ بچے کو جس کی عمر 14 سال سے زیادہ نہ ہو عامل اپنے روبرو بٹھائے اور منہ کعبہ کی طرف ہو۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں اور بچہ کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائے اور بچہ کو اس کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہے اور عامل خود بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ اور 28 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ انشاء اللہ ہر بات کا جواب سو فیصد درست دتسلی بخش ملے گا۔

27- حاضرات

جب سورج نکل رہا ہو 600 بار آیت کریمہ ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o﴾ پڑھ کر مندرجہ ذیل ادویات پر دم کریں۔ کاجل، چوٹ بجی، روغن زیتون تمام چیزیں ایک ایک تولہ۔ ان تمام چیزوں کو ہموزن لے کر مرہم سا بنا کر سورج غروب ہوتے وقت سورۂ فاتحہ 600 بار پڑھ کر دم کریں اور کسی ڈبیہ میں بند کرلیں۔

طریقہ حاضرات کا طریقہ یہ ہے کہ طفل نابالغ پر تین بار آیت کریمہ ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o﴾ پڑھ کر دم کریں۔ بچہ یا بچی جو کہ خوبصورت ہو اور جس کی عمر 10 سال سے زیادہ نہ ہو اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگا کر اسے ناخن کی سیاہی میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو انسانی شکل نظر آئے گی تو بچہ سے کہیں کہ خاکروب کو بلاؤ۔ جھاڑو دے۔ ماشکی کو بلاؤ۔ چھڑکاؤ کرے۔ کرسیاں بچھاؤ۔ تخت حاضر کرو۔ بادشاہ سلامت اور وزیر نوکر چاکر سب حاضر ہوں۔ دربار لگاؤ۔ بلیک بورڈ منگواؤ۔ سوال کا جواب لکھ کر معلوم کریں تو بلیک بورڈ پر جواب لکھ کر ملے گا۔ اگر پوچھنا چاہیں تو زبانی ملے گا۔ حاضرات کرنے کا

کوئی وقت نہیں جب جی چاہے کرسکتے ہیں۔سوال وجواب پوچھ کر دربار ختم کریں اور السلام علیکم کہہ کر شکریہ کے ساتھ اجازت دیں۔

حاضرات کی زکوٰۃ کا توشہ اس حاضرات کو قابو میں رکھنے کے لئے اور ہمیشہ کام لینے کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے اس حاضرات کا توشہ ادا کریں۔توشہ یہ ہے کہ میٹھی چیز بغیر گھی کی بنی ہوئی مثلاً مصری اور بتاشے کم از کم 15 روپے کے ہوں۔چھوٹے بچوں کو بانٹ دیں تاکہ عمل قابو میں رہے۔دیگر ہر ماہ نئے چاند پر مصری اور بتاشے معصوم بچوں کو بانٹیں۔یہ شرط اس حاضرات میں لازمی ہے ورنہ حاضرات نہ کھلے گی اور عمل قابو میں نہیں رہے گا۔یہ حاضرات مجرب المجرب حاضرات ہے۔ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دیتی ہے۔

28- حاضرات

﴿اللہ محمدؐ چار یارؓ۔حاجی خواجہ قطب فریدؒ۔حق فریدؒ یا فریدؒ یا فریدؒ۔حاضرات جلد دکھاؤ۔نظام الدین کے پیرؒ۔حق فریدؒ یا فریدؒ یا فریدؒ﴾

طریقہ اگربتیاں سلگائیں۔کمرہ صاف ستھرا ہو۔عامل اور بچہ دونوں پاک وصاف باوضو ہوں۔چند عدد گلاب کے پھول اور ایک پاؤ تازہ برفی رکھیں۔کسی نابالغ لڑکے کے دائیں انگوٹھے کے ناخن کے اوپر کاجل لگائیں۔اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت 101 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور بچے کو انگوٹھے میں دیکھنے کو کہیں۔چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جن سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔اس حاضرات سے غیر شرعی سوال مت کریں ورنہ نقصان کا احتمال ہوگا۔حاضرات ختم کرنے کے بعد برفی معصوم بچوں میں تقسیم کردیں۔

29- حاضرات

طریقۂ زکوٰۃ سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں۔پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۂ فیل 3 دفعہ پھر دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ النّصر 3 دفعہ پڑھیں۔جب دو رکعت نماز نفل مکمل ہوجائے تو اس کے بعد بیٹھ کر مصلہ پر اول گیارہ بار سورۂ کوثر اور پھر 101 بار اَلْقَھَّارُ اَلْقَھَّارُ کا ورد کریں۔جب 101 بار ختم ہوجائے تو گیارہ بار پھر سورۃ الکوثر پڑھیں بس زکوٰۃ ختم ہوئی۔

ترکیب حاضرات ایک طشت لے کر اس میں سیاہی سے ''اَلْقَھَّارُ'' لکھیں اور پانی بھریں۔پھر ایک پاک وصاف بچہ جس کی عمر 14 سال تک ہو اس کو غور سے پانی میں دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر گیارہ بار ''سورۃ الکوثر'' اور 21 بار ''اَلْقَھَّارُ'' پڑھ کر طشت پر پھونکیں اور بعد میں بچے کے دائیں کان میں پھونکیں۔تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا اور بادشاہ سلامت تشریف لائیں گے۔آپ بادشاہ

کے ذریعے جادو ختم کرانا' چوری معلوم کرنا' آسیب کو جلانا' گمشدہ اشیاء کا پتہ چلانا' لوگوں کو جوتے مارنا' لوگوں کو ڈرانا' خصوصی کام' لوگوں کو' دشمنوں کو مارنا' ڈرانا غرض ہر کام میں یہ حاضرات اپنی مثال آپ ہے۔

30- حاضرات

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. عَلٰى فِيْهِ عَبْدُالْقَادِر حاضرات حاضر شود بِحَقِّ يَا حضرت الشيخ و بخت عالم مُحَىَ الْحق وَالدِّين السّيّد عبدالقادر جيلانیؒ﴾

313 بار گیارہ یوم۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

طریقۂ ریاضتِ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور 313 بار عمل کی عبارت روزانہ گیارہ یوم پڑھیں۔ دوران عمل خوشبودار اگر بتی سلگائیں۔ عمل میں پرہیز جمالی کرنا ہوگا۔

طریقۂ حاضرات جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر لگائیں اور عامل بچہ پر 28 بار عزیمت پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نزول حاضرات ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ اس حاضرات کو عامل ہر طریقے سے استعمال کر سکتا ہے۔ آئینہ میں۔ پانی میں۔ انگوٹھی میں دیوار پر سیاہ نشان لگا کر غرض بڑوں اور بچوں پر بھی یکساں کی جاسکتی ہے۔

31- حاضرات

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. عَلٰى فِيْهِ عَبْدُالْقَادِر حاضرات. حاضر شُود. بِحَقِّ الْغِيَاثُ يَا غوثِ اَعظَمِ الغياث يَا غوث الثقلينؒ الغياث يَا شيخ مُحَىَ الدِّينؒ الغياث يَا سيّدی عَبْدُالقادِر جيلانیؒ﴾

313 بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ حصار درود وصلوٰۃ تنجینا گیارہ بار۔

طریقہ لیلۃ القدر کی رات 27 رمضان المبارک کو 313 بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن یا ہتھیلی پر کاجل لگا کر معمول کو ہدایت کرے کہ وہ کاجل میں نگاہ رکھے۔ اب عامل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 28 مرتبہ عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ یکایک معمول کی نگاہ پر

حجاب اٹھ جائے گا اور وہ حاضرات کی مخلوق کا مشاہدہ کرے گا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب حاصل کر چکیں تو پھر مؤکلات کا شکریہ ادا کر کے ان کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

نوٹ اس حاضرات کو ہر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً شیشہ میں انگوٹھی میں انڈہ پر پانی کے گلاس میں غرض ہر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔

32- حاضرات

﴿اللہ جیسے بادشاہ۔ محمدؐ جیسے وزیر۔ حضرت خواجہ خضرؑ جیسے دلبند دستگیرؒ جیسے پیر۔ حاضرات کھلے۔ جلد کھلے۔ چارکوٹ کی راہ کھلے۔ دُہائی حضرت خضرؑ کی۔ دُہائی مہتر الیاس کی﴾

طریقہ کسی طفل نابالغ کے ناخن پر سیاہی لگا کر اور پر کوئی سا بھی عطر لگا کر اگربتی وغیرہ سلگا کر 21 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 28 مرتبہ مندرجہ بالا کلمات پڑھ کر دَم کریں۔

توشہ 4 عدد گلاب کے پھول۔ ایک پاؤ تازہ برفی پر حضرت خواجہ خضرؑ کی نیاز دلائیں اور بچہ کو ناخن کی سیاہی میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ بامقصد سوالات کریں۔ ہر سوال کا جواب انشاء اللہ درست و تسلی بخش ملے گا۔

33- حاضرات

طریقہ کسی طفل نابالغ کو جس کی عمر 12 سال سے زیادہ نہ ہو اسے نہلا دھلا کر باوضو پاک وصاف کپڑے پہنا کر عطر لگا کر ناخن پر حاضراتی سیاہی یا کاجل لگا کر تین مرتبہ اول درود شریف اس کا ثواب یا علیؑ مشکل کشا پھر حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اور محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو پہنچائے۔ پھر یہ عزیمت تین مرتبہ بچے پر پڑھ کر پھونکے۔

﴿اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ اَجِبْ یَامِیکَائِیْلُ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ اَجِبْ (حاضر ہو) یَااِسْرَافِیْلُ لَآ اِلٰهَ کی چوکی مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ کی حاضری حاضر کر دو سب حاضرات﴾ پھر تین دفعہ سورۂ یٰسین مستقیم تک پڑھیں۔ پھر تین دفعہ الٓمٓ مُفْلِحُوْنَ ؕ تک پڑھیں۔ پھر تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر بچہ پر دَم کریں اور یہ الفاظ دہرائیں ﴿حاضر حاضر حاضر عبدالصمد، عبدالواحد، عبدالاحد، عبداللہ حاضر حاضر حاضر﴾

بچہ سے پوچھیں کہ کیا نظر آ رہا ہے۔ کوئی سفید داڑھی والے بزرگ یا باباجی نظر آ رہے ہیں۔ اگر بچہ بے کہ نظر آ رہے ہیں تو بچہ کی آنکھوں پر یَا کَرِیْمُ سات بار پڑھ کر دم کر دیں اور مندرجہ ذیل تعویذ بچہ کے ناخن پر سیاہی لگاتے وقت حاضرات شروع کرنے سے قبل بچہ کے ہاتھ میں دے دیں اور کہیں کہ مٹھی بند کر لے۔ پھر بچہ کو ناخن میں دیکھنے کا کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں ناخن سفید ہو جائے گا اور روشنی آ جائے گی۔ پھر باباجی آ جائیں گے۔ سلام عرض کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔ اگر بچہ کو سیاہ سایہ یا لال سایہ نظر آئے گا تو حاضرات بند کر دیں۔ بچہ کے ہاتھ میں تھمانے کا تعویذ یہ ہے۔

یَا حَلِیْمُ	۷۸۶	یَا حَلِیْمُ
	یَا حَلِیْمُ	
یَا حَلِیْمُ		یَا حَلِیْمُ

34-حاضرات

جبرائیلؑ حاضرات حاضر کرو

قُل هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ	وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ
۳۳۷	۳۳۰	۳۳۵	
وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ	لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	قُل هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
۳۳۲	۳۳۴	۳۳۶	
اَللّٰهُ الصَّمَدُ	قُل هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ	لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ
۳۳۳	۳۳۸	۳۳۱	
لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ	وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ	قُل هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ

اسرافیلؑ حاضرات حاضر کرو

عزرائیلؑ حاضرات حاضر کرو

میکائیلؑ حاضرات حاضر کرو

نقش کی چال

عددی

6	1	8
7	5	3
2	9	4

عربی

8	11	14	1
13	2	7	12
3	16	9	6
10	5	4	15

مندرجہ بالا نقش کو لکھ کر بچے کا ہاتھ میں پکڑا دیں اور سورۂ اخلاص اکیس اکیس بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور سیاہ دائرے میں دیکھنے کو کہیں۔ جب حاضرات شروع ہو تو سوال و جواب کریں۔ پہلے عددی نمبر لکھیں اور پھر عربی نمبر لکھیں اور حاضرات کریں۔

35- حاضرات

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یا اَجَلُ حاضرات
حاضر شو بحق یا اَجَلُ
یا جبرائیلُ یا میکائیلُ یا اسرافیلُ یا عزرائیلُ
حاضر شو حاضر شو
حاضر شو

مندرجہ بالا نقش کو لکھ کر بچے کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور پھر 21 بار سورۂ اخلاص پڑھ کر (یَا اَجَلُ) 34 بار پڑھ کر دَم کریں۔ پھر سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچے سے سوال وجواب کریں انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

36- حاضرات

سب سے پہلے اس عمل کی اجازت صرف ان ہی لوگوں کو ہے جو پابند صوم وصلوٰۃ ہیں اور ناجائز طریقے پر اس کا استعمال نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ دوسرے راز خداوندی میں دخل اندازی کی کوشش ہرگز نہ کریں۔ کھیل تماشے کے طور پر بھی اس کا استعمال جائز نہیں۔

طریقہ شب قدر میں پہلے پاؤ بھر مٹھائی کا انتظام کریں۔ بعد نماز عشاء عمل کی نیت سے غسل کریں۔ پھر وضو بنائیں۔ پاک وصاف جگہ ولباس کے ساتھ خوشبو لگا کر تنہائی کے مقام پر قبلہ رخ بیٹھ کر اگر بتی سلگائیں۔ اب زکوٰۃ کی نیت سے اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں یہ عزیمت الٓمٓ سے ھُمُ الْمُفْلِحُوْن تک 101 مرتبہ پڑھیں بعد ختم تعداد مٹھائی سامنے رکھ کر نذر کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ تین مرتبہ سورہ اخلاص ایک مرتبہ الٓمٓ سے ھُمُ الْمُفْلِحُوْن تک پڑھ کر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت رسول خدا پنجتن پاک چہاردہ معصومین علیہ السلام کی خدمت میں ہدیہ کریں اور اس کا ثواب حاضرات کے مؤکلات کو بخشیں۔ اب آپ حاضرات کے عامل ہیں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ کسی بھی وقت گیارہ مرتبہ ورد کر لیا کریں۔ ورد چھوڑ دینے کی صورت میں عمل ختم ہوجائے گا۔

ترکیب عمل کافور کی ٹکیہ کو جلا کر اس کی سیاہی حاصل کریں۔ یہی سیاہی کالکھ عطر کے ساتھ ملالیں۔ یہ سیاہی کا کام دے گی۔ سب سے پہلے جب آپ حاضرات کرنا چاہیں معمول کے طور پر ایک شریف طبیعت لڑکا یا لڑکی

جس کی عمر دس سے بارہ سال سے زیادہ نہ ہو لینا چاہیئے۔ حاضرات کے لئے جگہ کا انتخاب ایسا ہو کہ نہ زیادہ اندھیرا ہو نہ زیادہ روشنی۔ آمد و رفت بھی زیادہ نہ ہو۔ بچہ کو نہلا دھلا کر پاک و صاف کپڑے پہنا کر اپنے سامنے اس طرح بٹھائیں کہ بچے کا منہ شمال کی طرف ہو اور آپ کا منہ جنوب کی طرف ہو۔ ایک بات اور یاد رکھیں کہ حاضرات کرتے وقت نماز اور زوال کا وقت نہیں ہونا چاہیئے۔ بچے کو سامنے بٹھا کر اس کے داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کر کے انگوٹھے کے ناخن پر پنسل یا قلم سے یا علی لکھیں اور مذکورہ سیاہی اور عطر لگا کر ناخن پر لگائیں۔ ناخن کہیں سے سفید نہ ہو۔ اب تین مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور عمل کی عزیمت الٓمٓ سے هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ ہر مرتبہ پڑھ کر بچے کے اوپر دَم کریں۔ بچے کو اس بات کی خاص ہدایت کر دیں کہ بچہ مٹھی نہ کھولے بلکہ ہلکی سی مٹھی بند رکھے اور غور سے ناخن میں دیکھتا رہے۔ ادھر ادھر نہ دیکھے۔ جب ناخن کی سیاہی ٹی وی کی اسکرین کی طرح سفید روشن ہو جائے تو مجھے مطلع کرے۔ عامل گیارہ مرتبہ پڑھائی کے دوران معمول سے وقتاً فوقتاً معلوم کرتا رہے۔ جب بچہ کہے کہ ناخن روشن ہو گیا ہے اور کوئی آدمی بھی نظر آ رہا ہے۔ اگر ابھی آپ کی عزیمت کی گیارہ تک کی تعداد پوری نہیں ہوئی تو معمول سے کہیں کہ اچھا ابھی غور سے دیکھتے رہو۔ جب آپ کی گیارہ کی تعداد پوری ہو جائے تو آپ بچے کے ذریعے اس طرح ہمکلام ہوں۔ جو آدمی نظر آ رہا ہے اس سے کہیں کہ صفائی وغیرہ کرے۔ جب صفائی ہو جائے تو کہیں کہ پانی لا کر چھڑکاؤ کرو۔ تخت وغیرہ سجائیں۔ آپ بچے سے معلوم کرتے رہیں۔ جب بچہ کہے کہ اب تخت وغیرہ لگ چکا ہے تو معمول سے کہیں کہ اس آدمی سے کہے کہ بادشاہ سلامت کو حاضر کریں۔ جب بادشاہ حاضر ہو جائے تو کہیں کہ تخت پر تشریف رکھیں۔ جب بادشاہ بیٹھ جائے تو بچے کی معرفت سلام کہیں۔ جب بادشاہ سلام کا جواب دے چکے تو بچے سے کہیں کہ وہاں موجود (بادشاہ کے علاوہ) دوسرے آدمی سے کہیں کہ ایک بکرا لاؤ اور ذبح کر کے پلاؤ پکاؤ اور بادشاہ سلامت کو کھلاؤ۔ جب بادشاہ کھانا کھا چکے (یہ سب کام دو تین منٹ کے اندر ہو جاتے ہیں) اب بادشاہ سلامت سے سوال کرنے کی اجازت اس طرح طلب کریں۔ یعنی فلاں بن فلاں آپ سے کچھ سوال کرنا چاہتے ہیں کیا آپ کی طرف سے اجازت ہے؟ جب بادشاہ کی طرف سے اجازت مل جائے تو آپ کو جو معلوم کرنا ہو معلوم کریں۔ مثلاً گمشدہ کا حال واحوال، مسافر و مریض کا احوال، چوری وغیرہ غرض کہ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے ہر جائز کام کے متعلق سوال کر سکتے ہیں۔ جس سوال کا جواب بادشاہ کی طرف سے حاصل ہو اس پر سختی سے کاربند رہیں۔ ناجائز کام میں کسی بھی صورت میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ ورنہ سخت نقصان ہوگا۔ وہ کام خواہ آپ کا ہو یا غیر کا۔ جائز کام میں کسی قسم کا کوئی خوف وخطر نہیں۔ جب سوال و جواب مکمل ہو جائے تو بادشاہ سلامت سے کہیں کہ آپ کا بہت بہت شکریہ۔ اب آپ تشریف لے جائیں۔ بادشاہ کے جاتے ہی بچے کے ناخن کی سیاہی حسب معمول سیاہ نظر آنے لگے گی۔ بچے کے ناخن کی سیاہی کو کسی پاک وصاف کپڑے سے صاف کر دیں اور بچہ کے اوپر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دَم کر دیں اور مٹھائی پر حسب معمول فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

نوٹ ایک بات اور یاد رکھیں کہ ایک دفعہ حاضرات کرنے میں تین سوال سے زیادہ مت کریں اور ہر دفعہ حاضرات کرنے میں ایک ہی بچے کو معمول نہ بنائیں بلکہ دوبارہ دوسرے بچے کا انتخاب کریں۔

37- حاضرات

﴿ کالی چڑی پہاڑ کی، چن چن کنکر کھائے
دہائی خداو محمدؐ کی، حاضرات جلد دکھائے
بِحَقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه ﴾

عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء نہا دھو کر باوضو اگربتی سلگا کر مذکورہ بالا عبارت روزانہ 101 بار 21 یوم پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ ہر سوال کا جواب درست ملے گا۔ عزیمت کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھیں۔

38- حاضرات

﴿ یَا حُب غَنِی یَا حُب غَنِی جیرا جان جیو ابو طالب کے گھر میں بنس بہادر
حاضرات کو حاضر کرو پل بھر میں بِحَقِ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ ﴾

طریقہ مندرجہ بالا کلمات کو چڑھتے چاند 110 بار روزانہ گیارہ یوم پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے انگوٹھے پر کاجل لگا کر مندرجہ بالا کلمات کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ حاضرات کا نزول ہوگا اور جائز سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

39- حاضرات

﴿ آیت الکرسی دل ہزاری یَا علیؑ تیری سواری جبرائیلؑ
میکائیلؑ اسرافیلؑ عزرائیلؑ حاضر شو حاضر شو حاضر شو ﴾

طریقہ اگربتیاں سلگائیں۔ کمرہ صاف ستھرا ہو۔ عامل اور بچہ دونوں پاک و صاف ہوں۔ چند عدد گلاب کے پھول اور ایک پاؤ تازہ برفی رکھیں۔ کسی نابالغ لڑکے کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا کلمات 101 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ حاضرات ختم کرنے کے بعد برفی معصوم بچوں میں تقسیم کر دیں اور خود بھی کھائیں۔

40- حاضرات

حاضرات خواہ کسی بھی قسم کی کرنی ہو یا کسی بھی قسم کا حال دریافت کرنا ہو۔ مثلاً حال بیماری' بیماری کا نسخہ پرچہ امتحانات' امتحان میں پاس یا فیل ہونا وغیرہ جو جی چاہے اس حاضرات سے معلوم کریں۔

جب حاضرات کرنی ہو تو مندرجہ ذیل اشیاء رکھیں۔ تو شہ ایک عدد عطر شیشی موتیا۔ پانچ قسم کے خوشبودار پھول۔ پانچ قسم کی مٹھائی سوا سیر۔ پانچ قسم کا میوہ سوا سیر اور ایک بڑے سائز کا نیا سفید رومال رکھیں۔

طریقہ دس گیارہ سال کے بچہ / بچی کو نہلا دھلا کر پاک وصاف کپڑے پہنا کر عطر لگا کر قبلہ رخ پاک صاف جگہ میں اس رومال پر بٹھا دیں۔ اگر بچہ پڑھا لکھا ہو تو قلم کاغذ بھی اس کے پاس رکھ دیں اور مندرجہ ذیل نقش اس کے ہاتھ میں دے دیں اور کہیں کہ وہ سیاہ خانہ میں غور سے ٹکٹکی باندھ کر دیکھے یا مندرجہ ذیل نقش اس بچہ کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ دیں۔ اور آپ (عامل) بچہ کے سامنے بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ فاتحہ چھ مرتبہ سورۂ یٰسین شریف لفظ مُقْمَحُوْن تک پڑھیں اور آیت الکرسی اول سے لے کر هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْن تک ایک بار پڑھیں اور اس بچہ پر دَم کریں اور آسمان کی طرف بھی دَم کریں اور اس کے بعد 100 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر معمول سے پوچھیں کہ تجھے نقش کے سیاہ خانے میں کوئی شخص نظر آتا ہے؟ اگر وہ کہے کہ ہاں نظر آتا ہے تو کہیں کہ اس آدمی سے کہو کہ (اے عبداللہ اپنے بھائیوں کو بلا) جب وہ آجائیں تو کہو کہ میدان صاف کرو۔ چھڑکاؤ کرو اور تخت شاہانہ منگوا کر بچھواؤ۔ عمدہ عمدہ کھانے پکواؤ اور سات عدد تخت بچھواؤ اور ان پر سات بادشاہوں کو بلوا کر بٹھاؤ اور ان کو کھانا کھلواؤ۔ جب وہ کھانے سے فارغ ہو جائیں تو ان سے کہو کہ آپ میں سے جو سب سے بڑا بادشاہ ہے وہ موجود رہے۔ باقی سب تشریف لے جائیں۔ پھر جو پوچھنا ہو بچہ کے توسط سے پوچھیں۔ تمام معلومات حاصل کر کے بادشاہ سلامت کو شکریے کے ساتھ بچہ کے ذریعے السلام علیکم کہیں اور اجازت دیں۔

فو یا جبرائیل ۷۸۶ اطرور

یا عزرائیل اطرور

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

یا میکائیل اطرور

یا اسرافیل

41-حاضرات

﴿یَا لَطِیفُ لُطف کر، لُطف کی نظر کر
حاضرات کی خبر کر مٹنے حاضرات کو حاضر کر﴾

طریقہ 313 مرتبہ روزانہ 40 یوم پڑھیں۔

توشہ ایک چھٹانک بتاشے، سیندور، مٹھائی ایک پاؤ، گلاب کے پھول 5 عدد۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر اوران پر عطر لگا کر بچہ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن کے اوپر کاجل لگائے یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائے اور بچہ کو اس کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ عامل بچہ پر مندرجہ بالا عزیمت 28 بار پڑھ کر دم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

42-حاضرات

﴿یَا قَادَر یَا قَادَر یَا قَادَر تو کُل پِیروں کی چَادَر حَاضرَات کو کر دے حَاضِر. یَا قَادَر یَا قَادَر یَا قَادَر﴾

طریقہ 305 بار گیارہ یوم پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت کو 28 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور بچے کو ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

43-حاضرات

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم . اللہ پاک، محمدؐ خاکی توڑ زنجیر نوازی آکھی۔ غوث قطب سب تیرے ساتھی۔ چڑھے شہنشاہ دلدل تے سوار۔ دلدل پہ قدم تب پھیرو پہلے حاضرات کو حاضر کرو بِحَقِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظَّالِمِیۡن﴾

طریقہ 313 بار 21 یوم تک پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے معروف طریقہ سے حاضرات کریں اور تسلی بخش جوابات حاصل کریں۔ بہترین حاضرات ہے۔

44-حاضرات

﴿اَجِبْ یَا جَعْذَائِیْلُ بِحَقِّ یَا خَبِیْرُ﴾

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے مندرجہ بالا عزیمت کی زکوٰۃ بار پر ہیز نوچندی جمعرات کو ادا کریں۔ روزانہ عزیمت بالا 812 مرتبہ 14 دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ عامل ہو جائیں گے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ روزانہ ورد میں 41 بار ضرور رکھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل نقش بنائیں اور سولہویں خانہ سیاہ میں بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچہ پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور عزیمت بالا کو 28 بار پڑھ کر دم کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا پھر جو معاملہ ہو کریں۔ حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۲۰۲	۲۰۶	۲۰۹	۱۹۵
۲۰۸	۱۹۶	۲۰۱	۲۰۷
۱۹۷	۲۱۱	۲۰۴	۲۰۰
۲۰۵	۱۹۹	۱۹۸	۲۱۰

45-حاضرات

﴿لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَہ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَاَبْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃُ﴾

طریقہ جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی پر برابر نگاہ رکھے۔ اب عامل گیارہ مرتبہ درود شریف اور 28 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر عامل بچے سے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

46-حاضرات

﴿یَا بَدِیْعَ اللّٰہُ مَحْمُوْدُ کُلِّ فَاٰلِہٖ یَا اَللّٰہُ ٥﴾

طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی پر برابر نگاہ رکھے۔ اب عامل 28 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اور 28 مرتبہ عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول کاجل کی

سیاہی میں ہوگا۔ پس عامل اس وقت اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل صحیح دیں گے۔ جب آپ ان سے سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

47-حاضرات

طریقہ زکوۃ سب سے پہلے سورۂ فاتحہ 786 بار پھر یا علی 121 بار روزانہ پڑھ کر سات یوم تک زکوۃ ادا کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ سورۂ فاتحہ گیارہ بار اور یا علی سات بار پڑھ لیا کریں تا کہ عمل قابو میں رہے۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے بٹھائیں اور اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور عامل دس بار سورۂ فاتحہ اور دس بار یا علی اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر بچہ پر دم کریں اور معروف طریقہ سے حاضرات کرے اور سوال و جواب کرے۔ ہر سوال کا جواب انشاء اللہ تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا۔

48-حاضرات

﴾ کالی چڑی تیرا نام ہے۔ خبر بتانا تیرا کام ہے۔ درود بر نبیؐ۔ لعنت بر شیطان۔ حکم مولا دا۔ سلیمانؑ دی چلے آن ﴿

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات 313 بار روزانہ 21 یوم تک پڑھیں۔ بعد ازاں روزانہ 21 بار پڑھیں تا کہ عمل قابو میں رہے۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر بھی لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی میں غور سے دیکھتا رہے۔ اب عامل 28 بار مندرجہ بالا عزیمت بغیر درود شریف کے پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول کاجل کی سیاہی میں ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل صحیح دیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے بعد ان کا شکریہ ادا کر کے ان کو سلام عرض کر کے جانے کی اجازت دیں۔

49-حاضرات

﴾ یَاقَادِرِی یَاقَادِرَہ یَا تَندُو یَاتَاتَرَہ یَابُدُوحُ یَاسُدُوحُ یَا عَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ اَدرِکْنِیْ فِیْ سَبِیلِ اللّٰہ ﴿

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو 501 بار روزانہ اکتالیس یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ

گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ عمل رات بارہ بجے پڑھیں۔ حصار تین مرتبہ آیت الکرسی کا کریں۔

نوٹ عمل لازمی طور پر کچی زمین پر کریں۔ اگر گھر میں کچی زمین نہ ہو تو پھر فرش پر پاک مٹی بچھا کر عمل کریں۔ پڑھائی کرنے کے بعد مٹی کو سمیٹ کر گھر کی چھت پر رکھ دیں۔ دوسرے دن وہی مٹی دوبارہ بچھا کر عمل کریں اور پڑھائی کے بعد مٹی کو دوبارہ سمیٹ کر چھت پر رکھ دیں۔ اسی طرح 41 یوم تک کریں۔

پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی پر نگاہ رکھے۔ اب عامل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 28 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا اور حاضرات میں دو بزرگ ظاہر ہوں گے۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی جائز سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل درست دیں گے۔ جب آپ ان سے سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر ان کو شکریہ کے ساتھ اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

50-عملِ حاضرات بر آئینہ

اس عمل کو روزانہ 907 مرتبہ 21 روز تک با پرہیز ورد کریں۔ شرعی ممنوعات سے پرہیز کریں۔ صوم و صلوٰۃ کی پابندی ضروری ہے۔ انشاء اللہ عمل میں آجائے گا۔ جب بچے پر حاضرات کھل جائیں گی تو بڑوں پر با آسانی کرسکتے ہیں۔ حاضرات کی ابتداء بچے سے کریں۔ یہ آئینہ کا عمل ہے۔

عبارت لَآ اِلٰہ کا دربار. اِلَّا اللّٰہ کی چوکی. مُحمدٌ رسُولُ اللّٰہ کا حکم. حاضر کرو حاضرات سب میرے حکم میں لا. دُھائی پنجتنؑ پاک کی المدد یا غوث الاعظم دستگیرؒ

آئینہ سامنے رکھ کر بچے پر 21 مرتبہ مذکورہ عزیمت پڑھ کر دم کریں اور بچے کو آئینہ میں دیکھنے کو کہیں۔ بچے کو ارواح روحانیات و حاضرات نظر آئیں گی۔ پھر جو پوچھنا ہو پوچھیں۔ ہر بات کا جواب تسلی بخش اور سو فیصد صحیح ملے گا۔

51- حاضرات

منکا منکی من کی بات بتا حاضرات سچ دکھا دہائی دستگیرؒ کی حاضرات جلد دکھا

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء نہا دھو کر باوضو اگربتی سلگا کر مذکورہ بالا عبارت

روزانہ 308 مرتبہ گیارہ یوم باپرہیز پڑھیں۔آخری یوم بریانی پر غوث پاک کی نیاز دلا کر عمل ختم کریں۔جب بھی حاضرات کرنی ہو تو طفل نابالغ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہتھیلی پر کاجل لگا کر مذکورہ بالا عمل کو 21 بار پڑھ کر دم کریں۔حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے سوالات کے جوابات تسلی بخش و سوفیصد درست پائیں گے۔

52-مجرب عمل حاضرات

یہ عمل صرف 40 دن کا ہے۔باپرہیز جلالی و جمالی کا اہتمام کریں اور پابند شرع اور پابند صوم وصلوٰۃ ہو کر پاک صاف جگہ پر تنہائی میں وقتِ مقررہ پر پڑھیں۔

نوچندی جمعرات کو رات کے 11/12 کے درمیان عمل شروع کریں۔باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر پہلے 72 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں پھر ان چار مؤکلوں کے نام لیں۔اس طرح۔

اِلٰھی بِحُرمَتِ عَبْدُالْاَحَدُ وَ عَبْدُالصَّمَدُ وَ عَبْدُالوَاحِدُ وَ عَبْدُاللّٰہ۔

اس کے بعد 129 مرتبہ سورۃ الحمد شریف پڑھیں۔پھر 72 مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھیں۔ بس عمل ختم ہوا۔اسی طرح بلاناغہ 40 روز پڑھیں۔

عمل کے دوران بعض صورتیں نظر آئیں گی۔ہرگز خوفزدہ نہ ہوں۔اگر خوف محسوس ہو تو آنکھیں بند کرلیں۔چالیسویں دن چاروں بزرگ تشریف لائیں گے مگر ان سے وعدہ کرنے کے بعد ساری عمر پابند رہنا ہوگا۔اور ہر کام جائز لینا ہوگا۔ناجائز کام لیں گے تو جان کا خطرہ ہے۔اس عمل کی اجازت لینا شرطِ اول ہے۔

53-تسخیر عالم تیغ برھنہ

﴿بِسمِ اللّٰہ الحالی الرَّحمٰن کام کرے رحیم مسکت کر مسکین موھنی نرنجن کرتار آزمودہ ربّ غفار رُوپ موھنی جگ موھنی ابوبکر صدیقؓ موھنی عمر بن خطابؓ رود کے دار عثمانؓ بن عفان قلم بردار علیؓ ولی شمشیر بردار کلّ حاکم کل عالم کو مُسخّر کر دُوھائی پیر دستگیرؒ کی بحقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ﴾

طریقہ اس عمل کو عروج ماہ میں 40 یوم تک پرہیز جلالی کے ساتھ بعد نماز عشاء روزانہ 3125 مرتبہ پڑھیں اور آخری دن نیاز دیں جس میں سفید رنگ کی شیرینی ہو۔اور چند پھول گلاب کے پاس رکھیں۔بعد نیاز و فاتحہ

شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ خود بھی کھائیں۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں۔ روزانہ صرف 7 مرتبہ مداومت کرتے رہیں۔ اگر کسی وجہ سے 3125 نہ پڑھ سکیں تو روزانہ 101 مرتبہ پڑھتے رہیں تو بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

54-حاضرات

﴿ کالی چڑی چوں چوں کرے گوری چوڑا وسے۔ دہائی حضرت سلیمانؑ پیغمبر کی حاضرات بچ دسے ﴾

طریقہ 191 بار 21 دن تک پڑھیں۔

توشہ گلاب کے پھول 5 عدد روزانہ رکھیں۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور مندرجہ بالا عزیمت 31 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بچہ کو سیاہ ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مقصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

55-حاضرات کی جادوئی انگوٹھی

طریقہ عامل اپنے اور ماں کے اعداد بحساب ابجد نکالے اور پھر اعداد مشتری جمع کریں اور تمام اعداد کو جمع کر کے حروف بنائیں۔ مثلاً کل مجموعہ 545 بنا تو حروف بنے (ھ-م-ث) اب مؤکل بنائیں جو یہ بنے گا۔ (ھمثائیل) اب سات روز تک عامل یہ عزیمت 545 بار پڑھے۔

﴿ یَاھَمثَائِیلُ بِحَقِّ ھَا. مِیم. ثَا. حاضر شو۔ حاضر شو۔ حاضر شو ﴾

اس کے بعد عامل انگوٹھی پر مندرجہ ذیل مثالی نقش کندہ کروائے اور عمل کو روزانہ 101 بار ورد میں رکھے یعنی صرف مؤکل کا نام "یَاھَمثَائِیل" پڑھے۔

طریقہ حاضرات انگوٹھی ہمیشہ ہر وقت پہنے رہیں جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو معمول کے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی دے اور آپ (عامل) کہے کہ وہ انگوٹھی کے نقش پر نگاہ جما کر دیکھے اور عامل عزیمت کو مؤکل کے اعداد کے مطابق پڑھ کر معمول اور نقش پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں مؤکل فوراً حاضر ہوگا۔ ہر کام اور ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست دے گا۔ مجرب اور خاص الخاص عمل ہے۔ انگوٹھی کا مثالی نقش یہ ہے

۴

ھَمثَائِیلُ

۵ ۵

56-حاضرات

کریم کرم کر فضل کر الٰہی
خبر دے محمد تیری بادشاہی

طریقہ زکوٰۃ نوچندی جمعرات کو روزانہ 313 بار 21 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درودِ ابراہیمی بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل میں غور سے دیکھے۔ اب عامل اٹھائیس مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر معمول پر دَم کرے۔

یکا یک معمول کی نگاہ پر سے حجاب اٹھ جائے گا اور وہ حاضرات کی مخلوق کا مشاہدہ کرے گا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب حاصل کر چکیں تو پھر کا شکریہ ادا کر کے ان کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

57-حاضرات

بسم اللہ اسم اللہ مدد کرو رسول اللہ
حاضرات گھیر گھار کے لاؤ علی ولی اللہ

طریقہ زکوٰۃ عروج ماہ نوچندی پیر 1654 مرتبہ روزانہ 16 یوم تک پڑھیں اول و آخر 11-11 مرتبہ درودِ ابراہیمی بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ عامل ہو جائے گا۔ پھر عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ سات مرتبہ ورد میں رکھے۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے بٹھائیں اور اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور عامل 28 مرتبہ عزیمت حاضرات اور گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ کر معمول پر دَم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچے سے اپنے مشکل امور و مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ جو سو فیصد درست ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

58-حاضرات دغر غانوشِ

عبارت عمل اَجِبْ یَا دَغر غانُوشِ بِحَقِ دَغر غائِیلَ

طریقہ یہ انتہائی سریع التاثیر حاضرات ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ کسی بھی اچھے قسم کے کاجل پر مندرجہ بالا عبارت کو ایک ہی نشست میں **7777** بار رات کے ٹھیک بارہ بجے بخور برگِ نیم ولوبان کا روشن کر کے پڑھے۔ تعداد مکمل ہونے کے بعد کاجل پر دَم کریں۔ سر پر سُرخ رومال پڑھائی کے وقت ضرور رکھیں۔ ورنہ کسی بڑی پریشانی میں مبتلا ہو جائیں گے۔ مؤکل اس کا بہت جلالی ہے۔

59-حاضرات علوق مؤکل

عبارت عمل ﴿یَا عَلُوْقِ بِحَقِّ عَلُوْقِ حَاضِرُ شَوْ﴾

طریقہ عمل بروز نوچندی اتوار باوضو ہو کر الگ کمرے میں بعد نماز عشاء قبلہ رو بیٹھ کر سامنے ایک چراغ گلی میں روغن چنبیلی ڈال کر روشن کریں اور اس کا کاجل اوپر برتن رکھ کر حاصل کریں۔ بخور اگر بتی کا ہوگا۔ آپ خود عبارت عمل کو سولہ سو بار پڑھیں یا چھ ہزار چار سو بار۔ اس عرصے میں فتیلہ تقریباً مکمل جل گیا ہوگا۔ گرم گرم کاجل اُتار کر اس میں روغن شامل کر کے کاجل بنا کر دَم کریں۔ اس کاجل کو طفل نابالغ کے ناخن پر لگا کر معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ یہ عمل کل ایک یوم کا ہے۔

60-حاضرات پنجتنؑ

﴿اے شہنشاہِ ولایت خواجہ ہِندالوَلی......یک نگاہِ گاھے گاھے از طفیل پنجتنؑ﴾

٧٨٦

٦٧٧	٦٩١	٦٨٨	٦٨۴
٦٨٩	٦٨٣	٦٧٨	٦٩٠
٦٨٢	٦٨٦	٦٩٣	٦٧٩
٦٩٢	٦٨٠	٦٨١	٦٨٧

طریقہ مندرجہ بالا عبارت کو **13** دن تک باپرہیز **130** مرتبہ نقش کو سامنے رکھ کر بعد نمازِ عشاء

پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور عامل صرف 31 مرتبہ یا 13 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر بچے کی آنکھوں پر دم کرے۔ حاضرات کا نزول ہوگا جو بھی معلوم کرنا ہو بچہ کے توسط سے معلوم کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

61- حاضرات بر چراغ (خود بینی)

بروز نوچندی جمعرات کسی مزار پر آنکھیں بند کر کے مندرجہ ذیل عمل 101 بار پڑھیں۔ تین دن سے زیادہ نہ پڑھیں۔ عمل یہ ہے

﴿تُکُلَلبُنی وَلَا تَرِدُ سَوَالِی اَغثِنِی مُرشِدِی آمدن بِحَالِی﴾

طریقہ کسی بھی مزار پر جا کر ایک سو ایک بار پائینتی کی طرف کھڑے ہو کر آنکھیں بند کر کے مندرجہ بالا عمل پڑھیں اور کہیں کہ ایک مٹی کے چراغ کا عمل حاضرات چاہتا ہوں۔ وہ اجازت دیں تو ایک عدد چراغ مزار پر سے اُٹھا لیں اور گھر لے آئیں اور اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر کاجل حاصل کریں۔ جب کاجل تیار ہو جائے تو عامل اپنی ہتھیلی یا ناخن پر کاجل لگا کر چند مرتبہ مندرجہ بالا شعر پڑھ کر ہتھیلی یا ناخن میں دیکھے اور سوال و جواب کرے۔ اس حاضرات کو بچے اور بڑوں پر اور کئی طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔

62- حاضرات بابا منگتا جی

﴿یَاحَافِظُ یَا حَفِیظُ بابا منگتا جی بِحَقِ یَامُحَمَّدُ رَسُولَ اللّٰہ حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

حصار سب سے پہلے اپنا حصار کریں۔ یَاحَافِظُ یَا حَفِیظُ یَا رَقِیبُ یَا وَکِیلُ یہ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں پھر اپنے جسم پر دم کریں۔ بعدہ یہ عزیمت سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور تین دفعہ تالی بجائیں۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿لَا اِلٰہَ کا کوٹ اِلَّا اللّٰہ کی کھائی، شاہ مرداں کی چوکی، محمدؐ رسول اللہ کی دہائی﴾

طریقہ عروج ماہ قمری میں نوچندی سنیچر یا نوچندی منگل کو رات بارہ بجے ترک جلالی و جمالی کرتے ہوئے یہ عمل شروع کریں۔ ہر وقت پاک و صاف رہیں عمل کے بارے میں کسی کو نہ بتائیں۔ ٹھیک رات بارہ بجے قبلہ رو بیٹھ کر عمل کو 500 بار گیارہ یوم پڑھیں۔

حاضرات کی سیاہی تیار کرنے کا طریقہ عمل پڑھتے وقت نیا چراغ مٹی کا لے کر اس میں چنبیلی کا تیل ڈالیں اور ایک عدد پیتل کا بنا ہوا بیل کھڑا کریں اور چراغ بیل کی ٹانگوں کے درمیان میں رکھیں اور فتیلہ روشن کریں

تا کہ چراغ کا دھواں بیل کی ٹانگوں پر لگے۔ اب دھوئیں کو اتار لیں اور چنبیلی کا تیل ملا کر کاجل تیار کر لیں۔

واضح رہے کہ چراغ اسی طرح روزانہ گیارہ یوم تک روشن کرنا پڑے گا اور روزانہ عمل پڑھتے وقت بچھڑے پر پھونک بھی مارنی ہوگی یعنی بچھڑے پر روزانہ عمل پڑھ کر دم کرنا ہوگا۔ اس کا جل کو سنبھال کر رکھیں اور تیل کو بھی حفاظت سے سنبھال کر رکھ لیں۔

اب جب بھی بابا منگتا کو حاضر کرنا ہو تو بیل کو کھڑا کر کے چنبیلی کے تیل کا چراغ بیل کی ٹانگوں کے درمیان روشن کریں اور عمل کو گیارہ دفعہ پڑھیں۔ بابا منگتا فوراً حاضر ہوگا اور بولے گا کہ کیا حکم ہے میرے آقا! جو آپ کہیں گے وہ فوراً پل بھر میں حاضر کر دے گا۔

بابا منگتا ہندو ہے اور بہت طاقت کا مالک ہے۔ عامل کے جسم کو ہلا کر رکھ دیتا ہے اس لئے عمل شروع کرنے سے قبل حصار ضرور کریں۔ اگر حاضرات کرنی ہو تو بچہ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر جمع شدہ کا جل لگائیں اور سات بار مذکورہ عمل پڑھ کر بچے پر دم کریں فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا اور بابا منگتا حاضر ہو کر ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش دے گا۔

63- حاضرات اکبر شاہ' افضل شاہ' اصغر شاہ

حلیہ بزرگان اکبر شاہ سفید داڑھی' گورا رنگ' (سب سے بڑے بھائی) افضل شاہ کالی داڑھی گورا رنگ' (منجھلے بھائی) اصغر شاہ کالی داڑھی گندمی رنگ' (سب سے چھوٹے بھائی)

لڑکے اور لڑکی کے لئے عمر کی قید برائے حاضرات لڑکے کے لئے 13 سے 20 سال اور لڑکی کے لئے 13 سے 23 سال ہے۔

درود ہزارہ ﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِائَةَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ یَاشیخ عبدالقادر جیلانی شَیْئاً لِلّٰہِ o﴾

طریقہ حاضری کرنے سے پہلے بلاتعداد درود ہزارہ پڑھیں۔ پھر لڑکے / لڑکی کی آنکھوں پر پٹی یا رومال باندھ دیں اور معمول سے کہیں کہ آنکھیں بالکل نہ کھولے۔ پھر عامل خود سات مرتبہ درود ہزارہ پڑھے اور مندرجہ ذیل عزیمت سات مرتبہ پڑھ کر بچے کی آنکھوں پر اور چہرے پر دم کرے اس طرح سات مرتبہ بچے پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں بچے / بچی کی آنکھوں میں اجالا نظر آئے گا پھر تینوں بزرگ بچے کو نظر آئیں گے۔ پس اس وقت عامل بچے کے ذریعے سلام عرض کرے اور سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے اور ہر سوال کا جواب تسلی بخش لے

گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ پڑھنے کی عزیمت یہ ہے۔

﴿اللہ محمدؐ چار یار۔ حاجی خواجہ قطب فریدؒ حق فریدؒ یا فریدؒ۔ سنو میری فریاد نظام الدین کے پیر۔ دکھاؤ حاضرات ہوا بڑا دلگیر۔ حق فریدؒ حق فریدؒ﴾

64-عملِ حاضرات

۷۸۶

۱۳۵۹	۱۳۶۳	۱۳۶۶	۱۳۵۲
۱۳۶۵	۱۳۵۳	۱۳۵۸	۱۳۶۴
۱۳۵۴	۱۳۶۸	۱۳۶۱	۱۳۵۷
۱۳۶۲	۱۳۵۶	۱۳۵۵	۱۳۶۷

طریقہ عبارتِ عمل کو **130** مرتبہ **13** یوم بلاناغہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد زکوۃ جب بھی حاضرات کی ضرورت ہو تو نقش کے سیاہ خانے میں بچے کو دیکھنے کو کہیں۔ اور عامل بچے پر صرف **13** مرتبہ عبارتِ عمل پڑھ کر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ بچے کے توسط سے جو چاہیں پوچھیں انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست وسچا ملے گا۔

عبارتِ عمل ﴿اللہ داتا موج خضرؑ دی نور نبیؐ دا قوت علیؓ دی حاضرات سب دکھاواں برکت نام اللہ دی﴾

65-حاضرات قلندری

۷۸۶

۳۱۵	۳۱۹	۳۲۲	۳۰۸
۳۲۱	۳۰۹	۳۱۴	۳۲۰
۳۱۰	۳۲۴	۳۱۷	۳۱۳
۳۱۸	۳۱۲	۳۱۱	۳۲۳

بحکم حضرت لعل شہباز قلندرؒ و بحقِ حضرت بابا صدر الدین ولی سندھؒ حاضرات حاضر شو۔ حاضر شو۔ حاضر شو

طریقہ کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر سیاہ خانے کو معطر کر کے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ پر نقش کے نیچے لکھی ہوئی عبارت کو صرف **5** مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو حاضرات کا نزول ہوگا۔ جن سے آپ ہر قسم کے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد صحیح معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کے موکل آناً فاناً ہر کام سرانجام دیتے ہیں۔

نوٹ اس عمل حاضرات کو عمل میں لانے سے پہلے بابا شہباز قلندرؒ اور بابا صدر الدین ولی سندھؒ کی سفید برفی یا پان کے پیڑوں پر نیاز دلائیں۔ پھر عمل شروع کریں۔ بعد اختتامِ عمل نیاز کی برفی کو کسی مزار پر تقسیم کر دیں یا مزار شریف پر فاتحہ پڑھ کر رکھ آئیں تاکہ روحانی فیض بند نہ ہو۔

66-حاضرات

طریقہ کافور کی سیاہی اُپاڑ کر اس میں عطر ملا کر کسی نابالغ بچے کا ناخن یا ہتھیلی پر سیاہی لگائیں اور اس سیاہی پر چالیس مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ بچے کے ہاتھ پر سیاہی لگانے کے بعد مندرجہ ذیل عزیمت بلاتعداد پڑھتے رہیں انشاء اللہ چند ہی منٹ بعد حاضرات ہوگی اور چار مؤکل بچے کو نظر آئیں گے جو اس کے سوالوں کے جواب دیں گے۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَا مَنْ لَّیْسَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ﴾

67-حاضرات

﴿اللہ میرے دم وچ محمدؐ میرے کم وچ حاضرات کو حاضر کر وا ایک گھڑی دے دم وچ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے بعد نمازِ عشاء 10 دن تک 91 مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ بعد ادائیگی زکوٰۃ مندرجہ ذیل نقش کے سیاہ خانے میں کسی بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے اور نقش پر 19 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش میں حاضرات کا نزول ہوگا پھر بچے کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں۔ حاضرات کا نقش یہ ہے

یا اللہ ۷۸۶ یا اللہ

۷۹۸	۸۰۲	۸۰۵	۷۹۱
۸۰۴	۷۹۲	۷۹۷	۸۰۳
۷۹۳	۸۰۷	۸۰۰	۷۹۶
۸۰۱	۷۹۵	۷۹۴	۸۰۶

یا اللہ

یا اللہ

68-حاضرات قلبی

عزیمت ﴿اللہ میرے من کے اندر میں مومن حق قلندر

حاضرات کو حاضر کر دم بھر کے اندر ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی پیر سے بعد نمازِ عشاء اس عزیمت کو 90 مرتبہ روزانہ 9 دن تک پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعدہٗ کسی طفلِ نابالغ کو نہلا دھلا کر اپنے روبرو بٹھائیں اور مندرجہ ذیل نقش کے سیاہ خانہ میں بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر اور نقش پر 18 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد نقش میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر عامل بچے کے توسط سے ارواح حاضرات سے جو کچھ پوچھے گا اس کا سوفیصد درست جواب ملے گا۔ حاضرات کا نقش درجِ ذیل ہے

حق ۷۸۶ حق

۱۱۳۷	۱۱۵۰	۱۱۴۷	۱۱۴۴
۱۱۴۸	۱۱۴۳	۱۱۳۸	۱۱۴۹
۱۱۴۲	۱۱۴۵	۱۱۵۲	۱۱۳۹
۱۱۵۱	۱۱۴۰	۱۱۴۱	۱۱۴۶

حق حق

69- حاضرات

﴾ کمال خان سید غازی صدا تمہاری نوبت بازی‘ لونگ کی بھنیٹ سر کی کیاری‘ بھوراہاتھی سر گھماتی‘ جو متے آئے تمہاری سواری ﴾

طریقہ کمرہ صاف ستھرا ہو۔ عامل اور بچہ دونوں پاک وصاف ہوں۔ اگر بتیاں سلگائیں۔ دو عدد گلاب کے پھول‘ ایک عدد پان جس میں کلاہ دار لونگ ہو۔ بچے کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت 21 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور اسے سیاہ انگوٹھے میں دیکھنے کو کہیں۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ جو بھی سوال ہو۔ مؤکل سے عرض کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل درست ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب حاصل کر چکیں تو پھر مؤکلات کو السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

70- حاضرات

﴾ لَآ اِلٰهَ کی طاقت اِلَّا اللّٰه کا زور۔ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰه کا دو عالم میں شور۔ حاضرات کو پل بھر میں حاضر کر یَا ظَاهِرُ یَا ظُهُور ﴾

طریقہ کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اور عطر لگا کر اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل یا

سیاہی لگائیں اور عامل اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت کو 121 بار پڑھ کر بچے پر اور ناخن پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ غیر شرعی سوال مت کریں۔

71- حاضرات

﴿اَرَادُو وَمَا کَانَ حَتّٰی اُرِیْدُ- فَطُوبٰی لَهُمْ مِن مُّرَادِ مُرِیدُوا﴾

طریقہ مندرجہ بالا عزیمت کو 28 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ پھر معمول کی آنکھیں بند کرا کے اس پر عزیمت کو دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں معمول کو روشنی نظر آئے گی۔ پھر میدان نظر آئے گا پھر جھاڑو والا آئے گا۔ پھر چھڑکاؤ کا حکم کریں۔ دریاں بچھاؤ۔ تخت شاہی حاضر کیا جائے۔ پھر بادشاہ سلامت کو حاضر کرو۔

سلام کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ اس کے علاوہ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ شیشہ میں، پانی میں، انڈہ پر، ناخن پر، ہاتھ کی ہتھیلی پر ہر قسم کے سوال کا جواب تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا۔

72- حاضرات

﴿لا خاوا جانی ثانی حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام٥﴾

طریقہ روزانہ 110 بار دس روز تک پڑھے۔ اگر خود حاضرات کا مشاہدہ کرنا ہو تو سوا لاکھ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ پھر خود حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔ اگر طفل نابالغ پر حاضرات کرنی ہو تو بچہ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور اسے ناخن کی سیاہی میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ عامل بچہ پر مندرجہ بالا عزیمت 28 بار پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں انگوٹھے کی سیاہی میں حاضرات کا نزول ہو گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں ہر سوال کا جواب تسلی بخش معلوم کر سکتے ہیں۔

73- حاضرات

﴿لن لن کاردیپ دھیر پیر دستگیر" حاضر آؤ﴾

طریقہ جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو عامل سب سے پہلے غسل کرے۔ لباس و کلاہ پہن کر جائے نماز پر بیٹھ کر منہ مشرق کی طرف کرے۔ اگربتی سلگائے اور کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے بٹھا کر اس کے دائیں ہاتھ کے

انگوٹھے کے ناخن پر یا ہتھیلی پر کاجل کی سیاہی لگا کر معمول کو ہدایت کرے کہ وہ کاجل کی سیاہی میں نگاہ رکھے۔اب آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عبارت کو 21 بار پڑھ کر معمول پر دم کریں۔

یکا یک کاجل کی سیاہی میں حاضرات کا نزول ہوگا۔پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو معمول کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو عرض کرے۔آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل سو فیصد درست ملے گا۔بعدۂ آپ ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

74- حاضرات

﴿ہاتھ میرا دست تمہارا۔کہنا میرا کرنا۔تمہارا چوک میری چوکی۔تمہاری آگرہ کی درگاہ کو مانو۔بی بی فاطمہ کو مانو۔تیس روزے کو مانو۔بابا کمال خان کی دہائی۔پانچوں بھائیوں کی دہائی﴾

طریقہ سب سے پہلے حضرت بی بی فاطمہ کی نیاز برفی پر یا کھیر پر دلائیں۔پھر جب بھی حاضرات کرنی ہو تو اگر بتیاں سلگا کر کسی معصوم بچہ کو جس کی عمر 12 سال سے زیادہ نہ ہو نہلا دھلا کر پاکیزہ کپڑے پہنا کر عطر لگا کر اس کے دائیں انگوٹھے پر یا ہتھیلی پر کاجل لگائیں۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 21 بار پڑھ کر بچہ پر دم کریں۔تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔بچہ کی معرفت تمام مشکل سوال کے جوابات دریافت کریں اور السلام علیکم کہہ کر شکریہ ادا کر کے مؤکلوں کو اجازت دیں۔

75- حاضرات

﴿پَر چلے۔پَربت چلے۔چلے ندی کے پار۔اللہ نبیؐ کا اسم چلے۔
داتا محی الدینؒ کی دھمک بھانبڑ چلے۔حاضرات نہ دِکھے تو شاہ زندہ کی دہائی﴾

طریقہ نوچندی جمعرات کو مندرجہ بالا عزیمت روزانہ 101 بار متواتر 21 یوم تک پڑھیں۔اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔اس کے بعد جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اپنے رُوبرُو بٹھائیں۔منہ قبلہ کی طرف رکھیں۔پھر بچہ کی دائیں ہتھیلی پر کاجل لگا کر مذکورہ بالا عبارت کو 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مقاصد کے بارے میں مکمل درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

نوٹ یہ حاضرات بغیر زکوۃ کے بھی کام کرتی ہے۔ اگر آپ عزیمت کی زکوۃ ادا نہیں کر سکتے تو اس عزیمت کو 41 یا 21 بار بچے پر دم کریں۔ انشاء اللہ حاضرات کھل جائے گی اور بچہ کو نظر آئے گا بعدہٗ جو پوچھنا چاہیں پوچھیں۔ تسلی بخش جواب ملے گا۔

76-تسخیر سیّد برہنہ (سات یوم)

ترکیب: بروز نوچندی جمعرات کو غسل کر کے کپڑوں پر عطریات وغیرہ لگائیں اور رات بارہ بجے دریا یا نہر کے کنارے بیٹھ کر لوبان کا بخور جلائیں۔ اگر دریا پر عمل نہیں کر سکتے تو گھر پر ایک کافی بڑا طشت لے کر اس میں پانی بھریں اور اپنے سامنے رکھ لیں۔ اول روز گیارہ عدد پیڑے جو کہ کھویا سے بنتے ہیں گیارہ پھول خوشبودار اور گیارہ چھوٹی الائچی اور گیارہ عدد لونگ اور عطر کی شیشی ہمراہ رکھیں۔

اول نیاز حضرت سید برہنہ کی اُن پیڑوں پر دیں یعنی الحمد اور قل اور درود شریف پڑھ کر اور دم کر کے یہ کہیں کہ "یہ نیاز حضرت سید پیر برہنہ صاحب کی ہے۔" اب عمل پڑھنا شروع کر دیں۔ عمل کو 101 مرتبہ پڑھیں۔ فوراً حضرت سید برہنہ صاحب حاضر ہو جائیں گے اور اپنے پیڑے اُٹھا کر کھا جائیں گے۔ اگر اول روز نہ آئیں تو دوسرے روز عمل اسی طرح کریں۔ غرض تین روز میں ضرور تشریف لائیں گے مگر عمل سات یوم تک کریں۔ ساتویں روز عامل سے باتیں کریں گے اور فرمائیں گے کہ کیا کام ہے؟ ہم کو بتلا۔ تو عامل جواب دے کہ میرا ذاتی کوئی کام نہیں۔ آپ سے دوستی چاہتا ہوں۔ وہ جواب دیں گے۔ اچھا جب تم کو کوئی ضرورت ہو تو ہم کو طلب کرنا۔ عمل یہ ہے:

﴿سیّد برھنہ بالا بھولا ننگی پیٹھ پلانی گھوڑا سوا سیر کا توشہ کھاوے۔ ۸۰ کوس کی ڈھاوی جاوے۔ مار مار کرتا جاوے۔ تایا پیلان پڑتا جاوے۔ مری جو کی بتھلا مار ملچ کولٹ بندے نیلا گھوڑا نیلا زین جس پر چڑھے برھنہ پیر عادل تکا بادل تیر۔ شیر کو لاوے نک زنجیر سوامن کا کھاوے نوالہ۔ سوامن کا پیوے پیالہ۔ تار یاوے سلادیانر کی چاھے جہاں تُو وھاں اور کون حیران تو ایسا چڑہ جھتے سُرُور کا جنگ وار لنگ۔ سیّد شاہ زادے مرے کام میں حیل و حجت نہ کیجیئو بحقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (آزمودہ است)۔

☆☆☆ حاضرات برائے ارواح ☆☆☆

1-احضار ارواح

جب کسی رُوح کو حاضر کرنا ہو تو لازم ہے کہ اہلِ تصوف کے طور سے حلقہ بنا کر بیٹھیں جس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک خلوت کے مکان میں گول میز رکھ کر اس کے گرد اہلِ حلقہ کے واسطے کرسیاں بچھائیں اور اہلِ حلقہ کم سے کم تین شخص اور زیادہ سے زیادہ دس آدمی ہونے چاہئیں اور سب ایک دوسرے سے متصل بیٹھیں اور سب پرہیز گار اور متقی ہوں کیونکہ فاسق شخص کے پاس آنے سے رُوحیں پرہیز کرتی ہیں۔ جب یہ حلقہ کے لوگ کرسیوں پر بیٹھ جائیں تو اپنے دونوں ہاتھ اس میز پر رکھیں اس طرح کہ ہر شخص کا دایاں ہاتھ دوسرے شخص کے بائیں ہاتھ سے متصل ہو اور سب لوگ حضورِ قلب کے ساتھ ایک شخص کی رُوح کو طلب کریں۔ دس پندرہ روز یہ مشق کرنے سے اہلِ حلقہ میں سے ایک شخص اپنی حالت طبعی سے خارج ہو جاتا ہے اور رُوحانی حالت اس پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ جب یہ حالت کسی شخص پر ظاہر نہ ہو تو اہلِ حلقہ کو لازم ہے کہ اپنی جگہ تبدیل کر کے بیٹھیں اور نئے سرے سے عمل شروع کریں۔ اس وقت ضرور کسی نہ کسی پر حالت مذکور پیدا ہوگی۔ پس چاہیئے کہ اس کو حلقہ میں اس طرح بٹھائیں کہ پشت اس کی شمال کی طرف اور منہ اس کا جنوب کی طرف ہو اور سب اہلِ حلقہ ایک شخص کو سردار بنا کر خود اس کے مطیع حکم ہو جائیں۔ اور یہ سردار اس شخص کے مقابل بیٹھے جو اپنی طبعی حالت سے خارج ہو گیا ہے۔ پھر خیال کرے کہ اس مکان میں کوئی آواز حرکت وغیرہ پیدا ہوئی ہے یا میز کے پایہ نے حرکت کی ہے۔ اگر ایسا ہو تو جان لیں کہ رُوح آ گئی ہے۔ سردار سوال کرے کہ کیا کوئی صاحب تشریف لائے ہیں۔ اس کے جواب میں اگر میز کا پایہ ایک بار حرکت کرے تو اس کو حرف الف قرار دے اور اگر دو بار حرکت کرے تو حرف 'ب' اور جو تین بار حرکت کرے تو حرف 'ٹ' قرار دے۔ اسی طرح آخر حروف ہجی تک حساب کرے۔ بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ آواز نہیں آتی بلکہ اہلِ حلقہ میں سے ایک شخص کے ہاتھ کی انگلی حرکت کرتی ہے۔ اس وقت لازم ہے کہ فوراً قلم اس کے ہاتھ میں دے کر کاغذ نیچے رکھ دیں۔ پھر جو سوال اس سے کریں گے اس کا جواب وہ کاغذ پر لکھ دے گا اور بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ وہی شخص جس کی حالت متغیر ہوئی ہے۔ مہمل باتیں بکنے لگتا ہے۔ اس وقت جان لیں کہ اب رُوح آ گئی ہے۔ اس وقت جو سوال اس سے کریں گے وہ جواب دے گا۔ بعض لوگوں کے سامنے رُوح آ جاتی ہے اور بعض اوقات دیوار پر ان کو روشنی معلوم ہو کر اس میں عبارت لکھی ہوئی نظر آتی ہے جس کو وہ بخوبی پڑھ سکتا ہے۔ اگر یہ معمول اس بات کی مشق کرے گا تو رُوحیں مجسم ہو کر اس کے سامنے آنے لگیں گی اور اس کے ساتھ محبت رکھیں گی اور اس روشنی میں تمام مکان کی چیزیں ذی رُوح اور غیر ذی رُوح سب اس کو نظر آئیں گی اور اس روشنی کو سوائے معمول کے کوئی دوسرا نہ دیکھے گا۔ جس شخص پر خواب مقناطیس طاری کرتے ہیں وہ بھی اسی قسم کی روشنی دیکھتا ہے۔ یہ بات تجربہ ہو چکی ہے کہ اگر اہلِ حلقہ کسی خاص شخص کی رُوح کا تصور نہ بھی کریں گے تب بھی ان کے

دوست کی رُوح حاضر ہو گی۔ جیسا کہ مقناطیس لوہے کو جذب کرتا ہے اسی طرح ارواح رُوح کو جذب کرتی ہیں۔ رُوحوں سے مہمل سوال نہیں کرنے چاہئیں بلکہ ایسے سوال کریں جو مطالب رُوحانی سے متعلق ہوں۔ جب کسی گنہگار کی رُوح آتی ہے تو وہ رونے لگتی ہے۔ اس وقت اس کے واسطے خداوند تعالیٰ سے دُعائے مغفرت کرنی چاہیئے اور اس رُوح کو تسلی دینی چاہیئے۔ بعض رُوحیں حاضر ہو کر اپنا نام نہیں بتاتیں بلکہ اشارے سے کہتی ہیں۔ میں ایک دفعہ حلقہ کے اندر تھا۔ میں نے دُعا و مناجات اور ذکر کرنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ معمول بے ہوش ہو گیا۔ پھر میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ میرے سامنے آن کھڑا ہوا ہے۔ یہ شخص ایک سال پہلے مر چکا تھا۔ میں نے اہلِ حلقہ سے کہا کہ دیکھو فلاں شخص کھڑا ہے۔ میرے یہ کہتے ہی وہ شخص نظر سے غائب ہو گیا اور معمول کے جسم میں ایسا لرزہ ہوا کہ میز پر سر رکھ کر بالکل بے حس ہو گیا۔ میں نے اور دو اور لوگوں نے مل کر اس کو پلنگ پر لٹا دیا اور 'پاس' منقلب کرنے شروع کئے۔ یہاں تک کہ اس کو تسکین ہوئی مگر وہ رونے لگا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تیرا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میں اپنا نام ظاہر نہیں کر سکتا اور میرے اوپر سخت عذاب اور تکلیف ہے۔ اس سبب سے میں روتا ہوں۔ میں نے اس رُوح سے چند سوال کئے۔ پہلا سوال یہ تھا کہ تو نے دنیا میں کیا گناہ کیا تھا؟ اس نے جواب دیا کہ میں خدا کی نافرمانی کرتا تھا اور اب ایک تنگ و تاریک مقام میں قید ہوں اور ہر روز تازہ عذاب مجھ پر کیا جاتا ہے۔ ہم لوگوں نے اس کے حق میں دُعا و مناجات کی۔ اس وقت معمول نے اپنے ہاتھ پیر کو جمع کر کے کہا کہ اب مجھ کو قدرے آرام معلوم ہوتا ہے۔ جسم معمول کا سرد ہو گیا۔ پسینہ اس کو بہت آیا تب ہم نے رُوح سے کہا اب تم تشریف لے جاؤ اور معمول پر 'پاس' منقلب کئے وہ فوراً ہوش میں آ گیا۔ یہ جو کچھ بیان کیا گیا ہے درست ہے مگر اس فن کے استادوں اور شارحین کا یہ عقیدہ ہے کہ عامل پہلے ایک شخص معین کو اپنا معمول قرار دیں۔ بعد ازاں اس کی میلانِ طبع کے موافق عمل شروع کریں۔

2- رُوح سے رابطہ کرنا

اگر کوئی مسئلہ بہت ہی مشکل آن پڑے اور آپ کا کوئی عزیز جو کہ دنیا سے گزر گیا ہو اس کے بغیر مشکل حل نہ ہوتی ہو اور اُس کے بتائے بغیر معاملے کو ختم نہ کیا جا سکتا ہو تو یہ ناممکن ہے کہ وہ آئے کیونکہ یہ سب کو معلوم ہے کہ دنیا سے جانے کے بعد کوئی بھی کبھی واپس نہیں آیا لیکن اگر ہم اُس عزیز کی رُوح سے رابطہ کے لیے عمل کریں تو ایسا ممکن ہے۔ کہ جانے والے کی رُوح عالم برزخ سے آ کر اس عالم میں آپ کی صحیح بات سے رہنمائی کرے۔ اور جو گتھی سلجھ نہیں پا رہی تھی اُس رُوح کی مدد سے سلجھائی جا سکے۔ خوب پاک صاف ہو کر اور پاکیزہ سفید لباس پہن کر اُس کی قبر پر چلے جائیں جس کی رُوح کو حاضر کرنا ہے۔ قبرستان میں داخل ہو کر طریقے کے مطابق سلام کریں۔ اب قبر کے داہنی طرف کھڑے ہو کر اپنا حصار باندھیں۔ سب سے پہلے اول 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۂ فاتحہ ایک بار تلاوت کریں۔ نہایت نرمی کے ساتھ۔ پھر سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے حق میں دُعائے

خیر کریں۔اب آپ وہیں داہنی طرف بیٹھ جائیں۔اور سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کریں۔یہ بھی نرمی سے اور ایک ایک لفظ ٹھہر ٹھہر کرادا کریں۔جس طرح قرآن کو پڑھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔سورۂ یٰسین میں لفظ 'مُبِیْن' سات مرتبہ آتا ہے۔آپ جب پہلی مرتبہ ''مُبِیْن'' پر پہنچیں تو اس کو 7 مرتبہ دہرائیں۔اور سورۂ یٰسین کو وہیں ''مُبِیْن'' کے بعد سے شروع کریں۔یعنی جب بھی لفظ ''مُبِیْن'' آئے سات مرتبہ اُس کی تکرار کریں۔تصور مرحوم کا رکھیں۔سات بار سورۂ یٰسین کو اسی طریقہ کے مطابق پڑھیں۔جیسا کہ بیان کیا گیا ہے پڑھائی ختم کر کے 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جو آپ نے پڑھا ہے اُس کا ثواب صاحب قبر کو بخش دیں اس کے بعد وہیں بیٹھ کر اللہ سے گڑگڑا کر یہ دُعا مانگیں۔

''یا اللہ میں فلاں امر میں بہت پریشان ہوں جیسا کہ تو خوب دیکھ رہا ہے اور میری پریشانی بغیر صاحب قبر کی مدد کے حل نہیں ہو سکتی۔میری ملاقات فلاں بن فلاں سے جو دنیا سے گزر گیا ہے کرا دے''۔دس پندرہ منٹ تک دُعا مانگنے کے بعد وہیں بیٹھے رہو۔(یہ عمل عصر کی نماز کے فوراً بعد کرنا ہے)۔دوسرے دن پھر یہی عمل دہرائیں حتیٰ کہ آپ کو پانچ روز ہو جائیں۔پانچویں دن تھوڑے ہوا کے جھونکے آپ کو محسوس ہوں گے جو کہ ٹھنڈے ہوں گے۔بس آپ سمجھ جائیں کہ آمد ہونے والی ہے (دل کو مضبوط رکھیں کیونکہ ہمت والا ہی اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکتا ہے۔ڈرنے کی قطعی ضرورت نہیں کیونکہ آپ مضبوط ترین حصار میں ہوں گے۔بلکہ بہتر ہوگا۔کہ کسی عامل کامل سے اس عمل کی اجازت طلب کریں تاکہ وہ آپ پر دورانِ عمل نظر رکھے)۔قبر کی بائیں طرف غور سے دیکھیں آپ کو ایک متحرک ہیولہ دکھائی دے گا جو دھیرے دھیرے ایک مجسم شکل اختیار کر جائے گا۔جو صاحب قبر کا جسم ہوگا۔اُن کو سلام کریں اور شکریہ آنے کا ادا کریں۔اُن کے سلام کے جواب میں آپ جب شکریہ ادا کر چکیں تو اُن سے اپنا مقصد بیان کریں اور اس کا حل دریافت کریں۔وہ آپ کو مسئلہ کا حل بتائیں گے اور جانے کی فوراً اجازت طلب کریں گے۔آپ بھی فوری طور پر بجائے مزید سوال کرنے کے اُن کو جانے کی اجازت دیں اور ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کریں۔گھر آ کر وضو کریں اور تلاوتِ قرآن پاک کر کے اُس کا ثواب صاحب قبر کو بخش دیں۔

☆ جو شخص یہ چاہے کہ خواب میں کوئی بات معلوم کرے۔ذیل کے اسم اپنے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر لکھ کر سو رہے۔اسم یہ ہے ''یا شمخیشا یا کسفیائیل'' اور سوتے وقت یہ الفاظ کہے۔﴿''اَجِبْ یَا خَادِمِ هٰذَا الْاِسْمِ وَ اَخْبِرْنِی عَنْ کَذَا''﴾۔پھر اس اسم کو اتنی دیر تک پڑھے کہ نیند آ جائے۔خواب میں کوئی شخص کہہ دے گا کہ یہ کام اس طرح کریں۔

☆ ظاہری اور باطنی خبریں معلوم کرنے کے لیے اسم ''خَبِیْرُ'' کو ندا کے ساتھ عروجِ ماہ میں روزانہ اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق' ایک ہی وقت اور مقام پر بہ شرائط 40 روز ذکر کریں۔پڑھنے کا طریقہ یوں ہے۔''یَا غسعیائیلُ وَ بِحَقِ یَا خَبِیْرُ''۔ظاہری طور سے تو زمین کی باتیں معلوم ہوتی ہیں اور باطنی

طور سے دلوں کی باتوں اور خیالات کا انکشاف ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

☆ اگر چاہیں کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا اور باوجود ہزار کوششوں کے وہ متوجہ نہ ہوتا ہو یا اگر کوئی جائز کام ہے تو یوں کریں کہ طالب کے نام کے اعداد اور اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے استخراج کریں۔ اگر کوئی کام ہے یا نوکری چاہیئے تو اُس کی عبارت بنا کر اسکے اعداد نکالیں۔ اور حُب کے لیے ساعت زہرہ میں جمعہ کے دن اگر نوکری درکار ہے تو جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں ایک مقام پر بیٹھ کر جہاں آپ کے علاوہ اور کوئی نہ ہو روزانہ آتشی چال سے سو 100 عدد مثلث نقوش اپنے سرحرف کے عنصر کے مطابق بھریں اور آٹے میں گولیاں بنا کر حوالے دریا کریں۔ 19 دن کا عمل ہے۔ کیسا ہی سخت دل اور مغرور کیوں نہ ہو آپ کی محبت میں گرفتار ہوگا۔ اگر روزی کا عمل ہے تو انشاءاللہ روزی کا بندوبست غیب سے ہوگا۔ مجرب ہے۔

3-حاضرات

ایک گول اور ہلکی میز بنوائیں جس کے پائے تین ہوں۔ میز کے اوپر پاک وصاف کپڑا ڈال دیں۔ اس کپڑے کو عطر لگا کر معطر کر دیں۔ کچھ خوشبودار پھول میسر ہو سکیں تو وہ بھی میز پر رکھ دیں۔ ایک پاک وصاف اور علیحدہ مقام تجویز کریں۔ اگر مکان زیرزمین ہو تو وہ زیادہ موزوں رہے گا۔ وہاں درمیان میں میز رکھ دیں اور بالکل اندھیرا کر دیں۔ چھ آدمی ایسے تجویز کریں جو مذکورۃ الصدر مشقوں کو کر چکے ہوں ان آدمیوں میں پانچ کو ممبر بنالیں اور ایک کو ان کا امیر یا صدر بنا دیں۔

اب وہ صدر مجلس ان پانچ آدمیوں کو حکم دے کہ وہ دو دو نفل اس طرح پڑھیں کہ سورۃ فاتحہ کے بعد سو بار سورہ اخلاص پڑھیں۔ اس کے بعد صدر اس میز کے اردگرد آیت الکرسی سے حصار کرے تاکہ کوئی شیطانی جناتی رُوح اور ہمزاد وغیرہ آ کر دھوکہ نہ دے سکے۔ اب اس میز کے اردگرد بیٹھ کر جس رُوح کو بلانا مقصود ہو اس رُوح کو ان نوافل کا ایصال ثواب کر دیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں پھر اس میز کے اردگرد اس طرح بیٹھیں کہ ان کے ہاتھ میز پر رکھے ہوں۔ میز پر ہاتھوں کا دباؤ نہ پڑے۔ اجسام کو ڈھیلا چھوڑ دیں۔ ہاتھ اس طرح رکھیں کہ ہر ایک ممبر اور صدر کا ہاتھ ایک دوسرے سے لگا ہوا ہو یعنی چھنگلی ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہو اور اپنے دونوں انگوٹھوں کو بھی ملائے رکھے۔ ہاتھ کی انگلیاں مس کریں لیکن جسم ایک دوسرے سے مس نہ کریں یہاں تک کہ ایک شخص کا کپڑا بھی دوسرے شخص کو نہ لگے۔ اب سب اس رُوح کا تصور کریں جسے بلانا مقصود ہو۔ اگر اس کا فوٹو دیکھ چکے ہوں تو پھر آسانی سے تصور جم سکے گا ورنہ اس کے اوصاف یا اس کی قبر یا اس کے ماحول کا تصور جمائیں یا پھر اس کے جام کا تصور کریں اور صدر مجلس سورۃ یٰسین کی آہستہ آہستہ تلاوت کرے۔ جب "سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ" پر پہنچے تو سب ممبر اس آیت کو دہرائیں۔ بار بار پڑھیں اور رُوح کو تصور سے اپنے طرف کھینچیں اور اپنی قوت ارادی سے یوں

سمجھیں کہ بس وہ آ گئی ہے۔ تھوڑی ہی دیر بعد ممبروں کو اپنے ہاتھوں میں ایک قسم کی سنسناہٹ اور گرمی سی محسوس ہونے لگے گی۔ زبردست خوشبو کا جھونکا مشام دماغ کو معطر کر دے گا یا آپ پر رقت طاری ہو جائے گی۔ آپ کا بے ساختہ رونے کو جی چاہے گا یا آپ پر وجد کی کیفیت طاری ہو جائے گی۔ ذکر جاری ہو جائے گا اگر اس حالت میں حلقہ ٹوٹ جائے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر آپ کو ہوش ہے تو "سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" کا ورد آہستہ آہستہ کرتے رہیں۔ کبھی کبھی میز بھی حرکت میں آ جائے گی۔ آنکھیں بند رکھیں۔ اگر آپ کی ملکوتی نگاہ کام کر رہی ہے تو زیارت نصیب ہو گی۔ اب صدرِ حلقہ اس رُوحانی رُوح سے بات چیت شروع کرے۔ سب سے پہلے یہ مطالبہ کرے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے طاقت دی ہے کہ آپ مجسم ہو کر ہمیں اپنی شکل وصورت کی زیارت بھی کرا سکتے ہیں لہٰذا زیارت کرائیے تاکہ حاضرین مجلس کو آپ جیسے رُوحانی بزرگ کی تشریف آوری کا عین الیقین ہو جائے پھر اس کے بعد فیض عنایت کرنے کا مطالبہ کرے کہ آپ نے جو زندگی میں بہت کچھ حاصل کیا ہے اس فیض کی ہم لوگ آپ سے بھیک مانگتے ہیں۔ آپ اپنے فیض کی زکوٰۃ ہی دے دیں۔ اگر کسی صورت سے بھی وہ فیض دینے کے لئے تیار نہ ہوں تو اس سے اپنی سلب کرنے والی قوت سے کچھ فیض سلب کر لے۔ جب کام نکل جائے تو رُوح کو واپس جانے کی اجازت دیں اور کہیں کہ آپ تشریف لے جا سکتے ہیں۔ ان کی تشریف آوری اور اس تکلیف دہی کا شکریہ ادا کریں۔

4- حاضرات ارواح

اگر کوئی کسی مردہ کو دیکھنا چاہے اور یہ معلوم کرنا چاہے کہ قبر میں اس کی کیا حالت ہے تو چاہیئے کہ درود شریف اور دو رکعت نماز نفل پڑھے سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص سات سات بار پڑھے پھر یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر سو جائے تو مردہ کو انشاء اللہ ضرور دیکھے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

﴿صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ﴾

5- حاضراتِ ارواح

(رُوح سے ملاقات کرنے کا عمل)

لگاتار تین دن یہ عمل کریں انشاء اللہ ملاقات ہو گی۔ عمل بدھ، جمعرات، جمعہ کو کریں۔ کمرہ ایسا ہو جہاں کوئی دوسرا نہ ہو مکمل تنہا اور بستر وغیرہ پاک وصاف ہو۔ کمرے میں اگربتی سلگائیں۔ سونے سے پہلے مندرجہ ذیل نقش کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیں اور بستر ہی پر بیٹھ کر 3 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ سُوْرَةُ التَّكَاثُر، پھر 7 مرتبہ سُوْرَةُ وَالضُّحٰی پھر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر سو

جائیں- جب تک نیند کا غلبہ نہ آئے بلا تعداد درود شریف پڑھتے رہیں- 3 دن تک ایسے ہی عمل کریں- روزانہ نیا نقش لکھیں اور نقش کے نیچے اس شخص کا نام مع والدہ لکھیں جس سے ملاقات کی خواہش ہو- صبح اٹھ کر یہ نقش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں- نقش درج ذیل ہے-

٧٨٦

					7 س	13 م	19 ط	25 ق	1 ن
					20 ن	21 س	2 م	8 ط	14 ق
					3 ق	9 ن	15 س	16 م	22 ط
س	م	ط	ق	ن	11 ط	17 ق	23 ن	4 س	10 م
					24 م	5 ط	6 ق	12 ن	18 س

﴿الٰہی بِحُرمَتِ ایں نقش فلاں بن فلاں سے خواب میں ملاقات ہو بِحَقِّ سلیمَانُ بِن دَاؤد عَلَیْہِ السَّلَام﴾

6- حاضرات الارواح

(خواب میں ارواح اموات سے ملاقات کرنے کے بیان میں)

صاحب مصنف ومؤلف قیصر احمد بی اے کراچی (پاکستان) عرض کرتا ہے کہ میں نے بعض علمی مسائل ارواح اموات سے حل کیے ہیں اور اس کتاب کے کئی اعمال ارواح سے معلوم کر کے کتاب میں شامل کیے ہیں۔ جو شخص سعادت ازلی اور نعمت سرمدی یعنی رُوح نبویؐ کی خواب میں زیارت کرنا چاہے اس کو لازم ہے کہ طہارت ظاہری وباطنی کے ساتھ نہایت خشوع وخضوع سے بعد نماز عشاء کے اس درود شریف کو پڑھ کر سویا کرے۔

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ نَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ﴾o

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں زیارت شریف سے مشرف ہوگا اور جو مشکلات رکھتا ہوگا سب اس کی برکت سے آسان ہو جائیں گی۔ احقر اس کا تجربہ کر چکا ہے اور صحیح پایا ہے۔

''خزینۃ الاسرار'' کے مصنف جو کہ مکہ مکرمہ میں حنفی مصلّٰی کے امام تھے اور بہت مرتبہ حضورؐ کی زیارت سے مشرف ہوئے تھے۔ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ مجھ کو تمنا ہوئی کہ میں حضورؐ پرنور کی اس صورت کے ساتھ زیارت کروں جس صورت کے ساتھ ازواج مطہرات اور صحابہ کرام حضورؐ کو دیکھتے تھے۔ یعنی اصلی صورت کے ساتھ۔ تب میں نے ایک ہزار بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی رُوح مبارک کو بخشا اور ایک ہزار بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رُوح مبارک کو بخشا

اور ایک ہزار بار سورۂ مذکورہ کو پڑھ کر اس کا ثواب حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی رُوح مبارک کو بخشا اور ان تینوں بزرگواروں سے اس بات کی شفاعت چاہی کہ میں حضورؐ کی زیارت سے اس صورت کے ساتھ مشرف ہوں جس صورت کے ساتھ آپ حضورؐ کو دیکھتی تھیں۔ پھر شب جمعہ کو میں نے ایک ہزار بار یہ استغفار پڑھی۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور نہایت عجز و انکساری کے ساتھ خدا سے دعا کی کہ میری رُوح کو حضورؐ کی رُوح مطہر کی خدمت میں پہنچا دے اور پھر میں نے ایک ہزار بار یہ درود پڑھا۔

﴿اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاسَیِّدِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْبِیَدِیْ قَلَّتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ ٥﴾

اور حضورؐ سے شفاعت چاہی کہ خدا تعالیٰ آپ کی زیارت سے اس صورت کے ساتھ مجھ کو مشرف کرے جو صورت لوگ آپ کی زندگی میں دیکھتے تھے۔ پس اسی رات میں آپؐ کی زیارت سے مشرف ہوا اور جمال باکمال آپؐ کا مثل ماہ کامل کے مجھ کو نظر آیا جس کا بیان کرنا ممکن نہیں اور بے اختیار زبان سے نکلا۔ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ ٥ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ٥

7- برائے حل کا راز ارواح

اگر کوئی شخص اپنے کسی امر میں حیران و پریشان ہو اور کسی طرح چارہ کار اس کو نظر نہ آتا ہو اور کوئی طریقہ کشائش کا نہ ملتا ہو۔ اس وقت وہ عالم ارواح سے مدد حاصل کرنی اور بزرگان دین سے ہدایت پانا چاہے۔ تو اس طریقہ کو حضور قلب کے ساتھ بجا لائے کہ بعد نصف شب کے غسل کرے اور پاکیزہ کپڑے پہن کر خوشبو لگائے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور جو سورۃ یاد ہو وہ پڑھے اور سجدہ میں سر رکھ کر ایک ہزار بار یہ دعا پڑھے۔

﴿یَارَبِّ دُلَّنِیْ عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَرِّفَنِیْ طَرِیْقَ اُوْصُوْلِ اِلَیْکَ ٥﴾

اس کے بعد اسی جگہ سو رہے۔ خواب میں کسی بزرگ کی رُوح سے ملاقات ہوگی اور چارہ کار معلوم ہو جائے گا۔

8- حاضرات

طریقہ عروج ماہ میں دائرۃ الارواح کی مندرجہ ذیل شکل کو کاغذ پر تحریر کریں اور سیاہ دائرہ پر عطر گلاب لگا کر دائرہ میں نظر جما کر بغور دیکھتے رہیں اور آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۂ یٰسین اور 28 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں تو لحہ بھر میں دائرہ میں ارواح رُوحانیات عامل سے نہایت ادب واحترام کے ساتھ سلام کر کے اس کا مطلب دریافت کرتی ہیں۔ عامل اپنا جو مقصد ہو بیان کرے اور جو چیز اسے معلوم کرنا ہو پوچھے۔ ارواح رُوحانیات فوراً ہر حکم بجا لائیں گی۔ مندرجہ ذیل عزیمت کو 28 مرتبہ پڑھ کر دائرہ پر پھونکیں پھر دائرہ میں نظر جما کر دیکھیں۔ دائرۃ الارواح اور عزیمت عمل درج ذیل ہیں۔

﴿اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْاَرْوَاحُ الطَّيِّبَةُ الْمُبَارِكَةُ الْمَائِيَةُ وَالْهَوَائِيَّةُ وَالتُّرَابِيَّةُ وَالْعَلْوِيَتهُ وَالسِّفْلِيتهُ مَنْ يُطْلِعُ مِنْكُمْ يَسْتَرِقُ السَّمْعَ اِلَى السَّمَآءِ وَمَنْ يُوَافِقُ الْكَوَاكِبَ فِي الْاُمُورِ الْخَفِيَةِ وَالْمُخْتَلِفَةِ وَمَنْ يَسِيْرُ سَيْرَ النُّجُومِ وَمَنْ سَيَتَفِي بِنُورِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَهُوَ مَخْلُوقٌ تَحْتَ الْاَرْضِ وَمَنْ يَطِيْرُ فِي الْهَوَى وَمَنْ يَادِي فِي السَّحَابِ وَالْبِحَارِ وَالْقِفَارِ وَالْبَرَارِي الْمَرَحِ وَالْجِبَالِ وَالْاَكَامِ وَالْمُفَازَاتِ وَالسَّهْلِ وَالْوَعَرِ وَالْاَمَاكِنِ الْمُنْقَطِعَتهِ وَالطَّرَفِ الصَّبِعَةِ وَالْمَرَاضِعِ الْمُظْلِمَةِ وَالْمُضِيْئَةِ وَمَنْ خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ نَّارِ السَّمُومِ وَمَنْ هُوَ سَامِعٌ مُطِيْعٌ لِاَسْمَاءِ اللّٰهِ مِنْ نَارِ السَّمُوْمِ وَمَنْ هُوَ سَامِعٌ مُطِيْعٌ لِاَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى بَاهِيًا شَرَاهِيًا اَوْدَ نَائِي اَصبَاؤُتْ اٰلَ شُدَاءِ ى

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَیُّھَا الْاَرْوَاحُ بِالْحَیِّ الْقَیُّوْمِ اِلَّا مَا اَجَبْتُمْ وَ حَضَرْتُمْ اِلٰی عَلَبَسِی ھٰذَا فِیْ اِسْرَاعِ وَقْتٍ وَّابْلَغْ سَاعَۃٍ ۝ (28 مرتبہ پڑھیں)۔

9-معشوق زندہ یا رُوح مردہ کو خواب میں دیکھنے کے واسطے

جو شخص کسی مردہ کی رُوح سے خواب میں ملاقات کرنی چاہے یا معشوق کے جمال کو دیکھنا چاہے اس کو لازم ہے کہ وہ بعد نماز عشاء حضور قلب کے ساتھ ایک ہزار بار اسم "یَالَطِیْفُ" اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھ کر سو رہے جو نیت کرے گا خواب میں اس کے سامنے آئے گی اور بخوبی سوال و جواب کر سکے گا۔ اگر اس عمل کو روز کرے اور مشق ڈالے تو بہت بہتر ہے بلکہ نُورٌ عَلٰی نُور ہے۔

10-روح سے ملاقات کرنے اور غائب کا حال معلوم کرنے کے واسطے

جو شخص خواب میں کسی رُوح سے ملاقات کرنی چاہے یا غائب کا حال دریافت کرنا یا خزانہ وغیرہ کو معلوم کرنا چاہتا ہو تو اس کو لازم ہے کہ پیر کے روز روزہ رکھے اور رات کو وضو کر کے سو رہے۔ پھر صبح منگل کے روز طلوع آفتاب سے پہلے ان آیات کو گلاب اور زعفران سے سبز کپڑے پر لکھے۔ آیات یہ ہیں۔

﴿اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ ۝﴾

پھر اس کپڑے کو عنبر اور عود کی دھونی دے کر ایک ڈبیہ میں بند کر دے اور ایسی جگہ رکھے جہاں کسی کی نظر اس پر نہ پڑے اور دھوپ اور چاندنی میں بھی نہ رکھے۔ پھر بدھ کی رات عشاء کی نماز کے بعد دعا کا اس قدر ورد کرے کہ پڑھتے پڑھتے نیند آ جائے۔ دعا یہ ہے۔

﴿یَا عَالِمَ الْمَخْفِیَّاتُ الْاُمُوْرُ یَا مَنْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اِطْلِعْنِیْ عَلٰی کُلِّ مَا اُرِیْدُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝﴾

اسی رات میں خدا چاہے تو کل حال معلوم ہو جائے گا ورنہ بدھ کو روزہ رکھ کر جمعرات کی شب یہی عمل کرے اور جب بھی کام نہ ہو تو جمعرات کو روزہ رکھ کر جمعہ کی شب کو عمل کرے۔ ضرور حال معلوم ہوگا۔

11-تسخیر الارواح

جو شخص رُوحانیات سے ملاقات کرنی چاہے اس کو لازم ہے کہ قدرے لوبان اور ہم وزن سندرس اور برگ ترنج اور اسی قدر برلوف ان سب چیزوں کو ملا کر سایہ میں خشک کر کے خوب کوٹ پیس لے اور چنبیلی کے تیل میں ملا کر قدرے صمغ شجیر اضافہ کر کے گولیاں چنے کی مقدار سے ذرا بڑی بڑی بنالیں اور منگل کے روز چوتھی ساعت میں ان گولیوں کو تیار کر کے سایہ میں خشک کرے اور اس روز روزہ سے بھی ہو اور ترک حیوانات بھی کیا ہو۔ گولیوں کے بنانے کے وقت ستر مرتبہ سورۂ اِنَّـآ اَنْزَلْنٰـهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ آخر تک پڑھ کر دَم کرے۔ بعد ازاں گولیوں کو ایک پاکیزہ برتن میں سایہ میں رکھ دے اور تین شب برابر گولیوں کو ستاروں کے سایہ میں خشک کرے اور چودہ مرتبہ سورۃ مذکورہ ہر شب پڑھ کر ان پر دَم کرے۔ پھر ایک پاک ڈبیہ میں بند کر کے رکھ لے۔ جس وقت ضرورت ہو تو ایک انگیٹھی میں بلوط کی لکڑی سلگا کر ان پر ان گولیوں کو ایک ایک کر کے روشن کرے اور یہ دعا پڑھے۔

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْضِرَلِیْ رُوْحَانِیَّتَهٗ مِنْ رُوْحَانِیَّتِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ٥﴾

سو بار یہ دعا پڑھنے نہ پائے گا کہ بہت سے مؤکلات اور رُوحانیات حاضر ہوں گے۔ ان میں سے جس کے ساتھ منظور ہو کلام کرے اور اپنی روائے حاجت چاہے انشاء اللہ فوراً پوری ہو گی۔

دوسرا طریقہ طہارت ظاہری اور باطنی کے ساتھ مکان خلوت میں مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد داخل ہو اور مندرجہ ذیل آیت شریف کو 21 روز 121 بار حضور قلب کے ساتھ پڑھے اور خوشبو جلائے۔ امید قوی ہے کہ آخری روز مؤکل سے ملاقات ہو گی اور دینی و دنیاوی حاجت روا ہو جائیں گی۔ عمل کے وقت ایک پھول چنبیلی کا تازہ اپنے سامنے روزر کھے اور جس وقت مؤکل تشریف لائیں وہ اس کی نذر کر دے۔ آیت شریف یہ ہے۔

﴿وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰـهَ یَجْعَلْ لَّـهٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ٥ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَحَسْبُهٗ ٥ اِنَّ اللّٰـهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْجَعَلَ اللّٰهُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ٥﴾

12-حاضرات برائے زیارت

﴿فَضْلُ یَا فَضْلُ پنجتنؑ پاک دُرُسْتِ خداوندا کِبریا قادریہ قادر کی قدرت. بے حد شمار جدوں پیدا کیتا دلدل دا سوار. تساں بنائیں لولاک گداں. تیرے دَر تے آیا مَیں بے

گس گداں۔ مشکل حَل کرو میری مُشکل کُشا۔ فضل کا نظارہ کرم کی نگاہ۔ عَلیٌّ لَافَتحَ عَلیٌّ لَافَتحَ عَلیٌّ لَافَتحَ ﴾

طریقہ کسی بھی جمعرات کے دن صاحب مزار کے سرہانے بیٹھ کر سو بار درود شریف پڑھیں اور سو بار سورۂ اخلاص پڑھ کر نہایت خشوع وخصوع کے ساتھ خدا سے اس رُوح کے ظاہر ہونے کی دعا کریں اور مندرجہ بالا عمل آنکھیں بند کرکے لاتعداد مرتبہ پڑھیں۔ صاحب مزار کی رُوح انشاء اللہ حاضر ہوگی۔ پس لازم ہے کہ عمل کو ختم کرکے رُوح سے ہمکلام ہو اور اس کے سلام کا جواب دے اور سوال وجواب کرکے بعدۂ سو بار درود ابراہیمی پڑھے۔ انشاء اللہ ہر جائز مراد پوری ہوگی اور ہر مشکل مسئلہ کا حل صاحب مزار سے معلوم ہو جائے گا۔

نوٹ یہ عمل مبارک بہت ہی بڑی مصیبت یا پریشانی میں کریں۔ بلاضرورت نہ کریں۔ تاکید ہے۔ نااہل سے اس عمل کو پوشیدہ رکھیں۔

13-حاضرات چاند گرہن

چاند گرہن یا سورج گرہن میں ایک صاف شفاف شیشے کی سفید بوتل میں صاف پاکیزہ پانی ڈال کر بوتل کو تیار رکھیں۔ گرہن کے وقت ذیل میں دیئے گئے نقش مبارک کو صاف کاغذ پر زعفران وعرق گلاب سے لکھ کر بوتل کے اندر ڈال دیں اور بوتل کو اچھی طرح ڈھکن لگا کر بند کرکے چھت یا کھلی جگہ پر رکھ دیں تاکہ گرہن کی شعائیں بوتل میں موجود پانی پر اپنے اثرات ڈال سکیں۔ گرہن ختم ہونے کے بعد بوتل کو احتیاط کے ساتھ رکھ دیں۔ اگر بوتل پر نیلا آسمانی یا سیاہ کاغذ چسپاں کردیں تو اور زیادہ بہتر رہے گا۔ پس مآء الارواح تیار ہے۔

اب آپ جب ارواح رُوحانیات کا مشاہدہ کرنا چاہیں تو کسی صاف ڈراپر سے چار چار قطرے مآء الارواح کے سوتے وقت دونوں آنکھوں میں ڈال لیں اور سو جائیں۔ خواب میں ارواح رُوحانیات سے ملاقات ہوگی۔ واضح رہے کہ گرہن کے وقت آسمان صاف ہو۔ نہ بادل ہوں نہ بارش اور نہ ہی آندھی اور نہ گرد وغبار کیونکہ یہ تمام چیزیں گرہن کی شعاعوں کو بوتل تک پہنچنے میں رکاوٹ بنیں گی۔ نقش لکھتے وقت اس بات کا دھیان رہے کہ دونوں مربع نقش تہہ کرنے کے بعد ایک دوسرے کے پیچھے آئیں اور نام دونوں کے نیچے۔

نقش مبارک مآء الارواح

۷۸۶

۴ ۲۱	۳ ۲۰	۸ ۲۵
۹ ۲۶	۵ ۲۲	۱ ۱۸
۲ ۱۹	۷ ۲۴	۶ ۲۳

۷۸۶

۸ ل	۱۱ ج	۱۴ ز	۱ ب
۱۳ ب	۲ ل	۷ ج	۱۲ ز
۳ ز	۱۶ ب	۹ ل	۶ ج
۱۰ ج	۵ ز	۴ ب	۱۵ ل

نقش کے نیچے یہ عبارت تحریر کریں۔

﴿بَرھَتِیَۃُ، کَرِیْرُ، تَتَلِیَۃُ، طُورَانُ، مَزجَل، بَزجَل، تَرقَبُ، بَرھَش، غَلمَش، خَوطِیر، قَلنَھُود، بَرشَانُ، کَظھِیرُ، نَمُوشَانخ، بَرھَیُولا، بَشکَیلَخُ، قَزمَزُ، اَنغَلِیَۃُ، قَبرَاتُ، غَیَاھَا، کَیدَھُولا، شَمخَاھِرُ، شَمخَاھِیرُ، شَمھَاھِیر، بِکَھطھُونِیَۃُ، بَشَارِشُ، طُونَش، شَمخَابَارُوخُ، اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ کَھکَھِیج، یَغطَش، بَلَطشَفَشغُوِیلُ، اَموِیلُ، جَلَدُ، مَھجَمَاھَلمَج، وَرَودِیَۃُ، مَتھَغِیَاجُ، بِعِزَّتِکَ اِلَّا مَا اَخَذتَ، سَمعَھُم وَ اَبصَارَھُم سُبحَانَ مَن لَیسَ کَمِثلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیعُ البَصِیرُ ۵﴾

14-مردہ رُوحوں سے بات چیت اور ملاقات کا نادر عمل

ایک صاف کورے کاغذ پر چاروں طرف حروف ابجد تحریر کریں۔ کاغذ کے درمیان میں ایک دائرہ بنائیں اور اس دائرے میں شیشے کا عمدہ گلاس لگا دیں اور ذیل کے کلمات کو مسلسل تلاوت کر کے گلاس پر پھونکیں۔ چندی لمحے بعد گلاس میں حرکت پیدا ہو جائے گی۔ اس وقت آمدہ رُوح کو پکاریں اور کہیں اے حاضر رُوح بتا تو کون ہے؟ عمل کے دریافت کرنے پر گلاس اپنی جگہ سے حرکت کرتا ہوا کاغذ پر لکھے حروف کی سمت جائے گا کہ یہ رُوح کون ہے۔ اب یہ آپ کی مرضی ہے کہ آپ اسی رُوح سے سوال پوچھیں یا اس کی مدد سے کسی رُوح کو بلا لیں اور اس سے سوال پوچھیں۔ حاضر رُوح ہر قسم کے سوالات کے جواب دینے کی پابند ہوگی۔ عبارتِ عمل یہ ہے

﴿خَنطَاً مَنطَاً مَلَجَاً عَلَیُونِ ھَا نِیطِ سَمعَاً سُعُبَتُ یَا مَن لَہُ الاَسمَاءُ الحُسنٰی وَ الصِّفَاتِ العُلیَا وَالضِّیَاءَ وِالھُجَۃَ وَالِیھَا رَبِّ اَعِنِّی بِمَلَا نِکَتِکَ وَالجِیبُونِی طَائِعِینَ یَفعَلُوا نِی جَنِ کَذَا وَ کَذَا اَجِیبُو اَیُّھَا الرُّوحُ العَالِیَۃِ بِحَقِّ مَن کَالِ لِلسَّمٰوٰتِ وَ الاَرضِ اِئتَا طَوعَاً اَو کَرھَاً قَالَتَا اَتَینَا طَائِعِینَ۔ آمین۔ یَا رَبِّ العَالَمِینَ﴾

15-حاضرات

ANY SOUL PASSING BY PLEASE COME INTO MY CIRCLE AND ANSWER MYQUESTION. INTO THE FAVOUR OF HAZRAT SULEMAN SON OF HAZRAT DAWOOD ALAH HIS SALAM.

طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو انگریزی زبان کے حروف **A** سے **Z** تک تھوڑے دور دور فاصلے پر لکھیں اور ان کے بیچ میں ایک سیاہ دائرہ بنائیں جو ایک روپے کے برابر ہو۔ اب آپ سیاہ دائرہ پر کسی بوتل کا ڈھکنا رکھ دیں اور مندرجہ بالا عزیمت دس گیارہ بار پڑھیں اور ڈھکنا پر کلمہ شہادت کی انگلی رکھیں۔ تھوڑی ہی دیر میں ڈھکن کے اندر روح آجائے گی اور ڈھکنا چلنا شروع ہو جائے گا۔ مثلاً آپ نے یہ پوچھنا ہے کہ فلاں بن فلاں امتحان میں پاس ہو گا یا نہیں؟ یا گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں؟ تو ڈھکنا چلنا شروع ہو گا اور ابجد کے چارٹ **N** پر رکے گا اب آپ لفظ **N** لکھ لیں۔ اب انگلی ڈھیلی چھوڑ دیں تو پھر یہ ڈھکنا **O** پر رک جائے گا۔ جب آپ نے دونوں الفاظ جوڑے تو لفظ **NO** بنا یعنی امتحان میں پاس نہ ہو گا۔ اسی طرح آپ سوالات کرتے رہیں اور لفظ جوڑتے جائیں آپ کو مکمل تسلی بخش درست جواب ملے گا۔ جب آپ جواب حاصل کر چکیں تو شکریہ ادا کریں اور کہیں کہ آپ کو اجازت ہے۔ **YOU CAN GO THANK YOU**۔

اس عمل میں مشق کی ضرورت ہے جوں جوں آپ حاضرات کرتے رہیں گے۔ تجربات بڑھتے رہیں گے اور آپ حاضرات میں ماہر ہو جائیں گے۔

16-حاضرات بر پارہ

50 گرام پارہ پر مندرجہ ذیل کلمات عمل کو چالیس بار تلاوت کر کے دَم کریں۔ اس پارہ کو کسی چینی کے پیالہ یا شیشے کے کسی پاک وصاف برتن میں ڈال دیں۔ ترکیب عمل کے مطابق بارہ سے چودہ سال تک کی عمر کے کسی پاکیزہ خیالات وعادات کے مالک لڑکی یا لڑکے کو اپنے معمول کے طور پر کسی پاک وصاف مکان میں جہاں مکمل سکون و سکوت ہو۔ عمل کی نشست گاہ پر بٹھائیں۔ برتن کو اس کے سامنے رکھیں اور اسے حکم دیں کہ وہ ارواح کے مشاہدہ کا تصور کر کے برتن کے پارہ میں اپنے نظر آنے والے عکس پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ عمل کے کچھ ہی وقفہ بعد برتن کے پارہ کے آئینہ میں ارواح کا نزول ہو جائے گا۔ اس حاضر ہونے والی روح سے معمول بچے کے ذریعے ہر قسم کے سوالات کے تسلی بخش جواب حاصل کر سکتا ہے۔ کلمات یہ ہیں۔

﴿يَا اَيَا مَوفِ يَاهَمَا هُوفِ يَمُوه عَاطُوهٖ يَا اَيَا هَلْطَيع يَا سَلطَيع غَليَوفِ فَلَيَوفِ هَشهَافِ قَشقَافِ مَالَا بِهَا سَوا هَلَافِ فَرفَوش

هُوزاً فُوزاً یَاهَیًا اَهَیًا سَوهَیًا یَامُوسُوهَرهَیًا فَرِیًا اَرْوَاحُ الْحَاضِرُونَ اَلْوحَا اَلْوحَا فَا اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعُفَا بِحَقِّ هَیُوفِ فَیُوفِ یَافِ یَاهُوفِ ۝

ان ضروری باتوں کا بیان جن کا جاننا عامل کے لئے لازمی ہے۔

17-کشف القبور

اگر کوئی شخص کسی مردہ کو دیکھنا چاہے اور یہ معلوم کرنا چاہے کہ قبر میں اس کی کیا حالت ہے؟ تو چاہئے کہ درود شریف اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص سات سات بار پڑھیں۔ پھر مندرجہ ذیل درود شریف پڑھ کر سو جائیں تو انشاء اللہ مردہ کو دیکھے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ۔ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامٌ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ۝﴾

18-حاضری (کشف القبور)

اکثر لوگ جو بزرگانِ دین کی قبروں پر جاتے ہیں اور اپنی حاجت بیان کرتے ہیں مگر ان کو صحیح طریقہ نہیں آتا کہ کس طرح عرض کرنا مقصود کے قریب لاتا ہے اور کس طرح دعوت دیں تو قبول ہوگی وہ لوگ جب کوئی مشکل اور کارِ عظیم درپیش ہو تو دعوت اس حدیث کی کریں تو بفضلِ خدا مقصد پورا ہوگا۔

﴿اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ ۝﴾

طریقۂ دعوت یہ ہے کہ اپنے اعتقاد کے مطابق اس بزرگ کی قبر پر جائیں جو صاحبِ ولایت ہو۔ کسی مبارک دن کا انتخاب کریں اور خاص وقت مقرر کریں اور ہر روز اسی وقتِ مقررہ پر وہاں حاضر ہو جایا کریں۔ اول صاحبِ قبر کی رُوح پر فاتحہ پڑھیں یعنی پہلے تین مرتبہ درود شریف پھر چہار قل بالترتیب پھر ایک مرتبہ الحمد شریف۔ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہی فاتحہ کا طریقہ ہے۔ اب 42 دفعہ مندرجہ بالا حدیث کو قبر کے سرہانے پڑھیں۔ پھر بیالیس مرتبہ درمیان قبر کے' پھر 42 مرتبہ پائیں قبر کے پڑھیں۔ جب پڑھنے سے فارغ ہوں تو یوں مخاطب ہوں۔

اے صاحبِ قبر! سنا آپ نے کہ حضرت رسالت پناہ ﷺ نے حدیث میں کیا ارشاد فرمایا ہے۔ بحکم خدا میری یہ حاجت برلا۔ (یہاں حاجت بیان کریں) ورنہ روزِ حشر سید المرسلینؐ کے حضور میں تیرا دامن گیر ہوں گا۔ پھر جس طریقہ سے پہلے فاتحہ پڑھی تھی اسی طرح اختتام پر بھی پڑھیں۔

اب وقت ایسا ہوگا کہ صاحبِ قبر کی حاضری ہوگی۔ پہلے لازم ہے کہ اسے دیکھ کر لاحول پڑھیں۔ اگر

شیطان ہوگا تو فرار ہو جائے گا اور اگر صاحب قبر ہوا تو حاضر رہے گا۔ لہٰذا اس وقت پھر عرض مدعا بیان کریں۔ مطلب پورا ہوگا۔ جن دنوں حاضری کے لئے کسی مزار پر جایا کرے تو اکثر کلمہ طیبہ کا ورد راستہ میں کیا کرے۔ اس سے جلدی حاضری ہوگی۔ اگر ورد ہمہ وقت رکھ سکے تو اور بھی بہتر ہوگا۔ یہ عمل اپنے پیرو مرشد کی زیارت کے لئے بھی کام دیتا ہے۔ کسی ولی کامل کی زیارت سے بھی مشرف ہو سکتا ہے اور کسی بزرگ سے تصرفات رُوحانی کے حصول میں مدد دیتا ہے۔ طالبان کشف القبور ردیدار پیشوایان طریقت کے لئے ایک تحفہ ہے وہ اس پر عمل کر کے ایک بہت بڑی منزل طے کر سکتے ہیں۔

نوٹ اس عمل کو نااہلوں سے پوشیدہ رکھیں۔ مرادیں مانگنے والوں پر بعض اوقات حاضری نہیں ہوتی۔ اس سے بددل نہیں ہونا چاہیئے۔ مقصد انشاءاللہ ضرور پورا ہوگا۔

19-کشف قبور

یہ وہ طریقہ ہے جس کے ذریعہ سے رُوح قبر پر عامل کے سامنے آجاتی ہے اور وہ اس سے ہم کلام ہو کر نیک و بد حالات معلوم کر سکتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی صاحب قبر کی رُوح سے ملاقات کرنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہنے اور عطر لگائے۔ پھر رات کو تہجد کے وقت جس رُوح سے ملاقات کرنی ہو تو اس کی قبر کے سرہانے جا کر دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو بار سورۂ اخلاص پڑھے پھر سلام پھیر کر سو بار درود شریف اور نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ خدا سے اس رُوح کے ظاہر ہونے کی دعا کرے۔ بعد ازاں سو بار درود شریف پڑھ کر تین بار سورۂ یٰسین شریف پڑھے اور جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پر پہنچے تو سات بار اس کی تکرار کرے اور اس آیت کو قبر کی طرف نظر اٹھا کر اور مخاطب ہو کر پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رُوح حاضر ہوگی۔ پس لازم ہے کہ سورۃ ختم کر کے رُوح سے ہمکلام ہو اور اس کے سلام کا جواب دے۔ اور سورۃ کے ختم ہونے کے بعد سو بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ یاد رکھیں کہ رُوحوں سے ملاقات کرنے کے واسطے رُوحانی اخلاق بھی حاصل کرنے چاہئیں کیونکہ بدکار اور بداعمال شخص سے رُوحیں نفرت کرتی ہیں اور اس کے پاس جانے سے خدا کی پناہ مانگتی ہیں۔ اس واسطے شائق کو لازم ہے کہ جب ان اعمال سے فیض یاب ہونا چاہے تو خدا کا نیک بندہ بن جائے۔ نیکوں کی صحبت اختیار کرے۔ نیک عادات و اخلاق سے آراستہ ہو۔ پھر جو عمل کرے گا اس میں برکت ہوگی اور جو لوگ دن بھر بداحتیاطیاں کرتے پھرتے ہیں اور حلال و حرام میں کچھ تمیز نہیں کرتے اور خدا کی اطاعت و عبادت دل سے بجا نہیں لاتے وہ اگر رات کو عمل پڑھیں گے تو کیا نتیجہ اس کا ظاہر ہوگا۔ اس بات کا وہ خود فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یہ عمل صاحب مصنف کا مجرب ہے اور کوئی شک و شبہ اس میں نہیں ہے۔ اگر کسی صاحب سے ایک دفعہ نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ کریں۔ خدا چاہے تو ضرور ہوگا اور نیز نزول ارواح کے وقت خوف نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ اس عمل سے رُوح بظاہر حالت بیداری میں آنکھوں کے سامنے

دکھائی دیتی ہے۔ اس عمل میں یہ بھی شرط ہے کہ عامل اور قبر کے درمیان کوئی حجاب نہ ہو۔

20-حاضری (کشف القبور)

طریقہ پانچ تسبیح پانچ دن کسی ولی اللہ کی قبر پا جا کر یا ولی اللہ کے مزار پر اور انگلی شہادت اس کے پیر پر رکھ کر پڑھیں۔ امید ہے کہ پہلے یا دوسرے روز آپ کا کام ہو جائے گا۔ ورنہ پانچ دن کے بعد قبر پھٹ جائے گی۔ ولی کے ساتھ بات چیت کریں۔ تسبیح پڑھ کر ولی کے پاؤں کی طرف سو رہیں۔ عمل یہ ہے۔

﴿یَا مُظْهِرُ الْعَجَائِبِ. یَا مُعَلِّمَ الْاِنْسَانِ مَالَمْ یَعْلَمْ مُقْبِلِ بِآسِلِ فُقْرًا وَدَلَائِلَ حَاضِرِیْنَ بِمِثْلِتِهٖ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝﴾

نوٹ عمل شروع چاند میں کریں اور عمل کرنے سے پہلے جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز دیں۔

21-کشف القبور

اگر کوئی اللہ کا نیک بندہ یا ولی اللہ اس دنیا سے کوچ کر گیا ہو۔ اور آپ ملاقات کے متمنی ہوں تو یہ عمل پڑھیں۔ بزرگ کی قبر پر جا کر پہلے چاروں کونوں کو صاف کریں۔ عمل منگل، بدھ، جمعرات کو کریں اور ہر کونے پر بیٹھ کر چار نفل پڑھیں اور پھر سات تسبیح ''یَا لَطِیْفُ'' کی پڑھیں۔ پھر دوسرے کونے میں جا کر چار نفل پڑھیں پھر نو تسبیح ''یَا لَطِیْفُ'' کی پڑھیں۔ پھر تیسرے کونے میں جا کر چار نفل پڑھیں۔ پھر نو تسبیح پڑھیں۔ پھر چوتھے کونے میں چار نفل پڑھیں۔ پھر نو تسبیح ''یَا لَطِیْفُ'' کی پڑھیں۔

پڑھنے کے بعد بزرگ کے سینہ یا دل پر اپنی کلمہ شہادت کی انگلی رکھ کر یہ الفاظ تین مرتبہ کہیں۔

﴿اے میرے بزرگ اگر میرا یہ کام نہ ہوا تو قیامت والے دن تیرا دامن اور میرا ہاتھ ہوگا﴾

یہ کہہ کر پھر تین تسبیح سورۂ کوثر کی پڑھیں اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں۔

نوٹ پڑھنے والا آدمی نیک و متقی ہوگا تو قبر پھٹ جائے گی اور بزرگ نکل آئے گا اور بات چیت کرے گا۔ اگر عامل پڑھنے والا گنہگار ہوگا تو خواب میں ضرور ملاقات ہوگی۔ سچا و نایاب عمل ہے۔ (آزمودہ است)

بغیر اجازت عمل نہ کریں اجازت لینا لازمی ہے۔

22-کشف القبور

کسی کا حال بعد انتقال کے معلوم کرنا۔ بزرگوں نے ایسے طریقے بکثرت تحریر فرمائے ہیں۔ مرنے کے بعد کوئی نہیں جان سکتا کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہوا۔ یعنی مرنے والا مقبول ہے یا معتوب۔ یہ راز خدا ہی جانتا ہے۔

بعض لوگ بظاہر اچھے ہوتے ہیں لیکن دربارِ خداوندی میں مقبول نہیں ہوتے۔ بعض بظاہر اچھے نہیں ہوتے مگر مقبول ہو جاتے ہیں۔ یہ سب پروردگار کے فضل وکرم اور قہر وعتاب پر موتوف ہے۔ اگر صاحب قبر مقبول ہے تو جلد حال معلوم ہوجاتا ہے۔ اگر معتوب ہے تو حال ظاہر نہیں ہوتا اور اگر معلوم ہوتا ہے تو خوفناک حالت میں۔ بہر حال کشف القبور کے واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ رات کے وقت دنیوی امور اور نمازِ عشاء سے فارغ ہو کر قبر کی طرف منہ کر کے بیٹھو۔ اس طرح کہ پشت قبلہ کی طرف رہے اور عامل کا منہ صاحب قبر کے سینہ کے مقابل ہو۔ ایک ہزار 1000 مرتبہ صرف اللہ الصمد پڑھو۔ اول و آخر تین تین بار درودِ ابراہیمی پڑھو۔ عمل پورا کر کے اسی جگہ سو جاؤ۔ رات میں سب حال معلوم ہوگا۔ اگر قبر کے پاس نہیں سو سکتے تو عمل ختم کر کے خاموشی سے گھر آ جاؤ اور سو جاؤ۔ کسی سے بات چیت نہ کرو اور نہ کھانا پینا کرو۔ اور نہ ہی کوئی کام کرو۔ تین دن برابر اسی طرح عمل کرو۔ انشاء اللہ آپ کو سب حال معلوم ہو جائے گا۔

23-عمل کشف القبور

بعض اصحاب عمل کشف القبور کے متلاشی رہتے ہیں۔ اہلِ دل پر پوشیدہ نہ رہے کہ کشف القبور کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ ہر شخص ایک دِن سے تین دِن تک کیفیات باطنہ دیکھ سکتا ہے۔ البتہ چند حجابات ایسے ہیں کہ جن کے رفع کرنے میں عمر گزر جاتی ہے۔ اور یہی وہ کام ہے جسے سہل ممتنع کہتے ہیں۔ کشف القبور ایک طرف اس قدر آسان ہے کہ تین دن کے اندر بہت کچھ نظر آنے لگتا ہے اور دوسری طرف اس قدر مشکل ہے کہ سالہا سال کی ریاضت اور مجاہدہ سے بھی حال معلوم نہیں ہوتا۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے۔ اگر عامل کا دِل مصفا نہیں ہے تو شیطان متمثل اور متشکل ہو کر تماشہ دکھاتا ہے اور عامل لوگ اسے حقیقت جان کر اصل مان لیتے ہیں۔ دوسری شکل اس میں یہ ہے کہ اگر صاحب قبر مقبولِ خدا ہے اور اولیاء اللہ میں شامل ہے تو وہ کشف حقیقی ہوگا۔ اگر معتوب ہے اور مقبول نہیں ہے تو شیطان کو فریب دیتا ہے۔ اس میں اس قدر عقل ہونا ضروری ہے کہ وہ اصل اور نقل میں تمیز کر سکے۔ عامل کا صاف باطن اور صاحب قبر کا بھی مقبول ہونا یہ کسی کو معلوم نہیں کہ مرتے وقت خدا اور بندہ کے درمیان کیا ربط' کیا معاملہ رہا۔ یہ عمل بہت ہی مجرب اور معتبر ہے۔ باوضو درود شریف پڑھتا ہوا مزار میں داخل ہو اور صاحب مزار کی طرف منہ کر کے دوزانو بیٹھے۔ پھر ایک مرتبہ الحمد شریف' پھر تین مرتبہ قل ہو اللہ شریف' پھر تین مرتبہ سورۂ فلق' پھر تین مرتبہ سورۂ ناس' پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر صاحب مزار کی رُوح کو ثواب پہنچائے۔ اب آنکھیں بند کرے ہمہ تن صاحب مزار کی طرف متوجہ ہو جائے۔ کم از کم اسی طرح ایک گھنٹہ مراقبہ میں مستغرق رہے۔ جب خیال اچٹ جائے تو فوراً درود شریف پڑھنے لگیں اور آنکھیں کھول دیں۔ پھر دل جمعی کے ساتھ آنکھیں بند کر کے صاحب مزار کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ بحکم خدا پہلے ہی دن صاحب مزار کا فیض جاری ہوگا۔ اور صاحب مزار کی حالت معلوم ہوگی۔ تین دن برابر اس عمل کے کرنے سے سب حال صاف معلوم ہو جائے گا اور اس طریق پر مداومت کرنے سے صاحب مزار سے بات بھی ہو سکتی ہے۔

24-کشف القبور (مردہ رُوح سے بات کرنا)

باوضو بسم اللہ شریف پڑھ کر درود شریف پڑھتے ہوئے قبر کے پاس اس طرح بیٹھیں کہ منہ مزار کی طرف ہو اور صاحب قبر کے سینہ کے مقابل ہو۔ دوزانو یا مربع ہو کر بیٹھیں۔ پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھیں۔ پھر تین مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰہ شریف۔ پھر تین مرتبہ سورہ فلق۔ پھر تین مرتبہ سورہ ناس۔ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب صاحب قبر کو پہنچا کر آنکھیں بند کر کے ہمہ تن صاحب مزار کی طرف متوجہ ہوں۔ کم از کم ایک گھنٹہ تک آنکھیں بند کئے ہوئے صاحب قبر کے خیال میں غرق رہیں۔ اگر درمیان میں خیال اُچٹ جائے تو آنکھیں کھول کر درود شریف پڑھنے لگیں۔ چند منٹ کے بعد پھر آنکھیں بند کر کے صاحب قبر کے خیال میں مستغرق ہو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن صاحب مزار کا حال منکشف ہوگا۔ اور تین دن میں سب مفصل حال صاحب مزار کی معلوم ہوگی اور معلوم ہو جائے گا کہ مردہ کس حال میں ہے۔ یعنی عذاب میں گرفتار ہے یا مقبول ہے۔

25-کشف القبور (روح سے ملاقات کرنا)

طریقہ نماز صبح کے بعد چالیس مرتبہ سورہ شریف اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ پڑھیں۔ اول و آخر 5'5 بار درود شریف۔ بعد ختم دعا کریں کہ الٰہی فلاں بن فلاں (نام مرحوم معہ والدہ) سے ملاقات ہو۔ بعد نماز ظہر 45 مرتبہ۔ بعد نماز عصر 50 مرتبہ۔ بعد نماز مغرب 55 مرتبہ۔ بعد نماز عشاء 60 مرتبہ (ہر بار 5-5 بار درود شریف اول و آخر پڑھیں)۔ جب سونے کے لئے بستر پر دراز ہوں تو اس سورۃ شریف کو بلا تعداد پڑھتے رہیں یہاں تک کہ نیند آجائے۔ بحکم خدا تعالیٰ اُسی رات مرحوم سے ملاقات ہوگی۔ جو پوچھنا ہو معلوم کریں۔ انشاء اللہ ہر بات و سوال کا سو فیصد درست جواب ملے گا۔

26-کشف القبور (مردہ رُوح سے بات چیت کرنا)

یہ عمل کشف القبور کے واسطے بہت مجرب ہے۔ رات کے وقت دنیوی امور اور نماز عشاء سے فارغ ہو کر قبر کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔ اس طرح پشت قبلہ کی طرف رہے گی۔ عامل کا منہ صاحب قبر کے سینہ کے مقابل ہو۔ ایک ہزار 1000 مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَد پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ عمل ختم کر کے اُسی جگہ سو جائیں۔ رات میں ہی سب حال صاحب قبر کا معلوم ہوگا۔ اگر قبر کے پاس نہیں سو سکتے تو عمل ختم کر کے خاموش گھر میں آجائیں اور سو جائیں۔ کسی سے بات نہ کریں اور نہ کھانا پینا کریں۔ نہ کوئی کام کریں۔ تین دن برابر اس عمل کو کریں۔ سب حال معلوم ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

27-حاضرات حق علیؑ قادر

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء پرہیز جمالی کرتے ہوئے مندرجہ بالا تینوں اسم مبارک اکیس سو مرتبہ اکیس یوم تک پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ اب جب بھی کوئی مشکل مسئلہ پیش آئے اور حاضرات کی ضرورت ہو تو کسی ولی کی قبر مبارک کے پاس بیٹھ کر اور آنکھیں بند کر کے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور (حق علیؑ قادر فلاں بن فلاں کو کردے حاضر) تلاوت کریں۔

تھوڑی ہی دیر میں کشف ہوگا اور تمام احوال عیاں ہو جائے گا۔ اگر کسی بچہ پر حاضرات کرنا ہو تو بچہ کو نہلا دھلا کر اور عطر لگا کر اس کو آنکھیں بند کرنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچہ پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور مندرجہ ذیل عزیمت 28 بار پڑھ کر دم کریں۔

﴿حق علیؑ قادر حاضرات کو کردے حاضر﴾

تھوڑی ہی دیر میں بچہ کی آنکھوں میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر آپ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ انشاء اللہ ہر بات کا جواب اور ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

28-ہر ایک رُوح سے ملاقات کرنے کا عمل

اگر کسی خاص رُوح سے ملاقات کرنی ہو اور اس کے حالات معلوم کرنے منظور ہوں تو وضو تازہ کر کے پاکیزہ کپڑے پہنے اور خوشبو لگا کر سورۃ والشمس سات بار سورۃ واللیل سات بار سورۂ اخلاص سات بار پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔

﴿اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ رُوْحَ فلاں (فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لے جس کی رُوح سے ملاقات کرنی ہے)۔ پھر کہیں وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجَاوَّ مُخْرَجَاوَّ اُرْزُقْنِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَتِهٖ دَعْوَتِیْ ٥﴾

پہلی یا دوسری یا تیسری رات میں انتہاء یہ کہ ساتویں شب ضرور ملاقات ہو جائے گی۔ عامل کو چاہیئے کہ عمل سے بددل نہ ہو کیونکہ عمل کا ظہور عامل کی لیاقت کے موافق ہوتا ہے۔ اگر دیر لگے تو عامل سمجھے کہ ضرور مجھ سے کچھ قصور ہوا ہے۔ دوبارہ سہ بارہ کرے ضرور نتیجہ ظاہر ہوگا۔

☆☆☆ حاضرات برائے جن و پری زاد ☆☆☆

1- حاضرات برائے جنات

۷۸۶

8 / ۱۴۴۱	1 / ۱۴۳۳	6 / ۱۴۳۸
3 / ۱۴۳۵	5 / ۱۴۳۷	7 / ۱۴۴۰
4 / ۱۴۳۶	9 / ۱۴۴۲	2 / ۱۴۳۴

مندرجہ بالا تین نقش لکھیں- ایک نقش کو پانی میں گھول کر پلا دیں اور ایک نقش مریض کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور ایک نقش اس کے سر پر رکھ دیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کر لے- نقش ہاتھ میں پکڑتے ہی مریض چیخنے لگے گا اور مریض کا وجود بھاری ہو جائے گا اور بے ہوشی طاری ہو جائے گی- اس کے بعد نادِ علیؑ یا سُورَۃ الفَاتِحہ 41 مرتبہ پانی پر دَم کر کے مریض کو پلا دیں- اگر ایک مرتبہ عمل کرنے سے مریض ٹھیک نہ ہو تو اس عمل کو تین چار مرتبہ کریں- **نوٹ** اگر نقش مریض کو پلانے اور ہاتھ میں پکڑانے سے اس کو کچھ بھی محسوس نہ ہو تو سمجھ لیں کہ مریض کو مرض روحانی نہیں بلکہ جسمانی ہے-

2- حاضرات تخت سلیمانی

حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو جو جن لے کر اڑتا تھا اور جو جن ملکہ صبا کو لایا تھا اس کا نام شُرطائیلُ تھا- اس کے علاوہ چار اور جن تھے جو تخت سلیمانی کے چاروں پاؤں پر ہر وقت رہتے تھے ان کے نام یہ ہیں- طَمرُباطُ، مَنعِیقُ، هَذلِیَاجُ، شُوعَالُ-

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے ان اسماء کی زکوٰۃ ادا کریں- عزیمت یہ ہے-

﴿عَزَّمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِب شُرطَائِیلُ طَمرُبَاطُ مَنعِیقُ هَذلِیَاجُ شُوعَالُ بِحَقِّ یَا شَهِیْدُ یَا طَاهِرُ یَا مُکْرِمُ یَا هَادِیُ﴾-

2550 مرتبہ 41 یوم پڑھیں- پھر روزانہ 108 بار ورد میں رکھیں- آخری یوم پڑھائی ختم ہونے پر ایک پاؤ ایک چھٹانک برفی پر موکلات کی نیاز دیں- شرینی خود بھی کھائیں اور بچوں کو بھی کھلائیں-

طریقہ مندرجہ ذیل نقش کو کسی سفید کاغذ پر بنائیں- جہاں سفید نشان لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو یا کسی بڑے آدمی کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے یا بڑے پر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور مندرجہ ذیل عزیمت 41 دفعہ پڑھ کر دَم کریں- چند ثانیہ بعد سیاہ خانہ میں روشنی نظر آئے گی اور حاضرات کا نزول ہو گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں مکمل تسلی بخش جواب حاصل کر سکتے ہیں-

عزیمت : ﴿عَزَمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ شُرطَائِیْلُ طَمَرْبَاطُ مَنْعِیْقُ ھَدْلِیَاجُ شُوْعَالُ بِحَقِّ یَا شَھِیْدُ یَا طَاھِرُ یَا مُکَرِّمُ یَا ھَادِیُ﴾

حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

یا جبرائیل ۷۸۶ یا میکائیل

۶۳۷	۶۴۰	۶۴۳	۶۳۰
۶۴۲	۶۳۱	۶۳۶	۶۴۱
۶۳۲	۶۴۵	۶۳۸	۶۳۵
۶۳۹	۶۳۴	۶۳۳	۶۴۴

یا اسرافیل یا عزرائیل

3- حاضرات جنات

جو شخص جنات و روحانیات کی مخفی مخلوقات کو دیکھنا چاہتا ہو تو اس کے لئے سیاہ بلی کا پتہ (زہرہ) اور کالی مرغی کا پتہ لے کر ان دونوں کو سرمہ میں پیس کر فجر کی نماز پڑھ کر 100 مرتبہ "اَلْعَلِیْمُ اَلْوَھَّابُ" پڑھ کر طلوع شمس سے قبل اس سرمہ کو آنکھوں میں لگائیں تو جنات و روحانیات کی پوشیدہ مخلوقات کا مشاہدہ ہوگا بلکہ ان سے بات چیت بھی ہوگی۔ (آزمودہ است)۔

4- حاضرات برائے بادشاہِ جنات "یکتانوش"

طریقہ روزانہ چالیس روز تک اس عزیمت کو ایک سو ایک بار پڑھیں پھر پنجشنبہ کو تھوڑی شیرینی چند عدد گلاب کے پھول ایک عطر حنا کی شیشی تمام سامان چھوٹی سی مٹی کی نئی ہانڈی میں رکھ کر بادشاہ جنات یکتانوش کے نام سے دریا یا سمندر مین ڈال دیں۔ چالیس دن کے بعد عمل حاضرات کے لئے ایک سفید کاغذ پر کاجل یا کسی سیاہ سیاہی سے گول دائرہ بنائیں اور اس دائرہ پر عمدہ سا عطر لگا دیں اور کاغذ کو دیوار پر چسپاں کر دیں۔ پھر کسی نابالغ لڑکی یا عورت سے کہیں کہ سیاہ دائرہ پر نظر جما کر دیکھے۔

بخور لوبان اور صندل کا جلائیں اور مندرجہ ذیل عزیمت کو اس وقت تک برابر پڑھتے رہیں۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَا مَھْلَائِیْلُ یَا عَمَافِیْلُ یَا تَفْتَافِیْلُ یَا

سائِلُ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اُحْضُرُوْ وَالْمُسَخَّرات وَالْحَاضرات بِحَقِّ فهموش تشليقا حرفوش عد قوش صرطوش تشفيشا تسفيشا ارقوش ارقوش هدوش هدوش يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاح وَالشَّيَاطِيْن اُحْضُرُو مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِق وَالْمَغارب اُحْضُرُو مِنْ جَانِبِ الْجُنُوب وَالشَّمَالِ اُحْضُرُو اُحْضُرُو يَا فتح على شاه حَاضِر شُو بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه

سیاہ دائرہ میں تھوڑی ہی دیر میں پسر شاہ یکتانوش حاضر ہوگا۔ اس سے تمام سوالات کے جوابات دریافت کریں۔ وہ ہر سوال و ہر مشکل امور کا تسلی بخش جواب دے گا جو سو فیصد درست ہوگا۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھے کے لئے روزانہ ایک مرتبہ عزیمت کو پڑھ لیا کریں اور ہر پنجشنبہ کو تھوڑی سی شیرینی یکتانوش کے نام کی دریا یا سمندر میں ڈال دیا کریں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے حاضرات لگائیں اور دلی مراد پائیں۔

5- حاضرات جنات

طریقہ سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں۔ عروج ماہ نوچندی جمعرات کسی خالی مکان میں عمل کریں۔ جہاں بالکل آپ کے علاوہ کوئی موجود نہ ہو۔ عمل کے دوران اگربتی ضرور جلائیں۔ عمل اندھیرے میں کریں۔ روشنی نہ ہو۔ عمل باپرہیز کریں۔ عمل کی گیارہ تسبیح روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ عمل 41 یوم پڑھنا ہے۔ عمل یہ ہے۔

اَلِیگا مَالِیگا اَنْتَا تَعْلَمُوْنَ بچہ سلیمانؑ سُوهْنا پُتر جُوائی دا حاضِر شاہ حضور شاہ عِزّت شاہ

جب بھی کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کو اپنے پاس پاک وصاف جگہ پر بٹھائیں۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ سب سے پہلے سرسوں کے تیل کا چراغ روشن کریں۔ چراغ بچے کے پیچھے رکھیں اور بچے کے ہاتھ میں شیشہ دیں اور بچے کو ہدایت کریں کہ وہ شیشہ میں چراغ کی طرف دیکھے۔ بچہ کو مٹھائی کھلائیں اور گیارہ ہی دفعہ مندرجہ بالا عمل بچہ پر پڑھ کر دم کریں۔ بچے کو کہیں کہ بتیاں دو ہو جائیں۔ پھر کہیں کہ تین ہو جائیں۔ پھر کہیں کہ بتیاں چار ہو جائیں۔ بچہ بھی عامل (آپ) کے ساتھ یہی الفاظ کہتا جائے جو آپ ادا کر رہے ہیں۔ پھر بچہ کو کہیں کہ میدان آئے۔ بچے کو بولیں کہ غور سے دیکھے کہ میدان آ گیا ہے کہ نہیں؟ جب میدان نظر آ جائے تو پھر بچہ کو کہیں کہ جھاڑو والا حاضر ہوئے۔ پھر کہیں کہ بہشتی حاضر ہوئے۔ پھر بولیں کہ حضرت سلیمان پیغمبر علیہ السلام کا تخت آ جائے۔ پھر کہیں کہ دو سپاہی آ جائیں۔ جب تمام کارروائی مکمل ہو جائے تو عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو پیش کرے اور

جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے پیش کرے مثلاً تلاش گمشدہ، خزانہ وغیرہ، بچہ پیدا ہوگا یا بچی پیدا ہوگی- حتیٰ کہ آپ جو بھی سوال بچے کو بولیں گے اس کا جواب شیشہ میں جنات سو فیصد درست بتائیں گے-

6- حاضرات بر چراغ

طریقہ کمرہ صاف ستھرا ہو- اگربتی وغیرہ سلگائیں- عامل اور معمول دونوں پاکیزہ اور باوضو ہوں- کسی طفل نابالغ کو جس کی عمر 10 سال سے 14 سال تک ہو اس کو بلا کر چراغ میں تلوں کا تیل ڈالیں اور مندرجہ ذیل نقش پر پاکیزہ روئی لپیٹ کر اور اس پر تلوں کا تیل لگا کر بتی کی جگہ تعویذ جلائیں اور بچے کو بولیں کہ چراغ کی روشنی میں دیکھتا رہے- تھوڑی ہی دیر میں چراغ کی لو میں جنات نظر آئیں گے- پس جو بھی کام ہو پوچھیں- ہر سوال کا جواب تسلی بخش و سو فیصد درست ملے گا- حاضرات کرنے سے پہلے 130 عدد کا نقش بچہ کے انگوٹھے اور انگلی کے درمیان پکڑا دیں پھر تعویذ چراغ جلائیں-

تعویذ چراغ بتی والا یہ ہے

۷۸۶

۱۲	۲۵	۲۲	۱۹
۱۳	۱۸	۲۳	۲۴
۲۷	۲۰	۱۷	۱۴
۲۶	۱۵	۱۶	۲۱

تعویذ انگوٹھا

۷۸۶

۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

7- حاضرات حضرت سلیمان علیہ السلام

عمل ﴿عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ جبرائیلَ مِیکائیلَ اِسرافیلَ عِزرائیلَ ملقان سُلطان اُحْضُرُوْ مِنْ ذٰلِک مِنْ پیغمبر مشارق المغارب جنوب الشمال بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ داؤد علیہِ السَّلام حاضر شُو﴾

طریقہ بروز نوچندی جمعرات بوقت 12 بجے رات قبلہ رخ بیٹھ کر شیرینی، پھول، عطر رکھیں اور تین سو مرتبہ عمل پڑھیں- لوبان جلاتے رہیں بعد ختم عمل شیرینی بچوں کو تقسیم کر دیں- روزانہ نئے پھول لائیں- عمل متواتر 41 یوم پڑھیں پھر اس کے عامل ہو جائیں گے- جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو پندرہ کا نقش آتشی اس طرح لکھیں- بیچ کے خانہ کو سیاہ کر دیں- اس کے بعد پندرہ کا ایک اور دوسرا نقش لکھ کر اس کا فتیلہ بنائیں اور نقش مذکورہ پر عطر لگا کر چراغ روشن کریں اور بچہ کو کہیں کہ نقش کے سیاہ خانہ میں غور سے دیکھے اور خود عزیمت بالا پڑھنا شروع کریں- پس تھوڑی ہی دیر میں بادشاہ جن آئیں گے- ان کو سلام عرض کر کے ہر قسم کے سوال کا جواب تسلی بخش معلوم

کریں۔ جب بھی حاضرات کریں۔ ہمیشہ عطر' پھول' مٹھائی تازہ رکھیں بعد ختم عمل شیرینی بچوں کو بانٹ دیں۔عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 212 مرتبہ پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

8-حاضرات اَللّٰهُ الصَّمَدُ

ایک عدد موم بتی جلائیں اور اس کی لو پر نظر جما کر 231 مرتبہ اَجِبُ یَا صَقَائِیلُ بِحَقِّ اللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھنا شروع کریں۔ نظر موم بتی کی لو پر ہونی چاہیئے۔ اگر پہلی مرتبہ حاضرات لو میں نظر نہ آئے تو وہیں پر بیٹھ کر پھر 231 مرتبہ اَجِبُ یَا صَقَائِیلُ بِحَقِّ اللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھیں حتیٰ کہ تین مرتبہ پڑھنے سے حاضرات کا نزول شروع ہو جائے گا۔ شاہ جنات کو سلام عرض کر کے سوال وجواب کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ چند گھڑی توقف کرنے کے بعد آپ کو جواب ملے گا۔ ڈر و خوف نہ کریں بالکل بے ضرر عمل ہے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھیں۔ مجرب ہے۔

9-حاضرات بادشاہ بکتانوش

رنگ زردے کا یعنی پیلا رنگ' مینسل' سیندور' زعفران' تمام اشیاء ہم وزن لے کر سیاہی بنائیں اور ایک کاغذ پر روزانہ 500 بار اس سیاہی سے نئے قلم سے (یَا شَاہ بَکتَانُوش حَاضِر شُو) لکھیں۔ اکیس یوم لکھیں۔ جب لکھنے کا کام ختم ہو جائے تو تمام عبارت کو قینچی سے کاٹ لیں اور سب کی آٹے میں الگ الگ گولیاں بنا کر دریا میں یا سمندر میں ڈال دیں۔ واپس پلٹ کر سیدھے اپنے گھر آ جائیں۔ پیچھے مڑ کر ہرگز نہیں دیکھیں۔ راستے میں اگر کوئی روکنے کی کوشش کرے یا بات کرنے کی کوشش کرے تو ہرگز بات نہ کریں۔

اب دوسرے دن جب قمر نحوست سے پاک ہو' ساعت شمس کی ہو' ایک صاف سفید موٹی کاغذ پر سوال شاہ بکتانوش کے نام لکھ کر ایک نلکی میں رکھ کر موم سے بند کر دیں اور جاری پانی میں ڈال دیں اور وہیں کھڑے رہیں۔ کچھ دیر میں وہ نلکی دوبارہ تیرتی ہوئی آپ کے پاس سے گزرے گی۔ اسے فوراً اٹھا لیں اور گھر آ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر نلکی کو کھولیں۔ اندر آپ کے سوال کا جواب موجود ہوگا۔ بہت ہی لاجواب و نایاب عمل ہے۔ اس عمل سے آپ سٹہ کا نمبر۔ انعامی بانڈز کے نمبرز اور دیگر بین الاقوامی لاٹریاں بھی پوچھ سکتے ہیں۔ یہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہے کہ وہ کونسا طریقہ اختیار کرتا ہے اور کس عاجزی و انکساری و منت سماجت اور کس چیز کا واسطہ ڈال کر

سوال کا جواب حاصل کرتا ہے۔ یہ تمام عامل کی عقلمندی وصوابدید پر مشتمل ہے کہ وہ کونسا طریقہ اختیار کرتا ہے؟

10-حاضرات شاہ جنات

﴿عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ جَيُساً جَيُساً جَيُساً خَبِيُساً خَبِيُساً خَبِيُساً طُوُساً طُوُساً طُوُساً حَاضِر ہو حاضر ہو حاضر ہو يَا شَاہ قَيقَطُوش يَا ديوى سفيد يَارَاوٗ دَجَنِى بَابِيكَ غَابُورِى يَا لُونَا بِحَقِّ حَضرَت سُليمَانٗ بِن داؤد عَلَيهِ السَّلام﴾

نوٹ یہ عمل تمام جنات کا بادشاہ ہے۔ اور جلیل القدر ہے۔ کسی بھی علاقہ کا جن اس کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرسکتا۔ اس عزیمت کو 141 بار روزانہ 21 یوم تک پڑھیں۔ پرہیز جلالی وجمالی کرنا ہوگا۔

11-حاضرات بشمخ ملیخ شمعلونی

طریقہ اس حاضرات کو کرنے سے پہلے حاضرات کی سیاہی حسب طریقہ تیار کر کے عامل اپنے پاس رکھ لے اور بوقت حاضرات اس سیاہی کو بچے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر لگائیں اور عامل عزیمت پڑھنی شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ میں مؤکل حاضر ہوگا جس کا نام بَشمُخ مَلیخ شمعَلونِی ہوگا۔ یہ جنات کا حاکم ہے اور بہت ہی طاقتور مؤکل ہے۔ اس کے ذریعہ عامل ناجائز تعلقات ختم کرانے میں بطور خاص مدد لے سکتا ہے اور دیگر دوسرے امور میں بھی یہ مؤکل عامل کی بھرپور مدد کرے گا۔

طریقہ زکوٰۃ تین سو مرتبہ روزانہ اس عزیمت کو پڑھیں اور لگاتار 21 دن تک پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ اکیسویں روز شیرینی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

عزیمت یہ ہے۔ ﴿سَلَامٌ قَولاً مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ۔ بَشمُخ مَلِيخ شَمعَلُونِى حاضر شو حاضر شو حاضر شو بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰه حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

12-حاضرات جن بادشاہ

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اُمِّى عطاقُل اَجُو دَم وَالكَرَم وَلورَا سُول مَلك قَے رَو دَر شاہ فلک وَاللّٰه اللّٰه وَاَنَا رَسُول مَجل بہ فَاللّٰه عَزَمتُ عَلَيكُم وَاَقسَمتُ عَلَيكُم بِرَبِّ جِبرائيلُ

مِیکَائِیلُ اِسرَافِیلُ کَمائِیلُ یَا عِزرَائِیلُ بِحَقِ یَا بَاسِطُ یَا بُدُوحُ

حاضر شو حاضر شو حاضر شو﴾

زکوٰۃ 101 بار 41 یوم تک نوچندی جمعرات سے عمل پڑھیں۔

طریقہ آئینہ پر عطر لگا کر مندرجہ بالا کلمات عمل کو 41 بار پڑھ کر دم کریں۔ شاہ جن آویں گے اور ہر سوال کو جواب تسلی بخش دیں گے۔

13- حاضرات بر طباق

طریقہ اس حاضرات میں مؤکل گائے کے دودھ میں حاضر ہو کر عامل سے محو کلام ہوتے ہیں۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ نوچندی اتوار کو زکوٰۃ کی شروعات کرے اور روزانہ عزیمت 551 مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ 21 دن تک لگاتار عمل پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ روزانہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہونے کے بعد جب عامل حاضرات کرنا چاہے تو ایک تانبے کا یا ایک مٹی کا کورا طشت (طباق) لے۔ اس میں گائے کا تازہ دودھ بھر دے۔ پھر طشت کے پاس بچے اور مریض کو بٹھا دے اور عامل عزیمت کا ورد کرے۔ چند ہی منٹ میں ایک سفید باریش بزرگ نظر آئیں گے جو قبیلہ جنات سے ہوں گے۔ وہ عامل کے سوالوں کے جوابات دیں گے اور عامل کی ہر قسم کی مدد کریں گے۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

﴿بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ سَرنَاہُ یَا کَرِیمُ فَتتاً نفقاً فھمُون نَفقُون فَنفنتہ فَتنا قَرنا ھُونَ ھُم اُحضرُونِی یَا جِن بِحَقِ عَزِیمَت ھٰذَا﴾

14- حاضری جن (جنات سے ملاقات کرنا)

جو شخص جنات سے ملاقات کرنی چاہے تو اس پر لازم ہے کہ آبادی سے دور باہر کسی خلوت کے مکان میں تین روز قیام کرے اور روزہ رکھ کر باوضو لوبان ذکر اور سندرس کی دھونی روشن کر کے پانچسو بار وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا سے لے کر شِھَابٌ ثَاقِبٌ تک پڑھے۔ جنات کے بادشاہوں میں سے جس بادشاہ کو بلانا منظور ہو۔ اس کا نام لے۔ تین روز کے اندر ضرور حاضر ہوگا اور جو حاجت ہوگی اس کو ضرور پورا کرے گا۔

دوسرا طریقہ اگر کوئی شخص جنات کا عامل ہو اور کسی سبب سے جنات کی آمد و رفت اس کے پاس سے منقطع ہو گئی ہو تو اس کو لازم ہے کہ اپنے عمل کے ساتھ سورۂ نمل کی اس آیت کو ملا کر پڑھے۔ جنات حاضر ہوں گے اور اطاعت کریں گے۔

﴿یَا اَیُّھَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ اَمْرِیْ اِلٰی قَوْلِهٖ مُسْلِمِیْنَ ۝﴾

15-تسخیر جنات

یہ طریقہ نہایت سہل اور آسان ہے۔ کسی ویران مکان میں بیٹھ کر ایک ہفتہ روزہ رکھیں اور ترک حیوانات بجالائیں اور عبادت الٰہی میں مصروف رہیں۔ بعدازاں یہ دھونی رات کے وقت روشن کریں۔ سفید کبوتر کا خون' میعہ یابسہ' بھیڑیے کی چربی' چرائتہ' ان سب چیزوں کو باہم آمیز کر کے روشن کریں۔ جنات حاضر ہو کر حاجت روائی کریں گے۔ عامل ان سے کچھ خوف نہ کرے۔ کیونکہ وہ کچھ تکلیف نہیں دیتے بلکہ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں۔ یہ عمل احقر کا کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

16-حاضرات سورۂ جن

۷۸۶

۱۷۲۶۳	۱۷۲۶۶	۱۷۲۶۹	۱۷۲۵۵
۱۷۲۶۸	۱۷۲۵۵	۱۷۲۶۲	۱۷۲۶۷
۱۷۲۵۷	۱۷۲۷۱	۱۷۲۶۴	۱۷۲۶۱
۱۷۲۶۵	۱۷۲۶۰	۱۷۲۵۸	۱۷۲۷۰

یَا خدّام سورۃ جِنّ حاضر شو بحقِ حضرت اسمٰعیلؑ

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو **69053** بار لکھنا ہوگا۔ تعداد خواہ کتنے ہی دنوں میں پوری کریں۔ جب نقش مکمل ہو جائیں تو تمام نقوش پر الگ الگ آٹا لپیٹ دیں تاکہ گولیاں بن جائیں۔ پھر تمام نقوش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب نقوش دریا میں ڈالیں تو تمام نقوش پر ایک مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر دم کریں اور پانچ مرتبہ یہ الفاظ پڑھ کر دم کریں۔

﴿یَا خُدَّامِ سُوْرَۂ جِنّ حَاضِر شُو بِحقِّ حضرت اِسْمٰعِیلؑ حَاضِر شُو﴾

اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر نقش پر دم کریں اور پانچ مرتبہ یہ الفاظ پڑھ کر دم کریں۔ یا خدام سورۂ جن حاضر شو بحق حضرت اسمٰعیلؑ حاضر شو۔ اور کسی بچہ یا کسی بڑے آدمی کو کہیں کہ وہ سیاہ خانہ میں نظر جما کر دیکھے۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام موکلات کو پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

17-تسخیر جنّ

﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝﴾

طریقہ عمل شروع کرنے سے پہلے سوا سیر گوشت بکری یا بکرے کا کسی نئی مٹی کی کونڈی میں چھوٹی چھوٹی بوٹیاں کر کے رکھ دیں اور نئی چھری لے کر اس کونڈی میں رکھ دیں اور اس کے اوپر لال رنگ کا کپڑا ڈھک دیں اور پہلی رات کو قبرستان میں رکھ آئیں پھر عمل شروع کریں۔ عمل رات عروج ماہ گیارہ بجے کریں۔ وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ عمل پڑھنے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ پڑھیں اور 450 مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں۔ اول تو گیارہ دن میں عمل ختم ہوگا ورنہ 21 یوم میں ختم ہوگا۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ کمرہ بالکل پاک صاف ہو۔ خوشبو خوب سلگائیں۔ موم بتی کی روشنی میں عمل پڑھیں۔ اس میں ایک بزرگ آئیں گے اور السلام علیکم کہیں گے۔ سلام کا جواب لازمی دیں اور ان سے کہیں کہ یہ جماعت میرے تابع کرائیں یا اپنا مطلب بیان کریں۔ انشاءاللہ مطلب حل ہوگا۔ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز دے کر عمل شروع کریں تاکہ کامیابی یقینی ہو۔

18- حاضرات جن

یا جبرائیل ۷۸۶ یا میکائیل

٨١ 1	٨١ 14	٨١ 11	٨١ 8
٨١ 12	٨١ 7	٨١ 2	٨١ 13
٨١ 6	٨١ 9	٨١	٨١ 3
٨١ 15	٨١ 4	٨١ 5	٨١ 10

یا اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیل

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو کسی صاف ستھرے کاغذ یا گتہ پر لکھیں اور اگربتی سلگائیں اور بچہ کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمؑ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور سورۂ اخلاص 28 بار پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ خانے میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں مکمل معلومات سو فیصد درست حاصل کر سکتے ہیں۔

19- حاضرات

طریقہ نابالغ لڑکی کو نہلا کر سرخ لباس پہنائیں۔ تیل بالوں میں لگا کر کنگھی کریں۔ پھر عطر اور سرمہ لگائیں۔ دونوں ہاتھوں میں سرخ ریشمی دھاگے کی پہنچی باندھے۔ سیدھے ہاتھ پر گڑ کی ڈلی اور الٹے ہاتھ پر آدھ کو کچے چاول بھی ساتھ رکھیں۔ چراغ تلوں کے تیل کا روشن کریں۔ بخور لوبان و صندل کا جلائیں۔ پھر 30 بار مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر گڑ پر اور لڑکی پر دم کریں اور گڑ لڑکی کو کھلائیں۔ اب سیدھے ہاتھ پر تیل لگا کر کاجل لگائیں۔ جس میں لڑکی دیکھے۔ اب پھر دوبارہ سات بار مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ پڑھ کر لڑکی کی ہتھیلی پر دم کریں۔ جنات کا بادشاہ

مع فوج کے حاضر ہوگا۔ سوال وجواب کریں۔ جو بھی پوچھو گے ہر بات بتائے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ وَاَنَا الْمَحْفُوْظُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَحْفُوْظُ اِلَّا الْحَافِظُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ وَاَنَا الْمَجْرُوْحُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَجْرُوْحُ اِلَّا الْحَافِظُ یَارَبِّ ٥﴾

20- حاضرات

نابالغ لڑکی کو نہلا کر سرخ لباس پہنائیں۔ تیل خوشبودار بالوں میں لگا کر کنگھی کریں۔ پھر عطر اور سرمہ لگائے۔ دونوں ہاتھوں میں سرخ ریشمی دھاگے کی پہنچی باندھیں۔ سیدھے ہاتھ پر گڑ کی ڈلی اور الٹے ہاتھ پر آدھ کلو کچے چاول رکھیں۔ چراغ تلوں کے تیل کا روشن کریں۔ بخور لوبان وصندل کا جلائیں۔

مندرجہ ذیل عزیمت 3 بار پڑھ کر گڑ پر اور لڑکی پر دم کریں۔ گڑ لڑکی کو کھلائیں۔ اب سیدھے ہاتھ پر تیل لگا کر کاجل لگائیں۔ جس میں لڑکی کو دیکھنے کو کہیں۔ اب سات بار مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر لڑکی کی ہتھیلی پر دم کریں۔ جنات کا بادشاہ مع فوج نظر آئے گا۔ بچی کے ذریعے سلام عرض کر کے سوال وجواب کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ وَاَنَا الْمَجْرُوْحُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَجْرُوْحُ اِلَّا الْحَافِظُ یَا رَبِّ ٥﴾

21- تسخیر جن

طریقہ 7 مرتبہ سورۂ یٰسین، 7 مرتبہ سورۂ رحمٰن، صبح کی نماز کے بعد پڑھیں۔ کل 16 دن کا عمل ہے۔ اس کے بعد ایک جن حاضر ہوگا اور تابع ہو جائے گا۔ پرہیز کوئی نہیں صرف تلاوت کے وقت تنہائی ہو اور کوئی مداخلت نہ کرے۔ تابع ہونے کے بعد جن سے صرف اور صرف جائز کام لیں ورنہ نقصانِ جان کا خطرہ ہے۔

22- تسخیر جن و جنّات

طریقہ یہ عمل تنہائی میں مسجد کے اندر نصف رات کے قریب کیا جاتا ہے۔ 40 دنوں میں اس عمل کو 1,25000 یعنی سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ دورانِ عمل حصار کریں۔ خوشبو جلائیں۔ وقت مقررہ پر عمل کریں۔ پرہیز جلالی وجمالی کریں۔ آخری دن 3 جن حاضر ہوں گے۔ ان سے تابع رہنے کی قسم لیں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی۔ اور دوبارہ بلانے کے لیے نشانی مانگ لیں۔

عبارتِ عمل ﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ عَزَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ وَ اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا عَبۡدُالصَّمَدُ الرَّحۡمٰن۔ یَا عَبۡدُالۡوَاحِدُ حَاضِر شُو حَاضِر شُو حَاضِر شُو بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہ۔﴾

23- جنّات سے دوستی

جو کوئی یہ چاہے کہ دوستی ہو قوم جن کے کسی فرد سے یوں کرے نوچندی جمعہ کو بعد فراغت نماز عشاء کے ایک کمرے میں تنہا بیٹھ رہے اور کپڑوں پر اچھا سا عطر لگائے۔ اپنے گرد حصار باندھے اور با آواز بلند یہ آیت پڑھے اعداد کے مطابق:

﴿لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ الرَّحِیۡم﴾۔ یہ سورہ توبہ کی آیت ہے۔ 2928 مرتبہ۔

یادرہے با آواز بلند پڑھیں آواز کم از کم اتنی ہو کہ آپ کے اپنے کانوں میں سنائی دے۔ انشاءاللہ 9 ویں دن سے ہی آپ کو اشارات ملنے شروع ہو جائیں گے۔ 20 ویں دن قوم جن کا کوئی فرد آپ کا ہم عمر آپ کے سامنے حصار کے باہر حاضر ہوگا۔ اور دوزانو ہو کر آپ جو آیت تلاوت کر رہے ہیں اُسے سُنے گا۔ گھبرانے کی قطعی ضرورت نہیں۔ مزید دس روز تک وہ اسی طرح حاضر ہو کر تلاوت کو سُنے گا اور 31 ویں دن جب آپ پڑھائی کی مقررہ تعداد ختم کریں گے وہ آپ سے ہم کلام ہوگا اور مصافحہ کے لیے درخواست کرے گا۔ آپ وہ درخواست قبول کرلیں۔ 40 ویں دن عمل ختم ہوگا۔ قوم جن کا فرد جو بھی اُس کا نام ہے اُس سے کہیں کہ کل سے میں پڑھائی نہیں کروں گا۔ میرا عمل ختم ہوا۔ وہ بہت رنجیدہ ہوگا اور آپ سے آیت کی تلاوت کی درخواست کرے گا۔ آپ اُس سے ہفتے میں ایک بار تلاوت کا وعدہ کریں۔ وہ مطمئن ہو جائے گا۔ اور بدلے میں آپ کا ہر جائز کام کرنے کے لیے راضی ہوگا۔

24- خدمت الجنّ (جنّ کو حاضر کرنا)

21 دن روزے رکھیں خالی مکان میں۔ لباس صاف و پاک ہو اور خوشبو سے معطر ہو۔ سورۃ والشَّمۡسِ وَ ضُحٰھَا۔ کو 500 بار پڑھیں۔ ہر 100 کے بعد یہ عزیمت پڑھیں۔

﴿یَا بَردیوش أقل بِحَقِّ شحات شمات وَ خود وَ صرهوش وَ یَا نُوح أقبل یَا خدیم السُّوۡرَۃ الۡمُبارکه وَ اضخل مَا امرتک بِه جلب الدراهم وَجلب النِّساء وَ التمریض وَ إخلاء الدِّیَار بِحَقِّ

علم ما کان وَمَا یکُون

جب اس کی تعداد مکمل کر لیں گے تو اس کا خادم حاضر ہوگا۔ سفید رنگ کا خوبصورت آدمی ہوگا۔ جس نے سبز رنگ کا لباس پہنا ہوگا۔ ننگی تلوار اُس کے ہاتھ میں ہوگی۔ جو کچھ چاہیں گے وہ قبول کرے گا۔ معاہدے کے بعد وہ آپ کو انگوٹھی دے گا جو سُرخ تانبہ کی ہوگی اور اُس پر سریانی زبان میں اسمِ اعظم لکھا ہوگا۔ جب بھی حاجت پڑے تو اُس انگوٹھی پر عزیمت ایک بار پڑھیں تو حاضر ہوگا۔ بخور مصطگی۔ میعہ سائلہ۔ السودان کا جلائیں۔

25- حاضرات بر آئینہ (خود بینی)

جو شخص حاضرات سے ملاقات کر کے اپنے حل طلب مسائل میں ان سے امداد لینے کا خواہشمند ہو وہ غروب آفتاب کے بعد ایک صاف وشفاف آئینہ کو زعفران وکافور اور کالا دانہ کی دھونی دے کر سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر محفوظ رکھے۔ عمل کے لئے رات کا کچھ حصّہ گزر جانے کے بعد ایک تنہا اور پرسکون مکان میں لوبان، صندل اور کافور کا بخور روشن کرے اور حاضرات سے ملاقات کرنے کا تصور کر کے آئینہ اپنے سامنے شمالی دیوار میں ذرا اونچا کر کے آویزاں کرے کہ جس میں عامل کا چہرہ اور گردن بخوبی نظر آسکے۔ جنوب کی دیوار پر آئینہ کے عین وسط میں صاف طور پر چہرہ دیکھا جاسکے۔ شمع روشن کرنے کے بعد آئینہ میں اپنے عکس پر نظر جماتے ہوئے لگاتار ذیل کی عبارت کو تلاوت کر کے آئینہ پر پھونکے۔ آغاز عمل کے کچھ ہی دیر بعد آئینہ میں عجیب وغریب صورتیں نظر آنے لگیں گی۔ جن سے خوف زدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ عامل اسماء کی تلاوت کو برابر جاری رکھے۔ یہاں تک کہ حاضرات کی دنیا کے تاجدار یکتانوش فاضل شاہ محمد میمون زنگی کی آمد ہو جائے۔ اس وقت غلغلہ عظیم بلند ہوگا اور ایک تخت نمودار ہوگا جس پر یکتانوس زنگی سوار ہوگا اور تخت کو چار قوی ہیکل خوفناک جن اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ عامل ان کی طرف کوئی توجہ نہ کرے اور عمل پڑھنے میں مصروف رہے۔ جب شاہ جنات تخت سے اتر کر عامل کے پاس آئے اور سجدہ تعظیم کر کے اپنے مسائل کا مطلب دریافت کرے۔ عامل جو سوال دریافت کرے گا اور جس کام میں امداد طلب کرے گا حاضرات فوراً اس کا حکم بجالائیں گے۔ آزمودہ است۔

عمل کی عبارت یہ ہے۔

﴿دِیْدَاشٍ یَارَبَّ الرُّوْحِ وَالْاَجْسَادِ دَرْمَاشٍ یَارَبَّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ عَلَیْمَاشٍ یَارَبَّ الارحمتین وَالسَّمَاءِ طَھَارَشٍ یَا رَبَّ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ اَرْھُوشٍ یَا صَاحِبَ الطُّوْرِ وَکِتَابَ الْمَسْطُوْرِ الوحا الْعَجَل یَا شَاہ یَکْتَانُوش فَاضِل شَاہ مُحَمَّد مَیْمُون زَنْگِی یَا صَاحِبَ دَارَالعقُولِ وَالنّشُور بِحَقِّ ھَلْفَ الْاَسْمَاءِ عَلَیْکَ﴾

26- حاضرات جن

جنات سے خدمت و مدد لینے کے لئے یہ بے خطا اور موثر عمل ہے۔ جس میں کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ البتہ عمل شروع کرنے سے پہلے کسی سید کی قبر پر جا کر سورۃ یٰسین اور فاتحہ پڑھ کر دعا مانگیں اور کچھ نیاز تقسیم کریں۔ پھر نماز مغرب کے بعد اول و آخر 110 بار محمدؐ آل محمدؐ علیہم السلام پر صلوٰۃ پڑھیں پھر سورۃ الحمد سات مرتبہ، سورۃ شمس سات مرتبہ، سورۃ والیل سات مرتبہ، سورۃ والضحیٰ سات مرتبہ، سورۃ الم نشرح سات مرتبہ، سورۃ التین سات مرتبہ اور سورۃ احقاف کی آیت 31 اور 32

﴿يَقَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَامِنُوا بِهِ يَغْفِرْلَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَ يُجِرْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ . وَمَنْ لَا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءُ . أُولَئِكَ فِي ضَلَلٍ مُبِينٍ﴾

اسی وقت حاضری جنات ہو گی جو عند الشرع جائز کام ہوں وہ کہہ دیں انشاء اللہ ضرور کریں گے۔ دوران عمل عمدہ قسم کی اگربتی ضرور سلگائیں۔ مجرب است۔

27- تسخیر جن و پری

﴿مہری۔ مہری۔ مہا۔ مہری مغلانی کو موہ کر میرے پاس لا نہ لایا تو تیری ماں بہن پر تین سو طلاق﴾

طریقہ یہ جن طماس اور پری مغلانی کا منتر ہے۔ جو مجھے انڈیا سے مہا کنبھ میلا سے ملا ہے۔ بھارت پوری دنیا کے عامل اور سب لوگ آتے ہیں۔ تفصیل ان کی یہ ہے کہ جس کو تسخیر کرنا مقصود ہو اُس کا نام لیں تین ہزار بار روزانہ رات کے تین بجے سے صبح تک۔ تین دن کے بعد حاضری شروع ہو جائے گی اور 7 دن کا عمل ہے۔ اتنی طاقت والے دونوں عمل ہیں پل بھر میں جہاں کہیں گے پہنچائیں گے۔ پری کا کام یہ ہے کہ جو چیز منگوائیں گے لائے گی۔ بُلانے کا طریقہ وہ خود دیں گے۔ حاضرات بھی کرتے ہیں۔

28- حاضرات جن و پری زاد

جو آدمی جاننے والا اس عمل کو کرے گا۔ بیشک جنات اور پری زاد کو دیکھے گا۔ اُن کی اصلی صورت کو بھی دیکھے گا۔ مگر چاہئے کہ اُن کے ساتھ بُرا کام کرنے کا ارادہ نہ رکھے ورنہ افسوس اُٹھائے گا۔ یہ زندہ عمل حاضرات ہے۔ اِن کو لوگوں کو بھی دکھا سکتے ہیں اگر اُن کی خواہش ہو۔ اُن کی قسم کے ساتھ

ب کچھ کر سکتے ہیں۔ مگر کوئی خوف نہیں۔ اپنی بات پر اٹل رہیں۔ مادہ برداشت ہونا چاہئے۔ پوری طہارت کے ساتھ خوش پوشاک وعطریات کا استعمال ضرور کریں۔

ترکیب مہینے کی پہلی جمعرات کو روزہ شام کے وقت کھیر پکا کر کھائیں اور پھر رات گئے مقام تنہائی میں خوشبویات وگوگل اور دھوپ و ''اگر'' وغیرہ کو یکجا کر کے شنگرف پیس کر سرخ گول دائرہ اپنے گرد بنائیں۔

اُس (دائرے) میں 4 عدد الائچی خورد۔ آٹھ لونگ۔ آٹھ سپاری۔ کورا بالکل نا آب رسیدہ چراغ مٹی کا، گھی دیسی جلانے کے لئے، خوشبویات اور مٹھائی اس دائرہ میں رکھ دیں۔ اور بدن کی حفاظت کوچ وغیرہ کے وِرد سے کر کے پانچ ہزار بار ایک نشست میں پڑھیں تین دن تک۔ تیسرے دن پری جمیلہ رانی، بڑی خوشی سے آوے گی۔ جو کہیں گے وہ مانے گی مگر ہر وقت بمعہ غسل پاک صاف ہونا چاہئے۔ جب عمل شروع کریں اُس وقت لال کپڑے زیب تن ہونے ضروری ہیں۔ خوشبویات کا ہونا لازمی ہے۔ مکان بھی صاف ستھرا جہاں پر کوئی دوران عمل کوئی نہ جائے۔ کسی خاص کام کے لئے پڑھیں تو یہ سامان روز لادیں۔ البتہ چراغ وہی ہونا چاہئے۔ روز اسی طرح کریں۔ اُس کو ہمیشہ تابع رکھنا لازمی ہے۔ اور روز ہی اس طرح کریں پری تابع رہے گی۔ جو کہیں گے کرے گی ہر خواہش کو پورا کرے گی مگر بُرے کام کی خواہش نہ کریں۔ بُرے کام کے لیے ایک دوسرا وِرد ہے پڑھنے سے خوشی خوشی آپ کے پاس آئے گی۔ جب اُس کی خواہش ہوگی۔ اُس کے ہاتھ میں موتیے کا گجرا ہوگا۔

منتر «جُب کا تارا. اتوار سے سُواھا» تارا اتواری سواہا

29-حاضرات کی طلسماتی انگوٹھی

سکہ، تانبہ، چاندی، پارہ تمام ہموزن لے کر ایک انگوٹھی بنوائیں اور نگینہ کی جگہ پر سنگ مقناطیس کو پیس کر اور روغن کنجد (تل کا تیل) اس میں ملا کر اس کو نگینہ کی جگہ پر خوب اچھی طرح دبا دبا کر بھر دیں۔ حتیٰ کہ ٹھوس ہو جائے اور اس مصالحہ کو تیل سے خوب چکنا کر دیں۔ اب ایک نابالغ بچے یا بچی کو سامنے بٹھا کر اس کو کہیں کہ وہ اس انگوٹھی میں خوب غور سے دیکھے اور بچے سے یہ الفاظ سات مرتبہ کہلوائیں۔

«اے شہنشاہِ جنات حاضر ہو»

چند ہی ثانیہ بعد انگوٹھی میں حاضرات کا نزول ہوگا جو چاہیں گے پوچھیں۔ تمام احوال انگوٹھی میں نظر آئے گا۔ عامل بچے سے ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکتا ہے۔ جو پوچھیں گے اس کا جواب انشاءاللہ سو فیصد درست ملے گا۔

30-تسخیر سندونی

(سات روزہ عمل)

حاضرات الارواح کا علم بہت وسیع ہے۔ اس کی تین اقسام ہیں۔ اول وہ ارواح جو خبر دیتی ہیں۔ دوئم

وہ ارواح جن کو تسخیر کر کے اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لی جاتی ہے۔ سوئم وہ ارواح جن کو بلا کر دوسروں پر مسلط کیا جاتا ہے۔ ان ارواح کی جن سے انسان تعلق قائم کر سکتا ہے' چار قسمیں ہیں۔ اول انسانی ارواح خواہ وہ پاک طینت ہستیوں کی ہوں یا ارواحِ خبیثہ۔ دوئم جنات۔ سوئم مؤکلات۔ چہارم ہمزاد یعنی اپنی روح کی تسخیر۔ پاک طینت ارواح جیسے حضرت خضر علیہ السلام یا دیگر پیغمبران یا شہداء یا اولیاء کرام کی ارواح سے رابطہ قائم کرنا اور ارواحِ خبیثہ مثلاً کالی دیوی' جوگنی' ہنومان' بھیروں' کلوابیر' سندونی وغیرہ وغیرہ۔ ان کو تسخیر کر کے دنیاوی کاموں میں مدد لی جاتی ہے۔ وہ ہستیاں جو خبریں دیتی ہیں۔ مؤکلوں میں سے رویائیل ہے جو اسم **یَا لَطِیْفُ** کا مؤکل ہے۔ اور جنات میں سے شاہ بکتانوش ہیں۔ یہی ہاتفِ غیبی کے فرائض انجام دیتے ہیں۔ اور وہ ارواح جو تسخیر کر کے حاضر کی جاتی ہیں اور ان سے کام لیا جاتا ہے وہ بہت ہیں اور ہر ایک کی مخصوص اپنی فطرت ہے۔

حاضر ہونے والی ارواح میں سے ایک سندونی ہے۔ عمل تسخیر سندونی یہ ہے۔

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. وَمَنْ سَرِيْنَ بَرِيْنَ سَفْرِيْنَ اَكَجَّ اَكَجَّ يَا سَرِى سَنْدُوْنِىْ اَوَمْ مَتَّ بَهَتَّ سَرَاهَا يَا بُدُّوْحُ. ﴾

طریقہ بروز بدھ بعد نماز عشاء باوضو باطہارت غسل تازہ کر کے مصفّٰی مکان میں حصار کر کے اپنے گرد ایک کنڈلہ کھینچیں اور عود و گوگل سلگا کر **3125** مرتبہ بالا عمل پڑھیں۔ دوسرے روز **3124** مرتبہ' تیسرے روز **3123** مرتبہ' چوتھے روز **3122** مرتبہ' پانچویں روز **3121** مرتبہ' چھٹے روز **3120** مرتبہ' ساتویں روز **3119** مرتبہ پڑھیں۔ تعداد میں کمی بیشی بالکل نہ کریں ورنہ عمل بے کار ہو جائے گا۔ پڑھتے وقت ہیبت ناک صورتیں نظر آئیں گی۔ ان سے ہرگز نہ ڈریں اور بیٹھے ہوئے اطمینان سے عمل پڑھتے رہیں۔ ساتویں روز خود بخود آپ کے روبرو سندونی آ کھڑی ہوگی۔ اور خود پوچھے گی کہ فرمایئے مجھے کس لئے طلب کیا ہے۔ واضح رہے کہ تعداد ختم ہونے کے بعد ہم کلام ہوگی۔ اگر اس کا کلام آپ کی سمجھ میں نہ آئے تو کہہ دیں کہ میں آپ کی زبان کو نہیں سمجھ سکتا تو پھر وہ عامل کی زبان میں بات کرے گی۔ اور پوچھے گی کہ کیوں بلایا ہے تو آپ کہیں کہ جب تمہیں طلب کروں جہاں بھی ہو فوراً آنا۔ عہد یا کوئی نشانی لے لیں۔ حسب الضرورت عطا شدہ نشانی کو خوشبو دے کر عزیمت طاق مرتبہ پڑھیں۔ فوراً حاضر ہوگی۔ اور جو کہیں گے چشم زدن میں حکم بجالائے گی۔

☆☆☆ سندونی کے بارے میں چند مفید معلومات ☆☆☆

جو لوگ حصار نہ کرنا چاہیں وہ البتہ تھوڑا سا دہی چھڑک دیں تو کوئی ہیبت ناک صورت نظر نہ آئے گی۔ عمل کے دوران چند عورتیں برہنہ آتی ہیں جن کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ عامل کی قوتِ مردی کو جوش دلائیں اور وہ عمل میں ثابت قدم نہ رہے۔ یہ صورت صرف تین منٹ جاری رہتی ہے۔ اگر عامل عقل مند و ثابت قدم ہوگا تو اس منظر کو

دھیان نہ دے گا۔ سندونی قوم جنات سے ہے۔ اس کا خاندان طوائف سے ہے۔ غیر مسلم ہیں۔ یہ خود بھی جادوگر ہوتی
ہیں۔ اس لئے کافی مشکل سے قبضہ میں آتی ہے۔ اکثر اپنے جادو کے زور سے عامل کے عمل کو ختم کردیتی ہے۔ اور نتیجہ
خیز نہیں ہونے دیتی۔ اور وہ جو بالواسطہ پیران پیر صاحب کی جائے وہ خاندان مسلم سے ہے اور بیوی بن کر رہتی ہے
اور جو بغیر واسطہ سے عمل کرے گا اس کے پاس غیر مسلم سندونی آئے گی۔ ان میں سے بعض اوقات بیوی بن کر رہنا
پسند کرتی ہیں ورنہ عموماً داشتہ کے طور پر ہوتی ہیں۔

اس کے عمل کے لئے کمرہ تنہا ہونا چاہیئے جو عمل کے دوران کسی اور استعمال میں نہ آئے۔ اس کمرے میں
سوائے عامل کی چارپائی کے کسی اور قسم کا سامان نہ ہونا چاہیئے۔ اس کے ساتھ فعل کرنے سے کسی قسم کا جانی یا جسمانی
نقصان نہیں ہوتا۔ البتہ یہ ضرور ہوتا ہے کہ عمل کے دوران کسی عورت کو بیوی بنا کر نہیں رکھ سکتے۔ اگر شادی شدہ ہیں تو
بیوی کو چھوڑنا پڑے گا اور اگر غیر شادی شدہ ہیں تو شادی نہیں کر سکتے۔ کسی جگہ عشقیہ سلسلہ ہو تو اسے بھی ختم کردے گی۔
سندونی بیوی بن کر رہے یا نہ رہے وہ کسی عورت سے تعلقات کو پسند نہیں کرتی۔ عمل رات کے وقت کریں اور کسی ایک
مقررہ وقت پر روزانہ کریں۔ یاد رکھیں کہ جس قدر بھی دوسری مخلوق ہے وہ وعدہ کی پابند ہوتی ہے۔ یہ کمزوری صرف
حضرت انسان میں ہے کہ وہ وعدہ خلافی پر اتر آتا ہے۔ جو بھی وعدے اور شرائط وعہد ہوں انہیں شروع میں ہی طے کر
لیں۔ سندونی وہ کام کرے گی جو پہلے دن شرائط میں طے ہوگا۔ اگر روپیہ' سونا کی خواہش ہوگی تو وہ اس کا بھی اہتمام
کردے گی۔ یہ بے حد حسین ہے۔ اچھی دوست اور ساتھی بھی بن کر رہے گی۔

اگر آپ شرط پر قائم رہیں گے تو وہ کوئی نقصان نہ دے گی۔ جب عمل کیا جاتا ہے اور مؤثر ہوتا چلا جائے تو
پہلے نسوانی آوازیں آنی شروع ہوتی ہیں جیسے باتیں ہو رہی ہوں۔ بعض اوقات گانے کی آواز اور گھنگھرو اور
چوڑیوں کی آوازیں بھی آتی ہیں۔ اس کے بعد بعض اوقات چلنے پھرنے کی آوازیں آتی ہیں۔ اس کے بعد کسی دن چند
عورتوں کا گروہ یا تنہا عورت بھی نظر آتی ہے۔ لیکن یہ سب برہنہ ہوتی ہیں۔ گاہے ان میں سے کوئی عامل کو اپنی طرف
رجوع کرنے کی بھی کوشش کرتی ہے۔ عامل جب ان حالات سے گزرتا ہے اور عمل قریباً اختتام پذیر ہوتا ہے تو سندونی
کی چھوٹی بہن آتی ہے جو خوب بن سنور کر خوبصورت وحسین روپ میں عامل کے پاس رہتی ہے اور بوس وکنار کرنا
چاہتی ہے کہ عامل کسی طریقے سے ہاتھ لگائے۔ اس موقع پر عامل کو چاہیئے کہ وہ سندونی کو پکارے۔ وہ فوراً آجاتی ہے
اور یہ صورت بھی رفع ہوجاتی ہے۔ البتہ اگر عامل نے سندونی کی بہن کو لپٹنے کی کوشش کی تو وہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے
گا۔ اس لئے کہ وہ سندونی کی وفا کو پورا نہیں کر سکا۔

عمل کے خاتمے سے چند دن پہلے یا عین آخری روز سندونی حاضر ہوجاتی ہے۔ عمل ختم کرنے کے بعد
مناسب شرائط طرفین کو طے کر لینا چاہئیں اور حاضری کا طریقہ بھی معلوم کر لینا چاہیئے۔ باقی رہا کامیاب ہونا یا ناکام

ہونا تو یہ درکھیں کہ تسخیر روحانیات کے لئے تین چلّہ مدنظر رکھنا چاہئیں اور عامل کو جان لینا چاہیئے کہ اس میں قوتِ تسخیر روحانیات ہے یا نہیں اور اس کی فطرت میں مادۂ تسخیر موجود ہے یا نہیں۔ لیکن اگر دورانِ عمل سے شواہد ملیں جو عمل کے باا‌ثر ہونے پر دلالت کریں تو عمل جاری رکھنا چاہیئے۔

31- تسخیر سندونی

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ رھنی سرھنی اَکَجْ اَکَجْ سَرِی سَندُونِی اَنتا بَھتا سُوَاھَا یَا بُدُّوْحُ۔﴾

طریقہ نوچندی بدھ کے دن سے شروع کریں با پرہیز روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ گیارہ دن تک بلا ناغہ عمل کرنے سے سندونی نہایت ہی خوبصورت جوان عورت کے روپ میں حاضر ہوگی۔

بخور گوگل وعود کا جلائیں۔

32- مشاہدہ جنات و روحانیات کا عجیب عمل

اُلو کی دونوں آنکھوں کو باریک پیس کر سرمہ میں کھرل کریں اور اس سرمہ پر 40 مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر دم کریں پھر جو بھی اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگائے گا اس کو جنات و تمام پوشیدہ مخلوقات نظر آئے گی بلکہ ان سے بات چیت بھی ہوگی۔ (آزمودہ است)

33- حاضرات جل پری

(صرف خواتین کے لئے)

طریقۂ حاضری کسی نابالغ بچی کو جس پر حاضرات ہوتی ہو اس کو اپنے پاس بٹھائیں۔ حاضرات کی جگہ پاک وصاف ہو۔ اگربتی سلگائیں۔ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ دو مرتبہ درود شریف دو مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں پھر کہیں کہ (اے جل پری تو آجا) اسی وقت آجائے گی۔ بچی کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ اس کے بعد السلام علیکم اور شکریہ ادا کر کے رخصت کر دیں۔

☆ پریوں کی حاضرات

﴿عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّ اَوْ اَمَاهَا اَمَا كَحْقَلاً كَحْقَلاً﴾ یہ عزیمت دو مرتبہ پڑھ کر کہیں۔ ﴿اَرْحَمَا تَرْحَمَا بِحَقِّ اَوْ اَمَطْ

بَهتً سُوَاهَا یَا مُؤکّلان بِحَقِ حَضرَت سُلَیمَانُ بِن دَاؤد عَلَیہِ السَّلَام حَاضِر شُود حَاضِر شُود حَاضِر شُود ﴾

طریقہ روزانہ ایک سو بار پڑھیں۔ 21 یوم کا عمل ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی ہے۔ حصار چہار قل شریف تین تین بار آیت الکرسی، سات بار پڑھ کر اپنے اوپر اور چاروں طرف پھونکیں۔

34- پریوں کی حاضرات

طریقہ سب سے پہلے سیاہی تیار کریں۔ کالی سیاہی میں یا سیاہ باریک سرمہ میں کافور اور عطر ڈالیں۔ بس سیاہی تیار ہے۔ ایک طشت لے کر اس میں (یا اللہ حاضر کرو) لکھیں اور پانی بھریں پھر 14 سال تک کے بچے کو اس میں دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ گیارہ بار درود شریف اور 33 بار یا اللہ حاضر کرو پڑھے۔ پہلے طشت پر پڑھ کر پھونکیں پھر بعد میں بچہ کے دائیں کان میں پھونکیں۔ پھر بچہ کو طشت میں دیکھنے کو کہیں۔ بچہ کو پہلے روشنی نظر آئے گی۔ بعد میں سبز میدان اور خوبصورت پھول نظر آئیں گے۔ پھر جھاڑو والا نظر آئے گا۔ اس کو کہیں کہ جھاڑو دے اور صفائی کرے۔ بعدہٗ بہشتی کو پانی چھڑکنے کا کہیں۔ اس کے بعد حکم کریں کہ پریوں کے بادشاہ سلامت وزیر اور امراء کے ہمراہ پریوں کی عدالت لگائیں۔ تھوڑی ہی دیر میں پریوں کا بادشاہ تشریف لائے گا۔ پھر بادشاہ سلامت کو تخت پر بیٹھنے کو کہیں اور وزیر و امراء کو کرسیوں پر بیٹھنے کا کہیں۔ پھر بادشاہ سلامت کو معمول کے ذریعے عامل اپنا اور معمول کا سلام عرض کرے۔ پھر بچے کے ذریعے ہر قسم کے مشکل سوالات کے جوابات سو فیصد درست حاصل کریں۔ ہر سوال کا جواب انشاء اللہ سو فیصد سچا ملے گا۔ بعدہٗ ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر ان کو جانے کی اجازت دیں۔

نوٹ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً انگوٹھے کے ناخن پر۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر۔ انڈہ پر۔ کاغذ، طشت، شیشہ اور پانی میں بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔

35- حاضرات پری

(صرف خواتین کے لئے)

طریقہ زکوٰۃ سب سے پہلے مندرجہ ذیل نقش کی زکوٰۃ ادا کریں۔ نقش کو نوچندی جمعرات روزہ رکھ کر لکھیں۔ نقش 574 مرتبہ لکھیں۔ پھر تمام نقوش کی الگ الگ آٹے میں گولیاں بنالیں اور ان کو دریا یا سمندر میں یا ندی میں بہا دیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ایک نقش زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ اس نقش سے پری کی حاضرات ہوگی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو زعفران سے لکھے ہوئے نقش کو اپنے سر پر رکھ لیں۔ پری اسی وقت فوراً حاضر ہوگی۔ اس سے جو کام لینا ہو وہ لے کر اسے جانے کی اجازت دیں اور نقش کو سنبھال کر رکھیں تاکہ

یہ آئندہ حاضرات کرنے کے کام آئے۔ نقش لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف ہو۔ اگر بتی وغیرہ سلگائیں۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ سات مرتبہ نقش لکھ لیا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ نقش درجِ ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۹۵	۱۸۷	۱۹۲
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۴
۱۹۰	۱۹۶	۱۸۸

چال نقش

8	1	6
3	5	7
4	9	2

36-تسخیر پری

﴿يَا بَدِيعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيعُ ٥﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات کو رات بارہ بجے روزانہ چھ ہزار مرتبہ گیارہ یوم پڑھیں۔ حصار قصیدہ غوثیہ یا سورۂ مزمل کا کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز دلائیں پھر عمل شروع کریں۔ اللہ کے حکم سے گیارہ دن میں تابع ہوگی۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں۔ آخری رات قول وقرار لیں اور تین مرتبہ حضرت سلیمانؑ کی قسم لیں پھر تابع کریں۔ بعدہٗ حصار سے باہر آئیں۔

37-حاضرات ملکہ پرستان

طریقہ جو لوگ پریوں کی حاضرات کرنا چاہیں ان کے لئے یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اس عمل کی جتنی بھی قدر کی جائے کم ہے۔ یہ عمل گویا ہتھیلی پر خزانہ ہے اور سات اقلیم کے جنات کے بادشاہوں پر حکمران ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ سب سے پہلے لاجونتی کا پودا مکمل تنے اور جڑ کے ساتھ اکھاڑ کر لائیں۔ اتوار کے دن سفید لباس پہن کر کسی جگہ تنہائی میں ہری گھاس پر بیٹھ کر مندرجہ ذیل عزیمت 3070 مرتبہ پڑھیں۔ لاجونتی کے پودے کو اپنے سامنے رکھ لیں۔ لگاتار 9 دن تک اسی طرح عمل کو جاری رکھیں۔ روزانہ ایک پودا توڑ کر لائیں اور روزانہ اسی طرح عمل جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ روزانہ سفید لباس پہنیں۔ انشاءاللہ 9 دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

جب حاضرات کرنی ہو تو ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش بنائیں پھر اس کو نئی روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں اور بچے کو حسب قاعدہ اپنے پاس بٹھائیں اور عزیمت پڑھنی شروع کر دیں۔ انشاءاللہ چند ہی منٹ میں پریوں کا لشکر حاضر ہوگا اور پریوں کی ملکہ بھی حاضر ہوگی اور بات چیت کرے گی۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست بتائے گی۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۱۴	۱۱ ۳۱	۱۱	۱۱
مکرر	مکرر	مکرر	

عزیمت یہ ہے۔

﴿اَو اُمِّ رَهِینُ سِحوری رَحتُ تهگارُ اَوُ تمُخرو. بَهت یَا بُدُوحُ﴾

38-حاضرات ضخیم

﴿رب جلیل خالق کل رحمت تمام۔ تیری ہی دسترس میں ہیں جن و پری تمام﴾

طریقہ بعد نماز عشاء، باوضو ہو کر بقبلہ رو بیٹھ کر گیارہ یوم تک مندرجہ بالا عمل عبارت **313** بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی یا دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ کاجل کی سیاہی پر برابر نگاہ رکھے۔ اب عامل **28** مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر معمول پر دم کریں۔ فی الفور حاضرات کا نزول کاجل کی سیاہی میں ہوگا۔ پس اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام مؤکلات کو معمول کے ذریعے پیش کرے اور جو بھی سوال ہو ان سے اس کا جواب طلب کرے۔ آپ کے ہر سوال کا جواب بالکل صحیح دیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے بعد ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں۔

39-حاضرات پری

طریقہ زکوٰۃ مندرجہ ذیل نقش کو آپ صرف **574** بار لکھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ یہ نقش نوچندی جمعرات کو روزہ رکھ کر لکھیں۔ جب تمام نقوش لکھ چکیں تو ان نقوش کو آٹے کی گولیوں میں رکھ کر کسی سمندر، دریا یا ندی یا بہتے پانی میں ڈال دیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ایک نقش زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ یہی وہ نقش ہے جس سے پری کی حاضری ہوگی۔ اگر حسن اتفاق سے نقش گم ہو جائے تو دوبارہ نیا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔

طریقہ حاضرات زعفران سے لکھے ہوئے نقش کو اپنے سر پر رکھ لیں۔ پری فوراً حاضر ہو جائے گی۔ اس سے کام لے کر اسے رخصت کر دیں اور نقش کو سنبھال کر رکھیں تاکہ دوبارہ کام میں آئے۔ نقش لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف کریں۔ اگر بتی وغیرہ سلگائیں باوضو لکھیں۔ نقش سے ہمیشہ کام لینا ہو تو زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ یہ نقش سات مرتبہ لکھا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۹۵	۱۸۷	۱۹۲
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۴
۱۹۰	۱۹۶	۱۸۸

40- سب سے اعلیٰ اور بہترین حاضرات حاضرات کا بادشاہ عمل

اِس کی حاضرات کچھ یوں ہے۔ کہ دیسی گھی کا چراغ جلائیں' دھوپ اور لال چندن کی دھونی اور پھول کا چڑھاوا دیں اور منتر کا وِرد 108 دفعہ کریں۔ کسی اچھی ساعت میں سے ایک دن میں حاضرات ہوتی ہے۔ بڑا اچھا اور سب سے اعلیٰ حاضرات کا مالک ہے۔ یہ حاضرات ہر ایک پر ہوسکتی ہے مگر عامل طاقتور اور وجیہہ جوان ہونا چاہئے تاکہ اُس کو سنبھال بھی سکے۔ اس میں حاضرات جنوں اور پریوں کی حاضری ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ بار بار کرنے سے سیتا کا نام لینے سے سیتا بھی حاضر ہوتی ہے۔ یہ بہت خوبصورت۔ رام کی بیوی سیتا تسخیر بھی ہوسکتی ہے مگر اس میں دیر بھی ہوتی ہے اور ساتھ میں ہنومان بھی ہوتا ہے جو اس کی حفاظت کرتا ہے۔

منتر یہ ھے ﴿اونگ پر برھم پر۔ مدتمنے نمہ چک دشاوتی استست پر لے کرائے پر ھم ھر ھرائے ترگنا تمنے سرپ کوتک داشی و تاثیر بانمتہ متران سدھنگ کر کر سواھا﴾

41- حاضرات پری و تسخیر

یہ پری زاہدہ کی حاضرات کچھ یوں ہے کہ ایک لڑکی 12 سال کی یا بچہ 12 سال کا۔ وہ بچہ یا بچی چراغ کی لو کو دیکھتا رہے اور عامل سورۂ کوثر پڑھ کر بار بار بچے پر پھونکتا رہے۔ 5 منٹ کے بعد حاضرات شروع ہوجائے گی۔ اس میں یہ ہوگا۔ کہ بچے سے کہیں کہ پہلے خاکروب کو بلاؤ۔ اُس کے بعد ماشکی کو بُلائے۔ پھر اِس کے بعد چپڑاسی آئے گا۔ وہ کرسی میز لگانے والے کو بُلائے گا۔ اِس کے بعد شاہ جن آئے گا۔ اُس کے ساتھ پری زاہدہ ہوگی جو شاہ جن کی بیٹی ہوگی۔ اپنے باپ شاہ جن کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھے گی۔ اپنے باپ شاہ جن سے پوچھے گی۔ حاضرات کے بارے میں وہ اُس کے کان میں کچھ بتائے گا۔ زاہدہ پری کھڑی ہو کر دوسرے جن کو بُلائے گی اور وہ شاہ جن کے ساتھ کھڑا ہو کر حاضرات کرے گا۔ اُس کے بعد رخصت کرنے کے لئے "اوم نمہ پری سواہا"۔ پڑھ کر اُن کو فارغ کردیں۔

42- حاضرات سورۂ الم تر کیف

جمعرات کے دن کو بوقت 2 بجے دن کے ایک پچاس مرتبہ پڑھ کر ہر ایک مہم کے سر ہونے کے لئے دعا کریں اور دیو' جن' پری زاد مطیع ہوتے ہیں لیکن عمل تنہائی میں پڑھیں۔

حاضرات برائے دشمن بروز جمعہ بوقت ساعت مریخ سو بار پڑھیں اور نام دشمن کا لیں۔ دُشمن دفعہ ہو جائے گا۔

43-حاضرات پری بذریعہ سورۂ کوثر

طریقہ عروجِ ماہ نوچندی پیر یا نوچندی جمعرات کو با پرہیز خلوت میں با وضو ہو کر پہلی رات سورۂ کوثر ایک تسبیح' دوسری رات دو تسبیح' تیسری رات تین تسبیح' چوتھی رات چار تسبیح علیٰ ہذا القیاس 21 رات تک 21 تسبیح' پھر 22 رات سے ایک تسبیح کم کرتے جائیں۔ 20 تسبیح پھر 23 رات سے 19 تسبیح پھر 24 رات سے 18 تسبیح علیٰ ہذا القیاس ایک تسبیح کم کرتے کرتے پڑھنا ہے۔

پھر 25 رات سے 17 تسبیح' 26 رات سے 16 تسبیح' 27 رات سے 15 تسبیح' 28 رات سے 14 تسبیح' 29 رات سے 13 تسبیح' 30 رات سے 12 تسبیح' 31 رات سے 11 تسبیح' 32 رات سے 10 تسبیح' 33 رات سے 9 تسبیح' 34 رات سے 8 تسبیح' 35 رات سے 7 تسبیح' 36 رات سے 6 تسبیح' 37 رات سے 5 تسبیح' 38 رات سے 4 تسبیح' 39 رات سے 3 تسبیح' 40 رات سے 2 تسبیح' 41 رات کو ایک تسبیح پڑھیں۔ آخری رات ایک پری حاضر ہوگی۔ اُس سے ایک رُوحانی مؤکل مانگو وہ بخوشی دے دیگی۔ یہ مؤکل دُنیا کے سب حالات بتاتا رہے گا۔

44-حاضرات لال پری

لَآ اِلٰهَ کا کوٹ ...... اِلَّا اللّٰه کی کھائی
جیوے لال پری جو حاضرات جلد گھیر کے لائی

طریقہ بروز نوچندی جمعرات رات بارہ بجے دریا کے کنارے بیٹھ کر اس عمل کو تین سو بیالیس 342 مرتبہ روزانہ چالیس 40 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر سو' سو مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھیں۔

توشہ پانچ عدد موتیا کے پھولوں کے گجرے' پانچ عدد پوری اور تھوڑا سا حلوہ' سوا پاؤ دودھ کی کھیر۔

عمل کے آخری روز لال پری ایک بزرگ جن کے ساتھ حاضر ہوگی اور ہنستے ہوئے اس بزرگ کا ہاتھ

آپ کے ہاتھوں میں دے کر واپس چلی جائے گی۔ تو شہ آپ لال پری کو پیش کریں۔ حاضر ہونے پر شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔

45-حاضرات ہِل ہُل پری

طریقہ یہ عمل درخت آک (مدار) پر کیا جاتا ہے۔ میعادِ عمل کل 21 یوم ہے۔ جائے رہائش اگر درخت (پودے) کے نزدیک رکھی جائے تو بڑی آسانی رہتی ہے۔ بعد نمازِ عشاء کسی وقت مقررہ پر پانی سے بھرا لوٹا ساتھ لے جائیں۔ درخت کا سایہ جس طرف ہو اس کی دوسری طرف معمولی فاصلہ پر چھوٹا پیشاب کریں۔ آدھا پانی استنجا پر صرف کریں۔ باقی آدھا پانی درخت پر اچھال دیں اور یہ لفظ تین مرتبہ کہیں۔ ''ہِل ہُل'' اور پیچھے دیکھے بغیر گھر کی طرف روانہ ہوں۔ چند دِن میں ہِل ہُل پری کو آپ اپنے آگے پیچھے دیکھیں گے یا پھر چلنے پھرنے کی آہٹ سُنیں گے۔ پھر چند یوم بعد مجسم ہو کر منت سماجت کرے گی اور ہر کام کر دینے کا لالچ دے گی لیکن آپ صرف اور صرف تابع ہونے کی شرط پر ڈٹے رہیں۔ بہت جلد راضی ہو جائے گی۔ اس کی کوئی شرط نہ مانیں۔ صرف وہ شرط مانیں جو اس کی بقاء کے لئے اشد ضروری ہو۔ اُس کے بلانے کی ترکیب پوچھ لیں۔ نشانی یا الفاظ بلانے کے پوچھ لیں۔

مشکل سے مشکل کام منٹوں و سیکنڈوں میں کرتی ہے۔ اُسے آپ صرف ایک شرط کا پابند کریں کہ جب میں مکان میں داخل ہوں تو بیس گز گھر سے دور رُک جایا کرے۔ کام کے وقت بلائیں۔

نوٹ آک کا درخت ایسی جگہ ہو کہ دورانِ عمل اس کو کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ طاقتور ہمزاد کی طرح کام کرتی ہے۔ جب بھی کام کرنے کے بعد اجازت طلب کرے تو وقتی اجازت دیں۔

ضروری نوٹ اجازت لینا لازمی ہے ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

46-حاضرات کُحلہ بنت برقان

بدھ کی رات بعد نمازِ عشاء بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نقش لکھیں۔ اُس وقت بخور لوبان و مقل ارزق و سندرس و ہینگ کا جلائیں۔ اور یہ عزیمت انوشق 12 بار پڑھیں۔ آپ کے پاس ایک خوبصورت پری پیکر عورت سنہرے رنگ والی آئے گی اور آپ سے جماع و نفسانی خواہش چاہے گی۔ اُس سے دل بھر کر جماع کریں۔ پھر وہ آپ کی ہر حاجت پوری کرے گی۔ عزیمت یہ ہے:

﴿ہَمِیشِ ہَمِیشِ بَہَمشَشِ بَہَمشَشِ بَہراشیشِ بَہراشیشِ
ہَارَشِ ہَارَشِ مَمِیَرشِ مَمِیَرشِ بَردَرشِ بَردَرشِ طَارَشِ طَارَشِ
سَحرُوشِ سَحرُوشِ. اُقبَلی یا کانیح یا کُحلتہ بَرقان بِحقِ

شِودشِ مرداشِ سیداشِ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْم۔

نقش یہ ہے۔

ی ۷ عـ	ف جـنـج بحرت	۹۹ ۹ لقـ انالحمہ	ط ف ۳۹ ہبم	ع ۷ ۱ ص ۷۰۰ ہیع

47-تسخیر پری

سوار سوار من سوار. دیو پری کفر دیوار. چاندی کا کوٹ سونے کا کواڑ. دائیں دست پر جبرائیل بائیں دست پر میکائیل.

تعداد 707 بار

بخور جوار کے سوکھے ڈوڈے۔ گوگل اور اگر بتی سلگائیں۔

21 یوم بروز نوچندی جمعرات باپرہیز رات 12 بجے پڑھیں۔ پری حاضر ہو کر اطاعت و فرمانبرداری کرے گی۔ عہد و پیمان و شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔

48-حاضرات شاہ پری
(بذریعہ سورۂ طارق)

طریقہ سورۂ طارق کے ذریعہ حاضرات شاہ پری کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سورہ طارق کی زکوۃ ادا کی جائے۔ عروج ماہ نوچندی جمعرات کے دن عامل عمل شروع کرے اور روزانہ ایک سو ایک بار سورۂ طارق پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ اکتالیسویں دن شیرینی تقسیم کریں۔ اگر عامل چاہے کہ پریاں حاضر ہو کر تابع ہوں تو پھر لگاتار اس عمل کے تین چلے کرے۔
تین چلوں کے 21 دن تک پرہیز جمالی کے ساتھ سورۂ طارق ایک سو اکیسویں دن شیرینی تقسیم کرے۔
روزانہ تین سو مرتبہ پڑھے اور اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ اس دوران ساتویں دن' چودھویں دن یا پھر اکیسویں دن شاہ پری نامی ایک پری حاضر ہوگی اور اس کے ساتھ دو خادمائیں بھی ہوں گی۔ ایک کا نام کمال پری ہوگا اور دوسری کا نام جمال پری۔ دوران چلہ اور زکوۃ عامل کو چاہیئے کہ سورۂ طارق کا اختتام پر یہ عزیمت پڑھے۔

﴿بِحَقِ یَا رفتمائیلُ یَا اِسْرَافِیلُ یَا اِسْمَاعِیلُ یَا عِطرَائیلُ﴾

اگر عامل چاہے کہ صرف عکسی حاضرات ہو تو پھر سورۂ طارق کا ایک ہی چلہ کافی ہے۔ ایک چلے کے بعد عامل جب حاضرات کا ارادہ کرے تو حسب قاعدہ جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں نقش حاضرات کا اہتمام کرے۔ عامل مریض اور کسی بچے کو بٹھا کر حسب معمول حاضرات کا ماحول بنائے اور سورۂ طارق بمع عزیمت مذکورہ پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ حاضرات کھل جائے گی اور اس حاضرات میں شاہ پری عکسی طور پر حاضر ہو گی اور باذن اللہ عامل کی روحانی مدد کرے گی اور مریض کو اثرات بد سے نجات دلانے کی جدوجہد کرے گی۔ نقش حاضرات یہ ہے۔

یا رفتمائیل ۷۸۶ یا اسرافیل

یا اسماعیل بحق سورۂ طارق یا عطرائیل

49-حاضرات شاہ پری
(بذریعہ سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ)

طریقہ شاہ پری کی حاضرات کا ایک اور طریقہ ہے وہ یہ کہ پہلے بہ نیت زکوٰۃ سورۂ الم نشرح روزانہ 121 مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ اکتالیسویں دن بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ عامل جب بھی حاضرات کا ارادہ کرے تو جمعہ کے دن صبح آٹھ یا نو بجے کے درمیان نقش حاضرات تیار کرے اور بوقت حاضرات تمام شرائط پوری کر کے حاضرات کا عمل شروع کرے اور اس وقت سورۂ الم نشرح لاتعداد مرتبہ پڑھنی شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کھل جائے گی اور شاہ پری حاضر ہو کر عامل کے ہر حکم کی تعمیل کرے گی۔ نقش حاضرات یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳۷

☆☆☆ ہمزاد کو حاضر کرنے کے نایاب اعمال ☆☆☆

1-حاضرات ہمزاد (ہمزاد سے ہر سوال کا صحیح جواب لیں)

ایک میٹر سفید کورا لٹھا' ایک عدد کچا ناریل کے دو ٹکڑے اور دو عدد برفی' 5 روپے کسی برہمن کی قبر کہنہ پر رکھ کر وعدہ حاضری کا لیں اور کہیں کہ آج آپ کی ہمارے ہاں دعوت ہے ضرور آئیں۔ یہ بول کر واپس پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں۔ الٹے قدموں چلے آئیں۔ کمرہ میں آپ کے علاوہ کوئی دوسرا موجود نہ ہو۔ پھر ایک سفید کاغذ لے کر اس پر اپنا سوال لکھ کر الٹا کر کے رکھ دیں۔ چند ہی لمحے بعد اسی کاغذ کو آپ سیدھا کر کے دیکھیں گے تو آپ کے سوال کا جواب اس کاغذ پر حاضر ہوگا۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

2-حاضرات ہمزاد

پتھر کا کوئلہ سات ٹکڑے لے کر اسے خوب جلائیں اور اس پر لوبان ڈالتے جائیں۔ اس کا جب دھواں اٹھے گا تو اس میں روحانیت نظر آئیں گی۔ پس جو اپنا ہم شکل نظر آئے وہی کام کا ہے۔ "یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ" 121 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھائی کے دوران جو آپ کا ہم شکل ہے وہ بار بار آپ کے سامنے دھوئیں میں نظر آئے گا۔ آخری دفعہ پڑھنے سے دھوئیں میں صرف وہی دکھائی دے گا اور کوئی نظر نہیں آئے گا۔ آپ لوبان کوئلوں پر برابر ڈالتے رہیں۔ جو پوچھنا ہو پوچھیں۔ ہر سوال کے جواب سے آپ کو مطلع کرے گا۔

نوٹ حصار اور درود شریف اول و آخر ضرور پڑھیں۔

3 -عمل ہمزاد (صرف ایک یوم)

یہ عمل آپ کو کوئی بھی عامل نہیں بتائے گا۔ اس میں کوئی عمل پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے بس یہ معلوم کرنا ہے کہ وہ کونسا قمری ماہ ہوگا جس کی ستائیسویں شب عروج ماہ کو پکھ پچھتر پڑے گا۔ پس اس شب کو 12 بجے غسل کریں اور پاک و صاف ہو کر عطر لگا کر جنگل میں جائیں اور بخور روشن کریں۔ کچھ دیر بعد ایک روح حاضر ہوگی اور بعد سلام کے دریافت کرے گی کہ تمہارا مطلب کیا ہے؟ جو مطلب ہو بیان کر دیں۔ پورا کر دے گی۔ اگر ہمیشہ رکھنا ہو تو اسے کہہ دیں کہ تمہیں ہمیشہ ساتھ رکھنا چاہتا ہوں۔ روح تابع ہوگی۔ کوئی ڈر و خوف نہ ہوگا۔ بخور اس طرح ہے۔ میعہ سائلہ 5 تولہ میعہ یابسہ 5 تولہ دونوں کو کوٹ کر بخور بنائیں۔ آگ کا پیالہ یا انگیٹھی ساتھ لے کر جائیں۔ مجرب ہے۔

4-تسخیر ہمزاد (گیارہ یوم)

یَاقَوْمِ ھَمْزَاد اُحْضُرُو اُحْضُرُو اُحْضُرُو بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ حَاضِر

شُو حَاضِر شُو حَاضِر شُو﴾

طریقہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قطب کی طرف منہ کر کے رات 12 بجے عمل پر بیٹھیں۔ اپنے سامنے شیشہ رکھیں اور پیٹھ کے پیچھے سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں اور اپنے نام کے اعداد اور ماں کے اعداد کے مطابق عمل پڑھیں۔ کل گیارہ دن۔ جب گیارہ دن کے بعد حاضر ہو جائے تو اس سے قول و اقرار کریں کہ جو چیز میں کھاؤں گا تجھے بھی وہی چیز کھانی پڑے گی۔ جب میں بلاؤں اس وقت آنا اور جو کام میں کہوں وہ تجھے کرنا پڑے گا اور اللہ کے حکم سے تابعداری کرے گا۔ اگر حسن اتفاق سے گیارہ یوم میں نہ حاضر ہو تو پھر 21 یوم عمل کریں۔ ویسے گیارہ یوم میں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ پرہیز جمالی کریں۔

5-تسخیر ہمزاد

﴿نَوَیْتُ مِنِّی لِکَلَامِی یَا اَخُوَّۃُ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا لِطَارُو یَا بِاِذْنِ اللّٰہِ یَا ھَمْزَاد حَاضِر شُو حَاضِر شُو حَاضِر شُو﴾

41 یوم اپنے نام کے اعداد کے مطابق رات ٹھیک 12 بجے عروج ماہ نوچندی جمعرات منہ شمال کی طرف کر کے نیچے سفید کپڑا بچھا کر پڑھیں۔ انشاء اللہ 40 یوم میں حاضر ہو کر تابعداری کرے گا۔ پرہیز جمالی کریں۔ مجرب عمل ہے۔

6-حاضرات تسخیر ہمزاد (21 یوم)

طریقہ کسی عمدہ صاف الگ کمرہ میں قبلہ رخ معطر ہو کر بیٹھ جائیں۔ اپنے پیچھے سرسوں کے تیل کا دیا چراغ روشن کریں۔ سایہ کی گردن پر ٹکٹکی باندھ کر اول و آخر 100`100 بار مندرجہ ذیل درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُصَلِّی بِھَا آمان پڑھ کر درمیان آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ 360 بار پڑھ کر بغیر کلام کئے سو جائیں۔ صبح دس بجے دھوپ میں کھڑے ہو کر سایہ پر نظر جما کر اول و آخر 11`11 بار مندرجہ بالا درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں 41 بار اسم یَا لَطِیْفُ پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھیں۔ ہمزاد نظر آئے گا۔ 21 دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ یقینی کامیابی ہوگی۔

7-عمل ہمزاد سفلی

یہ عمل ہمزاد صرف خواب کی حالت میں آپ سے ملاقات کرے گا۔ تسخیر نہ ہوگا۔ یہ ہمزاد آپ کو دنیا کی خبریں پل بھر میں دے گا۔ آپ اس سے ماضی و حال و مستقبل کے ہر واقعے کی خبر سو فیصد درست لے سکتے ہیں۔

یہ سمجھیں کہ یہ ایک قسم کا علم الاخبار ہے۔ ریس، سٹہ انعامی بانڈز کے شائقین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔ اس عمل سے چند ہی روز بعد ہمزاد عامل سے محو گفتگو ہو جاتا ہے۔ عمل کرنے سے پہلے ایک علیحدہ کمرہ منتخب کریں اور کاغذ کے چھوٹے چھوٹے چار ٹکڑوں پر مندرجہ ذیل عبارت لکھ لیں۔

﴾فرعون - قارون - ابوہم شیطان - ہامان - شداد﴿

ایک ایک ٹکڑا چارپائی کے چاروں پائے کے نیچے رکھ لیں اور اپنی چارپائی شمال مشرق کی طرف کر کے بیٹھ جائیں۔ اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق یہ عبارت پڑھیں۔

عبارت ﴾ہمزاد خواب میں نہ آئے تو دُہائی ابوہم شیطان کی﴿

اب درمیان میں یہ عبارت 41 مرتبہ پڑھیں۔

عبارت ﴾کالی چمڑی ڈس بھری اَنتَ فی اَمری﴿

یہ پڑھ کر اب آپ چارپائی پر ہی سو جائیں۔ اور صبح اُٹھ کر چارپائی کے پائے تلے سے کاغذ کے ٹکڑوں کو نکال کر جلا دیں اور وہ راکھ کسی پانی میں بہا دیں یا زمین میں دفن کر دیں۔ عمل شروع کرتے وقت اور صبح ٹکڑے جلاتے وقت کسی سے بات نہ کریں۔ اسی طرح یہ عمل 21 یوم تک کریں۔ اگر یہ عمل نجس یا ناپاکی کی حالت میں کریں تو عمل جلدی کام کرے گا۔ عمل ختم کرنے کے بعد غسل کر سکتے ہیں۔

نوٹ یہ عمل صرف اور صرف چارپائی یا مسہری پر ہی ہوگا۔ صوفہ یا زمین پر نہ ہوگا۔

8-تسخیر ہمزاد (41 یوم)

یہ عمل 41 یوم کا ہے۔ دورانِ عمل دودھ چاول کھانے ہیں۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ عمل ہر روز وقت مقررہ پر کریں۔

طریقہ اپنے نام کے اعداد ابجد شمسی سے نکال لیں۔ ان میں 786 اعداد مقررہ جمع کریں۔ اب ان کے حروف بنا لیں۔ حروف کو اُلٹ کر آگے ''آئیل'' کا اضافہ کر دیں۔ یہ ''مؤکل ہمزاد'' بن جائے گا۔ مثلاً

نام علی احمد اعداد =2197۔ 2983=786+2197

ان کے حروف (ت - ظ - ھ - ی - ی) بنے۔ حروف کو اُلٹ کر (ی - ی - ھ - ظ - ت) اور آگے ''ائیل'' لگانے سے ''**ییھظتائیل**'' مؤکل ہمزاد بنا۔ اب بوقت شب سب کاموں سے فارغ ہو کر خالص سرسوں کے تیل کا چراغ پس پشت جلائیں اور سایہ کی گردن پر نظر جما کر 7000 اسم ہمزاد ''**ییھظتائیل**'' کا ورد کریں۔ اور اسی جگہ لیٹ کر سو جائیں۔ ساتویں نہیں تو اکیسویں دن ہمزاد حاضر ہوگا۔ دورانِ عمل ڈراؤنے خواب آئیں گے اور مختلف حالات پیدا ہوں گے مگر کسی بھی چیز یا حالت سے خوفزدہ نہ ہوں اور نہ ہی عمل درمیان میں نامکمل چھوڑیں۔ انشاءاللہ ہر حال میں ضرور کامیابی ہوگی۔

9-نقشِ تسخیر ہمزاد

طریقہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل نقش کو موٹے کاغذ پر لکھیں اور پرانی ٹوپی میں مضبوطی سے سی لیں۔

اس عمل کا کوئی خاص وقت نہیں مگر پھر بھی اسے نوچندی جمعرات کے دن سے بعد نمازِ عشاء شروع کریں۔
ٹوپی کو اپنے آگے رکھ لیں اور فا آمن یا آمن یا فلاں کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں
اور پھر ٹوپی کو اپنے صندوق میں رکھ کر تالا لگا دیں اور حصار باندھیں۔ (یافلاں) کی جگہ اپنا نام لکھیں اور پڑھتے ہوئے
بھی (یافلاں) کی جگہ اپنا نام لیں۔ والدہ کا نام لکھنے اور پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ روزانہ ٹوپی کو نکالیں اور پڑھ کر
صندوق میں رکھ کر تالا لگا دیں۔ حصار کے ساتھ 40 ویں دن ہمزاد سامنے آجائے گا۔ اس سے شرائط طے کرلیں اور
کوئی ایسی شرط نہ مانیں جو قابلِ قبول نہ ہو۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی ضرور کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انا سمعنا	قل اوحی	عجبا یهدی
قرآنا	فقالوا	استمع
الی انه	الی الرشد	نفرمن الجن

نقش کی چال

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

10-تسخیر ہمزاد

اپنے نام کے اعداد کے مطابق اپنے ہی نام کو جملہ لوازمات وشرائط اور پرہیز کے ساتھ بطور زکوۃ ورد
کریں تو اللہ کے حکم سے آپ کا ہمزاد مسخر ہو جائے گا۔ اپنے نام کے ساتھ اس عبارت کو عروجِ ماہ نوچندی جمعرات
سے شروع کر کے 21 یوم تک ورد کریں۔

عبارت یہ ہے ﴿اِنِّی اٰمَنْتُ بِرَبِّکُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝﴾

11-عمل ہمزاد

طریقہ بروز نوچندی منگل کو ایک گھی کا چراغ جلا کر پس پشت رکھیں اور سایہ پر نظر جما کر 1296
مرتبہ 27 یوم تک بلا ناغہ پڑھیں۔ یہ عمل با پرہیز پڑھیں۔ آخری دن ہمزاد آ کر خود تمام شرائط طے کرے گا۔ ورنہ
خواب میں مشکل امور کا حل بتا دے گا اور ہر طرح کی خبریں دے گا۔

عبارتِ منتر ﴿اَسْہی مَن چِنْتَا۔ اَسْہی سومَن چِنْتَا﴾

نوٹ اس عمل سے خصوصی طور پر سٹہ کا نمبر لاٹری انعامی بانڈز امتحانی پرچے وغیرہ سب معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

13-نادرالوجود عمل تسخیر ہمزاد

عبارت عمل ﴿لَآ اِلٰہَ زِیر کر. اِلَّا اللّٰہُ زَبَر کر. مُحَمَّدٌ
رَسُوْلُ اللّٰہِ میری مَدَدْ کر. میرا ہمزاد حاضر کر﴾

طریقہ جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ وقت مقررہ پر ایک ہی جگہ پر یہ عبارت عمل 330 مرتبہ 11 یوم تک بلا ناغہ پڑھیں۔ اور اپنی پشت پر چراغ جلا کر سائے پر نظر جما کر پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابعداری اور اطاعت کرے گا۔

نوٹ عبارتِ عمل روزانہ 300 مرتبہ پڑھیں اور مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا خالص تیل ڈال کر جلائیں۔

11-تسخیر ہمزاد

طریقہ نوچندی جمعرات کو بعد از نمازِ عشاء باوضو قبلہ رخ ہو کر وقتِ مقررہ پر پڑھیں۔ پسِ پشت چراغ جلائیں، لوبان روشن کریں۔ اور الگ مکان و تنہائی میں پڑھیں۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ بعد عمل اسی مکان میں سو جایا کریں اور باہر جائیں تو مکان یا کمرہ مقفل کر دیں۔ جب تک ہمزاد حاضر نہ ہو عمل ترک نہ کریں۔ 41 دن کا عمل ہے۔

عمل سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھیں لیکن دوسری آیت کے ''الصَّمَدُ'' پر ''یا رومائیل'' کہہ کر اگلی آیت پڑھیں۔ روزانہ 230 مرتبہ اسی طرح سورۂ اخلاص پڑھیں بمعہ 5-5 مرتبہ درود شریف۔

14-عمل ہمزاد

۷۸۶

۲۹۷	۳۰۰	۳۰۳	۲۸۹
۳۰۲	۲۹۰	۲۹۶	۳۰۱
۲۹۱		۲۹۸	۲۹۵
۲۹۹	۲۹۴	۲۹۲	۳۰۴

طریقہ اس نقش کو باوضو ہو کر لکھیں اور بعد از نمازِ عشاء بلا ناغہ 19 یوم تک عبارتِ عمل 1189 مرتبہ پڑھتے ہوئے سامنے رکھیں۔ تا اختتامِ عمل یہ نقش سامنے رہنا چاہیئے۔ اس نقش کے سیاہ خانے میں دیکھ کر پڑھیں۔ 17 ویں یا 19 ویں دن ہمزاد کی شبیہ نظر آئے گی۔ اس سے شرائط طے کر لیں۔ اور ایک مخصوص وقت میں ہی ہمزاد سے کام لیں۔ ہر وقت نہیں۔ عزیمت یہ ہے

﴿یَا لَطِیفُ تَلَطَّفُ وَ اللُّطفُ فِیْ لُطُوفِکُمْ یَا لَطِیفُ﴾

15-پانچ منٹ میں ہمزاد حاضر

(سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ عمل)

حاضرات، روحانیات اور ہمزاد و جنات کو قابو میں لانے اور ان سے حل طلب مسائل میں امداد لینے کے

لئے ذیل کا دخنہ (بخور) روشن کریں۔ کندر سفید، پوست خشخاش، سمندر جھاگ، لوبان، زعفران، انسان کی ہڈیاں، ناریل، جند بید ستر۔ تمام چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنا کر اور حصار کر کے بیٹھ کر ٹھیک رات بارہ بجے جلائیں اور نظارہ کریں۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں بلا خوف وخطر عمل جاری رکھیں۔

ضروری نوٹ اجازت لینا لازمی ہے ورنہ رجعت و جان کا خطرہ ہے۔ صاحب مصنف و مؤلف پر کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اجازت لازمی لے لیں۔

16-تسخیر ہمزاد

میری کتاب ''عالم حاضرات'' چھپنے سے قبل کئی کتابیں علم الحاضرات پر شائع ہوئیں۔ بعض حضرات نے میرے ہی شائع شدہ کئی مضامین اور اعمال اپنی کتابوں میں نقل کر کے شائع کر دیئے۔ یہ بات تہذیب و آداب کے خلاف ہے بلکہ اسے علمی چوری کے نام سے منسوب کرتے ہیں۔ لہٰذا علمی چوری کرنے سے گریز کرنا چاہیئے۔ ہاں کتاب کا حوالہ دے دیں یا ماخوذ کر کے لکھ دیں تو بہتر ہے۔

تسخیر ہمزاد...... میرا یہ مضمون ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور (پاکستان) شمارہ مارچ ۱۹۹۸ء صفحہ ۳۴ پر میرے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ نقل کرنے والوں نے یہ مضمون اور کئی اعمال میری کتاب ''حاضرات کی دنیا'' سے بھی نقل کر کے اپنے نام سے شائع کر دیئے ہیں۔ یہ مضمون ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ مضمون پڑھ کر آپ خود اندازہ اور انصاف کر سکتے ہیں کہ میرے مضامین و اعمال لوگوں نے نقل کر کے اپنی کتابوں میں بلا اجازت شائع کروا دیئے ہیں یہ ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔ واضح رہے کہ علم کسی کی میراث نہیں۔ عمل کسی کی جاگیر نہیں۔ مگر کم از کم اتنا تو خیال کرنا چاہیئے کہ صاحب مصنف و مؤلف سے اجازت لے کر اعمال شائع کر دیتے۔ اگر اتنا بھی نہیں کر سکتے تو کتاب کا حوالہ دے دیتے۔ لہٰذا یہ دلیرانہ علمی چوری کہلائے گی۔ چور کا دیا کبھی نہیں جلتا۔

عمل ہمزاد نمبر ا مہینہ کوئی ہو۔ چاند کی تیرہ تاریخ کو جب چاند نکلے اور 12 دن گزر چکے ہوں تو چارپائی پر آرام و سکون سے پاؤں پھیلا کر اس طرح لیٹیں کہ چاند بالکل آپ کی آنکھوں کے سامنے مقابل ہو۔ کھانے پینے اور ضروریات سے پہلے ہی فارغ ہو لیں۔ اب چاند پر نظر کر کے تین سو مرتبہ درج ذیل آیت پڑھیں۔

﴿ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴾ (سورۂ قمر۔ پارہ ۲۷)

دوسرے دن تین سو ایک 301 مرتبہ اور اسی طرح روزانہ ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں۔ 30 دن تک یہ عمل روزانہ کریں۔ 30 دن میں پڑھنے کی تعداد 330 ہوگی۔ تیسویں دن ایک شخص سے آپ کی ملاقات ہوگی۔ اس کی آنکھیں سرخ ہوں گی۔ بس یہی ہمزاد کی پہچان ہے۔ یہ شخص بالکل اجنبی ہوگا۔ جس کو اس سے قبل آپ نے کبھی نہ دیکھا ہوگا۔ آپ اس شخص کا ہاتھ پکڑ لیں اور اقرار لیں کہ میں جب یہ عمل پڑھوں تو آپ کو لازمی آنا ہوگا۔

ہمزاد وعدہ کرے گا۔ آپ ہاتھ چھوڑ دیں۔ پھر جب آپ یہ آیت 330 مرتبہ پڑھیں گے تو وہ حاضر ہوگا۔ ان چند باتوں کو ذہن نشین کرلیں۔ چاند روزانہ ایک ٹائم پر طلوع نہیں ہوتا۔ آپ عمل اس وقت شروع کریں جب چاند سامنے آجائے۔ اگر کسی دن ابر ہے یا چاند کی آخری تاریخیں ہیں یعنی جب چاند نظر نہیں آتا تو آپ مغرب کی طرف آسمان کے کناروں کو دیکھ کر پڑھیں اور جب چاند نظر آئے تو پھر یکم سے 14 تاریخ تک چاند پر نظر کر کے عمل پڑھیں۔ اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں۔

عملِ ہمزاد نمبر ۲ سب سے پہلے ایک ایسا مکان منتخب کریں کہ اس میں عامل کے سوا کسی اور کی آمدورفت نہ ہو یعنی ایام عمل کے دوران اس مکان میں کسی کا آنا جانا نہ ہو۔ ترکِ حیوانات اور جلالی اور جمالی دونوں پرہیزوں کے ساتھ اس عمل کی شروعات کی جائے۔ حصار اپنے اردگرد کر کے عمل شروع کریں۔ دورانِ عمل صندل، عود کی دھونی دیں۔ عطر وخوشبو وغیرہ کا استعمال کریں۔ گیارہ مرتبہ اول وآخر درود ابراہیمی پڑھ کر عمل کی ابتداء کریں۔ سب سے پہلے سورۂ یٰسین پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ واقعہ پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ توبہ پڑھیں۔ تینوں سورتوں کی تلاوت کے بعد 500 مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ O اس کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھ کر سورۂ ناس سے پچھلی سورتیں سورۂ تکاثر تک کی تمام سورتیں پڑھیں۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مصلے ہی پر سو جائیں۔ اس عمل کو لگاتار پانچ دن تک پڑھیں۔ تیسرے روز آپ کے بدن پر دورانِ عمل کپکپی شروع ہو جائے گی۔ اس سے خوف نہ کھائیں۔ ایک دو ڈراؤنی صورتیں بھی نظر آئیں گی۔ ان کے ہاتھ میں تلواریں بھی ہوں گی لیکن آپ ان صورتوں سے بالکل خوف زدہ نہ ہوں۔ یہ سب چیزیں حصار کے اندر آنے کی طاقت نہیں رکھتیں۔ پانچویں دن ایک نورانی بزرگ آپ کو شربت کا ایک پیالہ عطا کریں گے۔ ظاہر میں یا باطن میں۔ بس یہی بات عمل کی کامیابی کی علامت ہے۔ شربت کا پیالہ پیتے ہی آپ عامل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ جب بھی پانچ مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ O پڑھیں گے تو ہمزاد کی آواز آئے گی۔ بولے گا کہ کیا بات ہے؟ حکم دیجئے کہ کیا کرنا ہے؟ مقصد بیان کیجئے میں پورا کروں گا وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح کی بات چیت ہمزاد آپ سے کرے گا لیکن نظر کوئی نہ آئے گا۔ 40 روز کے بعد ہمزاد مجسم انسانی صورت میں سامنے آکر بات چیت کرے گا اور آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔

نوٹ اجازت لینا لازمی ہے۔

17-تسخیر ہمزاد

﴿فَتِحُ مُحَمَّدُ مَاهِلُ﴾

اس عزیمت کو صرف 808 مرتبہ با پرہیز صرف 9 یوم تک پڑھیں۔ تسخیر ہمزاد میں انشاء اللہ تعالیٰ

کامیاب ہوں گے۔ چاند کی 8 تاریخ کو عمل شروع کریں۔ اپنے پس پشت اصلی گھی کا چراغ جلائیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر عمل پڑھیں۔ (اجازت لینا لازمی ہے)۔

18-تسخیر ہمزاد (تین یوم)

﴿اَسِی مَن چِنتا اَسِی سو مَن چِنتا﴾

طریقہ بروز نوچندی منگل کو ایک گھی کا چراغ جلا کر پسِ پشت رکھیں۔ اور اپنے کنٹھ پر نظر جما کر 1296 مرتبہ پڑھ کر اُسی جگہ سو رہیں۔ اسی طرح تین یوم پڑھیں۔

پرھیز انڈہ، گوشت ہمہ قسم مثلاً مچھلی، مرغی۔ عورت سے مباشرت نہ کریں۔

ہمزاد آ کر اور خود آپ کو جگا کر سب شرائط خود طے کرے گا۔ یا پھر خواب میں آپ کی مشکل کا حل یا پرائز نمبر، لاٹری، انعامی بانڈ کا نمبر یا جو آپ چاہیں گے یا جو آپ کا مقصد ہو گا حل کر دے گا۔ مجرب ہے۔

اجازت لینا لازمی ہے۔ یاد رکھیں جائے استاد خالی است۔ بغیر اجازت کے کوئی سا بھی عمل کرنا نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ بلکہ پاگل پن ورجعت وخوف کا خدشہ ہو سکتا ہے۔ اجازت ضروری ہے۔

19-تسخیر ہمزاد (۴۷ روز)

﴿یَا بَدِیعُ الْعَجَائِب بِالْخَیْرِ یَا بَدِیعُ یَا اَنِیسَ الْمُتَوَحِّشِیْنَ یَا مُغِیْثُ یَاطَاطَائِیْلُ﴾

تعداد عمل 772 مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

طریقہ کھلے آسمان کے نیچے چارپائی پر لیٹ کر پڑھیں۔ بالکل سیدھے لیٹیں جیسے مردہ ہو۔ آنکھیں بند ہوں اور تصور ہو کہ میری شکل کا ہمزاد حاضر ہو کر فرمانبرداری کرے گا۔ منہ شمال کی جانب ہو گا۔

شرط اس عمل میں ترکِ جلالی یا جمالی کی کوئی شرط نہیں۔ جو جی چاہے کھائیں لیکن جس دن عمل شروع کیا جائے ہلدی اور دارچینی باریک پیس کر شیشی میں ساتھ رکھیں۔ جب بھی روٹی کھانے لگیں تو پیاز کا تھوڑا سا ٹکڑا کاٹ کر اُس پر ہلدی اور دارچینی کا سفوف چھڑک کر کھالیں۔ بعد میں روٹی کھائیں۔ عمل پڑھنے کے بعد تھوڑی دیر آسمان پر آنکھیں کھول کر دیکھیں۔ کچھ ہی دنوں میں آسمان پر سایہ نظر آنا شروع ہو جائے گا۔ پھر یہ سایہ آہستہ آہستہ نیچے کی طرف آئے گا۔ آخری دنوں میں آپ کے سامنے کھڑا ہو گا۔ تمام شرائط وعہدوپیمان سوچ سمجھ کر طے کر لیں۔ زندگی بھر فرمانبرداری وہر کام کرے گا۔

نوٹ بعض اوقات جسم پر سوئیاں سی چبھنے لگی ہیں لیکن آپ حرکت نہ کریں یہ وقتی چبھن ہوتی ہے۔ آپ اپنا عمل جاری رکھیں۔ نایاب عمل ہے اور قابلِ قدر تحفہ ہے۔ جو بھی کرے گا تعریف کئے بغیر نہ رہے گا۔

20-تسخیر ہمزاد

طریقہ عمل پڑھتے وقت ٹوپی۔ کرتا۔ پاجامہ سب اُلٹا پہنیں۔ کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں ہے۔ عمل رات کے آخری حصہ میں کریں۔ پڑھنے والی جگہ کوئی دوسرا نہ ہو۔ روشنی کے لئے چراغ جلالیں۔ اور یہ کلام 1919 یعنی ایک ہزار نو سو انیس مرتبہ پڑھیں۔ تعداد کا بہت خیال رہے، اگر تعداد میں کمی بیشی ہوگی تو اثر بالکل نہ ہوگا۔ کوئی پرہیز کھانے پینے کا نہیں ہے۔ بعد عمل لباس سیدھا کرلیا کریں۔ 19 دن یہ عمل کریں۔ خدا چاہے تو ہمزاد حاضر ہوگا۔ نقل صحیح کر کے پڑھیں کوئی خوف اس میں نہیں ہے۔ عمل یہ ہے۔

﴿مِیحرُ لَا نمُحرُ لَاھِلْلَا مَسَبُ﴾

نوٹ اجازت لینا لازمی ہے۔

21-تسخیر ہمزاد

جو شخص اتوار یا منگل کو مرجائے۔ تو غسل دیتے وقت وہ روئی جو کانوں میں دیتے ہیں وہ روئی کسی طرح حاصل کرلیں اور اس روئی کو بکس میں بند کردیں۔ اس وقت کسی سے بات چیت نہ کریں۔ جب مردے کو قبرستان کی طرف لے جانے لگیں تو اگر مردہ مسلمان ہے تو ''یا بعث'' اور ہندو ہے تو ''ہرانگ سوانگ'' پڑھتے ہوئے ساتھ جائیں۔ اگر ممکن ہو تو مردے کے کان میں کہیں کہ میں رات کے 12 بجے آؤں گا۔ واپسی میں سب لوگوں سے الگ آئیں۔ گھر آنے تک کسی سے بات چیت نہ کریں۔ رات کو ایک سیر آٹا لے کر اس کی موٹی موٹی دو روٹیاں پکائیں اور اس آٹے میں سے ایک چراغ بھی بنائیں۔ چراغ میں گھی ڈالیں۔ اور بتی اُس روئی کی ڈالیں جو کانوں میں دیئے ہو، جس کو دن میں حاصل کیا تھا۔ گھی روٹیوں پر لگا کر اور تھوڑا سا گڑ رکھ کر قبرستان یا مرگھٹ (جہاں ہندو جلتے ہیں) کو جائیں۔ اگر قبر پر جائیں تو چراغ قبر کے درمیانی جگہ پر رکھیں چراغ کا رخ مغرب کی جانب اور اپنا رخ چراغ کی طرف یعنی مغرب کو پشت کر کے ''یا بعث'' بلا تعداد پڑھنا شروع کردیں۔ اگر عامل ہندو ہے تو وہ بھی اسی جگہ عمل کرے جہاں پر مردہ جلایا گیا تھا۔ اور ''ہرانگ سُوانگ'' پڑھنا شروع کردے۔

تصور ہر دم مردہ کا رکھیں۔ بعد دو گھنٹے کے ایسا معلوم ہوگا کہ قبر شق ہوگئی۔ مردہ سامنے نظر آئے گا خوف ہرگز نہ کھائیں کوئی نقصان نہیں کرسکتا۔ مردہ کو دو روٹیاں دکھائیں۔ وہ روٹیاں مانگے گا۔ تب اُس سے ہم کلام ہو کر کہیں کہ ہم تم کو روٹیاں تب دیں گے جب تم ہمارے کام آسکو گے۔ اگر وہ کام کے بارے میں انکار کردے تو آپ بھی روٹیاں دینے

سے انکار کر دیں۔ وہ کام کرنے کو ہاں کہے تو کاموں کی تفصیل دریافت کریں۔ وہ یہ یہ کام کرنا بتائے گا۔ اگر کچھ کی رسے
اس کی بھی ہاں اس سے کروالینی چاہئے۔ وہ کام جو آپ ہمزاد سے لے سکتے ہیں وہ حسب ذیل ہوں گے۔

۱۔ خبریں بتانا اور واقعات کی اطلاع دینا ۲۔ اشیاء بلا قیمت لے کر آنا
۳۔ دور دراز سے بے موسم کی اشیاء لانا ۴۔ غلاظت یا پتھر وغیرہ کسی کے گھر پھینکنا
۵۔ عورتوں اور بچوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنا اور ان کو ورغلانا۔ محبت یا بغض پیدا کرنا
۶۔ بلا قیمت اشیاء یا روپیہ پیسہ لا دینا مگر بعدہٗ میعاد و مدت پوری ہوتے ہی واپس کر دینا۔

اس کے بعد وہ کہے گا کہ کتنا کھانا روزانہ دو گے تو کبھی یہ وعدہ نہ کرنا کہ پیٹ بھر کر دوں گا بلکہ وہی
روٹی روزانہ دینے کا وعدہ کرنا۔ نیز جتنی مدت کے لئے قبضہ میں لانا ہو وہ طے کر لیں۔ ایک سال یا تین سال یا عمر بھر۔
دیگر وعدہ لیتے وقت یہ کہیں کہ جب میں بلاؤں تب ہی حاضر ہونا۔

نوٹ جن اصحاب کا دل کمزور ہو وہ اس عمل کر کرنے کی ہر گز نیت نہ کریں۔ جن لوگوں کی قوت ارادی مضبوط ہو اور مزاج جلالی ہو وہ اس عمل کر سرانجام دے سکتے ہیں۔ اجازت لینا لازمی ہے۔

22-تسخیر ہمزاد (7 یوم)

﴿مُیکُحِلا زِیز عِلٰی تَداھُشاؤ بَیغُلا مُلح.﴾

طریقہ بروز نوچندی منگل پرہیز کرتے ہوئے ایک گھی کا چراغ جلا کر پس پشت رکھیں اور اپنے کنٹھ یا ماتھے پر نظر جما کر چار ہزار مرتبہ پڑھیں۔ ساتویں یوم ہمزاد حاضر ہو کر شرائط طے کرے گا۔ شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔ ہر کام کرے گا۔

23-تسخیر ہمزاد (21 یوم)

﴿ذَاتُ ھمزاتُ وَ الُمسَخراتُ جسم و جانُ حاضِر شُو حاضِر شُو حَاضِر شُو بِحق فَسیَکفِیکُھُم اللّٰهُ وَھُوَ السَّمِیعُ العَلِیمُ O﴾

طریقہ بروز نوچندی جمعرات عصر کے فوری بعد قبرستان چلے جائیں اور سورج کی طرف پیٹھ کر کے اپنے سایہ پر نظر جما کر عصر سے لے کر مغرب تک عمل برابر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ ہمزاد تیسرے ہی دن سے آنا شروع ہو جائے گا۔ مگر عمل با پرہیز 21 یوم تک کریں۔ انشاء اللہ ہمزاد حاضر ہو کر مطیع ہوگا۔

نوٹ اگر عمل گھر پر کرنا چاہیں تو ایک نیا چراغ لے کر اس میں تلوں کا تیل ڈالیں اور دن نوچندی جمعرات کا ہو۔ اپنے پس پشت چراغ جلا کر اپنے کنٹھ پر نظر جما کر 21 تسبیح با پرہیز 21 یوم تک پڑھیں۔ عمل بعد نماز

عشا، کریں۔ انشاءاللہ ہمزاد اکیسویں دن حاضر ہو کر مطیع ہو گا۔

نوٹ اجازت لینا لازمی ہے ورنہ رجعت و جان و خوف کا خطرہ ہے۔

24-تسخیر ہمزاد (21 یوم)

﴿دِل کبوتر لے گیا گھیرا پڑا لیسین کا۔ ہمزاد کو حاضر کر صدقہ محی الدین کا۔
یَا صَمَدُ یَا صَمَدُ یَا صَمَدُ﴾

طریقہ بروز نوچندی جمعرات بعد نمازِ عشاء کسی صاحب مزار کے پاس یہ عمل گیارہ سو بار 21 یوم پڑھیں باپرہیز۔ ہمزاد حاضر ہو کر مطیع ہو گا اور انشاءاللہ ہر کام کرے گا۔ اگر اسی عمل کو گھر پر کرنا چاہیں تو بروز نوچندی جمعرات باپرہیز ایک گھی کا چراغ جلائیں اور چراغ اپنے پسِ پشت رکھیں اور اپنے کنٹھ پر نظر جما کر عمل بالا کو گیارہ سو بار 21 یوم تک پڑھیں۔ ہمزاد آ کر مطیع ہو گا اور سب شرائط خود طے کرے گا۔

25-تسخیر ہمزاد

﴿یا علیؑ شیر ہمزاد کو کر زیر﴾

طریقہ نوچندی جمعرات باپرہیز مندرجہ بالا عمل کو بعد از نمازِ عشاء 3125 مرتبہ روزانہ 41 یوم تک پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھیں۔ پھر ایک مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر اُس میں نئی روئی کی بتی بنائیں اور اپنے پسِ پشت وہ چراغ روشن کریں۔ اور اپنی کنٹھ پر نظر جما کر مندرجہ بالا عمل کو تعداد کے مطابق پورا کریں۔ انشاءاللہ اکتالیسویں دن ہمزاد حاضر ہو کر عہد و پیمان کرے گا۔ اور ہر حکم بجا لائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

26- تسخیر ہمزار (سات یوم)

﴿الک جوگی الف رحمٰن میری شکل کا بن شیطان جو میرا کام نہ کرے اور تسخیر نہ ہو تو تجھ پر تین سو تین لعنت اور تیری بہن بھتیجی پر ساڑھے تین سو طلاق﴾

ترکیب: بروز اتوار عروج ماہ، دن طاق ہو جفت نہ ہو۔ سات دن تک عمل کو رات بارہ بجے پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھ کر 108 بار عمل پڑھیں۔ پانچ یوم کے بعد پیپل پر سے ایک شخص اُتر کر آئے گا اور کہے گا کہ تیرا کام بن گیا لیکن عمل برابر سات یوم تک کریں۔ سات دن بعد ہمزاد تابع ہو کر ہر کام کرے گا۔ عمل پڑھنے کے بعد واپس اپنے گھر چلے آئیں۔

☆☆☆چوری' دفینہ' خزانہ اور گمشدہ کا سراغ☆☆☆

1- حاضرات برائے گرفتاری چور

طریقہ مندرجہ بالا سیاہ دائرہ پر نظر قائم کر کے مندرجہ ذیل عمل سات دن 41 بار روزانہ باپرہیز پڑھیں پھر روزانہ 7 بار ورد میں رکھیں۔

عمل ﴿بَاجَاهُ یَا ھُو یَا شَاتِیَا شَلِیشَانَتُ شَتِیُشَایَتَا اَرْھِیَا اَرِمیَا یَا شَاتُون فَسْتَاھَا﴾

بوقت حاضرات دائرہ پر بچہ کو نظر قائم کرا کر 7 بار یا گیارہ بار مندرجہ بالا عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ بچہ کو دائرہ میں چور کی صاف شکل نظر آئے گی۔

2- حاضرات برائے گرفتاری چور

(بے مثل حاضرات)

مندرجہ ذیل نقش ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔ جہاں سیاہ نشان لگا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگا دیں اور ایک نابالغ بچے کو نقش دے کر کہیں کہ سیاہ خانہ میں نظر جما کر دیکھیں اور آپ (عامل) بچہ پر سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر دم پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ حاضرات کرنے سے پہلے یہ عزیمت لکھ کر بچہ کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور کہیں کہ اسے مضبوطی سے مٹھی میں بند کرے۔

عزیمت یہ ہے: ﴿یَا عِطرَائِیلُ بِحَقِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا ھَمُوَاکِیلُ بِحَقِ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا طَاطَائِیلُ بِحَقِ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا اَجْمَائِیلُ بِحَقِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۞﴾

تھوڑی ہی دیر میں بچے کو چور کی شکل صاف نظر آئے گی۔ حاضرات کا نقش یہ ہے:

یاعطرائیل ۷۸۶ یاھمواکیل

۲۴۲	۲۴۵	■	۲۴۸	۲۳۵
۲۴۷	۲۳۶	■	۲۴۱	۲۴۶
۲۳۷	۲۵۰	■	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	■	۲۳۸	۲۴۹

یاطاطائیل حاضرات حاضر شو حاضر شو یااجمائیل

3- چور کو حاضرات کے ذریعے حاضر کرنے کا طریقہ

اگر کسی کی چوری ہوگئی ہو تو شک والے لوگوں کو کہو کہ اس نقش کو ہاتھ میں پکڑو اور ایمان و خدا اور رسولؐ کو حاضر کر کے کہیں کہ میں نے چوری نہیں کی ہے۔ جس نے چوری کی ہوگی۔ اس سے ہرگز بولا نہیں جائے گا۔ تعویذ درج ذیل ہے۔ (تعویذ زعفران سے لکھیں)۔

۷۸۶

۲۰	ق	ر	س
۷	ه	و	س
ل	ت	چ	۵
ژ	ر	۳	و

4- حاضرات برائے چور

یہ حاضرات چور کی تحقیقات کے لئے کی جاتی ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے کامیاب رہتی ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ سب سے پہلے عامل (آپ) مندرجہ ذیل عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ عروج ماہ میں نوچندی اتوار سے عمل شروع کرے اور سات روز تک متواتر روزانہ 125 مرتبہ عزیمت کا ورد کرے۔ ساتویں روز ایک پاؤ سفید تل، ایک پاؤ شکر میں ملا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو بچے کے ناخن پر تل کا تیل لگائے اور عامل عزیمت پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ میں حاضرات کھل جائے گی۔ ایک بزرگ حاضر ہوں گے ان کا نام ''میاں جانی شاہ لال بیگ'' ہوگا۔ عامل سلام عرض کرے اور ان سے مؤدبانہ عرض کرے کہ فلاں بن فلاں کے مکان میں یا دکان وغیرہ میں جو چوری ہوئی ہے اس کا سراغ بتاؤ۔ وہ بزرگ چوری کا مال اور مال کون لے گیا اور مال کیسے گیا یہ سب کچھ بتائیں گے۔ لیکن راقم الحروف کی نیک رائے یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑے تو بہتر ہے۔ کیوں کہ اس سے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔ لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

عزیمت یہ ہے۔ ﴿ آ و خضرؑ جاؤ خضرؑ گھیر گھار کے لاؤ خضرؑ۔ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیلُؑ یَا مِیکَائِیلُؑ یَا اِسْرَافِیلُؑ یَا عِزْرَائِیلُؑ بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ میاں جانی شاہ لال بیگ حاضر شو حاضر شو حاضر شو بِحَقِّ کرساً کرساً کرساً اَلوحاً اَلوحاً اَلوحاً ﴾

5-حاضرات برائے چوری و دفینہ سراغ

اس نایاب حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ یہ حاضرات ہر چیز کی معلومات سو فیصد درست بتاتی ہے۔ چوری کی تحقیقات اور دفینے کے سراغ لگانے کے لئے بطور خاص حاضرات کے اس طریقہ کو اختیار کیا جاتا ہے۔ اس خصوصی حاضرات کے ذریعے غائب اور مفقود الخبر لوگوں کی تحقیقات بھی کی جاتی ہے۔

سب سے پہلے عامل اس عزیمت کی زکوۃ ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کرے اور روزانہ 100 مرتبہ پڑھے۔ لگاتار 21 دن تک پڑھے۔ انشاءاللہ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ حاضرات کے لئے جمعہ کے دن کسی نیک ساعت میں مندرجہ ذیل نقش تیار کر کے رکھ لیں اور بوقت حاضرات حسب قاعدہ مریض اور بچے کو عامل اپنے پاس بٹھائے اور خود عزیمت پڑھنی شروع کرے۔ نقش بچے کے ہاتھ میں دے دے۔ انشاءاللہ چند ہی منٹ میں حاضرات کھل جائے گی۔ دو مؤکل حاضر ہوں گے۔ ایک کا نام بکتانوش ہوگا اور دوسرے کا نام فاضل شاہ میمون زنگی ہوگا۔

نقش حاضرات درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ اَنتَ تَعلَمُ مَا فِی قُلُوبِہِم عَلِیقَا مَلِیقَا تَلِیقَا بِحَقِّ سُلَیمَانَ بن داؤد عَلَیہ السَّلام وَ بِحَقِّ بَکتَانُوش وَ فَاضِل شاہ مِیمُون زنگی حاضر شُو حاضر شُو حاضر شُو العَجَل العَجَل الوحَا الوحَا السَّاعَة السَّاعَة السَّاعَة﴾

6-عمل حاضرات برائے چور

پانی پینے کا کٹورا پاک وصاف کر کے کٹورے کے درمیان میں یہ عبارت تحریر کریں۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ وَالطُّورِ وَکِتَابٍ مَّسْطُورٍ فِی رَقٍّ مَّنْشُورٍ

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ. وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ. وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ. اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ. (سورۃ طور پارہ 27)

چاندی کی دو انگوٹھیاں بھی اس کٹورے میں ڈال دیں اور کٹورے کے پیندے میں یہ نقش کندہ کریں۔ اب جوار یا مکئی یا چنے کے دانے ایک مٹھی لے کر سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کریں اور بار بار دانے اس کٹورے پر مارتے جائیں۔ چور کے نام پر کٹورا گردش میں آ جائے گا۔ جن لوگوں پر شبہ ہو۔ ان کا نام کاغذ پر تحریر کر کے ایک ایک نام کٹورے میں رکھیں اور سورۃ یٰسین پڑھتے جائیں اور دانے مارتے جائیں جس نام پر کٹورہ گردش میں آئے وہ چور ہوگا۔ اگر شبہ والے لوگ موجود ہوں تو ان کو گول دائرہ میں بٹھا دیں اور کٹورے پر باہر کسی جگہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ دیں۔ پھر پڑھنے پر جب کٹورا گردش میں آئے گا تو بسم اللہ کا رخ چور کی طرف ہو جائے گا اور گردش رک جائے گی۔

7-حاضرات برائے چور

یہ حاضرات چور کی تحقیقات کے لئے کی جاتی ہے۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے سو فیصد کامیاب رہتی ہے۔

طریقہ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو پہلے کسی طفل نابالغ لڑکے یا لڑکی کو نہلا دھلا کر پاکیزہ کپڑے پہنائیں اور اس پر عطر لگائیں اور وضو کرا کر مندرجہ ذیل نقش کے سیاہ خانے میں عطر لگا کر بچہ کو سیاہ خانے میں غور سے ٹکٹکی جما کر دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر درج ذیل عزیمت بار بار پڑھ کر بچے پر دم کرے۔

﴿فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ o﴾ (سورۃ ق آیت 22 پارہ 26)

ساتھ ساتھ معمول سے پوچھتا رہے کہ نقش کے سیاہ خانے میں کچھ نظر آیا ہے یا نہیں؟ الغرض عامل آیت مذکورہ پڑھ پڑھ کر معمول پر دم کرتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو چور کی شکل نقش کے سیاہ خانے میں نظر آئے گی لیکن راقم الحروف کی رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑے تو بہتر ہے کیونکہ اس سے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں

تو افضل ہے۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۵۳۹	۵۴۲		۵۴۵	۵۳۱
۵۴۴	۵۳۲		۵۳۸	۵۴۳
۵۳۳	۵۴۷		۵۴۰	۵۳۷
۵۴۱	۵۳۶		۵۳۴	۵۴۶

عزرائیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو اسرافیل

8-حاضرات برائے چور

مندرجہ ذیل نقش کو کسی سفید کاغذ پر لکھ کر انڈے پر لپیٹ کر دھاگہ باندھ دیں تا کہ نقش انڈے پر لپٹا رہے۔ پھر اس انڈے کو گرم چولہے میں دفن کر دیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے تین دن کے اندر اندر چور مال واپس لے کر آئے گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶ اب ج د ھ و ز ح وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْن۔

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

مسروقہ سامان حاضر شد

9-حاضرات برائے چور

طریقہ بروز شنبہ (ہفتہ) بوقت نمازِ عصر ایک کٹورے پر سورہ یٰسین تا ''یُبْصِرُوْن'' تک لکھیں۔ پھر نصف سیر ''اُڑد'' یا ''جو'' لے کر اس کٹورے کے بیچ میں رکھ کر کسی اونچی جگہ جو مٹی کی ہو رکھ دے۔ بعد ایک شب گزرنے کے یکشنبہ (اتوار) بعد طلوع آفتاب 2 رکعت نماز نفل پڑھیں اور راہداد طلب کریں۔ کٹورہ اس وقت اس نمازی شخص کے ہاتھ میں دیں۔ نمازی آدمی عامل کے قریب کھڑا رہے۔ پھر اس جگہ پہنچے جہاں سے مال چوری ہوا تھا۔ وہاں شہادت کی انگلی سے گول دائرہ بنائیں ◯ اور اس کے درمیان کٹورہ رکھ دیں۔ اور کٹورے میں رکھی ہوئی ''اُڑد'' یا ''جو'' عامل اپنے ہاتھ میں لے کر گیارہ مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھیں اُن پر اور کٹورے پر بھی دم کریں۔ انشاء اللہ اُسی وقت کٹورہ روانہ ہوگا اور جس جگہ مال ہوگا وہیں پہنچ کر ٹھہر جائے گا۔ کلمات یہ ہیں

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَبِیْرُ وَ اَنَا الصَّغِیْرُ فَمَنْ کَانَ یَدْعُوْ

اَلصَّغِیْرُ اِلَّا الْکَبِیْرُ یَا رَبِّ بِحَقِّ دَرْدَائِیْلُ﴾

راقم الحروف کی رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑے تو بہتر ہے کیونکہ اس
ے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔ لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر
ے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

10- حاضرات برائے گرفتاری چور

۷۸۶

ا	احد	طیب	ح
وھاب	ز	ب	واجب
و	حبیب	ودود	ح
حی	د	ہ	طیب

طریقہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرنی ہے کہ ہر بار قل ہو اللہ کے بعد **101** مرتبہ یہ اسم پڑھنا ہے:

﴿یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ۔ اَخْبِرْنِیْ اَخْبِرْنِیْ یَا خَبِیْرُ﴾

بعد نماز اس نقش کو سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ خواب میں چور ظاہر ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

نوٹ خصوصی راقم الحروف کی رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑے تو بہتر ہے کیونکہ اس سے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔ لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

11- حاضرات برائے بازیابی چور و مفرور کی واپسی (تیر بہدف)

﴿وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰکِنْ کَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَ قِیْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِیْنَ ۝﴾

طریقہ یہ آیت مبارکہ سوتی ڈھلے ہوئے کپڑے کے گول کٹے ہوئے چاند پر لکھیں اور جس جگہ کسی کی نظر نہ پڑے اس کو کیل سے ٹھونک دیں۔ انشاءاللہ وہ چور اور بھاگا ہوا آدمی فوراً واپس آئے گا۔ اگر چور کا اور مفرور کا نام معلوم نہ ہو تو یہ لکھیں کہ چور فوراً اللہ کے حکم سے حاضر ہو اور مفرور فوراً اللہ کے حکم سے واپس آئے۔

12-حاضرات برائے گرفتاری چور

مرغی کے انڈے پر مع تسمیہ سورۃ ملک (تبارک الذی 29 پارہ وھو حسیر) تک لکھیں اور خشک ہونے پر کسی پیالہ میں روغن سرسوں ڈال کر روغن پر پوری یٰسین شریف پڑھیں پھر انڈے کو تیل سے چپڑ دیں۔ پھر نابالغ بچے کو انڈے پر دیکھنے کو کہیں اور عامل خود یٰسین شریف پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ بچے کو انشاء اللہ انڈے میں چور کی شکل صاف وواضح نظر آئے گی۔ مجرب است۔

13-حاضرات برائے بازیابی چور

اگر کسی کا مال کوئی چور لے کر فرار ہو گیا ہو اور اس کا ملنا مشکل ہو رہا ہو تو اس نقش کو زعفران سے تیار کریں اور درمیانی دائرے میں چور کا نام بمعہ ولدیت تحریر کر دیں اور پاک مقام پر رکھ کر لوہے کی کیل گاڑ دیں۔ اوپر سے مٹی ڈال دیں۔ چور پکڑا جائے گا۔

۷۸۶

یَا ظَاهِرُ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ یَاظَاهِرُ

یَا عَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

یَافَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

یَاظَاهِرُ لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا هُوَ یَاظَاهِرُ

ولکل وجهة هو مولیها

انه علی رجعه لقادر

اینما تکونوا یأت بکم الله جمیعا

انه علی رجعه لقادر

انه علی رجعه لقادر

ارجعو فلاں بن فلاں امکان

یا عزرائیل جبرائیل

یا عزرائیل میکائیل ابراهیم

ضروری نوٹ اگر چور کا نام معلوم نہ ہو تو درمیانی دائرے میں یہ عبارت لکھیں۔ جس کسی شخص نے بھی مال چرایا ہے۔ وہ فوراً مال سمیت حاضر ہو بحکم اللہ تعالیٰ۔

14-حاضرات برائے بازیابی چور و مفرور کی واپسی

طریقہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو ہو کر لکھیں اور سیاہ خانہ میں بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ پر 101 مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر پھونکے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو چور کی شکل نظر آئے گی۔ اور اگر کسی نے کسی پر جادو کیا ہو گا تو جادو کرنے والے کی شکل خانہ سیاہ میں بچہ کو نظر آئے گی۔ یا اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو اور برسوں سے لاپتہ ہو تو اس کی بھی شکل صاف نظر آئے گی۔ زندہ ہے یا مردہ اس کے بارے میں بھی بچہ کے توسط سے معلوم کر سکتے ہیں۔ دیگر اگر حاضرات نہ کرنا چاہیں تو اس نقش کو بطور استخارہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ نقش کو باوضو ہو کر لکھیں اور نقش پر عطر لگائیں اور رات کو صاف ستھرے تکیہ کے نیچے نقش کو رکھیں اور یہ درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ 313 مرتبہ پڑھ کر سو جائیں انشاء اللہ تین دن کے اندر اندر گمشدہ کا حال چور کا حلیہ و شکل اور جادو کرنے والے کی صاف واضح شکل اللہ کے حکم سے نظر آ جائے گی۔

نقش یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۰۸	۴۱۵	۴۱۰
۴۱۳	■	۴۰۹
۴۱۲	۴۰۷	۴۱۴

15-حاضرات برائے گرفتاری چور

جس کسی کا مال چوری ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش معظم کو باطہارت لکھ کر تاریک مکان میں پاک جگہ پر زمین پر رکھ کر اوپر سے ایک بھاری پتھر رکھ دے۔ بحکم خدا مال مل جائے گا یا کم از کم چور کا پتہ چل جائے گا۔ نقش کے نیچے یہ عبارت لکھ دے کہ میرا مال جو چوری ہوا ہے بحکم خدا جلد ملے۔

دوسرا طریقہ حاضرات کا یہ ہے کہ اس نقش میں جہاں ہم نے سیاہ نشان لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگائیں اور سات سے بارہ سال کے بچے کو اس سیاہ نشان میں دیکھنے کو کہیں اور عامل آیت کریمہ " لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ " بچے پر چالیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔ تھوڑی ہی دیر میں بچے کو چور کی شکل صاف و واضح نظر آئے گی اور بچہ چور کا تمام حلیہ و احوال بتا دے گا۔

نقش حاضرات گرفتاری چور درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱		۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

16-حاضرات برائے گرفتاری چور

جس قدر اشخاص پر چوری کا شبہ ہو تو اتنے ہی لوگوں کے مطابق لیموں کے پتے لا کر ہر پتہ پر یہ آیت شریف لکھے اور نام بھی ہر پتہ پر شبہ والے کا لکھے اور آگ میں جلائے (ایک ایک کر کے) جو شخص چور ہو گا اس کے پیٹ میں درد ہو گا اور اس شدت سے کہ وہ مال بتانے یا واپس کرنے پر ہر صورت میں مجبور ہو گا۔

عمل درج ذیل ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔ اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْ اَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَ نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ اِلٰهِیْ بِحَقِّ كِبْرٰی﴾

17-حاضرات برائے گرفتاری چور

ترکیب۔ سب سے پہلے مندرجہ ذیل عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء 500 بار روزانہ اکیس روز تک ترک حیوانات کر کے عمل پڑھیں۔ پھر ایک کٹورے میں پان اور چھالیہ اور پھول رکھیں اور جن لوگوں پر شبہ ہو ان کو ایک جگہ پر جمع کریں اور مندرجہ ذیل عمل کو 41 بار پڑھیں۔ پس جو چور ہو گا اس کی طرف کٹورہ روانہ ہو گا۔ جو صاحب اس عمل کو کرنا چاہیں کریں۔ میرے تجربہ کا ہے۔ پانچ چھ مرتبہ میں نے اس سے کام لیا ہے۔

عمل یہ ہے۔

﴿مَيْمُوْن اِنَّكَ مَيْمُوْن صَاحِبِ عَوْنُ الْيَقِيْنُ عَيْنُ الْيَقِيْنُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْن عَجَل عَجَل عَجَل بروائے کٹورے بر سر زد یا بر سر کالا بر وَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ اَجْمَعِيْن﴾

18-انکشاف خزانۂ غیب

﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ٥﴾

کسی جگہ مدفون خزانہ دیکھنا یا معلوم کرنا ہو یا کسی مکان میں دفینہ کا شبہ ہو تو اول دو سو بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سو دفعہ آیہ مذکورہ پھر دو سو بار درود شریف پڑھ کر رائی پر پھونک دیں اور یہ رائی دفینہ والے مکان میں چھڑک دیں۔ جس مقام پر دفینہ ہوگا سب رائی اسی جگہ جمع ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

19-نقش حاضرات برائے انکشاف حال و خزانہ

۷۸۶

۴۸۴	۴۸۷	۴۹۰	۴۷۶
۴۸۹	۴۷۷	۴۸۳	۴۸۸
۴۷۸		۴۸۵	۴۸۲
۴۸۶	۴۸۱	۴۷۹	۴۹۱

طریقہ مندرجہ بالا آیہ مذکورہ کو بروز نوچندی جمعرات با پرہیز روزانہ بعد نمازِ عشاء **1937** مرتبہ **21** یوم تک پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے **97** مرتبہ پابندی سے پڑھیں تا کہ عمل ہمیشہ قابو میں رہے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے اور کسی جگہ مدفون خزانہ دیکھنا یا معلوم کرنا ہو تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھا کر سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیہ مذکورہ **28** مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دَم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کے توسط سے تمام حال و معلومات خزانہ و دفینہ کے بارے میں معلوم کریں۔

دیگر جمعہ کی رات بعد از نمازِ عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ ادا کریں۔ پھر مندرجہ بالا آیت مذکورہ کو **313** بار مع اول و آخر دو سو بار درود شریف پڑھ کر اپنے بدن پر دَم کریں اور نقش کو لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ جس بارے میں معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں یا تیسری رات میں ہر بات کا حال معلوم ہو جائے گا۔ اور ہر سوال کا جواب سو فیصد سچا و درست ملے گا۔

20-انکشاف خزانۂ غیب

طریقہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَدِہٖ الْاَمْجَادِ وَ عَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ ۔ اَغِثْنِیْ وَ اَمْدِدْنِیْ اَغِثْنِیْ بِحُرْمَتِ مُحَمَّدٍ مُحَمَّدٍ

اِبْنِ عَبْدُاللّٰہ یَا حَضْرَت شیخ عبدالقادر جیلانی شَیْاءً لِلّٰہ قَدَّسَ اللّٰہ سِرَّہُ الْعَزِیْزُ وَ صَلَّ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰے خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن ﴾

طریقہ کسی جگہ مدفون خزانہ دیکھنا یا معلوم کرنا ہو تو روزانہ 11 رات تک پاک حالت میں بعد نماز عشاء بمعہ درود شریف کے اس قصیدے کو 21 مرتبہ بلا ناغہ پڑھ کر تصور کریں۔ انشاء اللہ خزانہ جہاں بھی ہوگا معلوم ہو جائے گا۔ (دیگر) اگر کسی آدمی یا عورت کے بارے میں کچھ بھی معلوم کرنا ہو تو صرف 3 رات اس قصیدے کو صرف 30 مرتبہ ورد کریں۔ تمام احوال من وعن اللہ تعالیٰ کے حکم سے ظاہر ہوگا۔

21-حاضرات برائے گریختہ

سینکڑوں قدیمی ونئی کتابیں نظر سے گزریں اور سینکڑوں اعمال غائب و گریختہ کو حاضر کرنے کے ہیں مگر مجھے آج تک اس سے تیر بہدف عمل نہیں ملا۔ یہ عمل حاضرات سینکڑوں مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔ غائب برسوں سے لاپتہ ہو یا کئی دنوں یا کئی گھنٹوں سے لاپتہ ہو اس کی اطلاع فوری یا تیسرے دن لازمی آجاتی ہے۔ مردہ ہو یا زندہ اطلاع لازمی مل جاتی ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔ امید ہے کہ قارئین کرام اس سے فیض اٹھائیں گے اور دوسرے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچائیں گے۔ عمل یہ ہے۔

﴿ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّ اَلْفَ اَلْفَ ذَرَّۃٍ ۝ ﴾

طریقہ جس شخص کا بچہ یا کوئی چیز گم ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ مندرجہ بالا درود شریف کو دو مرتبہ الگ الگ لکھے۔ ایک کو قرآن مجید میں رکھ دے اور دوسرے کو کسی پھلدار درخت میں باندھے۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو اس چیز کا نام درود شریف کے نیچے لکھے۔ اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی گم ہو گیا ہو تو اس کا نام مع والدہ کے لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دلی مراد بر آئے گی۔

22-حاضرات انکشافِ خزانۂ غیب

طریقہ جمعہ کی رات کو بعد از نمازِ عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ ادا کریں۔ پھر مندرجہ ذیل قصیدہ بردہ شریف کا 36 واں شعر 313 بار مع اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔ متواتر اسی طرح 3 یوم کریں۔ جس کام کے متعلق دریافت کرنے کا ارادہ ہوگا بذریعہ استخارہ اللہ تعالیٰ

کے حکم سے معلوم ہو جائے گا (مجرب المجوب ہے)۔ قصیدہ بردہ شریف کا 36 واں شعر

﴿هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِىْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهُ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ o﴾

......نقش حاضرات قصیدہ بردہ شریف......

۷۸۶

۷۸۵	۷۸۸	۷۹۲	۷۷۸
۷۹۱	۷۷۹	۷۸۴	۷۸۹
۷۸۰	■	۷۸۶	۷۸۳
۷۸۷	۷۸۲	۷۸۱	۷۹۳

حاضرات کا طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھا کر سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور قصیدہ بردہ شریف کے مندرجہ بالا شعر کو 3 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دَم کریں اور بچے کے توسط سے سو فیصد درست معلومات حاصل کریں۔

23-بے مثل حاضرات

اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ انتہائی لاجواب و بے مثل عمل ہے۔ یہ حاضرات تمام حاضرات کی سرتاج ہے۔ حاضرات کے سینکڑوں اعمال نظر سے گزرے لیکن اتنا سچا و کامیاب عمل آج تک نظر سے نہیں گزرا۔ اس عمل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ ہر بات کا جواب دو سو فیصد درست بتاتی ہے۔ گمشدہ ہو یا قاتل اُس کا بھی پتہ دو سو فیصد درست بتاتی ہے۔ امتحانات کے پرچے ہوں یا چھپے ہوئے دفینے تمام معلومات درست بتاتی ہے۔ غرض ہر مقصد کے لئے کام میں آنے والی حاضرات ہے۔

﴿هُوَ الْاَسَامَةُ وَسِرَنَةُ تین مرتبہ پڑھیں۔ پھر (سورہ لقمان۔ پارہ ۲۱) يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِىْ صَخْرَةٍ اَوْ فِى السَّمٰوٰتِ اَوْ فِى الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ .﴾

طریقہ نوچندی جمعرات قبرستان میں جا کر عصر سے مغرب تک یہ آیت 21 دِن تک پڑھیں۔ باپرہیز۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی بھی پڑھیں۔ آخری روز برفی پر نیاز دِلائیں۔ پھر روزانہ ورد میں 101 بار پڑھ لیا کریں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو چند عدد گلاب کے پھول اور ایک پاؤ برفی رکھیں۔ پھر کسی بڑے آدمی یا بچے پر 28 بار عزیمت پڑھیں۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہو گا جو چاہیں پوچھیں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ اس حاضرات کو آپ کئی طریقوں سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً شیشہ میں پانی

میں، انڈہ پر، چراغ کی لو پر، آنکھیں بند کرا کر۔ یہ عامل کی مرضی پر ہے کہ وہ کون سا طریقہ استعمال کرتا ہے۔

24-نقش حاضرات برائے انکشاف حال و خزانہ

۷۸۶

۳۳۸۱	۳۳۸۴	۳۳۸۷	۳۳۷۴
۳۳۸۶	۳۳۷۵	۳۳۸۰	۳۳۸۵
۳۳۷۶		۳۳۸۲	۳۳۷۹
۳۳۸۳	۳۳۷۸	۳۳۷۷	۳۳۸۸

طریقہ اس نقشِ مبارکہ کو باوضو 21 مرتبہ درود شریف پڑھ کر لکھیں اور تکئے کے نیچے رکھ کر منہ جانب قبلہ کر کے لیٹ جائیں اور جب تک نیند نہ آئے درود شریف پڑھتے رہیں۔ جس بارے میں معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ اللہ کے حکم سے پہلی رات میں ہی سب احوال منکشف ہوں گے۔

(۲) باوضو پاک حالت میں یہ نقش لکھ کر بچے کو دیکھنے کو کہیں۔ بچے کو نقش میں بزرگ نظر آئیں گے۔ ان سے سلام عرض کرنے کے بعد جو چاہیں پوچھیں اللہ کے حکم سے سو فیصد درست جواب ملے گا۔

25-کرشماتی حاضرات

(خزانہ و دفینہ معلوم کرنا)

طریقہ سب سے پہلے مندرجہ ذیل نقش حاضرات (خود بینی) شیشہ کی پشت پر لکھ کر چسپاں کریں۔

۷۸۶

۴۸۴	۴۸۷	۴۹۰	۴۷۶
۴۸۹	۴۷۷	۴۸۳	۴۸۸
۴۷۸	۴۹۲	۴۸۵	۴۸۲
۴۶۶	۴۸۱	۴۷۹	۴۹۱

درج ذیل عزیمت کو باپرہیز 555 بار 40 یوم پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ پھر 28 بار باقاعدہ پڑھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ پھر جب حاضرات خود دیکھنا ہو یا کسی دوسرے کو دکھانا ہو تو اس عزیمت کو 101 بار پڑھ کر شیشہ پر دم کریں اور معمول پر دم کریں۔ خود حاضرات دیکھنا ہو تو اپنے اوپر اور شیشہ پر عزیمت دم کریں۔ اور سوال کے جوابات حاصل کر کے موکلات کو جانے کی اجازت دے کر شکریہ کے ساتھ حاضرات ختم کر دیں۔ عزیمت درج ذیل ہے:

﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ.﴾

ترجمہ اسی کے ہاتھ میں ہیں کنجیاں اسرارِ غیبی کی۔ نہیں واقف ذرا بھی جن سے اس کے ماسوا کوئی۔ (واذسمعوا. پارہ ۷)

یہ حاضرات تین خصوصیات کی حامل ہے۔

۱۔ یہ حاضرات میں سرتاج وچوٹی کا عمل ہے۔

۲۔ اس حاضرات کے ذریعہ آپ خزینہ ودفینہ معلوم کر سکتے ہیں۔

۳۔ یہ حاضرات استخارہ میں نورٌ علیٰ نور ہے۔

جس مکان میں دفینہ وخزانہ کا شبہ ہو اول دو سو مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر سو دفعہ آیہ مذکورہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ. پھر دو سو بار درود شریف پڑھ کر رائی پر پھونک دیں اور وہ رائی دفینہ والے مکان میں چھڑک دیں۔ جس مقام پر دفینہ وخزانہ ہوگا۔ سب رائی اسی جگہ جمع ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ خزانہ وہیں ملے گا۔ اسی آیت کو استخارہ میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ کسی بھی مشکل مسئلہ کا حل معلوم کرنا ہو تو اس آیت کو 555 بار تین یوم پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ جو پوچھیں گے بذریعہ خواب معلوم ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ یا کوئی بیداری میں آ کر بتائے گا۔ یہ عامل پر منحصر ہے کہ وہ اپنی فہم وفراست سے معلوم کرے کہ بتانے والا کون ہے۔ بہر حال لاجواب استخارہ ہے۔

26- حاضرات......انکشاف خزانۂ غیب و دفینہ کی دستیابی

کوئی خزانہ زمین کے نیچے یا کسی تہہ خانہ وغیرہ میں ایسا محفوظ ہو کہ وہاں سے مال نہ لیا جائے اور لینا منظور ہو تو ایسا کیا جائے کہ ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش لکھیں اور اس کے نیچے درج ذیل عبارت لکھیں اور اس عبارت کو پڑھتے ہوئے جہاں سے مال نکالنا ہے' نکال لیں۔ انشاء اللہ کسی بھی قسم کا گزند نہ پہنچے گا۔ آل واولاد صحیح وسلامت رہیگی جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ ایسا مال نکالنے سے پہلا بیٹا یا پہلی اولاد مر جاتی ہے۔ نقش درج ذیل ہے:

۷۸۶

۳۴	۴۱	۳۶
۳۹	۳۷	۳۵
۳۸	۳۳	۴۰

عبارت عمل ﴿اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلِكُ كَهْمَكَلَفِيَائِيلُ بَجْيَائِيلُ رَئِيْس﴾

27- دفینہ معلوم کرنا

اگر دفینہ معلوم کرنا ہو تو یہ عمل کام میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دفینہ دستیاب ہو جائے گا۔ اُس میں سے جو مال ملے تو صدقہ و خیرات ضرور کریں۔ مجربات میں سے ہے۔ سُرخ رنگ کے ریشمی کپڑے پر مندرجہ ذیل حروف لکھیں۔ اور لکھتے وقت لوبان اور کندر کی دُھونی دیں اور نقش کے چاروں طرف یہ آیت معہ زیر و زبر (اعراب) وغیرہ کے لکھیں۔

۷۸٦

ش	ی	ن
ی	ن	ش
ن	ش	ی

اَلَّا یَسۡجُدُوۡا لِلّٰہِ الَّذِیۡ یُخۡرِجُ
الۡخَبۡءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۝

لکھنے کے بعد اُس کپڑے کو مُرغ جو بالکل سفید رنگ کا ہو اُس کی گردن میں باندھیں۔ اور جس مکان میں دفینہ کا گمان ہو تو اُس مقام پر مُرغ کو چھوڑ دیں۔ جہاں دفینہ گڑا ہو گا وہاں پہنچ کر مُرغ تین دفعہ اذان دے گا اور پنجوں سے کُرید ے گا۔ آپ مندرجہ ذیل دُعا پڑھتے رہیں اور جو کچھ مال و متاع ہو کھود کر نکال لیں۔

دعا یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ یَا ذَاکِرُ یَا شَکُوۡرُ یَا شَہِیۡدُ
یَا شَدِیۡدُ بِمَا اَوۡ دَعۡوَتَہٗ حَرۡفُ الشِّیۡنِ مِنَ الۡاَسۡرَارِ الۡمَخۡزُوۡنَۃِ
وَالۡاَنۡوَارِ الۡمَکۡنُوۡنَۃِ اَنۡ تُسَخِّرَ لِیۡ مَلَائِکَتِکَ الۡکِرَامِ خُدَّامُ ھٰذَا
الۡحَرۡفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ؕ

28- دریافت دفینہ و خزانۂ غیب

وَعِنۡدَہٗ مَفَاتِحُ الۡغَیۡبِ لَا یَعۡلَمُھَاۤ اِلَّا ھُوَ ۝

جس مکان میں دفینہ کا شُبہ ہو آیہ مزکورہ کو 555 بار معہ اول و آخر 11`11 بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ جو چاہیں گے خواب میں معلوم ہو گا یا کوئی بیداری میں آ کر بتائے گا۔ عمل کم از کم گیارہ یوم کریں۔ انشاء اللہ جو بھی پوچھیں گے ہر بات کا جواب بذریعہ خواب معلوم ہو گا۔ نایاب و قیمتی استخارہ ہے۔ اس استخارہ کے ذریعہ آپ ہر مشکل امر کے بارے میں سو فیصد درست اور جائز معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

29-حاضرات بر آئینہ (خود)

ایک مربع فٹ ولائتی آرٹ پیپر لے کر اس کے عین وسط میں مندرجہ ذیل دائرہ بنائیں اور درمیان میں ایک روپیہ کے برابر سیاہ دائرہ بنائیں۔ خشک ہونے پر موٹے گتے کے ٹکڑے پر چسپاں کر دیں۔ بس حاضرات کا آلہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال اب اس آلہ کو دیوار پر اس قدر اونچا لٹکاؤ کہ اگر تم بیٹھ کر عمل کرو تو نظر سے یہ ایک فٹ اونچا رہے اور آپ آسانی سے نظر اٹھا کر دیکھ سکیں۔ روزانہ مقررہ وقت پر پرسکون جگہ پر اس سیاہ نشان (دائرہ) میں ٹکٹکی جما کر دیکھیں۔ آنکھ ہرگز نہ جھپکے اور نہ ہی پتلی حرکت کرے۔ شروع شروع میں آنکھ بہت تھک جایا کرے گی لیکن مسلسل اور متواتر مشق سے ان کو عادت پڑ جائے گی اور نشان میں بادل سے اڑتے نظر آئیں گے۔ کچھ دن بعد یہ بادل بھورے رنگ کے ہو جائیں گے۔ پھر ایک گھٹا سی بن جائے گی۔

اس وقت عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ مبتدی کی نظر تھک جاتی ہے اور آنکھوں میں پانی آ جاتا ہے لیکن کوشش جاری رہے تو یہ عام شکایت جلد دور ہو جاتی ہے۔ دوران عمل تمام خیالات کو دل و دماغ سے نکال دیں۔ جب آپ کی نظر اس سیاہ دائرہ پر ایک گھنٹہ جمنی شروع ہو جائے گی تو یہ دائرہ سفید نظر آئے گا بلکہ مزید مشق سے وہ چاند کی طرح روشن نظر آنے لگے گا۔ یہ اس عمل کی آخری سیڑھی ہے۔ اس وقت آپ جو ارادہ دل میں کریں گے اس کی تکمیل سے متعلق اس نشان میں سب کچھ نظر آ جائے گا۔ اس عمل میں کامیابی کے بعد آپ اسی طریقے سے شیشہ پر ایک سیاہ

دائرہ بنائیں اور تین چار منٹ سیاہ دائرہ پر نظر جما کر دیکھیں اور جو ارادہ دل میں ہو گا وہ اس نشان میں نظر آئے گا۔ مثلاً چوری کے متعلق، گمشدہ کے متعلق، یا دفینہ کے بارے میں معلومات یا امتحان میں کامیابی و ناکامی کے متعلق جو سوچو گے وہ تمام احوال آئینہ میں نظر آئے گا۔

واضح رہے کہ شروع شروع میں پانچ منٹ تک نظر قائم کر کے دائرہ میں دیکھیں پھر آہستہ آہستہ ٹائم بڑھاتے چلیں۔ اس طرح ایک گھنٹہ تک مشق جاری رکھیں۔ پھر انشاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں کامیابی ہو جائے گی۔ واضح رہے کہ یہ عمل حرف بحرف درست ہے۔ ہدایت پر عمل کر کے جس کا جی چاہے آزمالے۔ یہ علم یہیں پر ختم نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک ایسا سمندر ہے جس میں جتنا گہرائی تک جایا جائے گا اسی قدر قیمتی موتی ہاتھ آئے گا۔

30-حاضرات برائے بازیابیٔ چور

مُرغی کے انڈے پر

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. تَبٰرَکَ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الۡمُلۡکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُ. نِ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَالۡحَیٰوۃَ لِیَبۡلُوَکُمۡ اَیُّکُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا. وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا. مَاتَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ. فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ ھُوَ حَسِیۡرٌ﴾ تک لکھیں۔

خشک ہو جانے پر تیل چپڑ کر کسی لڑکے کو ہاتھ میں انڈہ دیا جائے اور اُسے ہدایت کی جائے کہ وہ انڈے کی طرف نگاہ جما کر دیکھتا رہے اور آپ (عامل) سورۂ یٰسین پڑھتا رہے۔ اور لڑکے سے دریافت کرتا رہے کہ انڈہ میں چور کی شکل نظر آئی کہ نہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں انڈہ میں چور کی صاف شکل نظر آئے گی اور لڑکا چور کا پورا حال و حلیہ بتائے گا۔ یہ ایک عجیب راز و بھید کا عمل ہے ہر کسی پر ظاہر کرنے والا نہیں ہے۔ لہٰذا نا اہلوں سے چھپانا چاہیئے کہ وہ ایسے راز کو عام طور سے فاش نہ کریں۔

خصوصی نوٹ راقم الحروف کی نیک رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑیں تو بہتر ہے کیونکہ اس سے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے لہٰذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

☆☆☆ متفرق طلسماتی حاضرات ☆☆☆

1-جام جہاں نما

اجزاء: سر گدھ۔ سر الّو۔ سر سانپ سیاہ۔ ہدہد۔ روہو مچھلی۔ سرطان۔ ابابیل۔

ترکیب عمل: عروج ماہ میں تمام اشیاء لے کر پہلی ساعت عطارد بدھ کے دن پیپل کے درخت کے نیچے کڑاہی میں ڈال کر پیپل کی لکڑی جلائیں۔ جب تمام اشیاء جل کر راکھ ہو جائیں تو اس میں قدرے شہد ملا کر کاجل بنائیں۔ اب ایک بڑی سیپ پر یہ تمام کاجل لیپ کر دیں۔ بس جام جہاں نما تیار ہے۔ رات کو تنہائی میں بیٹھ کر جام جہاں نما سامنے رکھ کر ''دعائے یونس''۔

﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ﴾

گیارہ سو دفعہ پڑھ کر دَم کریں۔ ایک لکڑی کا بکس پہلے سے تیار رکھیں۔ دَم کرنے کے بعد بکس میں بند کر دیں۔ تین دن تک نہ کھولیں۔ تین دن بعد رات کو تین دن تک ''دعائے یونس'' 101 مرتبہ پڑھ کر سیپ پر دَم کر کے محفوظ کر دیں۔ بعدۂ تین یوم بعد بکس کھول کر گیارہ مرتبہ دعائے یونسؑ پڑھیں اور سیپ میں حاضرات کے نزول کا مشاہدہ فرمائیں۔ تمام احوال ٹیلی ویژن کی طرح نظر آئے گا تحریری یا تصویری جواب مکمل اور بالکل دو سو فیصد درست ہے گا۔ کوئی پرہیز کی قید نہیں۔ البتہ ناپاک عورت یا چلہ والی عورت کو حاضرات بالکل نہ دکھائیں۔ عامل باوضو معطر ہو کرے میں عمل کرے۔ دن میں 20/10 دفعہ حاضرات کریں۔ گیارہ مرتبہ دعائے یونسؑ پڑھ کر حاضرات کریں۔ فوراً حاضرات کا نزول ہوگا جو بھی سوال کریں گے اس کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

2- حاضرات بر آئینہ

ایک عدد عمدہ سفید شیشہ 8×8 لے کر سمندر جھاگ سے صاف کریں۔ جب یہ شیشہ صاف ہو جائے تو اس پر دیسی انڈے کی زردی اور فاسفورس بوزن 3 ماشہ ملا کر لیپ کر دیں پھر ایک انڈے کی زردی الگ سایہ میں خشک کر کے رکھ دیں۔ جب یہ زردی خشک ہو جائے تو اس میں کستوری 3 رتی، مشک 3 رتی، افسنتین 3 ماشہ، سنگ مقناطیس 3 ماشہ، ان تمام کو ملا کر پھر 5 عدد کالے بھونرے جلا کر مسی بنا کر روغن بیضہ 3 ماشہ میں ملا کر شیشہ کے اوپر لیپ کر دیں۔ خشک ہونے پر 3 دن بعد شیشہ کو حاضرات کے کام میں لائیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو شیشہ پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دَم کریں اور شیشہ میں دیکھیں۔ جو چاہیں پوچھیں۔ تمام احوال شیشہ میں نظر آئے گا جو سو فیصد درست ہوگا۔

3- حاضرات

بھونرا ایک عدد، کالا بکرا یا بکری کی ایک عدد آنکھ، سیاہ سرمہ حسب مقدار، عطر حنا اصلی ایک ماشہ۔

طریقہ بھونرے اور بکرے کی آنکھ دونوں کو جلا کر راکھ بنا ؤ بیچ میں سرمہ ڈالو اور عطر حنا ملا لو۔ اب اس کو کسی ڈبیہ میں محفوظ کرلیں اور حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔

4- حاضرات

ہدہد کی آنکھ، کالے تیتر کی آنکھ اور کیکڑے کی آنکھ۔ ان تینوں کی آنکھوں کو ہلکی آنچ پر رکھ کر راکھ بنا لیں۔ پھر اس میں حسب مطابق عطر حنا ملا لیں اور گاڑھا کر کے کسی ڈبیہ میں محفوظ کر کے گیارہ مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' پڑھیں۔ پھر گیارہ مرتبہ ''اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ'' پڑھ کر پھونکیں۔ انشاء اللہ حاضرات نظر آئے گی۔

5- حاضرات جام جہاں نما

پرندہ اُلو کی دونوں آنکھیں منگل کے دن مع ڈھیلا لے کر سایہ میں خشک کریں اور اتوار کو ہدہد کی دونوں آنکھیں مع ڈھیلا لے کر سایہ میں خشک کریں۔ جب دونوں خشک ہو جائیں تو چاندی کی ڈبیہ میں ڈال کر ڈبیہ کو ٹانکہ لگوا کر بند کرلیں۔ پھر جو پوچھنا ہو اس کی نیت کر کے رات کو ڈبیہ سرہانے رکھ کر سو جائیں اور جب تک نیند نہیں آتی اسم ''یَابَاطِنُ'' کا ورد کرتے رہیں۔ اسم ''یَابَاطِنُ'' کم از کم 62 مرتبہ لازمی پڑھیں۔

دونوں پرندوں کی تصویروں کو سامنے رکھیں۔ جب سب حالات معلوم ہو جائیں تو صبح اٹھ کر بچوں میں کچھ شیرینی بانٹ دیں لیکن یہ راز کسی پر ظاہر نہ کریں کہ معلومات حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے۔ (آزمودہ است)

6- حاضرات ''خ''

طریقہ رات کو پاک وصاف حالت میں بستر پر لیٹ جائیں۔ سر شمال کی سمت ہو اور بلا تعداد یہ عمل پڑھتے رہیں یہاں تک کہ نیند آ جائے۔ خواب میں حاضرات ہوگی۔ عمل یہ ہے۔

﴿یا 'خ' خبر دے﴾

7- مشاہدۂ روحانیات

باز کا پتہ (زہرہ) اور اُلو کی دونوں آنکھیں بروز جمعہ پہلی ساعت زہرہ میں دونوں کو کھرل کر کے رکھ چھوڑیں۔ بعد تین ساعت کے اپنی آنکھوں کی پلکوں پر تھوڑا تھوڑا سا لگائیں اور روحانیات کا مشاہدہ کریں اور جو چاہیں پوچھیں۔

8- حاضرات

کاجل مچھلی کے تیل کا جب قمر برج حوت میں ہو اُتار لیں اور ساعت زہرہ میں کسی بھی دن آئینہ میں لگا

دیں اور آئینہ میں دیکھ کر حکم دیں ''حَاضِر شُو حَاضِر شُو حَاضِر شُو شاہ بَکْتَانُوش''۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضری ہوگی۔ جو چاہیں پوچھیں۔ ہر سوال کو جواب تسلی بخش ملے گا۔ خوشبو وغیرہ ضرور سلگائیں۔ حصار بھی ضروری ہے۔ مجرب حاضرات ہے۔

9-حاضرات

خالص ارنڈی کا تیل لے کر ایک تانبہ کے چراغ میں ڈال کر روئی تازہ لے کر بتی بنائیں اور روشن کریں۔ کمرہ چھوٹا ہو آواز باہر کی بالکل نہ سنائی دے۔ یہ عمل زہرہ کی ساعت میں کرنا ہے۔ اب ایک تانبہ کی تختی جو ہتھیلی کے برابر ہو، چراغ کے دھوئیں کے اوپر لٹکا دیں تاکہ چراغ کا تمام دھواں اس تانبہ کی تختی پر جمع ہو جائے۔ جیسے ہی تمام تختی سیاہ ہو جائے ویسے ہی چراغ کو فوراً بجھا دیں اور کسی جاری پانی میں چراغ تیل سمیت بہا دیں۔ اب آپ کے پاس حاضرات کی سیاہی تیار ہے (یعنی لوح مس سیاہ تیار ہے)۔

یہ لوح ساعت عطارد میں نیم تاریک کمرے میں حصار کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ''یَاقَائِمُ یَا دَائِمُ'' کا ورد شروع کر دیں۔ نظر دھوئیں والی تختی پر ہو۔ کچھ دیر بعد دھیمے دھیمے منظر لوح پر ابھرنا شروع ہوں گے۔ جب مکمل منظر لوح پر صاف نظر آنے لگے تو ایک شخص سفید لباس میں ملبوس ظاہر ہوگا اور آپ سے سوال پوچھے گا کہ کیا کام ہے؟ آپ پہلے شرائط دوبارہ حاضری طے کر کے جو سوال ہے اس سے پوچھیں جو چیز منگوانی ہو مثلاً کوئی جڑی بوٹی وغیرہ تو وہ لا کر دے گا انشاءاللہ آپ کو ناکامی نہیں ہوگی۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

10-حاضرات

طریقہ ابابیل۔ کیکڑہ۔ رہو مچھلی۔ کالا سانپ۔ گدھ۔ ان جانوروں کے سر لے کر ایک کوری مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور 5 گھنٹے تک آگ پر جلائیں۔ پھر اس کی راکھ کو روغن بادام میں ملا کر رکھ لیں اور معروف طریقہ سے حاضرات کریں یا کسی نابالغ لڑکے کی ہتھیلی پر یہ کاجل لگائیں اور آیت کریمہ 21 مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ حاضرات کا نزول ہوگا اور مؤکل حاضر ہوں گے اور ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دیں گے۔

11- عمل خضرؑ

اگر خدانخواستہ کوئی مشکل آن پڑے اور اُس کا حل فوری معلوم کرنا ہو تو یوں کریں۔ دو سیر گندم کا آٹا نکلوا کر اور اس کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر دریا پر چلے جائیں یا اگر دریا نہیں ہے تو ایسا پانی جو صاف ہو اور بہتا ہوا ہو آٹے کی گولیاں ایک ایک کر کے پانی میں ڈالتے جائیں۔ کم از کم سو عدد آٹے کی گولیاں ہونی چاہئیں۔ امر جو بھی ہو ذہن میں رکھیں اور 11 مرتبہ یوں کہیں۔ ''اے خضرؑ! خبر ہو مجھے اِس کام کی اللہ کے حکم سے''۔ تمام گولیاں ڈالنے

کے بعد پلٹے بغیر چلے آئیں۔ انشاء اللہ گھنٹہ دو گھنٹہ بھی نہیں گزریں گے کہ آپ کو مسئلے کا حل کوئی نہ کوئی بزرگ صورت انسان آپ کو بتا دے گا۔ کوئی خاص پرہیز نہیں جب بھی ضرورت ہو یوں ہی کریں۔ فوراً کام ہوگا۔

☆☆☆ متفرق طلسماتی اعمال ☆☆☆

12- درخت پیپل کے نئے پتے سات عدد لے کر ایک تانبے کے برتن میں رکھیں اور یہ عزیمت پڑھیں سات مرتبہ۔ ''سُر سُوتی لا گُو''۔ اور مطلب کاغذ پر لکھ کر اُسے برتن کے نیچے رکھ چھوڑیں۔ سات مرتبہ پڑھنے کے بعد برتن اٹھا کر نیچے دیکھیں۔ کاغذ کے پیچھے جواب ملے گا۔ مجرب ہے۔

13- کیلے کی جڑ اور کیلے کا پھول لے کر تانبے کے برتن میں رکھیں اور نیچے کوئلے دہکائیں۔ 80 مرتبہ یہ سنسکرت کے الفاظ پڑھیں۔ ''سَوا ماہا کردَوم''۔ بعد 80 مرتبہ کے کاغذ سوال کا لکھ کر برتن میں ڈال دیں اور کمرے سے باہر آجائیں۔ بعد چند لمحے کے واپس جائیں۔ جواب ملے گا۔

14- پان کی جڑ لا کر ایک بوتل میں رکھیں اور 21 روز یہ 21 مرتبہ پڑھ کر پھونکتے رہیں یعنی دَم کریں۔ ''کردَوم ماہا اسَر دُوماہا''۔ بعد اِکیس روز کے 21 مرتبہ پڑھنے کے بعد حاضرات ظاہر ہو جاتی ہیں۔ ہر عمر کے معمول یا عامل کو نظر آتی ہیں۔

15- کچی صراحی جو کہ آگ پر نہ پکائی گئی ہو' لے کر اُسے دھوپ میں خشک کر لیں۔ بعد خشک کرنے کے روزانہ 8 روز تک سنسکرت کے یہ الفاظ صراحی پر پڑھ کر دَم کریں۔ ''کسکرم دَرُمالا سکرُم دَرُمالا''۔ بعد 8 روز کے یعنی آخری روز سوال کا پرچہ لکھ کر صراحی میں ڈال دیں۔ اور کان لگا کر صراحی کے منہ سے سُنیں۔ جواب ملے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

16- چراغ کورا لے کر یہ عبارت بتی کے ساتھ جلائیں 7 روز تک ''عزَ والے جو والے دَم والے''۔ بتی جب تک جلے آپ بھی پاس بیٹھے رہیں۔ بعد بتی جلنے کے مندرجہ بالا عبارت کے نیچے سوال لکھیں اور اُس کو بتی کے ساتھ کورے چراغ میں جلائیں۔ آپ کو کسی بھی طریقے سے تحریری جواب ملے گا۔ مجرب ہے نااہل سے پوشیدہ رکھیں۔

17- صندوق چھوٹے سائز کا لے کر سورۂ کوثر اُس پر اعداد کے مطابق پڑھیں 21 روز۔ اب جب بھی کوئی امر ہو سوال لکھ کر صندوق میں ڈال کر بند کر دیں۔ بعد ایک ساعت کے کھولیں جواب حاضر ہوگا۔ صحیح الصحیح ہے۔

18- ایک قلم نیا سرکنڈے کا بنائیں۔ اب سیاہی زعفران کی عرق انار اور عرق انگور' تھوڑا مشک ان سب کی سیاہی ایک ہی ہو یعنی ان سب کو ملا کر سیاہی بنائیں۔ اب ایک کیلے کا پتہ لے کر اس پر سوال لکھیں بعد ایک ساعت کے پلٹ کر دیکھیں جواب ملے گا۔ مجرب ہے۔

19- ابابیل کے گھونسلے میں ایک پتھر ملتا ہے۔ اگر انگوٹھی چاندی کی بنوا کر نگینہ کی جگہ وہ پتھر لگوا لیا جائے تو حاضرات

کے لیے بے نظیر ہے۔

20- چار قسم کی مٹھائی سامنے رکھ کر ایک کمسن بچے کو بھی پاک صاف سامنے بٹھائیں اور اُسے کہیں آنکھیں بند کر لے اور کہیں ''مگر سَنیسنا سوال کا جواب دو' مٹھائی تمہاری نظر کروں گا''۔ حصار ضرور کر لینا چاہیئے۔ جہاں محسوس کریں کہ پلیٹ مٹھائی کی ہل گئی اب بچے سے کہیں تمہیں جو نظر آئے کہتے جاؤ۔ بچہ سب کچھ بیان کر دے گا بعد عمل مٹھائی چوراہے پر رات کو رکھ آئیں۔

21- 8 چاول' 8 گندم کے دانے' 8 باجرہ کے دانے' 8 جو کے دانے لے کر اُن کو ایک رات سامنے رکھ کر 113 مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔ ''اونگ کرَ و مَلا یا''۔ بعد پڑھنے کے چاول اور باقی سارے دانے وغیرہ کسی کنوئیں میں پھینک آئیں۔ ساتھ میں سوال ایک پرچے پر لکھ کر کنوئیں میں ڈال دیں۔ ایک ساعت بعد جواب تحریری طور کسی طور سے ملے گا۔ مجرب ہے۔

22- بید کے درخت کے نیچے 3 روز یہ 121 بار کہیں ''سَر سُوتی دِل کو لاگ''۔ بعد 3 روز کے آپ کی دوستی ''سرسوتی دیوی'' سے ہو جائے گی۔ دن پیر کا ہو۔ اب جب بستر پر سونے کے لیے لیٹیں گے تو وہ خواب میں آپ کے مسئلے کا حل بتا دے گی۔ ہمیشہ کے لیے کار آمد ہے راز داری شرط ہے۔

23- 21 عدد ببول بروز پیر بیر پر لگا دیں۔ یہ عمل منگل اور بدھ کو بھی کریں۔ اب جمعرات' جمعہ اور ہفتہ تک 1000 مرتبہ جا کر درخت کے پاس یہ پڑھیں۔ ''اُوم سَواہا''۔ اتوار کو رات کو نتیجہ اس عمل کا مل جائے گا۔ کوئی ایسا شخص زندگی میں مل جائے گا جو باکردار ہوگا اور خدمت میں اس کا ثانی نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔

24- یہ عمل ہندو بھائیوں کے لیے مجرب ہے۔ 300 عدد لونگ لے کر اُس کو ایک کالے رنگ کی ڈوری میں پرو دیں۔ اب ایک گائے کے بچھڑے کے گلے میں ڈال دیں جو کہ ایک ماہ کا ہو۔ اور اُسے کھونٹے سے باندھ کر اتوار کے دن ساعت اوّل میں یہ پڑھیں۔ 300 مرتبہ ''شکروار دیوتا دوں مجھے نیوتا''۔ بعد پڑھنے کے چلے آئیں۔ اب دوسرے دِن کوئی بھی سوال لکھ کر اُس کے گلے میں باندھ دیں۔ بعد دوسرے دِن آپ کو جواب ملے گا۔ لونگ کو بعد عمل نکال کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال آئیں۔

☆ جنات کے دیکھنے کا بیان ☆

25- پوست مار پر خونِ کبوتر سفید سے 29 حروف 'ی' طولانی لکھیں۔ اس طرح 'یے یے یے'۔ پھر اس پوست مار کو اِس وقت جلائیں کہ جب قمر برج سرطان میں مشتری سے نظر تسدیس رکھتا ہو اور اِس کی خاک نگاہ مل رکھیں اور انسان کا پتہ اس کے ساتھ ملا کر آنکھوں میں لگائیں تو جنات اور رُوحانی لوگوں کو دیکھیں۔ مجرب ہے۔

26- ایک مربع مستطیل بنائیں اور اِس میں سات 'الف' ایک سطر میں لکھیں پھر اس کے نیچے سات

'واؤ' لکھیں۔ اس کے نیچے سات 'جیم' لکھیں۔ اس کے نیچے مزید سات 'الف' لکھیں اور اس کے نیچے سات عدد 'دال' لکھیں۔ اس کو سفید کبوتر کے خون سے پاک کپڑے پر لکھیں۔ پھر اس کو آگ پر جلائیں اور اس کی راکھ کو محفوظ رکھیں۔ پھر اصفہانی سرمہ گلاب میں حل کر کے اس راکھ میں ملائیں اور جو شخص آنکھ میں لگائے روحانیات اور جنات کا مشاہدہ کرے اور اُن سے بات چیت کرے۔ اجازت اس عمل کی ضرور لیں۔ مجرب ہے۔

27- اگر کوئی چاہے کہ پری زادوں کو خواب میں دیکھے اور اُن سے گفتگو کرے تو اس کو لازم ہے کہ ایک آئینہ لے اور اُس کی پشت پر یہ حروف لکھے ''ااا ھ اا ء او اا او ا ۱۶ او ۱۱۹۹۱۶'' اور اس آئینے کو اپنے سرہانے رکھ کر سو رہے اور کسی سے گفتگو نہ کرے۔ دوران خواب جنات سے ملاقات کرے گا۔ مجرب ہے۔

28- ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اور میعہ سائلہ اور خون کبوتر سفید اور بھیڑ کی چربی کی دھونی دیں۔ جنات کو دیکھیں گے اور جو کچھ اُن سے دریافت کریں گے وہ جواب دیں گے۔ مجرب ہے۔

29- ان حروف کو ہتھیلی پر لکھ کر سو رہیں۔ خالی اور تنہائی کی جگہ ہو۔ ایک جن آ کر خواب میں جو امر ہو اس کا حل بتا دے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔ ''بِسۡمِ اللّٰہ شھت ھت یھت''۔ حصار ضروری ہے۔ مجرب ہے۔

30- سات عدد لونگ' سات عدد الائچی' سات ٹکڑے دار چینی کے لے کر ایک ساسر میں رکھیں اور **338** مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر یہ اسماء ان پر پڑھیں اور مقصد کو بھی ذہن میں رکھیں۔ کیسا ہی مسئلہ کیوں نہ ہو۔ آپ کو **3** ساعت میں اس کا حل بتا دے گا کوئی بھی شخص حاضر ہو کر۔ وہ اسماء یہ ہیں ''ثمخثیثا الثوما تمرینا''۔ مجرب ہے۔

31- اگر معلوم کرنا ہو کہ غائب زندہ ہے یا فوت ہو چکا ہے۔ یوں کریں کہ آبادی سے باہر کسی خشک کنویں پر جا کر اپنا سر اندر ڈالیں اور یہ کہیں یا ساجِلاً یا ساجِلاً یا ساجِلاً۔ اگر آواز ہنسی کی آئے اندر سے تو غائب زندہ ہے اور اگر آواز رونے کی آئے تو غائب فوت ہو چکا ہے۔

32- اگر سورۃ القارعہ کو کوئی ایک سو بیس دن روزانہ **6** مرتبہ پڑھے تو جن وانس مسخر ہوں۔ کسی پر بھی پڑھ کر پھونکو پیچھے چلا آئے۔ پاکی اور پرہیزگاری شرط ہے۔ مجرب ہے۔ عطر سے خود کو معطر رکھیں۔

33- اگر کسی کو کوئی زحمت ہو اور یہ نہ معلوم ہوتا ہو کہ کیا تکلیف ہے تو چاہئے کہ یہ چہار بسم اللہ شریف باسی پانی میں گھول کر پلائیں۔ چند دن کی مداومت سے انشاء اللہ کلی طور پر شفاء ہوگی۔ چہار بسم اللہ یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم. بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَرِیۡم. بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَلِیۡم. بِسۡمِ اللّٰہِ الۡحَکِیۡم

34- طلوع زہرہ ایک ایسا خاص وقت ہوگا جب کہ کسی گمشدہ یا کسی مقصود کے مشاہدہ کے لیے یا کیمیا کے لیے یا اپنے کسی گمشدہ مقصد کے لیے حال دریافت کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ کسی معاملہ کا انجام کیا ہوگا تو

بھی خواب میں بخوبی معلوم ہوگا۔ چاہئے کہ اس وقت یہ بہت سے نقش لکھ لیں تاکہ ضرورت مندوں کو ضرورت کے وقت دے سکیں۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھیں اور اس پر سر رکھ کر 99 بار یہ اسم پڑھیں۔ یَـــا جِبْرَائِیْلُ یَا دردائِیْلُ یَا تنکافیْلُ یَا رفتمَائِیْلُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔ نقش یہ ہے:

جبرائیلؔ

دردائیلؔ

12 ۲۵۹	3 ۱۸			6 ۲۵۶
		7 ۲۵۷		4 ۱۹
8 ۲۵۸	13 ۲۶۱	5 ۲۰		
1 ۱۶			9 ۲۵۹	
	10 ۲۶۰	11 ۲۵۸	2 ۱۷	

35- اگر اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ حروف لکھ کر سو رہے مقصد اپنا دھیان میں رکھ کر تو سب حال جو جاننا چاہے روز روشن کی طرح عیاں ہوں۔ وہ حروف یہ ہیں۔

طحیت وھی متی بحق حملت اھجل الساعت الوحا۔ مجرب ہے۔

36- اگر خواہش ہو کہ معلوم ہو مؤکل سے بات راز کی تو یوں کریں کہ 5 پھول سدا بہار کے لائیں اور انہیں پرو کر ہار بنائیں۔ داہنے ہاتھ میں ہار کی صورت پہن کر اور ہتھیلی پر یہ نقش لکھیں اور سو رہیں۔ سوال کو کم از کم 21 مرتبہ ضرور دہرائیں۔ انشاء اللہ تمام حال ایک رات میں ظاہر ہوگا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

37- جب چاند کی 16 تاریخ ہو اور قمر در عقرب سے پہلے کی تاریخ ہو تو ہم حاضرات کے لیے ایک آسان عمل کر سکتے ہیں۔ ایک برتن میں پانی لے کر کھلی جگہ پر بیٹھ جائیں۔ پانی میں چاند کے عکس کو غور سے دیکھیں اور یہ اسماء پڑھیں۔ یَـا تَرْمِیْخَنَا یَا تَوْخَمِیْنَا یَا تَلْحَمِیْنَا حَاضِرْ شو العَجل۔ جب 520 مرتبہ یہ اسماء پڑھ چکیں تو غور سے عکس کو دیکھیں۔ چاند کے عکس میں تبدیلی نظر آئے گی اور ایک صورت برنگ سفید دکھائی پڑے گی۔ دل مضبوط کر کے اُس سے اپنا سوال کہیں یا کسی گمشدہ کو دیکھنا منظور ہو تو درخواست قبول ہوگی۔ عمل سے پہلے حصار اور 11، 11 مرتبہ درود شریف اول و آخر ضروری ہے۔

38- ایک انگوٹھی چاندی کی بنوا کر اُس میں ایک بڑا پتھر لاجورد کا درمیان میں اور پانچ چھوٹے ٹکڑے تین کے جمعہ کے دن لگوائیں اور بعد نماز جمعہ کے کسی کھلی جگہ بیٹھ جائیں اور انگشتری پر نظر کرتے ہوئے اول و آخر

11'11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 100 مرتبہ سورۃ اخلاص 100 مرتبہ سورۃ قریش اور 100 مرتبہ سورۃ توبہ کی یہ آیت پڑھ کر انگشتری پر دم کریں۔ آیت یہ ہے۔

﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ﴾

انگشتری کو سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی میں پہن لیں۔ یہ عمل تین روز کا ہے۔ بعد 3 روز کے عامل ہو جائیں گے۔ اب جب بھی ضرورت ہو انگشتری پر نظر کر کے 21'21 مرتبہ مندرجہ بالا سورتیں اور آیت پڑھیں اور انگشتری پر نظر کریں۔ سارا حال عیاں ہو جائے گا۔

39- ایک پتہ ہوتا ہے جس کا نام کڑی پتہ ہے جو خوشبودار ہوتا ہے اور ناریل کے تازے پھول لے کر ایک مٹی کے نئے برتن میں رکھ دیں اور اپنا سوال بھی لکھ کر رکھ دیں۔ گل حکمت کر کے واپس چلے آئیں۔ بعد 12 ساعت کے جا کر کھولیں۔ اندر کڑی پتہ اور ناریل کے پھول نہیں ہوں گے اور آپ کے سوال کا جواب لکھ کر رکھا ہوا ہوگا۔ یہ کام چاند کی 6 تاریخ کو بعد عشاء کریں۔ مجرب ہے۔

40- جب نوچندی جمعرات آئے تو اسمِ **یَا لَطِیْفُ** کو روزانہ بعد نمازِ عشاء پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر اور حصار اپنا مضبوط کر کے 3125 مرتبہ پڑھیں۔ یا اپنے نام معہ والدہ کے نکال کر اُس کے ہم عدد تعداد میں پڑھیں۔ یہ عمل چالیس روز کا ہے۔ بخور ترش انار کے چھلکے اور لوبان کا روشن کریں۔ 41 ویں دن دھیان رکھیں اپنے ملاقاتیوں پر کہ دن بھر میں کون کون آپ سے ملتا رہا ہے۔ انہی آدمیوں میں ایک شخص ضرور ایسا ہوگا جو آپ کو کوئی پیش کش کرے گا۔ اُس کی پیشکش قبول مت کرنا۔ جب رات ہو جائے بعد نمازِ عشاء حصار میں بیٹھ جائیں اور اسمِ **یَا لَطِیْفُ** کا بے اندازہ وِرد شروع کر دیں۔ وہی شخص جو دن میں ملا تھا جس نے پیشکش کی تھی وہ پھر حاضر ہوگا۔ حصار سے باہر ظاہر ہوگا۔ حیرت کرنے اور ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ اطمینان سے بیٹھے رہیں اور اپنا ورد جاری رکھیں۔ جب وہ سلام کرے تو وِرد کو بند کر دیں اور اُس کے سلام کا جواب دیں۔ وہ جو بھی اپنی دوبارہ حاضری کی شرط رکھے ہرگز نہ ماننا بلکہ اپنی شرائط رکھ دینا۔ وہ ضرور مانے گا اور دوبارہ حاضری کے لیے وعدہ کر کے رخصت ہو جائے گا۔ جب بھی کسی کام میں جو بہت مشکل نظر آتا ہو اس سے مدد لے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ناکامی نہیں ہوگی۔

41- ذیل کا فالنامہ حل المشکلات ہے۔ خدا چاہے تو ہر کام میں صحیح رہنمائی حاصل کریں گے۔ یہ انعام رب العالمین ہے کہ ہر شخص اس سے فیض پا سکتا ہے۔

ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس نقش کو ایک سادہ کاغذ پر لکھ کر قینچی سے تمام حروف علیحدہ کر لیں۔ پھر ایک دوسرے پر رکھ کر سب پرزوں کو (جن پر ایک ایک حرف لکھا ہوا ہے) ایک بنڈل بنا لیں اور اسی طرح پانی میں ایک ساتھ چھوڑیں۔ جو کاغذ سب سے آگے نکل جائے گا اس کاغذ کو اٹھا لیں اور دیکھیں کون سا حرف اس پر لکھا ہے۔ اس

حرف کو ملفوظی کریں۔ یعنی جس طرح بولا جاتا ہے۔ مثلاً 'م' کا حرف ہے تو اس کا تلفظ 'میم' ہوگا اور 'ع' کا 'عین'۔ اس کو ملفوظی کرنا کہتے ہیں۔ اُس ملفوظی کے آگے 'ایل' بڑھایا تو بنا 'میمائیل' اب اس کے اعداد بحساب ابجد نکالیں۔ یہ رات کو سوتے وقت اسم کو اتنی مرتبہ پڑھیں۔ جتنے اس کے عدد ہیں پڑھتے وقت اپنے مقصد کا دھیان رکھیں۔ جس کے لیے آپ نے عمل کیا ہے اور ختم ہونے کے بعد بھی اسی مؤکل سے اپنے مطلب کو کہیں اور اسی مطلب کے خیال میں سو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات تمام واقعہ تفصیل سے معلوم ہو جائے گا۔ خدانہ کرے اگر کسی وجہ سے ناکامی ہو تو دوسرے دن کریں۔ پھر تیسرے دن کریں انشاء اللہ تمام حال آئینے کی طرح معلوم ہوگا۔ یہ مؤکل ہمیشہ آپ کو خواب میں حالات سے آگاہ کرے گا۔ جو کچھ بھی اپنے متعلق یا کسی سے متعلق یا پوشیدہ معاملات کے متعلق معلوم کرنا ہو اسی طرح کیا کریں۔ نقش یہ ہے:

ک	ط	ح	و	ھ	د	ا
ر	س	ص	ع	ج	ب	ز
ض	ظ	ف	م	ن	ل	ی
غ	ذ	ق	ش	ت	ث	خ

42- اگر شوق ہو روحانیان سے ملاقات کا اور پھر دوستی کا تو یوں کریں کہ چنبیلی یا موتیا کا عطر اور سات عدد تازے پھول لے کر پاک صاف ہو کر دریا یا سمندر کے کنارے چلے جائیں۔ عطر خود بھی لگالیں اور چھوٹی بوتل میں اپنی جیب میں بھی رکھیں اور پھولوں کی چھوٹی سی مالا بنا کر اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ حصار آیت الکرسی کا کر کے سورۃ جن **21** مرتبہ پڑھیں۔ بعد پڑھنے کے پھول وہیں رکھ دیں اور ایک روئی کے ٹکڑے میں عطر لگا کر وہیں پھولوں کے ساتھ رکھ چھوڑیں اور پلٹے بغیر واپس گھر آ جائیں۔ **7** روز یہ عمل کرنے سے آٹھویں روز انسانی شکل میں صاحب جن آ کر بالمشافہ آپ سے گفتگو کریں گے۔ ڈر اور خوف قطعی دل میں نہ لانا کیونکہ دُنیا کی ساری مخلوقات نسل آدمؑ کی تابع ہے۔ جو کوئی مقصد ہو کوئی سوال ہو۔ گمشدہ کا حال معلوم کرنا ہو تو ان سے پوچھیں آپ کو فوراً جواب دیں گے۔ دوستی گہری ہونے کی صورت میں ہو سکتا ہے آپ کو اپنی بستی میں بھی لے جائیں۔ یہ سارا عمل چڑھتے چاند میں شروع کی تاریخوں میں کرنا چاہئے۔

43- ایک لاجورد کا ٹکڑا دو انچ کا جو ہر طرف سے دو انچ ہو۔ اس کو چاندی کے لاکٹ میں جُڑوالیں اور نگینہ پر ایک طرف یہ عبارت کندہ کروائیں۔ سلیمان بن داؤد علیہ السلام خوش خط تحریر ہو۔ اب پتھر کی دوسری طرف سُرمہ سلیمانی چنبیلی کے تیل میں ملا کر لگائیں۔ پتھر میں چمک پیدا ہو جائے گی۔ اب لاکٹ کو اپنے سامنے تقریباً ایک فٹ کے فاصلے پر لٹکا دیں اور پتھر کی عبارت والی صورت سامنے ہو۔ **21** روز قاعدے قوانین سے یہ عمل پڑھیں

325 بار۔ "اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ شَاہ بَکْتانُوش وَ بِحَقِّ سُلَیْمَان بِنْ دَاؤد عَلَیْہِ السَّلَام حَاضِر شو"۔ بعد 21 روز یا اس سے دو تین روز پہلے انشاء اللہ تعالیٰ حاضرات کھلنا شروع ہو جائیں گی۔ جتنا یقین کامل ہوگا اتنی ہی جلدی کامیابی ہوگی۔

44- حاضرات کے سلسلے میں یوں تو عملیات ہزار ہا ہیں لیکن ترکیب و ترتیب اتنی پیچیدہ ہوتی ہیں کہ آج کے اس مصروف ترین دور میں اُس پر عمل کرنا ممکن نہیں۔ اس لیے اس کتاب میں جو عمل دیئے گئے ہیں۔ یہ نسبتاً سہل اور آسان ہیں اور شرائط بھی سخت نہیں ہیں۔ ذیل کا عمل جو درج کرتا ہوں یہ کچھ مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن اس کے فوائد بے انتہا ہیں۔ بس یوں سمجھ لیں کہ اس عمل کے کرنے سے آپ حاضرات سے بے پرواہ ہو جائیں گے۔ کیونکہ آپ میں خود اتنی طاقت پیدا ہو جائے گی کہ جو کام حاضرات کے ذریعے کیے جاتے ہیں وہ آپ خود کرلیں گے۔ طریقہ یوں ہے کہ آپ میٹھا کھانا چھوڑ دیں۔ میٹھے سے مراد چائے' مٹھائی' غرض وہ چیز جس میں شکر یا گڑ کا استعمال ہو۔ آپ میں شروع میں تو بہت بے چینی اور طبیعت پر گرانی محسوس ہوگی۔ رفتہ رفتہ 11 یا 12 روز گزرنے کے بعد آپ میں استقلال پیدا ہو جائے گا۔ جس کمرے میں بیٹھے ہوں گے وہ کاغذ کی مانند محسوس ہوں گی۔ چھت پر نگاہ دوڑائیں گے تو یوں محسوس ہوگا خیال کرنے پر کہ چھت بالکل آپ کے سر کے اوپر ہے۔ جیسے جیسے فاصلہ دور ہوگا آپ حیرت انگیز طور سے گھنٹوں کا فاصلہ منٹوں میں طے کرلیں گے۔ جب میٹھا چھوڑے ہوئے 2 یا تین ماہ ہو جائیں گے تو آپ جب اپنے مخاطب پر نظر کریں گے اس کا دل کا حال شیشے کی طرح عیاں ہو جائے گا۔ خواب جو بھی دیکھیں گے حیرت انگیز طور سے جلد اُس کی تعبیر مل جایا کرے گی۔ اور جس کسی کو جو حکم دیں گے سر تسلیم خم کرے گا۔ غرض یہ کہ اتنے فوائد ہیں۔ اِس عمل کے اگر ہزار ہا صفحات بھی ہوں تو ناکافی ہوں۔ عقل مند کے لیے یہ بہت ہے۔ بیوقوف کے ہاتھ میں تو سونا اور تانبا رکھ دو تو وہ دونوں میں تمیز نہیں کر سکے گا کہ کونسی چیز کتنی قیمتی ہے اور اس کا مصرف کیا ہے۔

45- اگر کسی کام میں قومِ جن کی مدد درکار ہو۔ آپ کے خیال میں وہ یہ کام کر سکتے ہوں اور آپ چاہتے ہیں کہ وہ آپ کی دوستی کا دَم بھریں اور یہ دوستی سدا قائم رہے تو یوں کریں کہ بعد نمازِ مغرب ایسی مٹھائی کی دوکان پر چلے جائیں جہاں آپ کے خیال میں بہت گاہک آتے ہوں اور دوکاندار سے مخاطب ہو کر یوں کہیں 21 روپے (یا جتنی توفیق ہو) کی مٹھائی دے دو دوست کو تحفتاً دینی ہے۔ آواز ذرا بلند ہو۔ اتنی بلند کہ دوکان میں موجود سب گاہکوں کے کان میں آواز جائے۔ مٹھائی لے کر کسی ایسے مقام پر جائیں جہاں کوئی آتا جاتا نہ ہو۔ وہاں یہ مٹھائی جگہ صاف کر کے ایک سفید پلیٹ میں رکھ دیں اور تین مرتبہ یوں کہیں۔ "اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اے قومِ جنّ بِحَقِّ سُلَیْمَان عَلَیْہِ السَّلَام بِنْ دَاؤد عَلَیْہِ السَّلَام وَ بِحَقِّ اِسْم ذَاتِ اَللّٰہ میری طرف رجوع کرو یہ تحفہ قبول کرو"۔ اور پھر پلٹ کر نہ دیکھیں۔ واپس آ جائیں۔ سات روز کا عمل ہے۔ اگلے دن پلیٹ خالی ملے گی۔ دورانِ عمل خواب میں حسین صورتیں نظر آئیں گی۔ پورے سات روز عجیب قسم کے مشاہدات سے واسطہ

پڑے گا۔ بعد سات روز کے عمل ختم ہونے پر یعنی 8ویں روز اُسی جگہ پر جا کر کھڑے ہو جائیں اور قسم کو دہرائیں۔ چند گھڑی بعد ہی دور سے کوئی بشر آتا ہوا دکھائی دے گا۔ لیکن حقیقت میں قوم جن کا فرد ہوگا۔ جو آپ کے عمل کے زیر اثر ہو کر آپ سے دوستی پر مجبور ہوگا۔ یہ کام چاند کی سات تاریخ سے کرنا ہوگا۔ اُس کے نزدیک آنے پر جب تک وہ خود سلام نہیں کرتا۔ آپ نے منہ سے کچھ نہیں کہنا وہ تھوڑی دیر تک خاموش کھڑا رہنے کے بعد خود سلام میں پہل کرے گا۔ آپ سلام کا جواب دیں وہ مصافحہ کرنے کے لیے ہاتھ آگے بڑھائے گا۔ آپ بھی گرم جوشی سے جواب دیں۔ پھر کچھ ضروری شرائط کے بعد اُس کی اور آپ کی دوستی ابدی ہو جائے گی۔ ضرورت کے وقت یہ آپ کا خوب ساتھ دے گا۔

46- سات عدد چراغ مٹی کے لیں جن پر پانی نہ لگا ہو یعنی بالکل نئے ہوں۔ ایک چراغ باقی چراغوں سے تھوڑا سا بڑا ہو۔ اب یوں کریں کہ جو چاند کی سات تاریخ قمر در عقرب سے قبل کی ہو ان چراغوں میں کالے تل کا تیل اور عطر چنبیلی معمولی سا ڈال دیں اور روشن کریں۔ بڑا چراغ باقی چراغوں کے درمیان گول دائرہ کی ترتیب سے بیچ میں رکھ دیں۔ یعنی چھوٹے چراغ دائرے کی صورت میں رکھے ہوں۔ خوب پاک صاف ہو کر کپڑے سفید پاکیزہ ہوں پہن کر نمازِ عشاء ادا کریں۔ کمرے میں کوئی سامان علاوہ چراغوں کے نہیں ہونا چاہئے۔ اگر کمرے کی دیواریں سفید ہوں تو عمل میں مزید آسانی ہو جاتی ہے۔ بعد نماز کے دو رکعت نفل قضائے حاجت یعنی آپ جو عمل کر رہے ہیں اس میں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائیں ادا کریں۔ بعد نماز عمل میں کامیابی کی اللہ سے ہاتھ اپنے کندھوں سے بلند کر کے دُعا مانگیں۔ اب عمل پڑھنے کے لیے سب سے پہلے 70 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں۔ آیت الکرسی سے پہلے درود نور 11 مرتبہ ضرور پڑھ لینا اور آیت الکرسی ختم کرنے کے بعد پھر 11 مرتبہ درود نور پڑھیں۔ اب بعد حصار کے چراغوں کو اپنے سامنے رکھ لیں۔ اب 11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں بعد درود شریف کے 2222 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں۔ دوران پڑھنے کے آنکھیں بند رکھیں۔ ضرورت پڑنے پر کھول سکتے ہیں۔ جب تعداد کے مطابق پڑھائی ختم ہوگی۔ درود ابراہیمی 11 مرتبہ پھر پڑھیں اور خاموش بیٹھ جائیں۔ (عمل کے دوران اگر چراغ میں تیل ختم ہو جائے تو اور تیل ڈال دیں)۔ چند لمحے بعد آپ کو محسوس ہوگا جیسے کوئی سلام کر رہا ہے۔ ہلکی آواز میں سلام کا جواب دیں اور اب آنکھیں کھول کر سامنے دیوار کی طرف بدستور دیکھیں۔ ہلکا سا ہیولہ نظر آئے گا جو انسانی شکل کا ہوگا اور متحرک ہوگا۔ وہ آپ سے مخاطب ہوگا نام لے کر۔ کیوں مجھے بلایا ہے۔ بس جو کام آپ نے اُس سے لینا ہے وہ حاجت اُس سے کہیں وہ فوراً کام انجام دے گا۔ دوبارہ بلانا ہو تو کسی بھی دن چاند کی 14 تاریخ سے پہلے پھر یہ عمل کریں اور عمل قابو میں رکھنے کے لیے روزانہ 16 مرتبہ ضرور سورۃ کوثر پڑھ لیں۔

47- شیشہ 6X4 انچ کا خوب مضبوط ہونا چاہئے جو چہرہ دیکھنے کے کام آتا ہے یعنی آئینہ دو فٹ کے فاصلے پر رکھ کر کمرہ میں آئینہ کے سامنے بیٹھ جائیں۔ کمرے میں علاوہ آپ کے اور آئینہ کے کوئی نہ ہو۔ اپنے چہرہ کو آئینہ میں دیکھتے ہوئے زبان تالو سے چمٹی ہوئی ہونی چاہئے۔ شروع میں مشق نہ ہونے کی وجہ سے تکلیف ہوگی۔ لیکن

آہستہ آہستہ کامیابی ہونا شروع ہو جائے گی۔ یَا لَطِیفُ یَا خَبِیرُ 3125 مرتبہ اول و آخر درودِ ابراہیمی 11 مرتبہ پڑھیں۔ آئینہ میں بدستور نظر جما کر اپنی نظروں کو دیکھیں۔ بعد 9 روز کے آئینہ میں آپ کا چہرہ دکھائی نہ دے گا۔ بلکہ صاف میدان نظر آئے گا۔ اُس وقت بھی پڑھائی موقوف نہ کریں۔ مزید 9 روز وِرد جاری رکھیں اور میدان پر نظر رکھیں۔ بعد 9 روز کے میدان میں لوگوں کی چہل پہل نظر آئے گی۔ دِل کو مضبوط رکھیں۔ مزید 9 روز کے بعد ایک چہرہ بار بار آئینہ میں نظر آئے گا اور ذہنی طور سے آپ کا اور اُس کا رابطہ ہو جائے گا۔ ورد بدستور جاری رکھیں۔ 36 دِن روز اب آپ اُس چہرہ سے پڑھائی ختم کر کے مخاطب ہو سکتے ہیں۔ بعد ضروری شرائط کے وہ آپ کو مرضی کے مطابق آپ کے سوالوں کا جواب دے گا۔ کام ہر صورت میں جائز ہونا چاہئے۔ ناجائز کام کی اجازت بالکل نہیں۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔ بخور لوبان اور شکر کا ہونا چاہئے۔

☆ اگر حاضر کرنا ہو محبوب کو ☆

48- اگر حاضر کرنا ہو محبوب کو تو اس کے لیے اول و آخر 11'11 مرتبہ درود نور پڑھیں اور تھوڑی سی شکر پر یہ آیت 1291 مرتبہ پڑھیں۔ آیت یہ ہے۔ ﴿وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ﴾ (حجرت ۱۰) اب اس شکر کے تین حصے کریں اور ساعت زہرہ میں چیونٹیوں کے بل کے پاس ایک حصہ ڈال دیں۔ دوسرے دن دوسرا حصہ ساعت زہرہ میں اور اسی طرح تیسرا حصہ چیونٹیوں کے بل میں ڈال دیں پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ کس طرح محبوب بے چین ہو کر حاضر ہو گا۔ صرف جائز صورت میں یہ عمل کریں۔ عمل پڑھتے وقت یہ خیال رہے کہ محبوب آپ کے پاس بے چین ہو کر آ رہا ہے۔ مجرب ہے۔

49- عمل کسی بھی شخص کو حاضر کرنے کے لیے: ساعت زہرہ میں جمعہ کے دِن جب سورج طلوع ہو رہا ہو 120 دانے کالی مرچ کے لیں اور بخور لوبان کا روشن کریں۔ اب اپنے گرد حصار آیت الکرسی کا کر کے اور تصور محبوب کا کریں۔ ایک ایک دانہ کالی مرچ پر یہ پڑھ کر ڈالتے جائیں (یَا بَدُوحَائِیلُ یَا کَمسفَائِیلُ بِا رَتخضَائِیلُ اَن تخضا حَاجَتِی کُن فَیَکُون) یعنی 120 مرتبہ پڑھنا ہو گا۔ انشاء اللہ محبوب وقت فاصلہ طے کر کے پہنچے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

☆ گمشدہ کے بارے میں ☆

50- حاضرات کے لیے ایک عمل جو بہت آسان اور سہل ہے لیکن بعض مفاد پرستوں نے اسے کتابوں میں بہت پیچیدہ اور مشکل بنا کر پیش کیا ہے۔ جبکہ عمل بہت آسان ہے۔ یوں کریں۔ خالص عطر چنبیلی کا دو یا تین ماشہ لے کر اس میں سرمہ اصفہانی باریک پیس کر حل کر لیں، جب اچھی طرح حل ہو جائے تو اپنی داہنی ہتھیلی پر بالکل درمیان میں لگائیں۔ کمرہ صاف ستھرا ہو۔ اور اگربتی کی خوشبو سے مہک رہا ہو۔ حصار میں ایک نابالغ بچے یا بچی کو لے کر بیٹھ

جائیں اور بچے سے کہیں خوب ہتھیلی پر نظر جما کر رکھے۔ آپ سورۂ یسین پڑھنا شروع کر دیں۔ دھیرے دھیرے ہتھیلی پر حاضرات کا نزول شروع ہو جائے گا اور جس کی تلاش ہے۔ اس کا نام معہ والدہ لیں۔ بچے سے کہیں کہ پوچھے فلاں بن فلاں کہاں ہے۔ گمشدہ جہاں بھی ہوگا جس جگہ ہوگا نظر آ جائے گا۔ لاجواب عمل ہے اور مجرب ہے۔

51- ایک پلیٹ چاندی کی **4** انچ کی بنوائیں اور اُس پر نقش یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع کا نقش شرف قمر میں کندہ کرنا چاہئے۔ پلیٹ کے دوسری طرف چمک دار کالی سیاہی لگا دیں۔ اب جب بھی ضرورت ہو چاندی کی پلیٹ کو اپنے سامنے رکھیں ایسے کہ سیاہی والا حصہ آپ کے سامنے ہو۔ اپنے اوپر حصار کر کے **3** مرتبہ آیت الکرسی اور 3 مرتبہ چاروں قل پڑھ کر سیاہی والے حصے پر نظر کریں اور یوں کہیں۔ اقسمت علیکم یا رُوشِ وَعتق یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع۔ یہ تعداد **313** مرتبہ ہو۔ خوشبو خوب لگی ہوئی ہو۔ **3** روز کا عمل ہے۔ تیسرے ہی روز جو بھی امر ہو جس کام کے بارے میں معلوم کرنا ہو۔ ہاں یا نہ میں جواب کی تحریر تختی پر ابھر آئے گی۔ بہت ہی بہترین اور آسان عمل ہے۔

نقش یہ ہے:

دردائیل				جبرائیل
259	18	776	591	256
773	587	257	260	19
258	261	بدوح 20	769	588
16	770	589	259	262
590	260	258	17	771
تنکفیل				رفتمائیل

چال نقش یوں ہے:

دردائیل				جبرائیل
12	3	23	20	6
25	16	7	12	4
8	13	5	21	17
1	24	18	9	15
19	10	11	2	24
تنکفیل				رفتمائیل

53- سات عدد پھول گلاب کے، سات عدد چنبیلی کے، سات عدد موتیا کے اور سات عدد گیندے کے پھول لے کر ایک مالا بنائیں۔ ایک پُتلا موم کا بہ شکل مرد بنا کر تقریباً "**6** (چھ انچ) کا۔ اُس کے قدموں میں پھولوں کی مالا رکھ دیں۔ موم کے پُتلے پر سینے پر سورج کی شکل بنائیں جیسے وہ کرنیں بکھیر رہا ہو۔ یہ کام اتوار کے دن جب سورج طلوع ہو رہا ہو اُس وقت کریں۔ ایک عدد اگربتی نزدیک ہی سلگا دیں اور جو کام آپ کو ہے یا جو مطلب ہے سنہرے رنگ سے ایک کاغذ پر لکھیں اور مالا کے درمیان میں رکھ دیں اور بخور ریسندور کا جلائیں۔ دوسرے دن شمس کی ساعت میں اسی طرح اگربتی جلائیں اور اسی کاغذ پر مطلب کے اوپر ہاتھ پھیریں یعنی تحریر کے اوپر اور تحریر کریں۔ تیسرے دن یہ عمل پھر دہرائیں اور کمرے سے باہر آ جائیں۔ چوتھے روز جب کمرے میں داخل ہوں گے تو حیرت انگیز طور سے اُس کاغذ کے پیچھے جس پر مطلب درج تھا آپ کا جواب تحریر ہوگا۔ اس عمل کا تذکرہ کسی سے بھی نہیں کرنا چاہئے۔ یہ عمل سینے کا راز ہے جو میں نے ظاہر کر دیا ہے۔ فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔ یاد رہے یہ عمل سفلی میں شمار ہوتا ہے۔ زیادہ تر ہندو برادری اس کو عمل میں لاتی ہے۔ آپ بھی کر سکتے ہیں۔ کوئی حرج نہیں۔

54- جب منگل کی رات کو چاند کی 14 تاریخ آئے تو آپ ایک ایسا عمل کر سکتے ہیں جو حاضرات کی دنیا میں ایک مستند عمل کہلاتا ہے۔ اتفاق سے اگر کوئی ایسا دِن مل جائے تو ایسا کریں کہ آبادی سے باہر چلے جائیں۔ کپڑے احرام کی صورت میں ہوں اور سر ننگا ہو۔ کوئی ایسا درخت تلاش کریں جو خوب ہرا بھرا ہو اور گھنا ہو۔ ایک نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں۔ جب چاند بالکل سر پر آجائے تو 520 مرتبہ یہ عبارت پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَمَرُ یَاالقوائِیلُ یَا شُصْدُذُ .

بعد ختم تعداد کے وہاں چراغ وہیں چھوڑ کر چلے آئیں۔ (اگر دورانِ عمل چراغ میں تیل ختم ہو جائے تو اور تیل ڈال دیں چراغ ہر حال میں جلتے رہنا چاہئے)۔ واپس آنے کے بعد روزانہ سوتے وقت صرف 41 مرتبہ 7 روز تک مندرجہ بالا عبارت پڑھیں۔ اب عمل ختم ہوا۔ جب بھی کوئی مشکل پیش آئے' کوئی بات معلوم کرنا ہو' گمشدہ کے حال کے بارے میں جاننا ہو صرف 41 مرتبہ قمر کی ساعت میں پڑھیں۔

آپ کو اُسی ساعت میں کوئی جوان خوبصورت حاضر ہو کر حالات سے مطلع کرے گا۔ یہ راز اپنے تک رکھنا اور قطعی کسی سے ذکر نہ کرنا۔ بہت خوب عمل ہے۔

☆نظر سے دشمن کی اوجھل ہونا☆

55- اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ پڑھیں اور ایک بار سورۃ الفاتحہ' اب آیت الکرسی 20 مرتبہ پڑھ کر اپنے سامنے کی طرف پھونک دیں' پھر 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنی داہنی طرف پھونک دیں۔ اس کے بعد 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے بائیں طرف پھونک دیں۔ اس کے بعد مزید 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے عقب میں گردن پھیر کر پھونک دیں اور گھر سے داہنا قدم نکال کر باہر آجائیں۔ اب خدا کے فضل سے اگر دشمن کا ہزاروں کا لشکر بھی ہوگا تو ان کے درمیان سے بلا خوف و خطر گزر کر نکل جائیں گے۔ اللہ کے حکم سے تمام لشکر کے لوگ اندھے ہو جائیں گے۔ اور آپ انہیں بالکل نظر نہ آئیں گے اور آرام سے نکل جائیں گے۔ اگر خطرہ ہو کہ دشمن گھر میں داخل ہو کر تلاش کرے گا تو مندرجہ بالا عمل کر کے گھر میں اطمینان سے بیٹھ رہیں۔ دشمن کے گھر میں داخل ہونے پر بھی انشاء اللہ ان کی نظر سے اوجھل رہیں گے اور بال تک بیکا نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔

56- اگر معلوم کرنا ہو کہ غائب زندہ ہے یا انتقال کر گیا ہے تو کسی ویران کنویں پر عصر اور مغرب کے درمیان چلے جائیں اور 31 مرتبہ سورۃ البقرہ کی یہ آیت اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ کے ساتھ پڑھیں۔

وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۔ بعد 31 مرتبہ پڑھنے کے کنویں پر منہ رکھ کر اندر جھانکیں۔ اگر زندہ ہوگا تو ہنسنے کی بے تحاشہ آواز آئے گی۔ اگر غائب کا انتقال ہو چکا ہوگا تو رونے کی آوازیں سنائی دیں گی۔ بہت بہترین عمل ہے۔ سورۃ البقرہ کی اس آیت کو پہلے خوب حفظ کر لیا جائے تو بہت بہتر ہے۔

☆ عمل حاضرات و جنات ☆

57- ایک درخت بیر کا ایسا تلاش کریں جس کی عمر کم از کم 5 سال ہو۔ عروج ماہ میں جمعرات کا دِن گزار کر جورات آئے اُس رات کو حصار کر کے درخت کے نیچے بیٹھ جائیں اور سورۂ جن کی تلاوت با آواز بلند کریں۔ جب ایک بار تلاوت ختم کر لیں تو خاموش چند لمحے بیٹھے رہیں۔ اِسی طرح تین مرتبہ پڑھیں۔ بعد تین مرتبہ پڑھنے کے آپ کو چاہئے کہ تھوڑی سی مٹھائی وہاں رکھ کر حصار سے باہر آجائیں۔ 11 روز تک یہ عمل کریں۔ 11 روز کی مدت میں یہ عمل ختم ہوا۔ اب جب بھی آپ کو کسی سوال کا جواب لینا ہو ایک پرچے پر سوال لکھیں اور درخت کے نیچے رکھ چھوڑیں۔ سوال کی عبارت کے اوپر یہ لکھیں۔ قوم جن کے فرد آپ کو سلام قبول ہو۔ آگے اپنا نام لکھیں۔ دوسرے دِن جب بعد فجر درخت کے پاس جائیں گے تو آپ کو سوال کا جواب مل جائے گا۔ جب مرضی آئے یہ عمل سرانجام دے سکتے ہیں۔ لاجواب عمل ہے۔

58- اگر سمندری باز کی دائیں آنکھ اور اُسی کے برابر کوئلہ چمڑے میں بندھوا کر اپنے دائیں بازو پر باندھا جائے بشرطیکہ دِن پیر کا ہو اور عروج ماہ ہو تو غیبی مخلوق دوست ہو جاتی ہے۔ ہر امر جائز میں کام لے سکتے ہیں۔

59- اگر شوق ہو کہ مؤکل سفلی آپ کے کام آئیں اور ہر ممکن مدد کریں تو یوں کریں اپنے نام کے اعداد معہ والدہ نکالیں جو ابجد شمسی سے ہوں اس کا مؤکل سفلی برآمد کریں۔ یعنی جیسے عدد 530 حاصل ہوں تو اِس میں سے حروف طیش کے 319 عدد نکالیں۔ اب باقی بچے 211 اِن کے عدد ہوئے 'ای ر' مؤکل بنا 'اریطیش'۔ اب ان کو اسے عدد کے مطابق پڑھیں۔ عَزَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا ایرطیش وَ بِحَقِّ فلاں بن فلاں. 21 روز کا عمل ہے۔ بعد عمل ختم ہونے کے کوئی انجان شخص آپ کو کوئی انگشتری یا کچھ اور عطا کرے گا۔ اُس سے لے لینا اور عمل کا ذکر راز میں رکھنا۔ کسی سے نہ کرنا۔ آپ کے کام حیرت انگیز طور سے پورے ہونا شروع ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔

60- گربہ سیاہ جو کہ نر ہو اُس کو خود سے خوب مانوس کر لیں۔ (نوٹ: یہ عمل وہ کرے جس کی ابھی شادی نہیں ہوئی ہو)۔ روزانہ ایک وقت طے کر کے اُسے دودھ، گوشت، مچھلی جو بھی وہ کھاتا ہو اپنے ہاتھ سے دیں۔ آپ کے علاوہ کوئی اور اُسے مانوس نہ کرے یہ شرط ہے۔ 40 روز ایسا کرنے سے آپ سے خوب مانوس ہو گا۔ اب کوئی بھی مسئلہ ہو اور اُس کا حل مشکل نظر آتا ہو وہ مسئلہ ایک نیلے کاغذ پر لکھ کر اُس کے گلے میں باندھ دیں۔ وہ وہاں سے جب چلا جائے دوسرے دِن اُس کا اُسی جگہ انتظار کریں۔ جب وہ آئے اُسے جو بھی کھانے کے لیے دیتے ہیں دیں اور اُس کے گلے میں ایک کاغذ بندھا ہو گا اُسے کھول لیں۔ اُس میں آپ کے مسئلے کا حل ہو گا۔ عمل راز میں رہے اجازت ضروری ہے۔

61- ابجد شمسی کے حروف کی زکوٰۃ اصغر یا اکبر نکالیں۔ 28 دِن میں زکوٰۃ اصغر پوری ہوگی۔

حاضرات کے شوقین اگر زکوۃ اصغر نکال لیں تو اُن کے لیے زکوۃ اصغر ہی بہت ہے۔ ابجد شمسی کی زکوۃ سے مؤکل سفلی جو کہ فوری کام کرتے ہیں حکم بجالاتے ہیں۔ ہمیشہ عامل کے ساتھ رہتے ہیں اور عامل کا کام حیرت انگیز طور سے ہوجاتا ہے۔ یہ عمل نگرانی میں کرنا بہتر ہوتا ہے کیونکہ رجعت کا خوف رہتا ہے۔

62- حاضرات کے سلسلے میں یہ دو حروف خوب کام کرتے ہیں بشرطیکہ ان کی زکوۃ **40** روز باپرہیز کامل نکالی جائے۔ بعد زکوۃ کے ناخن پر چمک دار سیاہی لگا کر حاضرات کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ وہ سریانی زبان کے حروف یہ ہیں: سَبطیشُ ھلبطیشُ۔ جب حاضرات کی ضرورت ہو یہ عزیمت پڑھیں اور ناخن پر نظر کریں۔ عزیمت یہ ہے: یا سبطیشُ یا ھلبطیشُ و بحق مخلوق اخفاء حاضر شُو۔ صرف **21** مرتبہ کہیں۔ ناخن پر سب منظر عیاں ہوجائے گا۔

63- اگر چالیس مرتبہ روز سورۂ کہف باپرہیز کامل پڑھیں **19** روز تک تو جن وانس مسخر ہوں۔

64- اگر یا رحمٰنُ کو عددیں باہم ضرب دے کر روز پڑھا جائے تو بعد **21** روز کے عجیب فائدے دیکھو۔ جنھیں ہمزاد کا شوق ہے: وہ یہ عمل ضرور کریں۔

65- سورۂ اخلاص کو اعداد کے مطابق اگر **7** روز پڑھا جائے تو بعد **7** روز کے صرف **11** مرتبہ روز پڑھا جائے تو جو خواب دیکھیں دوسرے ہی روز اُس کی تعبیر ملے گی۔ مجرب ہے۔

66- اگر سورۃ القریش کو روز **2** تسبیح پڑھا جائے اور اھیاً اشر ھیاً بھی دو تسبیح ساتھ پڑھی جائے تو جنات کا نظارہ کریں

☆ عمل برائے حاصل کرنا گمشدہ چیز کا ☆

67- ذیل کا عمل گمشدہ چیزوں کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے لاثانی ہے۔ ایک عدد زندہ طوطا مچھلی **(Parrot Fish)** جو کہ ہرے رنگ کی ہوتی ہے اور اُس کا منہ طوطے کی چونچ کی طرح ہوتا ہے اس لئے اسے طوطا مچھلی کہا جاتا ہے بازار سے لے لیں اور اگر بازار میں دستیاب نہیں ہے تو کسی ماہی گیر سے لانے کو کہئے یا مچھلی فروش سے کہیں جو گھر میں پالنے کے لیے مچھلیاں بیچتے ہیں۔ انہیں خوب علم ہوتا ہے مچھلی کی نسل کے بارے میں۔ مچھلی زندہ ہو۔ اُسے کسی برتن میں پانی ڈال کر چھوڑ دیں اور کھانے کے لیے ماش کا آٹا گوندھ کر ننھی ننھی گولیاں بنا کر تین دن تک کھلاتے رہیں۔ چوتھے روز مچھلی کو پانی میں سے نکال کر کسی خشک برتن میں رکھیں اور مچھلی کے مرنے کے بعد اُس کی آلائش صاف کر کے اور اُس میں نمک بھر کر دھوپ میں خشک ہونے دیں۔ تقریباً **6** اور **7** روز میں مچھلی بالکل خشک ہو جائے گی۔ اب اس کو ہاون دستہ میں ڈال کر خوب ریزہ ریزہ کر دیں اور کسی بوتل میں بھر کر رکھیں۔ جب جمعہ کا دن آئے بعد نمازِ جمعہ بوتل کو اپنے سامنے کھول کر بیٹھیں اور سات مرتبہ سورۂ کہف شرائط کے مطابق پڑھیں۔ اب بوتل کو

دوبارہ بند کر دیں۔ اب جب خدانخواستہ کوئی قیمتی چیز گم ہو جائے اور باوجود کوشش کے نہیں مل رہی تو بوتل میں سے ایک چٹکی بھر مچھلی کا برادہ لے کر سورۂ کہف ایک مرتبہ پڑھ کر اُس پر دَم کر دیں اور سمندر میں یا دریا' نہر' ندی جہاں بھی آسانی ہو وہاں ڈال آئیں۔ آپ کو انشاء اللہ کھوئی ہوئی چیز واپس گھر میں داخل ہونے پر رکھی ہوئی مل جائے گی۔ مچھلی کا برادہ پانی میں ڈالتے وقت یہ عزیمت تین مرتبہ پڑھیں۔ 'اے خضر علیہ السلام اللہ کے حکم سے فلاں چیز فلاں بن فلاں کو فوری مل جائے'۔ مجرب المجرب ہے۔

68- اگر تنہائی میں روزانہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ سورۂ حجر کی چوتھی آیت اپنے عدد کے مطابق **21** روز تک پڑھی جائے اور بعد **21** روز کے صرف تین مرتبہ پڑھنی ہوگی تا کہ عمل قابو میں رہے۔ طریقہ یہ ہے: رات کو تمام کاموں سے فارغ ہو کر اور باوضو ہو کر داہنی کروٹ لیٹ جائیں اور مقصد کو ذہن میں رکھیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات سب خواب میں عیاں ہو جائے گا۔

69- حاضرات کا ایک عمل سریانی طریقہ کار سے ہے۔ اگر ایسے ہی اِسے پڑھا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ عمل درج ہے۔ روزانہ ایک وقت اور مقام مقرر کر کے ایسی تسبیح کا انتظام کریں جس کے دانے سفید ہوں اور نئے چاند میں نوچندی جمعرات کو باقاعدہ حصار کر کے ''**ھارُوشِ ذاروشِ جارُوشِ و بحق فلاں بن فلاں حاضر شو**'' پڑھیں۔ یہ ایک مرتبہ ہوا۔ اس طرح سے روزانہ ایک تسبیح پڑھیں گیارہ دِن پڑھیں اور بعد گیارہ دِن کے یعنی بارھویں دِن دھوئیں کی شکل میں تین چھوٹی چھوٹی شبیہہ دیوار پر نظر آئیں گی۔ جب تک وہ صحیح معنوں میں ظاہر نہ ہو جائیں آپ خاموش بیٹھیں اور بدستور انہیں دیکھتے رہیں۔ ان شبیہوں میں سے ایک بالکل انسانی شکل میں ظاہر ہو جائے گی اور آپ سے ضروری شرائط طے کر کے دوبارہ حاضر ہونے کا طریقہ بتا دے گی۔ اب جب بھی ضرورت ہو جو کام شرع کے اندر ہو اسے بُلا کر پوچھ سکتے ہیں۔ وہ بخوشی بتائے گی۔ روزانہ **19** مرتبہ بعد عمل کے پڑھنا ہوگا۔

70- اگر آپ کے گھر کے نزدیک کوئی کنواں ہے یا سمندر قریب ہے تو ایک آسان عمل حاضرات کا یا کسی کو بھی حاضر کرنے کا کر سکتے ہیں۔ بعد نمازِ عشاء تمام کاموں سے فارغ ہو کر کنویں یا سمندر (جو بھی نزدیک ہو) جا کر بیٹھ جائیں اور روزانہ بلاناغہ حد سے حد چالیس روز تک چاند کی **6** تاریخ سے یہ پڑھیں۔ یا سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔ جتنا پڑھ سکتے ہیں پڑھیں۔ دوران پڑھائی کے **19** عدد آٹے کی گولیاں روز سمندر یا کنواں جو بھی ہو اُس میں ڈال دیا کریں اور پلٹ کر دیکھے بغیر واپس چلے آیا کریں۔ دورانِ عمل واپسی پر کانوں میں آوازیں سنائی دیں گی۔ جیسے کوئی باقاعدہ آپ کو بلا رہا ہے۔ نہ جواب دیں نہ پلٹ کر دیکھیں۔ جس دن آواز آپ کو آپ کے سامنے سے سُنائی دے اُس دن سمجھیں کام ہو گیا اور اب آپ جو بھی آپ کا مخاطب ہے اور نظر سے اوجھل ہے اُس سے مخاطب ہو سکتے ہیں۔ جس امر میں دریافت کرنا ہو آواز سے مخاطب ہو کر دریافت کریں۔ آپ کو جواب مل جائے گا۔ اب روزانہ کنواں یا سمندر جو بھی ہو آٹے کی گولیاں بنا کر ڈالنا ہوگا۔ اُس وقت تک عمل قابو میں رہے گا۔

71- ایک کھلے برتن میں پانی بھر کر اور ایک چادر سفید لٹھے کی اوپر لے کر روزانہ عصر سے مغرب کی اذان تک پانی میں اپنا چہرہ دیکھیں اور تصور باندھیں کہ منظر تبدیل ہو رہا ہے۔ کچھ دِنوں میں آپ کا چہرہ پانی میں نظر نہیں آئے گا یہ سب کچھ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے پر ہی نظر آئے گا۔ اب جس کے بارے میں حال جاننا ہے تصور باندھیں برتن میں سب نظر آجائے گا۔ کمرے میں آپ کے اور پانی کے برتن کے علاوہ اور کچھ نہیں ہونا چاہئے۔

72- اپنے نام کے عدد معہ والدہ نکالیں اور عدد ''یَا وَدُوْدُ'' کے **20** عدد اُس میں شامل کریں۔ اب روزانہ **4120** مرتبہ یہ پڑھیں ''یَا کَائِیْلُ وَ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ''۔ بعد **40** روز کے عمل ختم ہوا۔ اب روزانہ عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے اپنے نام کے عدد کے مطابق روز پڑھیں۔ اب جب ضرورت ہو ایک پرچے پر لکھیں اوپر کی جانب ''یَا کَائِیْلُ وَ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ'' اور نیچے مقصد لکھیں۔ کمرے میں رکھ کر باہر آجائیں۔ پھر دوسرے دِن جائیں وہاں انشاء اللہ آپ کو جواب سے مطلع کیا جائے گا یعنی دوسرے پرچے پر جواب ہوگا۔ خبردار آپ کے علاوہ اس کمرے میں کوئی اور نہ جائے۔ نماز کی پابندی اور جھوٹ سے پرہیز کریں۔ رزق حلال کمائیں۔ انشاء اللہ مسئلہ حل ہوگا۔

73- عمل حاضرات

اگر نر گرگٹ کو عین زوال کے وقت مارا جائے اِس طرح کہ خون کا ایک قطرہ بھی نہ نکلے اور دِن بدھ کا ہو۔ عروج ماہ ہو۔ اب آپ گرگٹ کا پیٹ چاک کریں اُس میں سے ایک پتھر نکلے گا۔ اُس پتھر کو سات مرتبہ پانی سے دھو کر چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کی جگہ جڑوالیں۔ اب جب بھی کوئی کام کی بات معلوم کرنا ہو اور کوئی بھی امر میں ناکامی ہو اِس انگوٹھی کو اتار کر اور مقصد ایک کاغذ پر لکھ کر کاغذ میں انگوٹھی کو رکھ دیں اور اِسے سرہانے رکھیں۔ شب کو داہنی کروٹ سو جائیں۔ ایک بزرگ باریش آپ کو خواب میں مسئلہ کا حل تفصیل سے بتائے گا۔ مجرب ہے۔ پرہیزگاری شرط ہے۔

☆ عمل حُب حاضرات سے ☆

74- اگر چاہے کوئی کہ حاضر کرے محبوب کو اور باوجود ہزار کوشش کے نہ آئے تو اس کے لیے مجرب عمل ہے۔ ایک سنہرے رنگ کا کاغذ لے کر اُس پر محبوب کا نام معہ والدہ لکھیں اور بعد میں اپنا نام معہ والدہ لکھیں اور اُس پر مچھلی کی چربی لگائیں۔ یہ کام جمعہ کے دِن عروج ماہ میں کریں۔ چربی لگانے کے بعد اُسے روئی میں لپیٹ کر ساعت زہرہ میں نئے چراغ میں تیل ڈال کر روشن کریں۔ چراغ کا رخ خانہ محبوب کی طرف رکھیں۔ محبوب بے چین ہو کر حاضر ہوگا۔

75- جس دِن چاند کی **3** تاریخ ہو اور دِن بدھ کا ہو تو ہم ایک ایسا آسان اور سیدھا سا عمل کر سکتے ہیں۔ جو سارے عملوں سے بے نیاز کردے گا۔ یوں کریں جس دِن چاند کی **2** تاریخ ہو ایک آئینہ بازار سے اچھی قسم کا

لے کر آئیں جس کا سائز اتنا ضرور ہو کہ اِس میں آپ کا چہرہ مکمل نظر آئے۔ اب جو رات کا وقت ہو گا وہ تین تاریخ کی رات ہو گی۔ وہ آئینہ لے کر دریا کے کنارے چلے جائیں یا سمندر ہو تو سمندر کے کنارے چلے جائیں۔ اب جو تارہ ٹوٹے تو اُس کا عکس آئینے میں دیکھیں اور آئینہ پر قلم سے لکھیں ''یا ھَارُوشِ''۔ جب دوسرا تارہ ٹوٹے پھر عکس اُس کا آئینہ میں دیکھیں' اب آئینے پر لکھیں ''یَا کرُوتشِ''۔ جب تیسری مرتبہ تارہ ٹوٹے پھر عکس دیکھیں اور آئینے پر لکھیں ''یَا سَطُوشِ''۔ یہ تینوں نام چھوٹے حروف میں آئینے کے بالکل اوپر لکھیں۔ اب وہیں بیٹھ کر یہ تینوں نام سو سو مرتبہ پڑھو۔ حصار اپنے گرد مضبوط کر رکھیں۔ جیسے ہی یہ تینوں نام کا وِرد مکمل ہو گا۔ آئینہ میں پارے کی طرح چمک پیدا ہو جائے گی۔ اور آئینے میں دھیرے دھیرے مختلف مناظر ابھرنا شروع ہو جائیں گے۔ آپ کا جو مقصد ہو ذہن میں لائیں اور کہیں ''یَا ھَارُوشِ یَا کرُوتشِ یا سطُوشِ فلاں امر میں میری مدد کرو''۔ آپ کے سوال کا جواب آپ کو آئینے میں مل جائے گا۔ اب جب بھی آئینے سے کام لینا ہو اُسے لے کر ایسی جگہ چلے جائیں جہاں علاوہ آپ کے کوئی نہ ہو۔ ایسے ہی سوال کریں جواب ملے گا۔ بعد جواب حاصل کرنے کے آدھ سیر گندم کا آٹا دریا میں ڈال آیا کریں۔ مجرب ہے۔

76- ارنڈی کے درخت کا جو پہلا پھل ہو اُسے احتیاط سے اتار لائیں۔ خیال رہے کوئی پھل ضائع نہ ہو گھر لا کر سب پھلوں کو چھیلیں اور تخم ارنڈی حاصل کریں جب تمام پھل کے بیج حاصل ہو جائیں۔ ایک ایک تخم اٹھائیں اور ایک آئینہ پر رگڑو اور یہ عمل پڑھیں۔ آئینہ پر بغور دیکھتے بھی رہیں۔ عمل یہ ہے ﴿یَا بَکطیشِ ثخمِیھَا عَدیتمُ ثخلھَا حَاضِرُ﴾۔ اُس میں ایک بیج ایسا ہے جو عمل کے پڑھتے ہی اور جیسے ہی آئینے پر رگڑیں گے آئینے میں ایک دوسری ہی دُنیا آباد نظر آئے گی جو کہ حاضرات سے متعلق ہے۔ بہ شرائط عقل سے کام لیں اور حاضرات سے مدد لیں۔ نہایت ہی آسان عمل ہے۔

77- اگر ناخن پر چمک دار سیاہی لگا کر **21** روز یہ عبارت بہ حصار پڑھی جائے تو حاضرات کھل جاتے ہیں۔ ﴿یَا شَخلُوشِ زَبَطِیشُ حُبَطِیشُ کَنَلبُوطِیشُ اَن تَقضا حَاجَتِی کُن فَیکُون﴾ روزانہ **321** مرتبہ عبارت پڑھیں۔ بعد **21** روز کے کامیابی ہوتی ہے۔ کامیابی کے بعد کم از کم **7** بچوں میں شیرینی تقسیم کریں۔

78- اگر مندرجہ بالا عمل کو اُسی طریقہ اور ترکیب پر داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر کیا جائے تو بھی یہی تاثیر ظاہر ہوتی ہے۔

79- دِلوں کا بھید جاننے کے لیے ایک بہت ہی آسان اور موثر عمل ہے۔ وہ یہ کہ تسبیح پر عروج ماہ میں روزانہ بہ شرائط **40** روز تک پڑھیں ''یَا طکقطیشِ وَ بِحَقِ یَا لَطِیفُ''۔ بعد **40** روز کے اب آپ قادر ہیں انشاء اللہ اس بات پر کہ جو بھی سامنے آئے گا یا مخاطب ہو گا' آپ ذرا اُس کے اوپر توجہ دیں گے نیت اور حال دل کا تمام آپ پر ظاہر ہو گا۔ نماز کی پابندی اور حلال کا خیال کریں۔

80- اگر ارنڈی کا روغن اور روغن کنجد دونوں ہم وزن لے کر ان کو چراغ میں ڈال کر اس کا کاجل نکالا جائے اور اس کاجل میں عطر خالص جنت الفردوس اور خس خالص آدھی آدھی لے کر ملایا جائے۔ اور اُسے ایک سفید چکنی سطح والی پلیٹ پر لگا دیں۔ خوب اچھی طرح ملنے کے بعد باپرہیز کامل سورۃ الشمس 100 مرتبہ پڑھیں اور بغور دیکھو۔ پلیٹ پر حاضرات کا نظارہ ہوگا۔ بہ شرائط کام میں لائیں۔

☆حاضرات بر آئینہ☆

81- ایک آئینہ اچھی قسم کا تقریباً ایک فٹ لمبا اور "8 چوڑا لے آئیں۔ اب روغن ارنڈی سرمہ اصفہانی 3 مثقال لے لیں اور روغن کالے تل کا برابر لے لیں۔ اب ان تینوں چیزوں کو سامنے رکھ کر ان پر یہ عبارت 8 روز تک 660 مرتبہ روز ساعت زہرہ میں شب کو پڑھ کر دم کریں۔ عبارت یہ ہے:

﴿ازشیلاھا ارشیلاھا امشیلاھا ان تقضا حاجَتِیُ کُنْ فَیَکُونُ﴾۔

بہ طہارت ہوں۔ بعد 8 روز کے عمل کے، روز 8 مرتبہ پڑھیں۔ بعد دَم کرنے کے اِن 3 چیزوں کو باہم ملا کر آئینہ پر لگائیں۔ اب جب بھی ضرورت ہو حاضرات کی اور کسی امر میں کوئی بات معلوم کرنی ہو۔ آئینے کو سامنے رکھ کر 8 مرتبہ مندرجہ بالا عبارت پڑھ کر آئینے پر دَم کریں۔ چند لمحے توقف کریں۔ سارا حال عیاں ہوگا۔ شرط ہے کہ یہ عمل راز میں رکھیں۔ اجازت ضروری ہے۔

82- اگر آپ یہ عبارت روز 72 مرتبہ پڑھیں، پڑھنے کی معیاد 21 روز ہے۔ بعد اکیس روز کے آپ عامل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ حاضرات کے سلسلے میں اور دیگر پیچیدہ عملیات سے بے نیاز ہو جائیں گے۔ صرف 9 مرتبہ سوتے وقت پڑھیں اور مقصد کو دِل میں رکھ کر دائیں کروٹ سو رہیں۔ ایک رات میں مقصد حل ہوگا۔ عبارت یہ ہے:

﴿صِحیُورَاتُو عَقلِی کُمْ سَواھَا تُو﴾۔

☆حاضرات بر زبرجَد☆

83- ایک پتھر ہوتا ہے جسے 'زَبَرجَد' کہتے ہیں۔ حاضرات کے لیے بڑا کام کا ہے۔ لیکن پتھر تقریباً 3 انچ کا مستطیل ہونا چاہئے۔ اس پر چمک دار سیاہی لگائیں اور چاندی کی زنجیر میں ڈال کر دیوار سفید پر اپنے سامنے لگائیں۔ کمرے میں علاوہ آپ کے کوئی نہ ہو اور تکرار اس عبارت کی کریں۔ ﴿ارسلا کو رتمثلا جبُ احَطُ﴾۔ زیادہ سے زیادہ 41 بار پڑھیں۔ پتھر پر نظر کریں حاضرات کا نظارہ شروع ہو جائے گا۔ اپنی عقل کے مطابق اس عمل کو کام میں لائیں۔ مجرب ہے۔ اجازت ضروری ہے۔

84- اگر دیکھنا ہو کہ یہ امر یا یہ فیصلہ درست ہے یا نہیں۔ ایک مٹکی ایسی جو کہ پانی سے مس نہ ہو۔

ضروری احصار بدنی اور جسمانی کر کے مکی کو اپنے انگوٹھے کے سہارے دونوں انگوٹھوں کے درمیان پکڑ کر بیٹھ جائیں اور مقصد کو ذہن میں رکھ کر سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کر دیں۔ اگر مکی دائیں طرف گھومے تو اشارہ ہے کہ فیصلہ صحیح ہے اور اگر مکی بائیں طرف گھومے تو اشارہ ہے فیصلہ ٹھیک نہیں ہے۔ مجرب ہے۔

85- اگر منظور ہو اسی طرح کہ یہ کام کا انجام بہتر ہے یا نہیں۔ دو رکعت نماز کی نیت کر کے کھڑے ہو جائیں اور بعد نیت کے سورۃ الفاتحہ پڑھنا شروع کر دیں۔ جب **صِرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ** پر پہنچیں تو اپنی تکرار شروع کر دیں اور یونہی تکرار کے دوران اگر دائیں طرف گھوم گئے تو انجام اچھا ہے اور اگر بائیں طرف گھوم گئے تو انجام ٹھیک نہیں۔ بعد اشارہ ملنے کے تمام نماز پوری کر لیں۔ اور خدا کا شکر بجا لائیں۔

86- سات یکے سفید ایک سائز کے لے کر اپنا سوال ایک پرچے پر لکھیں اور اپنا حصار بدنی اور روحانی کر کے اُس پرچے پر نیچے لکھیں۔ ﴿**اَهيا اشراهيا**﴾ اور کسی خالی اور ویران کنویں میں پھینک دیں۔ آپ کو بعد 3 ساعت کے کسی نہ کسی طور سے اپنے سوال کا جواب مل جائے گا۔ اللہ تعالیٰ جو صورت مناسب سمجھے۔ مجرب ہے۔

87- اول گیارہ مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ' **70** مرتبہ آیت الکرسی' **11** مرتبہ سورۃ اخلاص' **11** مرتبہ سورۃ الفلق' **11** مرتبہ سورۃ الناس اور **11** مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر سو رہیں۔ انشاء اللہ جواب سے مطلع کیا جائے گا۔ بہت ہی مجرب ہے۔

88- اگر چاہیں کہ بلانا ہو محبوب روٹھے ہوئے کو تو یوں کریں۔ محبوب کا نام معہ والدہ لکھ کر اُس کے اعداد نکالیں۔ اب اتنی ہی مرتبہ وہ نام ایک کاغذ پر لکھ لیں اور روغن زیت میں عطر خس کے ساتھ ملا کر چراغ میں ڈال کر ساعت زہرہ میں جمعہ کے دن عروج میں جلائیں۔ محبوب وقت و فاصلہ طے کر کے اُس مقام پر حاضر ہوگا جہاں یہ عمل کیا گیا ہے۔ مجرب ہے۔

89- اسی طرح میاں بیوی میں ناراضگی ہوئی ہو اور باوجود کوشش کے دونوں باہمی الفت نہ رکھتے ہوں تو یوں کریں۔ دونوں کے استعمال شدہ کپڑے لیں اور ایک ایک کپڑا اپھاڑ کر دونوں ٹکڑوں کو باہم ایک کریں یعنی ملائیں۔ اور ان کے دو حصے کر لیں۔ اب ایک چراغ میں ایک حصہ جلائیں۔ دوسرے میں دوسرا حصہ جلائیں اور پاس بیٹھ کر جب تک چراغ جل رہے ہیں یہ عبارت پڑھیں۔ ﴿**يا بدوحائيل يا كمسفائيل يا رتخضائيل** ان **تخضا حَاجَتِيْ كُنْ فَيَكُوْنُ**﴾۔ جب دونوں چراغوں کی بتیاں مکمل جل جائیں پڑھائی بند کر دیں اور دونوں چراغوں کو خوب اچھی طرح صاف کر کے آب سے بھر لیں۔ ایک چراغ کا پانی مرد کو پلا دیں اور دوسرے چراغ کا پانی عورت کو پلا دیں۔ پانی پلاتے وقت مندرجہ بالا عبارت ضرور دل میں پڑھیں۔ انشاء اللہ باہمی الفت اتنی ہوگی کہ لوگ رشک کریں گے۔

90- اگر ہمیں پہلی بارش کا پانی جو کہ زمین پر نہ گرا ہو برتن میں گرا ہوا مل جائے اور اُس پر 2125

مرتبہ سورۂ اخلاص بہ شرائط عروج ماہ میں پڑھیں اور وہ پانی جس کسی کو دوست کرنا ہو پلا دیں تو وہ تا حیات بے وفائی نہ کرے اور دوستی کا دَم بھرے۔ مجرب اور بہت مجرب ہے۔ اجازت عام ہے۔

91- جب مینڈک نر اور مادہ مینڈک جفتی ہوں ایسے وقت میں ایک ڈوری رنگ جس کا سیاہ ہو۔ ایسے وقت اُس پر گانٹھ لگا دیں۔ یہ ڈوری آپ کو ہمیشہ کام دے گی۔ جس کسی کی نظر کے سامنے کریں گے آپ کا ساتھی جانثار ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ آزما کر دیکھیں شاندار عمل ہے۔

92- باز پرندے کا پتہ اور آنکھ دائیں لے کر باہم اتوار کے روز جب سورج طلوع ہو رہا ہو پیسیں اتنا کہ دونوں ایک ہو جائیں۔ اس کو کسی ڈبیہ میں بند کر کے رکھیں۔ ایک نقطہ کے برابر آنکھ کے پاس لگائیں۔ آنکھ میں نہ لگائیں۔ روحانیان کا نظارہ کریں گے۔ مجرب ہے۔

93- حاضرات کے اعمالوں میں یہ عمل بہت آسان اور مشہور ہے اور قدیم بھی ہے۔ طریقہ یوں ہے۔ ایسی نو چندی جمعرات جس میں قمر در عقرب پہلے نہ ہو ایک خالی پاک اور ستھرے کمرے میں خوشبو سے خود کو معطر کر کے اپنے سامنے ایک پلیٹ میں **21** عدد سیاہ مرچ جسے فلفل سیاہ کہتے ہیں اور **21** عدد الائچی سفید' **21** عدد چنبیلی کے پھول جو ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہوں رکھ کر بیٹھ جائیں اور حصار اپنا کر کے ایک تسبیح سورۂ اخلاص' ایک تسبیح سورۃ الناس اور ایک تسبیح ''یَا وَاحِدُ'' کی پڑھیں۔ آنکھیں اُس وقت بالکل بند ہوں اور دھیان میں یکسوئی ہونی چاہئے۔ بعد تسبیح کے اپنے مقصد کو دھیان میں رکھیں۔ تھوڑی ہی دیر بعد کان میں سرگوشی ہوگی کہ آنکھیں کھول لیں۔ آنکھیں کھولنے پر حصار سے باہر آپ کو ایک ہیولہ جو کہ صحیح طور پر واضح نہیں ہوگا دکھائی دے گا۔

اپنا مقصد اُسے کہیں۔ آپ کو پھر سرگوشی سنائی دے گی کہ پلیٹ جس میں چنبیلی پھول' فلفل سیاہ اور الائچی رکھی ہوئی ہے حصار سے باہر رکھ دیں۔ آپ ایسا ہی کریں۔ اب وہ ہیولہ پلیٹ کو اٹھا لے گا اور پلیٹ آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائے گی۔ جب خالی پلیٹ واپس کرے گا آپ پھر اُس سے اپنا مقصد دہرائیں۔ وہ آپ کو مکمل جواب دے گا جو کہ قابلِ اطمینان ہوگا۔

94- حروف مقطعات جو کہ **14** ہیں جو قرآن شریف کی بعض سورتوں میں شروع میں آئے ہیں ایک گلاس جو شیشے کا ہو اُس پر سنہری سیاہی سے لکھیں۔ دوسرے دن دوسرے گلاس پر لکھیں' تیسرے دن تیسرے گلاس پر لکھیں اسی طرح سات روز میں سات گلاس ہو جائیں گے۔ آٹھویں دِن ایک برتن مٹی کا کھلے منہ کا لے کر اُس میں پانی بھریں اور اُس پانی میں عرق گلاب ڈال دیں۔ سارے گلاس اُس پانی سے دھولیں۔ اب پانی واپس برتن میں ڈال دیں ضائع بالکل نہ کریں۔ یہ پانی کام کا ہے۔ اب جب بھی کسی امر میں کوئی مشکل معلوم ہو ایک پرچے پر زعفران سے سوال لکھ کر برتن میں رکھ دیں اور کمرہ بند کر کے باہر آجائیں۔ دوسرے دِن آپ کو کسی بھی انداز میں ایک تحریر جو جواب کی صورت میں ہوگی آپ کو ملے گی۔ اس کا ذکر کسی سے نہ کرنا۔ ہمیشہ یہ پانی کام دے گا لیکن جب ضرورت

محسوس کریں دوبارہ یہ عمل کرلیں۔

95- حاضرات آبی ایک عدد بوتل سفید جس میں ڈیڑھ سیر پانی آجائے اُس کو بھر کر اس میں عرق کیوڑہ تھوڑا ڈال دیں۔ بعد نماز جمعہ ایک تنہا کمرہ میں بیٹھ جائیں اور بوتل کو سامنے رکھ لیں۔ کمرہ میں آپ کے علاوہ اور کوئی نہ ہو۔ اب درود نور جو درج ہے 21 مرتبہ پڑھیں۔

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نور الانوار سر الاسرار و سیّد الابرار﴾۔

پھر سورۃ الفاتحہ 21 مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب روحِ پُرنور سید شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کو بخش دیں۔ اب بوتل پر نظر رکھیں اور مقصد کو دِل میں رکھ کر یہ عزیمت پڑھیں۔ ﴿اَجِبْ یَا دردائیل وَ یَا کمسفیائیل وَ کیمدائیل حاضر ہو﴾ ۔ عزیمت مقصد کو دل میں رکھ کر 98 بار پڑھیں۔ اُس کے بعد درود شریف جو درج ہے 11 مرتبہ پڑھیں۔ جیسے ہی کمرے میں نامانوس خوشبو پھیلے تو سمجھ جائیں کہ حاضرات کی آمد ہونے والی ہے۔ اب بوتل پر گہری نگاہ رکھیں۔ آہستہ آہستہ بوتل میں آپ کا مقصد اور حل ظاہر ہونے لگے گا۔ جب دِل مطمئن ہو جائے باآواز بلند شکریہ ادا کریں اور اللہ حافظ کہیں۔ بوتل میں اب کوئی بھی منظر دکھائی نہیں دے گا۔ بوتل کو مع پانی حفاظت سے رکھ چھوڑو۔ بعد عمل کے 7 کمسن بچوں میں شیرینی تقسیم کریں۔ یہ عمل ہر جمعہ کو ہوسکتا ہے۔ حصار شرائط کے ساتھ بجا لائیں۔ مجرب ہے۔

96- اپنے بائیں انگوٹھے پر نقش لکھ کر خلوت کی جگہ سو رہیں اور کسی سے بات نہ کریں۔ ایک جن آپ کو آکر خبر دے گا مگر آپ کو لازم ہے کہ کسی سے نہ ڈریں اور دِل قوی رکھیں۔

وہ نقش یہ ہے: شمعون یھوش وہ+

97- ایک مربع مستطیل بنائیں اور اس میں ذیل کی طرح سے نقش بنائیں اور اس کو پاک کپڑے پر سفید کبوتر کے خون سے لکھیں۔ پھر اس کو آگ پر جلائیں اور اس کی راکھ کو محفوظ کریں۔ پھر اصفہانی سرمہ گلاب میں حل کر کے طلاء محلول میں حل کر کے جو شخص آنکھ میں لگائے گا اُسے جنات نظر آئیں گے۔ آپ ڈریں نہیں۔ ان سے بعد سلام کے گفتگو کر سکتے ہیں۔ دِل قوی رکھیں لیکن خیال رکھیں کہ حصار میں ہوں' پاک ہوں اور وقت عصر اور مغرب کے درمیان ہو۔

ا	ا	ا	ا	ا	ا
و	و	و	و	و	و
ج	ج	ج	ج	ج	ج
ا	ا	ا	ا	ا	ا
د	د	د	د	د	د

98- اپنے نام کے اعداد نکال کر دیکھیں کہ وہ کتنے ہیں۔ پھر ان میں **129** عدد کا اور اضافہ کریں پھر رات کو خلوت کی جگہ بیٹھ کر یوں کہے۔ عزمت علیکم مؤکل بنام (یہاں اپنا نام) حاضر شد حاضر شد **40** روز تک دھیمی روشنی میں اعداد کے مطابق پڑھیں اور پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھو۔ ڈر اور خوف بالکل نہ ہوں۔ سب خیالی چیزیں ڈرائیں گی۔ انشاء اللہ بعد **40** روز آپ ہمزاد سے ملاقات کریں گے۔ اگر دِل میں آپ کے نیک ارادے اور خیال ہیں تو ہمزاد بھی ویسے ہی ارادے اور خیال کا مالک ہوگا۔ جائز کام لیں جہاں شرع اجازت دیتی ہو۔ عمل سے پہلے حصار وغیرہ کا ضرور خیال کریں اور اجازت پیشگی استاد سے لے لیں۔

99- سمندر سے ایک مچھلی ملتی ہے جسے عام طور پر ہیرا مچھلی کہا جاتا ہے۔ یہ عموماً دو سیر سے دس پندرہ سیر تک کی ہوتی ہے۔ اس میں ایک ہڈی جس کے ساتھ پسلیاں لگی ہوں وہ نکال کر سکھالی جائیں اور پھر پسلیوں کو نکال کر صرف ہڈی کو اپنے پاس رکھیں۔ لیکن شرط ہے کہ ہڈی ہمیشہ عرق گلاب میں رہے اور تر رہے۔ جب ضرورت ہو نکال کر صاف برتن جو دھات مسی کا قلعی شدہ ہو اُس میں ڈال دے اور ایک سفید کاغذ پر سوال اپنا زعفران سے لکھ کر ہڈی کے نیچے رکھ چھوڑے۔ اوپر سے ڈھک دے۔ چند ساعت بعد کھولے اور ہڈی کے نیچے جو سوال لکھا تھا وہ کاغذ اٹھا لے۔ حیرت انگیز طور پر سوال کا جواب درج ہوگا۔ جائز امور میں استعمال کریں۔ عطارد کی ساعت میں بدھ کے روز یہ عمل پر تاثیر ہے۔

100- نگینہ سنگ سلیمانی تقریباً سات قیراط کا لے کر صندل کی لکڑی کی انگوٹھی بنائیں اور دائیں ہاتھ کی چھنگلی کے ساتھ والی انگلی میں پہن لیں اور خلوت میں رہے کہ نوچندی جمعرات سے مصلے پر بیٹھ کر ''یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ'' کا وِرد پندرہ سو مرتبہ کریں۔ **21** روز کا عمل ہے۔ کل پندرہ سو کے بعد انگوٹھی پر دَم کریں۔ بعد **21** دِن کے جو خیال یا سوال ہو ذہن میں رکھ کر انگوٹھی میں دیکھیں۔ حیرت انگیز طور سے جواب ظاہر ہونا شروع ہو جائے گا۔ پوشاک ہمیشہ سفید پہنے اور بات کو راز رکھیں۔ غیر عورت کے پاس نہ سوئیں اور نہ جائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

101- روزانہ آٹے کی گولیاں **99** عدد بنا کر پرندوں کو **40** روز کھلائے اور جب تک کھا تا نہ دیکھیں وہیں کھڑا رہے۔ جب دیکھیں کہ پرندوں نے کھانا شروع کر دیا ہے تو فوراً قسم دے دیا کریں قسم یہ ہے۔ اے پرندو! آپ کو قسم ہے سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی جب مجھے ضرورت ہو کسی دور دراز کے انسان کی خیریت کی آپ ضرور بتائیں گے۔ دراصل اُن میں ایک پرندہ ایسا ہوگا جو متواتر **40** روز تک آئے گا۔ یہ کام عروج ماہ سے شروع کرنا ہے اور ذِکر کسی سے نہ کرنا۔ جب بھی کسی عزیز کی یا گمشدہ کی خبر معلوم کرنی ہو آٹے کی گولیاں بنا کر اسی مقام پر جائیں اور پرندوں کو ڈالیں۔ جب پرندے کھانے آئیں تو یوں کہیں۔ اے طائر! فلاں ابن فلاں کی مجھے خبر دو۔ حیرت انگیز طور سے دو ساعت کے اندر اندر جواب مل جائے گا۔ طریقہ جو اللہ تعالیٰ مناسب سمجھیں۔

102- سیاہ بلی کی کھال کا ٹکڑا اگر سوتے ہوئے شخص کے سینے پر رکھ دیں تو جو اس نے معاملہ کیا ہوگا

ب اُگل دے گا اور زندگی بھر آپ سے خوف کھائے گا۔ ناجائز امور میں اجازت ہرگز نہیں ہے۔

103- لعاب سگ سیاہ لعاب گربہ سیاہ، سرمہ اصفہانی باہم ملا کر اگر **19** دن کھرل کیا جائے یہاں تک کہ وہ مثل غبار ہو جائے جس کسی کی آنکھ میں لگا دیں وہ لوگوں کو مانند سگ اور گربہ دیکھے گا۔ حیرت انگیز ہے۔

104- اگر کوئی املی کا پیڑ پرانا نظر میں ہو کم از کم یقین ہو کہ یہ **50** برس پرانا ہے تو ہم ایسا عمل کر سکتے ہیں جس سے حاضرات کھل سکتی ہے۔

نئے چاند پر جو پیر آئے اُس دن اُس جگہ کو اجالے میں خوب صاف ستھرا کریں۔ اور جب تمام عالم سوتا ہو اپنی ضروریات سے فارغ ہو کر درخت سے ٹیک لگا کر اور حصار باندھ کر یہ عزیمت **900** مرتبہ پڑھے۔ عزمت علیکم ظاھر مخلوق الغیب۔ انشاءاللہ **5** روز بعد ہی آپ کو روحانیاں نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ ڈر اور خوف نہ کرے بلکہ آنکھیں بند کر کے عزیمت پڑھتا رہے۔ پورے چلے کے بعد جنات دوست ہو جائیں گے۔ جس امر میں چاہے پوچھو۔ جواب سے مایوس نہیں کریں گے۔

105- عمل حُب اپنے نام کے اعداد شمس کی ساعت میں نکالیں اور اعداد شمسی سے نکالیں۔ اتوار کا دن ہو تو بہت بہتر ہے۔ اس میں آیت قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا کے اعداد جو **1231** ہیں ملالیں اور اپنے نام کے عنصر کے مطابق ایک مثلث میں زعفران اور کیوڑے کی آمیزش سے لکھیں۔ انشاءاللہ زمانہ مطیع ہوگا اور محبت اور عزت کی نظر سے دیکھے گا۔

106- محبوب کے اور اپنے نام کے اعداد ابجد شمسی سے ساعت شمس میں نکالیں اور اس میں **2624** اعداد کا اور اضافہ کر لیں اور دو نقوش لکھیں ایک اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھیں اور دوسرا حرارت والی جگہ پر رکھ دیں۔ خیال رہے۔ نقش جلنے نہ پائے۔ حرارت والی جگہ پر جو نقش ہوگا آتشی چال سے پُر کرنا ہے اور اپنے پاس جو نقش رکھنا ہے وہ خاکی چال سے پُر کریں۔

107- علامات سحر زدہ کی یہ ہے کہ روز بروز لاغر اور بے قرار ہوتا جائے گا اور بیوی بچوں اور سب لوگوں اور کھانے اور پینے سے اور بولنے سے نفرت کرے گا۔ ہڈیوں میں درد رہے گا اور کم سوئے گا اور ڈرتا ہو جاگے گا۔ بعض لوگوں کو درد سر اور اسہال شکم ہوتا ہے۔ دیوانوں کی طرح چپ رہتا ہے۔ جس شخص پر سحر کے اثر کا شبہ ہو اس آیت کریمہ کو باریک کاغذ پر خون ہُد ہُد مشک و زعفران و گلاب سے لکھیں اور گلے میں باندھیں اور سات پرچے کاغذ پر بغیر "بسم اللہ" لکھیں۔ اور سات دن تک ایک ایک پانی میں گھول کر پلائیں مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ ﴿سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سَاحِرٍ ط وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی بِحَقِّ اھیا اشراھیا﴾۔

108- سورۂ یٰسین **21** مرتبہ کسی ایسی قبر کے سرہانے پڑھے جو پیر یا جمعرات کو فوت ہوا ہو اور مسلمان ہو نیک ہو۔ پڑھائی عصر اور مغرب کے درمیان کرے مگر حصار باطنی اور جسمانی ضرور کرے۔ بعد **21** مرتبہ

پڑھنے کے آنکھیں بند کرلے۔ سختی سے نہ بند کرے بس آنکھیں بند کیے خاموش رہے۔ چند لمحے بعد ہی صاحب قبر ظاہر ہوں گے۔ خیال رہے آنکھیں بند ہی رہنی چاہئیں کھولنا ہرگز نہیں ہے۔ جو امر بھی ہو بعد سلام کے جواب کے کہہ بخوشی جواب دیں گے۔ کام ہونے کے بعد سورۂ فاتحہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر صاحب قبر کو پھر سے بخشے اور پلٹے بغیر چلا آئے۔ خیال رہے حصار بہت ضروری ہے۔

109- بالچھڑ' لوبان' پتھر کا پھول' زعفران' نمک سفید اور دھوپ باہم اچھی طرح ملا کر کوٹ لیں اور ایک نئی مٹی کی پلیٹ جس پر پانی نہ لگا ہو اُس میں کوئلے دہکائے۔ جگہ خلوت کی ہو۔ سفید کپڑے پہن کر اپنا حصار باندھے اور تمام بخورات کا جو مجموعہ بنایا ہے کوئلے پر ڈالیں۔ جیسے ہی دھواں اٹھے گا۔ دھوئیں میں آپ کو روحانیان نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ جس کسی کو نظارہ کرنا ہو اور روحانیان سے بات کرنی ہو شوق سے کریں مجرب ہے۔

110- نازبو کا پودا لے کر جس کے تمام پتے ہرے ہوں اور اُس میں پھول بھی ہوں جمعہ کو صبح سورج نکلنے سے پہلے توڑ لائیں اور ایک کانچ کی بوتل میں پانی بھر کر اُس میں رکھ دیں۔ پانچ جمعہ نازبو کا پودا پانی میں رہے۔ جمعہ کا دِن گزار کر جو دِن آئے نکال لیں۔ پانی کو ہرگز ضائع نہ کریں بلکہ پودے کو ضائع کر دیں کوئی حرج نہیں۔ پانی کو کسی نئے کھلے برتن میں ڈالیں اور سر پر سفید کپڑا اوڑھ لیں۔

اول گیارہ مرتبہ درود شریف کے کثرت سے ''**یَا لَطِیْفُ**'' کا وِرد کریں اور پانی میں بغور دیکھیں۔ پانی میں شکل ظاہر ہو جائے گی۔ ''**یَا لَطِیْفُ**'' کا وِرد روک کر گیارہ مرتبہ پھر درود شریف پڑھیں۔ آپ خود منہ سے کچھ نہ کہیں' جب تک کہ پانی میں جو شبیہ ہے وہ سلام نہ کرے۔ بعد سلام کے جواب کے جو امر ہو وہ بیان کریں پانی میں مانند سکرین کے سب کچھ عیاں ہو جائے گا۔ بعد کام ہونے کے پانی دوبارہ محفوظ کر کے رکھ لیں۔ ہمیشہ کام دے گا۔ مجرب ہے۔

111- چنبیلی کے پھول تازے **21** عدد لے کر ہار کی طرح پرو لیں اور بعد غسل کے پاک صاف ہو کر مصلے پر قبلہ رو ہو کر ہار کو گول دائرے کی شکل میں سامنے رکھ لیں اور بعد **11** مرتبہ درود شریف کے یہ پڑھیں۔

''**یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ کُنْ فَیَکُوْن فلاں امر میں**''۔ **1300** مرتبہ پڑھنا ہے۔ خلوت میں رہ کر کمرے میں سوا آپ کے اور کوئی نہ ہو۔ بعد پڑھائی کے بزرگ صورت نورانی ظاہر ہوں گے۔ اور آپ سے ہار طلب کریں گے۔ شرائط طے کر کے وہ ہار آپ انہیں دے دیں۔ جب جی چاہے کریں۔ مجرب ہے۔

112- حروف ابجد الگ الگ لکھ کر ایک جگہ اکٹھا کر دیں اور پاک بہتے پانی میں اُس کو ڈال دیں جو حروف تیرتا ہوا آگے نکل جائے بس اُسی کو اٹھا لیں اور اُسے ملفوظی کر کے آگے کلمہ 'آئیل' لگا دیں۔ جیسے 'م' حرف ہے۔ ملفوظی ہوا 'میم' کلمہ 'آئیل' لگایا تو بنا ''**میمائیل**''۔ عدد جتنے ہوں اُس کے رات کو سوتے وقت اتنی مرتبہ سوال دل میں رکھ کر پڑھیں۔ انشاء اللہ سارا حال نیند میں عیاں ہو جائے گا۔ اور یہ مؤکل تمام عمر کام دے گا۔ بہت ہی مجرب

ہے۔ کئی مرتبہ اس عمل کو کر چکا ہوں ہمیشہ جواب ملا ہے۔

113- ایک عدد آئینہ 6 انچ کا لے کر جو چاروں طرف سے 6 انچ ہو اور اُس کے لال رنگ کر دیں اور خشک ہونے دیں بعد خشک ہونے کے اُس کے اوپر خوش خط "یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ" تحریر کریں اور اپنے نام مع والدہ کے عدد کے ساتھ "یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ" کا وِرد کریں۔ شروع میں ہو سکتا ہے کامیابی نہ ہو لیکن تیسری سے چوتھی مرتبہ میں کام ہو جاتا ہے۔ آئینہ میں حاضرات کا نزول شروع ہو جاتا ہے۔ یہ شرائط تمام جو معلوم کرنا ہو کریں۔ انشاء اللہ ناکامی نہیں ہو گی۔

114- سورۂ یوسف کی آیت نمبر 63 جس کے اعداد 1168 ہیں ایک ہی نشست میں بیٹھ کر پڑھنے سے اس آیت کا مؤکل دوست بن جاتا ہے۔ (21 دِن پڑھنا ہے)۔

115- کوئلہ سیر بھر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں خرید رکھیں۔ چار مختلف قسم کے عطر بازار سے جمعہ کے روز خریدیں اور بوتل کو کھول کر رات کے وقت کوئلے سمیت چوراہے پر چھوڑ آئیں اور کہیں۔ اے قوم جن کے فرد یہ نذرِ نظر ہے قبول کر۔ تین مرتبہ کہہ کر پلٹے بغیر گھر واپس آ جائے۔

صبح فجر کی اذان کے ساتھ ہی واپس وہاں جائے۔ اگر کوئلے اور عطر نہیں ہیں تو سمجھیں کام ہو گیا۔ اگر رکھے ہوئے ہیں تو اگلی جمعہ کی رات پھر کریں۔ حد تین مرتبہ ہے۔ جس روز وہ قبول کر لے عام انسانوں کی طرح وہ ایک وفادار دوست کی مانند آپ کے ساتھ رہے گا۔ ہر ممکن آپ کی مدد کرے گا۔ بہت مجرب ہے اور آسان ہے۔

116- نوچندی جمعرات سے لے کر 21 روز تک کا یہ عمل ہے اور بہت ہی آسان ہے۔ روزانہ پاک صاف ہو کر عصر کی نماز پڑھ کر ویرانے کی طرف نکل جائیں اور ایک جگہ مخصوص کر لیں۔ 21 دِن تک وہی جگہ ہونی چاہئے۔ روزانہ باآواز بلند کہیں

﴿ السلام علیکم اے مخلوق الغیب ﴾

40 مرتبہ یہ سلام دہرائیں۔ انشاء اللہ آپ کو 21 دِن پورے بھی نہ ہونے پائیں گے۔ سلام کا جواب ملے گا اور قوم جن کے کئی فرد آپ کے سامنے ظاہر ہوں گے۔ بعض شرائط طے ہوں گی۔ پھر جس کام میں مدد لینی ہو کہیں۔

117- حاضرات بر آئینہ

طریقہ اگر پستان کُتیا کو پشت آئینہ پر چسپاں کر دیں۔ پھر جو بھی شخص اس آئینہ میں دیکھے گا اس کی شکل مشابہ سگ معلوم ہو گی۔ عجیب و غریب عمل ہے جس کا جی چاہے آزمائے۔ یہ عمل اکثر سرکس اور بڑے بڑے تماشہ ہال میں دکھایا جاتا ہے جسے دیکھ کر لوگ تعجب میں پڑ جاتے ہیں۔ اس عمل کو قارئین کی دلچسپی و معلومات کے لئے لکھ دیا ہے۔

☆عمل حاضرات☆

118- لاجونتی کے پھول **21** عدد لے کر اُن پر عطر گلاب ایک ایک قطرہ ڈالیں اور ایک کاغذ سفید پر مندرجہ ذیل عبارت لکھیں:

﴿یا مُتَکَلِّمُ یا لَجَایَا یا مَعْجَلا یا مُسَخَّرُامَ یا ان یا لا قبالایه وَ جَلِیلَه وَهایه وَماجه تکلمه بِقُدْرَةِ اللّٰهِ تَعَالیٰ﴾

اور جو کچھ سوال ہو وہ بھی نیچے تحریر کریں۔ ایک شخص انجان آپ کو خبر کرے گا۔ نشانی اس کی یہ ہے کہ وہ لباس پارچہ سفید میں ہوگا۔

119- اگر شوق ہے کہ باتیں خوب ہوں حاضرات سے یا مخلوق مخفی سے بخور صندل روشن کریں ایک ہی جگہ پر وقت بھی ایک ہی ہو۔ لباس بغیر سلا ہوا پہنیں۔ حصار اپنا خوب مضبوط کریں تو ملاحظہ کریں مخلوق مخفی کو اور اُن سے باتیں حق کی یعنی جائز کریں اجازت اس عمل کی ضرور لیں۔ رجعت کا خوف ہے۔

120- جب طلوع چاند ہو یعنی نوچندی جمعرات ہو تو کاغذ سفید یا حریر پر **21** حروف 'یَا' لکھیں اور فتیلہ بنا کر روغن زیتون یا روغن گاؤ خالص ہمراہ شہد چراغ میں ڈال کر روشن کریں۔ حصار اپنا مضبوط کریں۔ تو روحانیان کا مشاہدہ کریں گے۔

121- اگر **40** روز صندل سفید زعفران ہمراہ ظفل سیاہ کے روز مقرر کردہ وقت پر ایک ہی جگہ پر برابر وزن کے روشن کریں اور ذکر کسی سے نہ کریں۔ لازم ہے خود کو معطر رکھیں۔ تو روز **40** کے بعد جنات مخلوق کی نسل اعلیٰ سے ملاقات کریں گے اور ہمیشہ وہ دوست رہے گی۔

122- کسی ایسے مقام میں جائیں جو ویران ہو اور گزر کم سے کم سال بھر سے کسی کا نہ ہوا ہو۔ ایک کمرہ منتخب کر کے اس کی صفائی خوب کریں اور خوشبو **3** روز روشن کریں اب ایک پرچے پر ''یَا سَلخیائِیْل'' لکھ کردہ پرچہ کمرے میں ڈال دیں۔ ایسا **21** روز کریں پرچہ خوب معطر ہونا چاہئے۔ **22** ویں روز آپ کو جواب سے نوازا جائے گا۔ جواب کچھ یوں ہوگا (بزبان عربی یا فارسی) ہم نے تمہاری دوستی قبول کی۔ اجازت عمل کی ضرور لیں۔

123- اگر پارچہ ریشم سفید پر یہ حروف لکھے جائیں اور نیچے سوال بھی لکھا جائے تو بعد **7** روز کے جواب مل جاتا ہے۔ وہ حروف یہ ہیں۔

ٮ ٹ ثاص صا ٮ بس ل ي م ا ن
س ي ن ل ا م ي ا م ي م ا ل ف ن و ن

124- یہ عمل مشہور فلکی اور کیمیادان البیرونی جو کہ علم نجوم اور بہت سے دوسرے پراسرار علوم میں

ماہر تھا سے منسوب ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ بلی جو کہ ایک بظاہر جانور ہے جو گوشت خور ہے دراصل قوم جنات میں سے ایک قوم ہے جو کہ دیدہ ہے۔ یعنی نظر آتی ہے۔ عمل کچھ یوں ہے۔ ایک بچہ بلی کا جو کہ مادہ ہو لے کر پالیں۔ اور اُسے خود سے خوب مانوس کرلیں اور اُسے پکارنے کے لیے کوئی سا نام رکھ دیں۔ جب اس کی عمر 7 ماہ کی ہو جائے تو ایک کمرے میں جو کہ بالکل صاف ستھرا ہو اور آپ کے علاوہ کمرے میں کوئی دوسرا نہ ہو ایک پیالہ دودھ کا بھرا ہوا رکھ دیں اور بلی کو آواز دے کر بلائیں۔ جب وہ آجائے تو اُس سے کہیں کہ دودھ پی لیں آپ کے لیے ہے اور آپ نے میرا فلاں کام ضرور کرنا ہے۔ اُس وقت بلی غیر مانوس سی آواز نکالے گی۔ ڈر اور خوف بالکل نہ لانا۔ دوسرے دن پھر ایسے ہی کریں۔ پورے 7 روز یہ عمل بجالائیں۔ انشاء اللہ آٹھویں یا نویں روز آپ کا کام ہو جائے گا۔ اس عمل کا اظہار کسی پر نہ ہو' تاکید سخت ہے۔

125- حاضرات

اگر کبیر سفید' کبیر سرخ لے کر اُس پر یہ اسماء 321 بار صرف 2 یوم پڑھیں۔ مخلوق غیبی دوست ہو جاتی ہے۔ اسماء یہ ہیں۔ بَوْنَاهُمَا ثکتا طِحَا. جو بات بھی دیکھیں راز رکھیں۔ ظاہر کسی پر نہ کریں۔

126- حاضرات بابا نانک

بابا نانک بڑے کام کے گرد تھے۔ اب بھی اُن کی حاضرات ہوتی ہے۔ ہر چیز کی حاضرات میں کام بہت اچھے کریں گے۔ ان کے حاضرات عجیب شے ہے۔

ترکیب کچھ یوں ہے: اونگی کی سوکھی لکڑی لے کر اُس پر روئی لپیٹ کر بتی بنا کر گھر کے چراغ میں جلاویں اور نو' دس سال کا لڑکا یا لڑکی نہلا دُھلا کر پاک کپڑے پہنا کر اُس جوت میں (لاٹ) جو بنی ہوئی ہے اُس میں دیکھتے رہنے کو کہیں۔ اُس میں بابا گرونانک سفید پگڑی باندھے ماتھے پر ٹیکہ لگائے سفید داڑھی اور مونچھ کے ساتھ حاضر ہوں گے۔ ساتھ میں مچھلیوں کا راجہ بھی ہوگا۔ آپ (عامل) معرفت اُس لڑکی اور لڑکے کے مطلب بیان کرے گا۔ اور بابا گرونانک مچھلیوں کے راجہ کو حکم دیں گے۔ اور وہ اپنے نوکروں سے ہر کام کروائے گا۔

127- حاضرات بر آئینہ

طریقہ ایک عمدہ سفید شیشہ 8x8 لے کر سمندری جھاگ سے صاف کریں اور اس کے بیچ میں سیاہ دائرہ لگائیں جو کہ 2 انچ کا ہو۔ پھر اس میں معمول کو دیکھنے کو کہیں اور عامل معمول کی کمر کے پیچھے بیٹھ جائے اور معمول کی گُدّی پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے۔ پھر سورۂ فاتحہ پڑھ پڑھ کر گدی پر دم کرتا رہے اور معمول سے پوچھتا رہے کہ سیاہ دائرہ میں کچھ نظر آیا کہ نہیں؟ یا سیاہ دائرہ سفید ہوا یا نہیں؟ سورۂ فاتحہ کم از کم 28 بار پڑھ کر

پھونکیں۔ تھوڑی ہی دیر بعد معمول کو سیاہ دائرہ میں سفیدی سی نظر آئے گی پھر یہ سفیدی غائب ہو جائے گی۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد سفیدی پھر دوبارہ نظر آنے لگے گی۔ اس طرح چند ثانیہ بعد وہ سیاہ دائرہ یکدم سفید انڈہ کی طرح ہو جائے گا اور تمام جگہ سفیدی پھیل جائے گی۔

بس اب معمول جو بھی سوال سوچے گا اس کو سیاہ دائرہ میں سوال کا جواب لکھا نظر آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو حرف بحرف درست ہوگا۔ لیکن معمول پڑھا لکھا ہوتا کہ اپنا جواب خود پڑھ سکے۔ اس حاضرات کو آپ مختلف طریقہ سے بھی کر سکتے ہیں۔ وہ یہ کہ ایک لکڑی کا فریم **8x8** کا بنوائیں اور اس کے چاروں طرف سفید رنگ کریں۔ پھر درمیان میں سیاہ دائرہ بنائیں جو کہ **2** انچ کا ہو۔ پھر اس میں معمول کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور اوپر مندرجہ بالا لکھے ہوئے عمل کے طریقے سے حاضرات کریں۔ بہت ہی نایاب وعجیب وغریب حاضرات ہے۔ اس حاضرات کو آپ بغیر زکوٰۃ کے کر سکتے ہیں۔ امید ہے کہ قارئین کرام اس حاضرات کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے اور مخلوق خدا کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائیں گے اور خود بھی فیضیاب ہوں گے۔

128- عمل برائے حاضرات

ایک کپڑے کا ٹکڑا تقریباً ایک فٹ چوڑا ایک فٹ لمبا سفید رنگ کا ہونا چاہئے' لے کر ایسے کمرے میں جہاں آپ کے علاوہ اور کوئی قدم نہ رکھتا ہو اور صاف ستھرا ہو خوشبو سے مہکا ہوا ہو۔ کپڑے کو دیوار پر چھوٹی کیلوں کی مدد سے لگا دیں کہ آپ کی نظر کے عین سامنے ہو۔ دو رکعت نماز قضائے حاجت ادا کر کے بعد نمازِ عشاء کے جب تمام دنیا سو جائے ہر طرف خاموشی ہو اور کوئی آواز نہ آ رہی ہو۔ یہ عمل تب کریں جب چاند کی شروع کی تاریخیں ہوں اور کوئی پرہیز نہیں۔ بعد حصار کے یوں پڑھیں:

﴿قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ﴾

یہ تعداد روزانہ کی **625** مرتبہ ہوگی۔ **21** دن روزانہ اسی تعداد میں پڑھنا ہے۔ نظر بدستور کپڑے کے اوپر ہو۔ دوران عمل ہی کپڑے پر مختلف مناظر نظر آئیں گے۔ لیکن کامیابی **21** ویں دِن ہی ہوگی۔ **21** ویں دن کپڑے پر جو شبیہہ نظر آئے اُس سے مخاطب ہو جائیں۔ مثلاً جو غرض ہے وہ کہیں۔ آپ کو کچھ شرائط اس کے بدلے میں بتا دی جائیں گی جو آسان ہوں گی۔ آپ وہ قبول کر لیں۔ یاد رہے اس عمل کے بارے میں کسی سے بھی کوئی تذکرہ نہ کرنا۔ اب عمل قابو میں رکھنے کے لیے روزانہ اُسی کمرے میں بیٹھ کر بعد نمازِ عشاء ایک تسبیح "قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ" کی پڑھ لیں۔ انشاء اللہ عمل قابو میں رہے گا۔ جب بھی ضرورت ہو اسی طرح یعنی ایک تسبیح پڑھ لیں۔ حاضرات کھل جائیں گی۔

129- عملِ حُب

عملِ حُب کا...... جو کوئی یہ چاہے کہ کسی شخص کو اپنی طرف رجوع کروں تو یہ نام اصحاب کہف کے لکھے اور نیچے آخر میں ''الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں'' یعنی فلاں کی جگہ پر نام طالب کا اور بن فلاں کی جگہ پر نام اُس کی ماں کا لکھے اور اپنا نام اور ماں کا نام درج کریں مرد مطلوب ہے اور عورت طالب ہے تو بائیں بازو پر عورت باندھے اور اگر عورت مطلوب ہے اور مرد طالب ہے تو مرد اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ عزیمت اصحاب کہف کی یہ ہے:

﴿اِلٰهِی بِحُرُمَتِ یَمْلِخَا مکسلمینا کشفوط ط تبیونس کشافط یونس اذ رفت یونس لوانس بوس و کلیم قطمیر عَلَی اللّٰہ قَصْدُ السَّبِیل وَ مِنْهَا جَآئِر. وَلَو شاء لهداکم اَجْمَعِیْن﴾

زعفران سے صاف اور خوش خط لکھیں اور یہ عزیمت روزانہ 7 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ مجرب ہے۔ محبوب حاضر ہوگا۔

☆عمل برائے حُبّ☆

130- اگر کسی کے دِل میں اپنی چاہ پیدا کرنی ہو تو یہ عمل بہت شاندار اور آسان ہے۔ آزمائیں نہ بلکہ پورے یقین کامل کے ساتھ عمل کریں۔ اپنے محبوب کا نام معہ والدہ لیں اور نوچندی جمعرات کو نماز عشاء اور دوسری ضروری حاجات سے فراغت پا کر ایک صاف ستھرے اور پاکیزہ خالی کمرہ میں مصلے پر بیٹھ جائیں۔ اور خود کو عطر سے معطر کریں اور ایک اگربتی سلگا لیں۔ بہتر یہی ہے کہ کمرہ خود اپنے ہاتھوں سے صاف کیا جائے تاکہ دل مطمئن رہے۔ کمرہ میں روشنی ہلکی سی ہو۔ اگر زیرو پاور کا بلب روشن کریں تو بہتر ہے بلب آپ کی پشت پر ہونا چاہئے۔ اور خود قبلہ رو ہو کر بیٹھو۔ اپنا حصار کریں۔ ایک گلاس پانی کا بھی پاس رکھ لیں تاکہ دوران عمل پڑھائی کے وقت اگر حلق خشک ہو جائے تو پانی کے لیے حصار کے باہر نہ جانا پڑے۔ اب دو رکعت نفل نماز قضائے حاجت برائے حُب پڑھیں اور عمل کی قبولیت اور پورا ہونے کے لیے اللہ تعالیٰ سے صدق دل سے دُعا مانگو۔

بعد نماز کے محبوب کا نام عزیمت کے ساتھ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ صرف محبوب کا تصور باندھ لیں اور 3125 مرتبہ محبوب کا نام لیں۔ اس طرح 40 روز تک کریں۔ انشاء اللہ دوران عمل ہی محبوب بے چین ہو کر در پہ حاضر ہوگا۔ ایسا نہ کرنا کہ عمل چھوڑ چھاڑ کر بیٹھ جائیں کہ مقصد تو حل ہوگیا۔ عمل پورا 40 روز تک کرنا چاہئے جو بھی صورت نکلے۔ مجرب ہے۔

131- یوں تو سورۂ اخلاص پوری کی پوری حاضرات اور محبوب کو حاصل کرنے کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے اور اس پر ہزار ہا عملیات مختلف طریقوں سے آپ کو کتابوں میں ملیں گے۔ لیکن اگر آپ صرف اللہ الصمد کو اس طرح پڑھیں روزانہ 700 مرتبہ 21 روز تک شرائط کے ساتھ تو مقصد حاصل ہو گا۔ انشاء اللہ۔ ﴿عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فلاں بن فلاں میرے پاس حاضر ہو وَبِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ﴾ اتنا ہی کافی ہے۔ ابھی عمل کی معیاد بھی پوری نہیں ہو گی کہ محبوب حیران و پریشان حواس باختہ ہو کر آپ کے پاس پہنچے گا۔ کر کے دیکھیں لطف آجائے گا۔ مجرب ہے۔

132- حاضرات

ایک صاف شفاف اچھی قسم کی کانچ کا بالکل سادہ سا چھوٹا گلاس لیں۔ اس میں پانی بھر کر کسی اسٹول وغیرہ پر رکھ دیں اس طرح کہ گلاس آپ کی نظروں کے بالکل سامنے ہو اور ڈیڑھ یا دو فٹ کے فاصلے پر ہو۔ اب جب تمام عالم سو جائے اور ہر طرف ہُو کا عالم ہو تو کان میں تھوڑی روئی رکھ لیں۔ تاکہ باہر کی معمولی آواز بھی آپ تک نہ پہنچے۔ سردیوں کا موسم بہت بہتر ہوتا ہے اس عمل کے لیے کیونکہ عموماً پنکھے وغیرہ بند ہوتے ہیں۔ اور پنکھوں کا بھی شور ہوتا ہے۔ بظاہر بہت معمولی ہے لیکن عمل میں خلل ضرور پڑتا ہے۔

اب آپ تمام منتشر خیالوں کو تفصیل کے ساتھ سوچو اور نگاہ گلاس پر رکھیں۔ 8 سے 10 تک تو یکسوئی نہیں ہو گی۔ کبھی یہ خیال آئے گا تو کبھی کوئی اور۔ حوصلے اور ہمت سے کام لیتے رہو اور جیسے بھی خیالات یا سوچ ذہن میں آئے جھکو مت۔ آہستہ آہستہ آپ کے اندر یکسوئی پیدا ہو جائے گی اور ایک ہی خیال کے ساتھ اب آپ گلاس لیں۔ بغیر پلک جھپکائے دیکھ سکتے ہو۔ جب اس کی خوب مشق ہو جائے تو اب گلاس پر نظر جما کر کوئی خیالی منظر گلاس پر ابھاریں۔ شروع میں 5 یا 6 روز کامیابی نہیں ہو گی لیکن اس کے بعد آپ گلاس پر منظر ابھارنے پر کامیاب ہو جائیں گے۔ جس دن کامیاب ہوں گے یوں سمجھیں 90% عمل میں کامیابی ہو گئی ہے۔

اب تجربہ کے طور پر گلاس پر یہ منظر ابھاریں کہ اُس پر آپ کے گھر کا بیرونی منظر نظر آرہا ہے۔ پھر دروازہ کھلا آپ کی نظریں دروازے سے اندر داخل ہو گئیں۔ وہاں سارے کمروں میں سے ہوتے ہوئے اور تفصیل سے ایک ایک جگہ یا چیز کا مشاہدہ کرتے ہوئے واپس دروازے سے باہر آئے اور دروازہ کو بھی خیال کی قوت سے بند کیا اور دوبارہ وہیں آگئے۔ جہاں بیٹھے ہوئے یہ عمل کر رہے ہیں۔ کچھ روز اور یہی مشق کریں۔ اب آزمائش کی خاطر کہ آپ کو کامیابی کتنی حاصل ہوئی ہے۔ اپنے کسی رازدار دوست کو ساتھ ملائیں اور اُس سے کہیں کہ وہ کوئی بھی چیز جو بھاری ہو یا ہلکی ہو۔ چھوٹی سے چھوٹی ہو یا بڑی سے بڑی اُس چیز یا سامان کا آپ کو ہرگز نہ بتائے۔ آپ کے خیال جب اُس نے آپ کے کہنے کے مطابق کوئی سامان یا چیز آپ کے گھر میں رکھ دی ہو گی۔

اب آپ گلاس پر نظر جما کر مندرجہ بالا طریقے کے مطابق اپنے گھر میں داخل ہو جائیں اور اپنے گھر کی

چیزوں کا جائزہ لیں۔ مشاہدہ کریں اور جو بھی تبدیلی یا کوئی نیا سامان نظر آئے اس کو ذہن میں رکھ لیں۔ اب بتائے گئے طریقہ سے واپس آجائیں۔ ایک نوٹ بک لیں اور اُس ساری تفصیلات جو گھر سے متعلق آپ نے دیکھیں وہ نوٹ کرلیں۔ اب اپنے دوست سے ملیں اور اُسے بتائیں کہ گھر میں فلاں سامان کا اضافہ ہوا ہے اور وہ فلاں جگہ پر رکھا ہوا ہے۔ اور اس انداز سے رکھا ہے۔

آپ کا دوست جب اقرار کرے کہ ہاں آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو کامیابی پوری طرح حاصل ہوگئی ہے۔ اسی طرح آپ خیال کی پرواز سے کہیں بھی جاسکتے ہیں اور دوسروں کو بھی متاثر کرسکتے ہیں۔ ان سب کاموں کے لیے یکسوئی شرط ہے اور یقین کی قوت سے مالا مال ہونا نہایت ضروری ہے۔ بس یہی کافی ہے۔ عمل میں کامیابی کے لیے یقین کا ہونا ہی تقریباً پوری کامیابی ہے۔

133- طلسماتی حاضرات

طریقہ زکوٰۃ پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے مندرجہ ذیل عزیمت کو اکتالیس بار بعد نماز عشاء گیارہ یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل طلسم کو معمول کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں یا اس نقش کو کسی اچھے کاغذ پر لکھ کر شیشے میں فریم کروالیں اور بوقت حاضرات معمول کے ہاتھ میں [illegible] کر سیاہ گول دائرے میں دیکھنے کا کہیں اور عامل خود پاس بیٹھ کر عبارت عمل کو پڑھ کر معمول پر دم کرے۔

چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا پھر آپ حاضرات و روحانیات سے اپنے مشکل مسائل کا حل پوچھیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ طلسماتی حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

عبارت عمل درج ذیل ہے۔

شَلَشِ شَلَشِ شَلُوشِ شَلُوشِ شَامُوسِ شَامُوسِ شَاهُوشِ

شَاھُوشِ شَالُوشِ شَالُوشِ ھَلُوشِ ھَلُوشِ سُبحَانَ مَن ھُوَ قَادِرُ عَلٰی کُلِّ شَیٔ اَجِبُ یَا فقطش حَکِیمُ الجِن تَوَکّل بِخِدمَتِی سَرِیعًا بِحَقِّ مَن شَقِّ سَمعَکَ وَ بَصرَکَ وَخلقکَ مِن نَارِ السَّمُوم اَلوحَا العَجل بَارَکَ اللّٰہ فِیکُم وَعَلَیکُم ﴿

134-حاضرات حاضر حضور حاضر حضور

طریقہ۔ غسل کر کے باوضو سونے سے قبل سورہ جن صرف سات مرتبہ پڑھیں۔ سات دن کے اندر اندر آپ کو آپ کے سوال کا جواب مل جائے گا۔ سوتے وقت سوال کو ذہن میں رکھیں۔ دوران عمل آیت الکرسی نہ پڑھیں، بلکہ ان سات دنوں میں بھی آیت الکرسی نہ پڑھیں۔ حاضرات کا نایاب عمل و قابل قدر تحفہ ہے۔

135- حاضرات

﴿ بادشاہ شہزادہ ابن یکتانوس بادشاہ ایرعرب سامری ساحران حاضر شو حاضر شو حاضر شو ﴿

طریقہ اگربتی وغیرہ سلگا کر بچے کے ناخن پر کاجل یا سیاھی لگا کر 21 مرتبہ مندرجہ بالا عبارت پڑہ کر دم کریں- درود شریف اور بسم اللہ نہ پڑھیں- چند ھی ثانیہ بعد بچہ کے ناخن پر حاضرات کا نزول ھو گا جس سے آپ اپنے مشکل امور مسائل کے بارے میں سو فیصد درست جوابات معلوم کر سکتے ھیں-

136-حاضرات عجائبات

اگر پارچہ حیض مطلوبہ کا لے کر شیر زابل (گھوڑی کا دودھ) میں تر کیا جائے اور جب خشک ہو جائے تو پھر روغن کنجد (تل کا تیل) میں تر کر کے بطور فتیلہ کے بنائیں اور کاسئہ سر آدمی میں اس کو جلا کر کاجل بنائیں اور بوقت ضرورت ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں تو عجائبات دیکھیں۔ پھر جو پوچھنا چاہیں پوچھیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب ملے گا۔

☆☆☆سفلی حاضرات☆☆☆

☆☆☆اعمالِ بسمِ اللہ معکوس☆☆☆

1-تسخیر مؤکل

طریقہ اس افسوں کو بلا ناغہ 7 دن 391 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ دورانِ عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ عمل کا آغاز نوچندی اتوار سے کریں۔ دورانِ عمل صرف پھیکے چاول کھائیں۔ بعد ادائے زکوۃ مؤکل حاضر ہوگا۔ شرائط طے کریں۔ عبارت عمل درج ذیل ہے

﴿بسمِ اللّٰہ آ مَلَمُبَل لُس حاضِر ھو.﴾

2-عمل برائے ہر حاجت

طریقہ اس افسوں کو بلا ناغہ 40 دن 381 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد ادائے زکوۃ جس کام کے لئے پڑھیں گے وہ کام ہو جائے گا۔

﴿بِمَلھُ لَاس بِسمِ اللّٰہ﴾

3-عمل برائے حاضری مطلوب

اس افسوں کو متواتر 14 دن 622 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ مع پرہیز جلالی و جمالی عمل بعد نماز عشاء کریں۔ عبارت عمل یہ ہے ﴿رنج الم رحمن﴾۔ بعد ادائے زکوۃ حاضری مطلوب کے لئے اس طرح پڑھیں۔

﴿رَنج اَلَم رَحمَن . شیرمج فلاں بنت فلاں کو حاضر کر آن زمان﴾

نوٹ حرام کاری کے لئے نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

4-عمل برائے غیبی امداد

طریقہ اس عبارتِ عمل کو 14 یوم 1474 مرتبہ بلا ناغہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ دورانِ عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ وقت مقررہ پر وقت کی پابندی کے ساتھ عمل کریں۔ خوشبویات ضرور جلائیں۔ دستِ غیب جاری ہوگا۔

﴿لحنُ مَرا امدادِ غیبیُ رَحمنُ﴾

5-عمل برائے سٹہ و انعامی بانڈز
(تیر بہدف)

طریقہ اس افسوں کو 19 رات روزانہ 595 مرتبہ پڑھ کرز کوۃ ادا کریں۔ بعد ادائے زکوۃ جو پوچھیں گے وہ معلوم ہو جائے گا۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 80 مرتبہ ورد میں رکھیں۔

﴿اَلرَّحِیْمُ رَمُحَالِی آوِے﴾

6-تسخیر یرلم

طریقہ اس افسوں کو 40 یوم متواتر 539 مرتبہ مع پرہیز جمالی جلالی پڑھ کرز کوۃ ادا کریں۔ مکمل تنہائی میں۔ بعد زکوۃ یرم حاضر ہوگا۔ شرائط طے کرلیں۔

عبارتِ عمل ﴿یَرْلَمْ آحَ رَحِیْمُ حَاضِر کَر﴾

7-حاضری مطلوب

طریقہ اس افسوں کو 7 دن بلاناغہ 997 مرتبہ پڑھیں۔ عصر سے مغرب تک زکوۃ ادا ہوگی۔ بعدہ ادائے زکوۃ جس کسی کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں گے تو وہ مطلوب شخص حاضر ہوگا۔

﴿مَعَ اِنبالِرِیَل شیرمج فلانی کو حاضر کر رَبُّ الْعَالَمِیْن﴾

8-عمل برائے مفرور و گمشدہ

طریقہ اس افسوں کو 21 روز بلاناغہ 352 مرتبہ پڑھ کرز کوۃ ادا کریں۔ دورانِ عمل اگربتی ضرور جلائیں۔ بعد ادائے زکوۃ گریختہ کے لئے بکری کے شانہ پر نام گریختہ معہ والدہ لکھیں اور 100 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ہوا میں لٹکائیں۔ گریختہ واپس آجائے گا۔

﴿عَنْ لَدَکَ لِی اوْمْ مَالِک﴾

9-تسخیر مَنو مَاھی

طریقہ اس افسوں کو 21 رات بلاناغہ 352 مرتبہ بعد نماز عشاء تنہائی میں پڑھ کرز کوۃ ادا کریں۔ پرہیز جمالی وجلالی کریں۔ خوشبویات ضرور استعمال کریں۔ مَنو مَاھی حاضر ہوگی اور ایک لڑکا حوالے کر کے جائے

ی۔ شرائط و وعدے کے مطابق وہ ڈر کا ہر کام کرے گا۔ عمل کی عبارت یہ ہے

﴿مَنو مَاھِی یَل لَدک یَو دِین﴾

10-تسخیر یُکامی

طریقہ اس افسوں کو 21 رات روزانہ 351 مرتبہ مع پرہیز جمالی وجلالی پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ عمل کا آغاز نوچندی ہفتہ یا منگل سے کریں۔ یکامی حاضر ہوگی۔

﴿یُکامِی دَم نَل لُویَوم﴾

نوٹ یکامی کی حاضری کے وقت کسی بھی کام میں پیش قدمی نہ کریں اور نہ ہی محبت جتائیں اور نہ ہی کوئی برا خیال ذہن میں لائیں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

11-تسخیر لُکی

طریقہ اس افسوں کو 40 یوم بلا ناغہ بعد نماز عشاء مکمل تنہائی میں مع پرہیز جمالی وجلالی 382 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ لکی حاضر ہوگی جو کہ ایک خوبصورت عورت ہے مگر بغیر شرائط وعدہ کے اس کے ساتھ دوستی نہ کریں اور نہ ہی اس کی رضامندی کے بغیر اس سے کوئی کام لیں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

عبارتِ عمل ﴿مَالک لاَ مَدم لُگی یَن یُوم﴾

12-تسخیر نُویَّا

طریقہ اس افسوں کو 41 یوم مع پرہیز جمالی وجلالی مکمل تنہائی میں 306 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ آخری دن نویا حاضر ہوگا۔ شرائط طے کریں۔ دوران عمل کسی سے بھی ذکر نہ کریں۔

عمل کی عبارت ﴿نُویَا عیًا سکن نَستَعِین﴾

13-عمل حاضری مطلوب

طریقہ اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو تو صرف 7 یوم یہ افسوں تصور مطلوب نام کے عدد کے ساتھ پڑھیں۔ یا اس کے سر کے بالوں پر پڑھ کر جلائیں۔ حاضر ہوگا۔

عبارتِ عمل ﴿ اَیاک کیتی آسنا نو آح﴾

14-تسخیر آیُوت

طریقہ اس عبارت عمل کو 40 یوم معہ مکمل پرہیز جمالی وجلالی 1368 مرتبہ پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہوگی اور آخری دن آیوت حاضر ہوگا۔ شرائط طے کرلیں۔ وعدے کے مطابق ہر کام کرے گا۔

عبارتِ عمل ﴿عَکُ آیُوت نِیُ نَاس حاضِر نَسْتَعِیْن﴾

— خصوصی نوٹ —

اُلٹی بسم اللہ کے اعمال کرنا کفر میں داخل ہے۔ لیکن اہلِ عرب زیادہ تر الٹی بسم اللہ یعنی معکوس بسم اللہ اور معکوس چہار قل زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ لہٰذا قارئین کرام کی دلچسپی ومعلومات کے اضافے کے لئے معکوس بسم اللہ شریف کے اعمال لکھ دیئے ہیں۔ لہٰذا......

(۱) ان اعمال کو سوچ سمجھ کر کریں۔ صاحب مصنف ومؤلف پر کوئی گناہ نہ ہوگا اور صاحب مصنف تمام گناہ سے بری الذمہ ہوگا۔

(۲) ان اعمال کو کرنے والا شخص ہر بات کا خود ذمہ دار ہوگا۔

(۳) معکوس بسم اللہ کے اعمال کی اجازت مانگنے کی کوئی بھی زحمت نہ فرمائے۔

شکریہ......

مصنف ومؤلف: قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

15-حاضرات سِفلی

﴿عَزَمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا شَیْطَانُ الْاَسْوَد وَ یَا شَیْطَانُ الْاَصْغَر یَا شَیْطَانُ الْاَبْیَض وَ شَیْطَانُ الْاَجْفَر یَا شَیْطَانُ الْاَصْمَر حاضرات جلد حاضر کن بِحَقِّ ھَارُوت مَارُوت﴾

طریقہ اگر بتی سلگا کر طفل نابالغ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر مندرجہ بالا عبارت 41 یا 21 بار پڑھ کر معمول پر دم کرتا رہے۔ چند لمحے بعد حاضرات کھل جائے گی۔ جو بھی سوال معمول کے ذریعے کیا جائے گا درست جواب ملے گا۔ حاضرات کرنے سے پہلے 4 عدد لڈو اور چند گلاب کے پھول رکھیں۔ ورنہ حاضرات نہ کھلے گی۔

16-حاضرات سِفلی

﴿لُونا چماری ممدا بیر کی سالی' جوترکیب تونے نکالی' حاضرات کو حاضر کرلُونا چماری﴾

8 / ۱۲۴۹	11 / ۱۲۵۳		14 / ۱۲۵۲	1 / ۱۲۴۲
13 / ۱۲۵۵	2 / ۱۲۴۳		7 / ۱۲۴۸	12 / ۱۲۵۴
3 / ۱۲۴۴	16 / ۱۲۵۸		9 / ۱۲۵۱	6 / ۱۲۴۷
10 / ۱۲۵۲	5 / ۱۲۴۶		4 / ۱۲۴۵	15 / ۱۲۵۷

طریقہ یہ حاضرات نہایت ہی طاقتور ہے۔ ہر مشکل امور کے بارے میں سوفیصد درست معلومات دیتی ہے۔ ہر مسئلہ کا حل چند منٹ میں بتا دیتی ہے۔ چوری شدہ اشیاء' گمشدہ آدمی' آنے والے واقعات' آسیب جلانا' چور کا پتہ چلانا' جادوختم کرنا' سٹہ کا نمبر اور انعامی بانڈز کا سوفیصد درست نمبر بتانا۔ غرض ہر کام میں اپنی مثال آپ ہے۔

17- حاضرات سِفلی برائے ریس و سٹہ' انعامی بانڈز و دیگر بین الاقوامی لاٹریاں

منتر ﴿او شیطان چار کونٹھ کے پہلوان۔ آبے شیطان جا بے شیطان۔ حاضرات کو گھیر گھار کے نہ لائے اور ریس' سٹہ' انعامی بانڈز نہ بتائے تو تیری ماں بہن کو ایک طلاق دو طلاق تین طلاق﴾

طریقہ مندرجہ بالا نقش سفید کاغذ پر بنائیں اور سیاہ خانہ میں تھوڑا سا عطر حنا لگائیں اور طفل نابالغ کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر مندرجہ بالا منتر 707 مرتبہ پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔

بخور لوبان اور گوگل کا زیادہ سے زیادہ جلائیں۔

توشہ 4 عدد لڈو موتی چور اور 5 روپے کی ریوڑیاں اپنے سامنے رکھیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ سٹہ کا نمبر انعامی بانڈز' ریس و دیگر بین الاقوامی لاٹریوں کے بارے میں سوفیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ شرطیہ نمبر اور اٹل نمبر پوچھنا یہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہوتا ہے۔ اگر حاضرات سے صحیح لطف و فائدہ اٹھانا ہو تو حاضرات ٹھیک دن کے بارہ بجے کریں اور اپنی دلی مراد حاصل کریں۔

18-حاضرات سٹہ

﴿حاضر ابلیس بحقِ رحمان. فلاں گھڑیا کی ڈبل بتا شیطان۔ میرے کہے کسر جو کرے۔ تجھے سات قسم حضرت سلیمانؑ کی. اتنا جو میرا نہ کرلاوے تیری ماں بہن پر تین سو ساٹھ طلاق۔ تین سو ساٹھ طلاق تین سو ساٹھ طلاق﴾

طریقہ مندرجہ بالا عمل کو ٹھیک رات بارہ بجے منہ شمال مشرق کی طرف کر کے سات سو مرتبہ روزانہ سات یوم پڑھیں۔

بخور لوبان و گوگل کو یکجا کر کے زیادہ سے زیادہ جلائیں۔ سات یوم بعد عامل ہو جائیں گے۔ اب جب بھی پیسہ کی اشد ضرورت ہو تو کسی طفل نابالغ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل یا سیاہی لگائیں۔ عمل دن کے ٹھیک بارہ بجے کریں۔ بخور لوبان و گوگل کا زیادہ سے زیادہ جلائیں اور آپ (عامل) بچہ پر مندرجہ بالا عمل کو 121 بار پڑھ کر دم کرے اور بچہ کو ناخن یا ہتھیلی میں دیکھنے کو کہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچہ کی معرفت سٹہ کا شرطیہ آنے والا نمبر یا ڈبل معلوم کر سکتے ہیں۔ نمبر یا ڈبل بچہ جو بھی بتائے گا وہ شرطیہ پکی واٹل ہوگی۔ شرطیہ نمبر یا ڈبل معلوم کرنا یہ عامل کا اپنا ذاتی تجربہ ہے کہ وہ حاضرات سے درست جواب حاصل کرنے کے لئے کونسا طریقہ اختیار کرتا ہے؟ صحیح نمبر معلوم کرنا یا صحیح اٹل ڈبل حاصل کرنا یہ عامل کی صوابدید و تجربہ پر منحصر ہوتا ہے۔ ویسے بچہ اکثر صحیح ڈبل و صحیح نمبر بتاتا ہے۔

19-حاضرات (خود)

عزیمت عمل ﴿صَرْصَا سَاسِکَا یُبُدًا یُعِیدًا صَمَدًا﴾

یہ عمل نہایت خاص اور مجرب المجرب ہے اور تمام حالات و سوالات کے سو فیصد درست جواب دیتا ہے۔

طریقہ زکوٰۃ بروز منگل یا ہفتہ جب (ہندو) لوگ مُردہ کو مرگھٹ (شمشان) میں جلا کر واپس آ جائیں تو عامل ایک بوتل شراب لے کر مرگھٹ چلا جائے اور مردہ کی راکھ شراب میں حسب ضرورت ڈال دے۔ اب مسلسل بلا ناغہ مندرجہ بالا عمل کو 3000 بار پڑھ کر بوتل میں دم کرے۔ مگر عمل قبل طلوع آفتاب مکمل کر لیں ورنہ محنت اکارت جائے گی۔ اب گھر واپس آ جائیں اور اس شراب ملی راکھ میں خرگوش کا خون ملا کر کھرل کریں۔ اتنا کھرل کریں کہ سیاہی مائل ہو جائے۔ اب اس سیاہی کو محفوظ کر لیں۔

استعمال کا طریقہ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو اس سیاہی کے چند قطرے روغن گل میں ملا کر آئینہ پر پھیلا کر لگا دیں اور مندرجہ بالا عمل کو صرف سات بار پڑھ کر آئینہ پر دم کریں۔ فوراً حاضرات کا نزول ہوگا۔ ہر قسم کے سوال کا جواب سو فیصد درست دے گی اور ہر قسم کی امداد بھی کرے گی۔ بے مثال اور بے نظیر عمل ہے۔

20-حاضرات سفلی

۷۸۶

۵۸۹	۶۰۳	۶۰۰	۵۹۶
۶۰۱	۵۹۵	۵۹۰	۶۰۲
۵۹۴	۵۹۸	۶۰۵	۵۹۱
۶۰۴	۶۹۲	۵۹۳	۵۹۹

طریقہ مندرجہ بالا نقش کسی طفل نابالغ کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور اسے کہیں کہ وہ غور سے سیاہ خانے میں دیکھے اور عامل بچہ پر یہ عزیمت بار بار پڑھ کر پھونکے۔

﴿اے قوم شیطان حاضرات کو جلد گھیر گھار کے لا بِحَقِ ھَارُوت وَ مَارُوت﴾

چند ہی ثانیہ بعد سیاہ دائرہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

21-عمل برائے سٹہ

(تیر بہدف)

﴿کالا کلوا کالا بیر (مؤکل) اڑی بیٹھ چلاوے تیر' کہتا کلوا آوے جاوے' ہر سٹہ صحیح بتاوے' جھوٹا بچن کبھی نہ لاوے' جو میرے بچن سے خالی جاوے' لان کا جوتا سر پہ کھاوے﴾

طریقہ نوچندی منگل رات بارہ بجے 313 بار منہ مشرق کی طرف کر کے 41 یوم تک پڑھیں۔ دوران عمل روزانہ ایک پوا شراب رکھے۔ وہی پوا جو پہلے روز رکھا تھا 41 دن تک اسی کو رکھیں۔

22-حاضرات برائے ریس' سٹہ' انعامی بانڈز و دیگر بین الاقوامی لاٹریاں

یہ حاضرات چینی زبان میں ہے اور یہ بہت ہی مشکل سے ایک چینی عامل سے کچھ دو اور کچھ لو کے عوض حاصل کی گئی ہے۔ عامل کا کہنا ہے کہ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن یہ حاضرات ریس' سٹہ دیگر بین الاقوامی لاٹریوں کے نمبرز سو فیصد درست بتاتی ہے۔

طریقہ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک سو آٹھ 108 مرتبہ کسی بھی طفلِ نابالغ پر اور نقش پر ''یا جنتی کا ئیل'' پڑھ کر دَم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش کے سیاہ خانہ میں بچہ کو سٹہ' ریس یا انعامی بانڈ جس کے بارے میں آپ پوچھیں گے سو فیصد شرطیہ ائل نمبر ملے گا۔ نمبر آنے پر ''جنتی کا ئیل'' کا توشہ گوشت کسی بھی قبرستان میں ڈال دیں۔ گوشت کم از کم دو کلو ڈالیں جو بوٹیوں کی شکل میں ڈالا جائے گا۔ اگر آپ کو صرف سٹہ معلوم کرنا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ رات کو 12 بجے ''یا جنتی کا ئیل'' ایک ہزار آٹھ 1008 مرتبہ پڑھیں۔ نیت سٹہ کی کر کے پڑھیں۔ آپ کو خواب میں سو فیصد درست نمبر ملے گا۔ اگر سو روپے کی ڈبل لگائیں تو یہ لازمی شرط ہے کہ آپ کسی بھی قبرستان میں سو روپے کا گوشت بوٹیوں کی شکل میں ڈالیں۔ اگر گوشت نہ ڈالا تو آپ کا نمبر اور ڈبل بھی نہ آئے گا۔ توشہ آپ کو ہر صورت میں ڈالنا ہوگا ورنہ نمبر کبھی بھی نہ ملے گا۔ اس عمل کا توشہ صرف گوشت ہی ڈالنا ہے۔

حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۱۳۱	۱۳۴	۱۳۷	۱۲۳
۱۳۶	۱۲۴	۱۳۰	۱۳۵
۱۲۵	۱۳۹	۱۳۲	۱۲۹
۱۳۳	۱۲۸	۱۲۶	۱۳۸

23- حاضرات حرف ط

حرف ''ط'' کی حاضرات کے لئے 3 دن کا عمل ہے۔ تمام کام سے فارغ ہو کر ذیل کے نقش کو لکھیں۔ اُس کے بعد حاضرات شروع کرنی ہے۔ یہ نقش مشک اور زعفران سے پاک کاغذ پر لکھ کر لڑکے یا لڑکی کے سامنے کسی چیز میں لٹکا دیں۔ 15 منٹ کے بعد حاضرات شروع ہو جائے گی۔ اس حاضرات میں ریس' سٹہ وغیرہ کے بارے میں خود بخود نمبر آ جاتا ہے۔ طلسم یہ ہے۔

ط	ط ۳۹	ط ۱۱	ط	ط
ط	۳۹	۱۱	۳۱	ط
ط	۱۹	۲۷	۳۵	ط
ط ۶	۲۳	۴۳	۱۵	ط
	۹	۹	۹	

بڑی طاقت والی حاضرات ہے اس سے جس چیز کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔

24-سفلی حاضرات۔ یکھنی کی حاضرات

حاضرات کا مطلب ہے چیز کا حاضر ہونا۔ جو علم کے ذریعہ ہوتی ہے۔ طلسم ہو' تعویذ ہو' یا حاضرات ہو یا جن کے ذریعے' پری کے ذریعے' ابلیس کے ذریعے' یا کسی اور کی مدد سے ہو سفلی حاضرات ہے۔ بڑی سخت ہے۔ ہر کوئی انسان کر بھی نہیں سکتا۔ اگر اس کی رجعت کسی عامل پر ہو گئی تو اُس کی خیر نہیں۔ اور وہی ٹھیک کر سکتا ہے جو اس کا مکمل عامل ہو۔ یہ سفلی علم ہے۔ جو بھی کرے سوچ سمجھ کر کرے۔ جو اس میں کامیاب ہو جائے گا سمجھو اُسے قارون کا خزانہ مل گیا۔ یہاں تک کہ امتحانی پرچہ جات تک کا علم ہو جاتا ہے۔ اور یہ عمل ایک یکھنی دیوی کی حاضری کا ہے۔ وہ یوں ہے کہ پہلے اس کا عامل بننا پڑتا ہے۔

اوم کلینک بھگوتی بھیو نمر

ترکیب اس کی کچھ یوں ہے۔ اس کا ورد 50,000 پہلے پورا کریں۔ اس کے بعد عامل بن جائیں گے۔ اس سے یکھنی شمنا نک خوش ہو کر آپ کی ہر مراد پوری کرے گی۔ اس کے بعد آپ ایسا کریں گے کہ 10 سے 12 سال تک کا لڑکا یا لڑکی لیں۔ اُس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل کی سیاہی لگائیں گے۔ بعد میں اُس کے اوپر عطر لگائیں گے اور بچے کو کہیں گے کہ اس پر دیکھنا ہے۔ آپ یہی منتر (ورد) 21 بار پڑھ کر بچے یا بچی پر پھونکیں گے۔ 10 یا پندرہ منٹ بعد حاضرات شروع ہو جائے گی۔ جو بھی پوچھنا ہو پوچھیں۔

25-نظروں سے غائب ہونے کا سُرمہ حاصل کرنا

ورد اُوم مَدنُ مِیکھے نَمرسُوَاھَا

دھتورے کے درخت کے نیچے بیٹھ کر مندرجہ بالا ورد کرنا ہے۔ ہر روز متواتر 14 دِن کے اندر ایک لاکھ کا ورد پڑھنا ہے۔ اور دیوی خوش ہو کر ایک سرمہ دے گی جو آنکھوں میں لگائے گا سب کی نظروں سے غائب ہو جائے گا۔ اگر اندھیرے میں بھی آپ کوئی چیز دیکھنا چاہیں تو دیکھ سکیں گے۔

26-سونا بنانا

اُوم لَکشمِی ونگ شَرمِی کَملا دَھارتِی سُوَاھَا

اس منتر کا طلسم جو اوپر لکھا ہوا ہے اس کی تعداد ایک لاکھ گھر میں بیٹھ کر اور مور کے پروں کا دھوک دکھا دے اس کے دس ہزار وردوں کے ذریعے۔ برگ کنیر سرخ و گھی ملا کر آگ میں جلائیں۔ پھر ایک دیوئی خوش ہو کر ایک چیز دے گی۔ اُس سے

آدمی جس قدر چاہے سونا بنا سکتا ہے۔ مگر یہ بھی لازمی ہے کہ اس ورد کا بیساکھ میں شروع کرنا ضروری ہے۔

27-حاضرات بابا گرو گوبند سنگھ

طلسم حاضرات

۸	۱۵	۷
۱۴		۱۳
۱۱	۵	۴

یہ گرو گوبند سنگھ کی حاضرات ہے۔ اس سے بہت سے حالات حل ہو جاتے ہیں۔ وہ ایسے کہ یہ طلسم 10 سال سے 12 سال کے لڑکے یا لڑکی کو دے دیں اور کہیں کہ اس سیاہ خانہ میں غور سے دیکھتا جائے۔

﴿اُوم گُرُوْ گُوبَنْدُ بِحَقِّ بَابَا گُرُوْنَانَکْ حَاضِرْ شُوْدْ﴾

پڑھ پڑھ کر بچے یا بچی پر پھونکتے جائیں۔ 5 منٹ کے بعد حاضری شروع ہو جائے گی۔ (ا) بچے کو کہیں کہ اپنے سب چیلوں کو اپنے دربار میں حاضر کرے۔ پھر جو سوال کرنا ہے کر لیں یعنی جس چیز کے بارے میں پوچھنا ہے پوچھیں۔ اگر لکھوانا ہے تو بلیک بورڈ اپنے نوکروں سے منگوائے۔ ہر سوال کا جواب بالکل درست بلیک بورڈ پر لکھا ملے گا۔

28-حاضرات بابا گرونانک

طلسم گرونانک

۳	۱۸	۱۲
۵		۲
۱۰	۶	۱۵

حاضری اُوم گُرُوْنَانَکْ سَنْگُوْ جَائے سُوَاھَا۔

بچے یا بچی کو جو 10 یا 12 سال کی ہو اُس پر حاضری کا ورد پڑھ کر لا تعداد پھونکتے جائیں اور اُس کو سیاہ خانہ میں نظر رکھنے کو کہیں۔ ایک منٹ کے بعد حاضرات شروع ہو گی۔ جس بارے میں پوچھیں گے جواب ملتا رہے گا۔ عامل کو چاہئے کہ 410 بار روزانہ سات دن پڑھ کر عامل بن جائے۔

29-تسخیر بھوتنی

﴿بنکے جوڑے شہر سنگھ۔ بینکوں بنک پتال۔ کڑ کے لوہا۔ کڑ کے ڈھال۔ جتاں

بھوتاں پئی پکار ﴾

طریقہ مندرجہ بالا عمل کو 101 مرتبہ پڑھیں۔ پھر یہ عمل گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

﴿میں نل خبیسے ول جناس رضیہ بیگم حاضر ہو﴾

جب یہ حاضر ہوگی تو رقص کرے گی اور اس کا نام رضیہ بیگم ہوگا۔ عمل گیارہ یوم کا ہے۔ اگر کسی سبب سے گیارہ یوم میں حاضر نہ ہو تو پھر اکیس یوم کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ پرہیز جمالی کریں۔

30-تسخیر گندھرب

طریقہ عمل کے لئے کھلی جگہ یا مکان کے صحن میں کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ جائیں۔ اس عمل کو قران شمس وقمر میں کریں جو کہ ہر ماہ ہوتا ہے۔ یہ وقت اس عمل کے لئے مخصوص ہے۔ عمل کے لئے حصار باندھیں اور بیٹھ جائیں۔ 3 قسم کے پھل روزانہ پاس رکھیں۔ مثلاً انگور' کیلا' مالٹا یا اور کوئی سے پھل خوبصورت تھالیوں میں رکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ ایک سرخ رنگ کا رومال سوا گز کا وقتِ عمل سر پر رکھیں اور ایک سو نوے (190) مرتبہ پڑھ کر یہ منتری عمل ہر پھل کی تھالی پر ایک مرتبہ دَم کر دیں۔ تینوں پھلوں کی تھالیوں پر 190-190-190 مرتبہ پڑھیں گے تو کل 570 مرتبہ منتر پڑھا جائے گا۔ پھر ان پھلوں کو حصار میں ہی بیٹھ کر کھالیں۔ اور چھلکے وغیرہ حصار میں ہی دفن کر دیں۔ بہتر ہے کہ عمل سے 9 گھنٹے قبل کچھ نہ کھائیں۔ روزانہ عمل کے بعد پھل کھالیا کریں۔ گیارہ (11) روز تک عمل کو بلا ناغہ جاری رکھیں۔ انشاء اللہ ان دِنوں میں کامیابی کے بہت سے اشارے ملیں گے۔ اور پانچویں یا آٹھویں روز گندھرب کسی بھی مختلف اشکال میں ظاہر ہوگا۔ بارہویں روز پھل وغیرہ دوگنے لے جائیں اور عمل کی تعداد وہی رکھیں یعنی 570 مرتبہ۔ تعداد ختم ہوتے ہی گندھرب باہر بیٹھا ہوا نظر آئے گا۔ اس سے قول وقرار لے لیں۔ جب تمام باتیں طے ہو جائیں تو عامل حصار کھول کر گندھرب کو اندر بلائے اور اس کے ساتھ بیٹھ کر تمام پھل کھائے۔ پھر گندھرب سے نشانی لے کر اسے رخصت کر دیں۔ پھر جب بلانا چاہیں تو نشانی کو سامنے رکھ کر اس پر 11 مرتبہ منتر پڑھیں۔ گندھرب حاضر ہوگا۔ جو چاہیں کام لیں۔ فوراً انجام دے گا۔

عمل کا منتر ﴿گندھریاب اَمَتّ نَوارَا کھی اِندَر کے دِیش پُرہَام نُوسِی بارآئے نہ آئے توھَمَن دیوتا کی سوگندھ﴾

31- معشوق کو ایک رات میں حاضر کرنا

ورد ﴿الف۔ الف۔ الف۔ جن شیطان میری شکل بن اور فلاں بن فلاں کو جار اند جونہ راندے تیری ماں بہن کو تین سو طلاق﴾

ترکیب چنے کا بیسن کو چوکھیا چراغ بنا کر تیل ڈال کر چڑے کے خون کا آدھا اُس میں ملا لیں اور دکن کی طرف اپنا منہ کر کے بیٹھیں۔ اور چراغ کا منہ اپنی طرف کریں اور اس ورد کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھیں۔ لوبان کی دھونی دیں۔ جو یا چنے کی روٹی کھائیں۔ جس کسی کا تصور باندھیں گے وہ ایک ہی رات میں بے چین ہو کر قدموں میں آن گرے گا۔

32-حاضرات واھلہ وواعلہ (سفلی)

عزازیل ۱۲۵ عزازیل

۳۲	۴۶	۴۲	۳۹
۴۳	۳۸	۳۳	۴۵
۳۷	۴۰	۴۸	۳۴
۴۷	۳۵	۳۶	۴۱

عزازیل ''اے عزازیل شیطان حاضرات جلد حاضر کن بحق وَاهِلَه وَوَاعِلَه'' عزازیل

یہ سفلی حاضرات نایاب و عجیب وغریب ہے۔ اس حاضرات سے آپ ہر قسم کے جائز و ناجائز کام اپنی مرضی کے مطابق لے سکتے ہیں۔ اس حاضرات کے مؤکل آناً فاناً منٹوں میں کام کرتے ہیں۔ ریس سٹہ انعامی بانڈز و دیگر بین الاقوامی لاٹریاں غرض ہر کام منٹوں میں سرانجام دیتے ہیں۔ گمشدہ کے بارے میں معلومات، حب و بغض میں بھی عجیب وغریب کام لے سکتے ہیں۔ کسی دشمن کو بیمار کرنا یا اس کو جوتے مارنا۔

طریقہ: دشمن کو اگر جوتے مارنا ہوں تو یہ الفاظ دہرائیں۔

﴿اے عزازیل شیطان فلاں بن فلاں کو جوتے لگا بِحَقِ وَاهِلَه وَوَاعِلَه العَجَل العَجَل السَّاعته السَّاعته الوحا الوحا الوحا﴾

حب کے مقاصد میں بھی کام لے سکتے ہیں کہ فلاں بنت فلاں کے دل میں میرے لئے فوری محبت پیدا کرو۔

نوٹ: سیاہ خانہ میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر ﴿اے عزازیل شیطان حاضرات جلد حاضر کن بِحَقِ وَاهِلَه وَوَاعِلَه﴾ پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے جب تک حاضرات نہ کھلے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس کے ذریعے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بخور لوبان اور گوگل کا برابر جلاتے رہیں۔ حاضرات کو ٹھیک دن کے بارہ بجے کریں۔ بچہ کا منہ شمال یا مشرق کی طرف رکھیں۔

33- حاضرات ہنومان

﴿ کالا مرغا کالا کانُ ہنومان حاضر ہو اگر حاضر نہ ہو تیرا کلیجہ کھانُ ﴾

طریقہ سب سے پہلے اس منتر کی زکوۃ ادا کریں۔ نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر اس عمل کو 466 مرتبہ متواتر 10 یوم پڑھیں۔ پھر جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل نقش کے سیاہ خانہ میں مذکورہ بالا منتر صرف 21 مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور کسی طفل نابالغ کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

توشہ۔ 4 عدد لڈو رکھ کر اور اگربتی سلگا کر حاضرات کریں۔ نقش درج ذیل ہے۔

۱۱۵۷	۱۱۷۱	۱۱۶۸	۱۱۶۴
۱۱۶۹	۱۱۶۳	۱۱۵۷	۱۱۷۰
۱۱۶۲	۱۱۶۶	۱۱۷۳	۱۱۵۹
۱۱۷۲	۱۱۶۰	۱۱۶۱	۱۱۶۷

34- حاضرات کے ذریعے مؤکلات کو بلانا

(حاضرات کامتا دیوی)

ترکیبِ منتر ﴿ اُوم نَمو تا یے تخت مَان۔ پیغمبریں آویں کامتا دیوی سُنی جَاوِیں۔ حضرت سُلیمانؑ پیغمبرتی جاویں ﴾

طریقہ 101 بار 41 یوم شیرینی سامنے رکھ کر پڑھیں۔ بروقت ضرورت ایک پھول والا کٹورا لے کر شیرینی اس میں رکھ کر بچہ کو دکھلائیں۔ بچہ 12 سال کا ہو۔ منتر 101 بار پڑھیں۔ کامتا دیوی آئے گی۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دے گی اور سب کام کرے گی۔

35- حاضرات ہنومان

منتر ﴿ لال منہ کا باندر الال پھل کھائے ہانک ویت ہنومنت کو محفل نرپل ہو جات ﴾

طریقہ 101 مرتبہ 41 دن تک پڑھیں۔ گوگل اور اگربتی سلگائیں۔ عمل نوچندی منگل کو شروع کریں۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے ہر منگل کو 12 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ منتر پڑھنے کے بعد گوگل اور اگربتی ضرور سلگائیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو 15 کا نقش بنا کر طفل نابالغ کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو

کہیں۔ تھوڑے سے پھول رکھیں اور گوگل و اگربتی سلگائیں اور مندرجہ بالا منتر 21 مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ ہر قسم کی معلومات سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔

36-تسخیر شیطان

(تین روزہ گارنٹی شدہ عمل)

معزز قارئین کرام و عاملین حضرات! یہ عمل نہایت ہی طاقتور و مؤثر ثابت ہوا ہے۔ اس عمل کے آگے کالی دیوی، دُرگا، ہنومان، گنیش، سامری سب کے سب ہیچ ہیں۔ شیطان، ابلیس دنیا کا ہر کام منٹ بھر میں کرتا ہے۔ غرض اس کا عامل بے تاج بادشاہ کہلاتا ہے۔ اُس کو دنیا کی کسی چیز کی ضرورت نہیں ہوتی۔ حُب، بُغض، انعامی بانڈز، ریس، انعامی لاٹریاں، مرض و علاج انسان کو پل بھر میں ختم کرنا غرض دنیا کا ہر کام شیطان پل بھر میں عامل کے حکم پر سرانجام دیتا ہے۔ شیطان کو تسخیر کرنے کا تین روزہ عمل شاید ہی آپ کو کسی کتاب یا عامل کے پاس ملے۔ یہ عمل سینہ بہ سینہ چلا آ رہا ہے۔ اس عمل میں اجازت لینا لازمی ہے کیونکہ شیطان کو تسخیر کرنا بچوں کا کھیل اور ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ اس عمل میں یعنی دورانِ عمل جو واقعات رُونما ہوتے اور پیش آتے ہیں اُن کے بارے میں عامل ہی بتا سکتا ہے۔ شیطان (ابلیس) کس لباس، بھیس وروپ میں آتا ہے اور کس طرح عامل کو دھوکہ دیتا ہے؟ شیطان کی پہچان کیا ہے؟

شیطان عامل سے کیا عہد و پیمان کرتا ہے؟ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ عامل شیطان کو تسخیر کرنے کے بجائے خود شیطان کا تابع ہو جاتا ہے۔ یہ نکات و معلومات وہی بتا سکتا ہے جس نے اس عمل کو کیا ہوا ہو۔ لہٰذا گزارش ہے کہ عمل کرنے سے پہلے صاحب مصنف و مؤلف سے اجازت ضرور لیں ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا اور ہو سکتا ہے کہ مبتدی و عامل اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ واضح رہے کہ عامل عمل کے اُتار چڑھاؤ اور عمل کے دوران ہونے والے یا آنے والے واقعات سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ عامل رہنمائی و رہبری کرتا ہے۔ اس لئے اجازت لینا ضروری ہے۔

اجازت لینے سے عامل رجعت و پاگل پن سے محفوظ ہو جاتا ہے اور عمل میں یقینی کامیابی ہو جاتی ہے۔ بغیر اجازت کے عمل کرنا ناکامی کا سبب و خوفِ جان بنتا ہے۔ اس لئے بار بار کہا جاتا ہے کہ اجازت ضرور لیں۔ اجازت لینا گویا کامیابی کی دلیل ہے۔ بلکہ اپنی جان کی بھی حفاظت ہے۔

ویسے تو ہر چیز و مال اور ہر انسان کی جان کی حفاظت کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے لیکن جان بوجھ کر اگر حفاظت نہ کی جائے تو یہ نادانی و بے وقوفی ہوگی۔ مثلاً اگر کوئی چلتی ٹرین سے کود جائے تو یہ خودکشی ہوگی یا کوئی کسی اونچی عمارت پر چڑھ کر نیچے کے نظارے لے رہا ہو اور لطف اندوز ہو رہا ہو۔ اگر وہ اس عمارت پر سے کود جائے تو کیا وہ زندہ بچ جائے گا؟ ہرگز نہیں۔ یہ خودکشی کہلائے گی۔ عقل مند آدمی ہرگز کودنے کی کوشش نہیں کرے گا۔

یاد رکھیں قاعدہ میں فائدہ ہے۔ ہر چیز کے قواعد وضوابط ہوتے ہیں۔ اسی ملئے کہا گیا ہے کہ اجازت ضرور لیں۔ اجازت لینا گویا اپنی جان کی حفاظت اور کامیابی کی دلیل ہے۔ لیجئے عمل تسخیر شیطان (تین روزہ عمل) حاضر خدمت ہے۔ جس کا جی چاہے اجازت لے کر بلا خوف وخطر آزمائے۔ کامیابی یقینی ہوگی۔

37-تسخیر شیطان (تین روزہ گارنٹی شدہ عمل)

طریقہ ٹھیک رات 12 بجے کسی بھی مردہ مرد کی قبر پر اس طرح بیٹھیں جیسے گھوڑے پر بیٹھا جاتا ہے۔ اپنے سامنے چھری گاڑ لیں۔ اور یہ عزیمت 1595 (پندرہ سو پچانوے) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل تین دن متواتر کریں۔ تیسرے دِن جب شیطان حاضر ہو تو اس سے قول وقرار کرلیں۔ وہ حاضر ہونے کا طریقہ خود بتائے گا کہ میں کس طریقہ سے حاضر ہوں گا۔ چھری اور شراب روزانہ قبر پر ہی چھوڑ آئیں۔

توشہ عمل پڑھنے سے پہلے گوگل اور لوبان دونوں خوب اچھی طرح سلگائیں۔ دورانِ عمل یعنی پڑھائی کے وقت ہرگز ہرگز بخور نہ جلائیں بس عمل سے پہلے ہی جلانا ہے۔ تین دِن متواتر شراب کا پوا ساتھ لے کر قبر پر جانا ہے اور پڑھائی کے بعد بوتل وہیں رکھ کر آنا ہے۔ پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں۔ اگر کوئی آواز بھی دے تو جواب نہ دیں۔ عزیمت یہ ہے

﴿ اے عَزَازِیل مجھ کو مشکل تجھ کو آسان فوراً سامنے آ ﴾

اجازت لینا لازمی ہے۔

38-تسخیر شیطان

(گارنٹی شدہ عمل)

دنیا میں تین طاقتیں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہیں۔ (۱) خدائی طاقت جس پر تمام کائنات قائم ہے۔ جسے ''سپر پاور'' کہتے ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ سے زیادہ دنیا میں کوئی طاقت نہیں۔ (۲) اس کے بعد دوسری طاقت جو کہ شر اور بدی کی طاقت کہلاتی ہے اسے شیطانی طاقت کہتے ہیں۔ (۳) تیسری طاقت ہمزاد کی طاقت ہے۔

شیطان کے مختلف نام ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ ابلیس	۲۔ اہرمن	۳۔ اہرام (سانپ کا منہ)	۴۔ بومرا	۵۔ خبیث
۶۔ خناس	۷۔ خطیب اہل النار	۸۔ شیطان	۹۔ شیخ بخدی	۱۰۔ عزازیل
۱۱۔ غوی	۱۲۔ معلم الملکوت	۱۳۔ مرد	۱۴۔ مارد (سرکش دیو)	

شیطان کو قبضہ میں کرنا بچوں کا کھیل اور ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ اس کو قبضہ میں کرنے کے لئے کسی کامل استاد و رہبر کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ورنہ یہ ایسی کٹھن شرائط طے کرتا ہے کہ انسان دھوکہ و فریب میں آ کر خود اس کا مطیع و تابع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس کو تابع و تسخیر کرنے سے پہلے صاحب مصنف و مؤلف سے اجازت و معلومات حاصل کریں تاکہ محنت رائیگاں نہ جائے۔ لیجئے عمل ''تسخیر شیطان'' حاضر خدمت ہے۔ کریں اور زندگی بھر مزے اُڑائیں۔ مندرجہ ذیل عمل کو نوچندی منگل کو ٹھیک رات بارہ بجے شروع کریں۔ 41 دِن بلا ناغہ ایک وقت مقرر کر کے پڑھیں۔ پہلے دِن، پھر گیارھویں دِن، پھر بائیسویں دِن، پھر تینتیسویں دِن اور پھر آخری دِن جہاں عمل پڑھیں وہاں تین عدد موتی چور کے لڈو رکھ کر پڑھیں اور پھر یہ لڈو کسی قبرستان میں ٹوٹی ہوئی قبر میں ڈال دیا کریں۔ دورانِ عمل اگر کچھ ڈر محسوس ہو تو دِل مضبوط کر کے پڑھیں اور کسی قسم کا خوف نہ کھائیں۔ عمل یہ ہے

''اے عزازیل تاریک دنیا کے پیشوا فوراً حاضر ہو کر مطیع ہو''۔

روزانہ پڑھنے کی تعداد دورانِ زکوٰۃ 2848 ہے اور زکوٰۃ کے بعد پھر روزانہ 88 بار پڑھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ آخری دِن قول و قرار کر لیں اور حاضری کے لئے نشانی بھی لے لیں۔

بخور دورانِ عمل روزانہ گوگل ولوبان ضرور جلائیں۔

توشہ شراب کا پوا، ایک پاؤ گُڑ یا ایک پاؤ حلوہ، بھُنے ہوئے کالے چنے ایک پاؤ۔

نوٹ اجازت لینا لازمی ہے۔

39- حاضرات شیطان

وِرد ﴿سن بے شیطان۔ میرا کہنا مان۔ پڑے روائت تیری چڑھ بیٹھوں۔ جب لگ نہ دیکھے ہمارا مکھ نہ لگے بھکھ۔ نہ تو سوئے سُکھ۔ بِحَقِ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ﴾

ترکیب نوچندی جمعرات یا اتوار کی شب کو شروع کریں۔ ایک پھریری عطر اور ایک پیڑا پاس رکھیں۔ پڑھتے وقت تصور شیطان سامنے رکھیں۔ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ناغہ نہ کریں۔ 21 دن کے اندر شیطان حاضر ہوگا۔ اُس کی حاضری یوں ہے۔ روزانہ وہ پیڑا جو پاس رکھا ہے یہ کہیں ''اے شیطان یہ تیری خوراک ہے کھا لے'' اور وہ حاضر ہوگا جو کہیں گے وہی آپ کو ملے گا۔

40- حاضرات هست ولی شیطان

عبارت عمل ﴿هست ولی آ شیطان۔ سَت بلی جا شیطان﴾

طریقہ عمل بروز نوچندی اتوار بوقت دن کے ٹھیک 12 بجے جس جگہ گدھا باندھا جاتا ہو وہاں پر کھڑے ہو کر مشرق کی سمت منہ کر کے صرف ایک سو آٹھ بار پڑھ لیں۔ بس آپ عامل ہو جائیں گے۔ یہ عمل صرف لڑکے پر کام کرے گا اور لڑکی پر حاضرات نہ کھلے گی۔ کاجل ناخن پر لگا کر حاضرات کریں۔ مگر زکوۃ ادا کرنے کے بعد۔ فوراً سوا پاؤ گڑ، سوا پاؤ بھنے چنے کالے ملا کر معصوم بچوں کو تقسیم کریں۔ پڑھائی کے وقت اپنی جیب میں دونوں چیزیں رکھیں۔ بہت ہی سچی خبر دیتا ہے۔

41-شیطان کی بیٹیوں سے خدمت لینا

خالی مکان جو عمل کے موافق ہو سات یوم تک رات کو 1000 بار اور ہر فرض نماز کے بعد 100 بار پڑھیں۔ مدت پوری ہونے پر وہ حاضر ہوں گی۔ آپ سے اگر اُن میں سے کوئی ایک نکاح چاہے اگر قبول کریں گے تو مراد پالیں گے۔

بخور حب الرشاد۔ حب الخردل (رائی)۔ لوبان

پڑھنے کی عزیمت یہ ہے

﴿ھَر سُو. ھَرسُو. سَوسِ سَوسِ. ھَرُوسِ ھَرُوسِ. وَسواسِ وَسواسِ أُجِيبُو يَا بِنَاتُ الخَنَّاس يَا أهل الوسواس و اُحْضُرُونِی وصی الأغلاص الوحا العجل السَّاعَة وَ اِنَّهٗ شَهَابٌ مِقياس الساعة﴾

42-حاضرات قمر

چاند کی 14 تاریخ کو جو قمر در عقرب سے پہلے ہو۔ ایک صاف طشت پانی کا لے کر کھلی جگہ میں بیٹھیں کہ چاند کا عکس پانی میں نظر آئے۔ حصار ضرور کرلیں۔ بعد آدھی رات کے یہ منتر تین سو بار چاند کے عکس کو دیکھتے ہوئے پڑھیں۔

﴿ اگنیش آو لیس دکھا چندر ماں میں پڑولیس ﴾

منتر ختم ہونے کے بعد چاند کے عکس میں عجیب وغریب مناظر ابھرنا شروع ہوں گے۔ پھر حکم دیں کہ میں فلاں بن فلاں کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ کس جگہ پر کس شہر میں ہے۔ اگنیش کے حکم سے دکھاؤ۔ ضرور دکھائے گا۔ اس کے علاوہ جس سوال کا جواب پوچھیں گے اس کا جواب مکمل اور حتمی ملے گا۔

43-حاضرات

عروج ماہ نوچندی پیر ایک عدد مٹی کا نیا چراغ لے کر مع روغن گاؤ اور صاف پاکیزہ روئی لے کر بتی بنا کر

جلائیں۔اب چراغ کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھ جائیں اور اپنے سائے کی گردن پر نظر رکھ کر بلا تعداد یَا اَهْیَا اَشْرَهیَا پڑھتے جائیں۔پڑھائی کے دوران سائے میں حرکت پیدا ہوگی اور سایہ آپ کے بہت نزدیک ہو جائے گا۔

پڑھائی بند کر دیں اور اپنے ذہن سے سوال کا اخراج کریں۔آپ کے کان میں آواز سنائی دے گی۔ ذرا غور کریں گے تو سمجھ آجائے گی کہ وہ آپ کو جواب دے رہا ہے۔

44-حاضرات کا جنتر

ت	۸	۳	۸	۱
ر	۲	۳	۲	۵
ر ر	ک	۹	۲	۸
لو	۴	۵	۴	۲

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو تانبہ پر کندہ کروالیں اور میڈھل پھول کو جلا کر راکھ کر لیں۔پھر یہ راکھ روئی کے فتیلہ میں ملا کر چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں اور بچہ کو چراغ کی لو میں دیکھنے کو کہیں۔تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو انسانی شکل نظر آئے گی۔پھر آپ بچہ کے ذریعے اپنا سلام اور معمول کا سلام مؤکل کو پیش کریں اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے کریں۔آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

45-حاضرات بر چراغ

دِیوَا بَلے لَٹ لَٹ وِیکھاں سَیڈُو تیری سَٹ. حَاضِر هوویں حَاضِرَات جهَٹ پَٹ. تینوں گورَکھ نَاتھ دِی رَکھ

طریقہ نوچندی منگل کو 108 بار روزانہ 21 یوم تک پڑھیں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک نیا مٹی کا چراغ لیں۔اس میں صاف ستھری روئی لے کر بتی بنائیں اور چنبیلی کا خوشبودار تیل لے کر اس میں ڈال کر بتی روشن کریں اور چراغ کے روبرو کسی طفل نابالغ کو بٹھائیں اور اسے ہدایت کریں کہ وہ چراغ کی لو پر نظر جما کر دیکھے اور آپ عامل مندرجہ بالا کلمات عمل کو 28 بار پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں چراغ کی لو پر کسی عورت کی شکل نظر آئے گی۔پھر آپ بچے کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

46-حاضرات

رام لچھمن و سیتا مائی۔ہنومان نے دھوم مچائی۔کھا کر پان جوتالی بجائی۔

حاضرات دوڑتی حاضر آئی ۞

طریقہ نوچندی منگل کو روزانہ 241 بار 8 یوم تک پڑھیں۔ دوران زکوٰۃ روزانہ دو لڈو موتی چور کے رکھیں۔ بخور اگر بتی جلائیں۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف کپڑے پہنا کر اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور بچہ کو اس کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) مندرجہ بالا کلمات عمل کو 28 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

47-حاضرات

۞ اوم نمو سواہے بھن سرارہ آئے۔ آ حاضرات دکھائے جے کرشن مہاراج کی ۞

طریقہ نوچندی سنیچر کو روزانہ 706 بار 13 دن تک پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست ملے گا۔

48-حاضرات

۞ جے رام جی کی۔ جے مہاراج ہنومان۔ لڈو تیرے ہاتھ میں منہ میں تیرے پان۔ جلد دکھاؤ حاضرات اے مہاراج ہنومان ۞

طریقہ نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر کو مندرجہ بالا کلمات کو 267 بار 6 یوم تک پڑھیں۔ دوران عمل روزانہ 6 یوم تک دو عدد لڈو موتی چور اور ایک عدد پان الائچی والا رکھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور بچہ کو کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچہ پر 28 بار مندرجہ بالا کلمات عمل کو پڑھ کر پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا مشاہدہ ہوگا۔ پھر آپ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست ملے گا۔

49-حاضرات

۞ ہنومان کی دیکھ بڑائی۔ لنکا میں جا دھوم مچائی۔ لے کر آیا سیتا مائی۔ پھر ہم کو

حاضرات دکھائی جے رام چندر جی کی ﴾

طریقہ نوچندی منگل کو مندرجہ بالا کلمات عمل کو 108 بار سات یوم تک پڑھیں۔ دوران عمل دو عدد لڈو موتی چور اور اگربتی سلگائیں اور اس طرح زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر عطر لگا کر بچہ کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن کے اوپر کاجل لگائیں اور بچہ کو اس کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل مندرجہ بالا کلمات عمل کو 28 بار پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا پھر آپ بچے کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

50-حاضرات بر چراغ

﴿رام سیتا کی جوڑی۔ ہنومان کا مندر۔ دیا جلا کر بجھاؤں۔ حاضرات کو حاضر کر پیارے رام چندر﴾

طریقہ سب سے پہلے اس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کریں۔ روزانہ 498 بار سات یوم تک پڑھیں۔

توشہ 2 عدد لڈو موتی چور۔ پان لگا ہوا۔ سیندور ایک ماشہ۔ تمام اشیاء پر شراب کا چھینٹا مار کر سمندر یا دریا میں ڈالیں اس طرح سات یوم کریں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک نیا چراغ لیں اور صاف ستھری نئی روئی اور اس میں چنبیلی کا تیل ڈالیں۔ پھر چراغ کو روشن کریں اور کسی طفل نابالغ کو چراغ کے روبرو بٹھائیں اور بچے کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کی لو پر نظر قائم کر کے دیکھے اور آپ (عامل) بچہ پر مندرجہ بالا عزیمت کو برابر پڑھ کر دم کرتا رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو چراغ کی لو پر انسان کی شکل نظر آئے گی پھر آپ بچہ سے سلام عرض کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا تسلی بخش جواب ملے گا۔

51-تسخیر بھوت

اس حاضرات کے لئے دو الگ الگ منتر ہیں۔ دونوں میں کوئی بھی منتر پڑھا جا سکتا ہے۔

1۔ ﴿اُوم شری دَھن بھُون بھُو تیشوری گم گرو۔ بھر سُوَاہا﴾

2۔ ﴿اُوم شری بَم بَم بھَم بھُوت شری ھَم لَسی گُرو سُوَاہا﴾

طریقہ نوچندی اتوار کو کیکر کے درخت کے نیچے ٹھیک رات بارہ بجے منتر بالا گیارہ سو بار پڑھیں۔ اپنے پاس سگریٹ سلگائے اور زمین پر شراب گرائے۔ بھوت حاضر ہوگا۔ اسی طرح روزانہ تین یوم عمل کریں۔ شرائط طے کرنے پر مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

توشہ روزانہ ایک پاؤ حلوہ سوجی والا گھی وچینی ڈال کر پکائیں اور وہ اپنے سامنے رکھیں یا بازار سے خرید کر رکھیں۔

52-بونے تسخیر کرنے کا عمل

منتر چِشم چِٹیاں مڑیاں وِچ کِھیڈن بال بوھے جندر لا کے آن شتاب.

طریقہ نوچندی اتوار کو رات دس بجے کسی کھیت یا میدان میں بیٹھ کر باحصار 1001 مرتبہ منہ شمال کی طرف کر کے پڑھیں۔گیارہ یا اکیس دن میں بونے حاضر ہوں گے۔واضح رہے کہ یہ عمل گھر میں یا گھر کی چھت پر ہرگز نہ کریں۔کسی کھلے میدان یا خالی پلاٹ میں بھی ہوسکتا ہے۔کپڑے پاک وصاف ہوں اور عطر ہر روز استعمال کر کے عمل پڑھیں۔بونے حاضر ہو کر قول وقرار کے بعد آنے کا طریقہ وہ خود بتائیں گے۔

53-حاضرات

﴿تھورُو ثارِب ھتُو جنُ حاضِر ھو﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر رات 12 بجے منہ شمال مشرق کی طرف کر کے 501 بار باپرہیز 41 یوم تک پڑھیں۔ہر سات دن بعد 3 عدد لڈو بچوں کو کھلا دیں۔اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو جس کی عمر 14 سال سے زیادہ نہ ہو اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر اس کو اس میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچہ پر 28 بار عزیمت پڑھ کر دم کریں۔تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔بچے کی معرفت سوال وجواب کریں۔انشاءاللہ ہر بات کا جواب اور ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

54-کوڈا قلندر

﴿آگے کون چلے' کوڈا قلندر چلے' آگے کون چلے سوڈا پری چلے' نوسو چھرا تیرے آگے چلے' نوسو چھرا تیرے پیچھے چلے' نوسو پنکھی تیرے آگے چلیں' نو سو پنکھی تیرے پیچھے چلیں' نوسو پنکھی تیرے سیدھے چلیں۔نوسو پنکھی تیرے الٹے چلیں' حال حال کرتی چلے' مال مال کرتی چلے' چھت اور بسیرے پہ پہرہ دیتی چلے' ہادی اور مسان کو باندھ' جن اور بھوت کو باندھ' دیو دانوں اور پری کو باندھ' اِکھتر سونا کہ دریا کو باندھ' جل کی پری کو باندھ' آکاش

کی پری کو باندھ' دیکھوں سُوڈو تیرے علم کی چڑہائی' بستر پہ پیَر تب دھرے جب (یہاں مقصد بیان کریں) حل کرے ۞

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء 133 بار 41 دن تک پڑھیں۔ باپرہیز دوران عمل برفی رکھیں یا ایک چھٹانک بتاشے رکھیں۔ عمل کے اختتام پر برفی یا بتاشے چھت پر روزانہ ڈال دیں۔ ان کو کسی بھی صورت میں نہ کھائیں۔ ہمیشہ چھت پر ڈال دیں۔ عامل بننے کے بعد ہر ماہ نوچندی جمعرات کو کوڈا قلندر کی نیاز سوا کلو قلاقند پر دی جائے گی۔ قلاقند چھت پر ڈالے وہ بھی ہرگز نہ کھائیں۔ صبح چھت پر قلاقند نہیں ملے گا۔

55-تسخیر دیوی۔

۞آوے لنگی جاوے لنگی روڑے توڑ تماوے لنگی. سُتّی نُوں جگاوے لنگی. چلدی نوں چلاوے لنگی. میرے کول لے آوے لنگی. چلے منتر پھرے واچا ویکھا ماتا لنگی تیری حاضری دا تماشا۞

طریقہ رات بارہ بجے باپرہیز سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ چراغ کے سامنے بیٹھ کر عمل 1008 بار پڑھیں۔ گیارہ یوم میں حاضر ہوگی۔ ہر کام کرے گی۔

توشہ 5 عدد گلاب کے پھول۔ پانچ رنگ کی مٹھائی۔ عطر کا پھویہ۔ بکرے کی کلیجی۔ اگربتی سلگائیں۔ عمل عروج ماہ نوچندی منگل یا ہفتہ کو کریں۔

56-عمل تسخیر موہنی

طریقہ عمل گوشہ تنہائی میں کریں جلالی وجمالی پرہیز کے ساتھ۔ عمل سے پہلے آیۃ الکرسی پڑھ کر حصار کر لیں۔ یہ عمل 11 دن کا ہے۔ صرف 101 بار روزانہ پڑھیں۔ موہنی آجائے تو وعدہ کرلیں اور تمام دوسری شرائط طے کرلیں۔ عبارتِ عمل یہ ہے

۞اُوہنی مُوہنی دوبہنی اُوا یہنی چلی راوُٹھن چلتی آگ بچھا واجاتی ہاتھ تیل موچکین راجہ کی آئے کوچلی سیار پیٹھ پردھان ٹھگ مُوہوں ٹھا کر مُوہوں تگ مُوہوں مُوہوں سارا کام جمن جتی یوں کہے مُوہنی میرا نام۞

موہینی

لو کہے

57-عمل موھنی

طریقہ لونگ کلاہ دار لے کر 21 عدد ہر ایک پر ایک مرتبہ دوسرے پر 2 مرتبہ اور تیسرے پر 3 مرتبہ۔ اسی طرح 21 مرتبہ 21 لونگوں پر پڑھ کر دم کریں اور ان کو باریک پیس لیں پھر 21 مرتبہ پڑھیں اور دم کر دیں۔ پھر اسے مطلوب کے سر پر ڈال دیں۔ جب اس کو خوشبو پہنچے گی تو وہ دیوانہ ہو کر حاضر ہو گا۔

منتر ﴿لونگاں اُتے لونگ سپاری لونگاں کٹی یورپ ڈاری۔ 21 لونگ لائے سائے پہلے لونگ نا تے دھوئے۔ دوجے لونگ لائی چھاتی۔ تریجے لونگ اسیر جوگی کے من پیادہ اسیا لاگے جیسے کڑی کمان کا تیر لاگے لَآ اِلٰـهَ پکڑ لیا۔ اِلَّا اللّٰہ جکڑ لیا۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ فلاں بن فلاں کو حاضر کرو۔ سجنا کو دربان کر سخت دل کو موم کر﴾

58- بیان حاضرات کا

یہ حاضرات منتروں کے ذریعے ہوتی ہے۔ اور نقشوں سے ہزار درجے بہتر ہے۔ جو کوئی کرنا چاہے تو اُس کو چاہئے کہ پہلے اپنی حفاظت کا انتظام کر لے کیونکہ یہ دِل گردے کا کام ہے۔ اور اس کی اجازت لینا پڑتی ہے۔

جب منتر کا وِرد کریں تو اُس مقام پر کسی دوسرے کو نہ آنے دیں۔ اپنے پاس دھوپ' دیپ' پھل فروٹ' پھول' عطر' مٹھائی وغیرہ رکھیں۔ کیونکہ منتروں کے مؤکل بڑے زور آور ہوتے ہیں۔ منتوں میں کام کرتے ہیں اور اس منتر کو پڑھ کر اپنے اوپر دَم کریں اور تین دائرے بنائیں۔ جب تک منتر کا وِرد کریں۔ آسن سے نہ اُٹھیں اور نہ کسی سے بولیں۔ اور نہ اُس دائرہ سے باہر آئیں۔ پھر جب منتر پورا ہو جاوے جو اُس وقت بولیں تو اُس کا جواب دیتا ہے۔

منتر یہ ہے ﴿ہاتھ بے ہنومت بھیروں۔ بے نلدر جونت کا ٹیکہ کرے۔ موہے جگ سنسار جو آئے مار ما کرتا جو دیکھے پائے لکھنا ہنومت بیر نچہ وے رہے۔ ابیر چھاتی توڑے جوگنیا ہر سر توڑے۔ او گینیا بیر مار۔ بھسمنت کرے۔ اس کو نرسنگھ بیر پرگھٹ گاجے بیرون بیراں پھرتی رہے۔ جو ہمارے اوپر گاؤ کھائے۔ الٹ ہنومت بیر مارے جل۔ باندھوں پھل۔ باندھوں انرتا۔ یا من باندھوں۔ تن باندھوں۔ باندھوں کٹم اور کایا چیت۔ چیت رہے پرانی ہنومت کی اگن پانی ہو جاوے مہاراجہ دھراج بابا سمت کے پُوت دھرم کی تمہارا ہی آسرا ہے﴾

ترکیب جو شخص صبح تڑکے اِس منتر کو غسل کر کے پڑھے اور انگلی شہادت پر دَم کرے۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر دائرہ کھینچ کر تلک لگائے۔ آٹھ پہر تک ہنومت اُس کے قبضہ میں رہے۔

59- حاضرات جُوکی ہنومان کی

یہ حاضرات ہی بڑی اچھی اور بہترین ہے۔ اس میں ہنومان خود جوکی کرتا ہے۔ یہ ہر منگل کے منگل جوکی ہوتی ہے۔ پہلے منگل کے دن روزہ اور لال کپڑے پہن کر مونگے کے مالے سے وِرد کو پورا کریں۔ دھوپ' دیپ' ہنومان کے آگے رکھیں۔ جگہ بالکل صاف اور پاک ہو۔ تیل کنجد و سندھور ہنومان کو چڑھاوادیں۔ گڑ اور گندم کی گڑ ڈھائی سیر کی چڑھائیں۔ اور اس میں سے ایک بار خود بھی کھاویں اور اِس منتر کا وِرد کریں۔ منتر کا وِرد گیارہ سو مرتبہ روزانہ بلاناغہ 40 دن کریں۔ اگر چاہیں کہ بیر حاضر اور نفس پر غالب رہے تو ہر منگل اور ہفتہ کو روزہ رکھیں اور عبادت الٰہی کریں۔ جو اُس سے کہیں گے کرتا رہے گا۔ اِس کی حاضری بروقت ہے۔ اس میں کسی بچے یا بچی کی ضرورت نہیں صرف دھونی کی ضرورت ہے۔ لوبان کی دُھونی دیتے رہیں۔

منتر یہ ھے ﴿ اونگ ھنومان بارہ سال کے جوان. ھاتھ میں لڈو منہ میں پان. ھو مازوں آؤ بابا ھنومان. اِس کو جس وقت کھو حاضر ھو اپنے بیروں کے ساتھ ﴾

60- حاضرات سیتا دیوی

اس کا طریقہ حاضرات سب سے اعلیٰ ہے۔ تین دن کا ہے۔ پہلے اس کا عامل بنیں۔ اُس کے بعد جس وقت حاضرات کریں حاضر ہوتی ہے۔ اور ہر ایک ضروری کام فوراً بجالاتی ہے۔ آناً فاناً میں کام کرتی ہے۔ مجھے آج تک معلوم نہیں ہو سکا انسان ہوتے ہوئے تیزی سے کام نہیں کر سکتے اور مرنے کے بعد اتنے تیز کیسے ہو جاتے ہیں جو آناً فاناً میں کام کرتے ہیں۔ جس وقت زندہ ہوتے ہیں انسان کی شکل میں ہوتے ہیں اور تسخیر کرنے کے بعد بھی انسان کی شکل میں حاضر ہوتے ہیں۔ میں نے جتنی بار بھی اسے حاضر کیا اتنی خوبصورتی میں آئی کہ میں بیان نہیں کر سکتا۔

حاضری ﴿ موھنی. موھنی مھری مھا. موھنی مغلانی سیتا کو موہ کر لا منترہن شدھنگ سواھا ﴾. تین دن کا منتر ہے۔

61- حاضرات کنڈلوتی سندروتی

عبارت عمل ﴿ اُوم نمو کنڈ لوتی سُندروتی سَوَاھَا ﴾

طریقہ بروز نوچندی منگل اپنے سامنے رات بارہ بجے الگ کمرے میں مشرق کی سمت منہ کر کے بیٹھے۔

ایک چراغ مٹی کا سرسوں کے تیل کا روشن کریں۔ سامنے سمندر کا پانی ایک کونڈے میں ہو گا جس کے اندر
گیندے یا گلاب کے پھول ہوں گے۔ سات رنگ کی مٹھائی چراغ کے سامنے۔ پھر ایک قطرہ خون کونڈے میں پانی
کے اندر ڈال کر عبارت عمل کو 1008 بار پڑھیں اور ہر بار گوگل آگ پر ڈالیے۔ اپنی نظر چراغ کی لو پر رکھیں۔
تعداد مکمل ہونے کے بعد فوراً کونڈے کا پانی اپنے سر پر الٹ دیں تاکہ آپ کے کپڑے اور سر اور دیگر جسم کا حصہ فوراً
گیلا ہو جائے۔ کوشش کریں کہ آپ کے جسم کے ہر حصے پر پانی لگ جائے۔ پھول کو اٹھا کر کھا جائیں۔ مٹھائی سات
لڑکیوں کو جو کنواری ہوں کھلا دیں۔ جب آپ کا جسم بھیگ جائے تو پھر آپ اس مقام سے اٹھ کر غسل خانے میں جا کر
کپڑے تبدیل کر لیں مگر پانی تولیہ سے ہرگز خشک نہ کریں ورنہ عمل ناکارہ ہو گا۔ پھر جس جگہ چراغ جل رہا ہے وہاں
آ کر سو جائیں مگر چراغ جلتا رہے گا۔ اب آپ سو جائیں ممکنی دیوی اپنا درشن خواب میں دے گی۔ یہ حاضرات آبی
ہے۔ اسی کونڈے میں پانی بھر کر یا کسی مٹی کے برتن میں پانی بھر کر حاضرات کریں۔ دیوی تمام خبر یں دے گی۔

62-تسخیر موذیہ ناتھ

﴿نِت نَو نَجنُ مُوذیہ ناتھ مِل گیا غیبُو ہو گیا ساتھ﴾

توشہ کالا مرغا جوان۔ اگربتی سلگائیں۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔ 5 عدد گلاب جامن

تعداد 1100 بار

طریقہ نوچندی جمعرات با حصار با پرہیز رات 12 بجے پڑھیں۔ پیشاب کے لئے بڑا ڈبہ رکھیں۔
تعداد ختم کرنے کے بعد حصار سے باہر آئیں۔ عمل 21 دِن تک پڑھیں۔ عہد و پیمان سوچ سمجھ کر کریں۔ موذیہ ناتھ
حاضر ہو کر ہر کام کرے گا۔

63-تسخیر بھیروں ایک روزہ

(چاند گرہن والا)

﴿کالا بھیرُوں کابل کٹ لھو پی کلیجہ چٹ. تن سو ستھو
دیکھاں کالا بھیروں تیرے جنتر منتر کی سَت. جھاں سے
گھلاں تھاں سے لاگے، ھنومان چلن پیادے پھرے باچھ
دیکھاں ھَنومان تیرے منتر جنتر کا تماشہ.﴾

طریقہ چاند گرہن سے پہلے کسی بھی وقت بھینس کے گوبر سے کسی محفوظ جگہ بنائیں اور اوپلہ بھی چُن کر

رکھ آئیں۔ چاند گرہن کے وقت اُن اوپلوں کی آگ جلائیں اور ایک بوتل شراب ہمراہ رکھیں۔ آگ جلتی رہے اور منہ بطرف گرہن رکھیں۔ منتر بالا کو بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ جب چاند چھٹنے لگے تب شراب کو ایک دم پلٹ کر چلے آئیں۔ پیچھے مڑکر ہرگز نہ دیکھیں۔ چُپ چاپ آکر سو جائیں۔ بھیروں رات کو خواب میں حاضر ہوگا اور جو پوچھیں گے رات کو ہی خواب میں یا جاگتے ہوئے جواب دیا کرے گا۔ لاجواب و سچا عمل ہے۔ قابلِ قدر تحفہ ہے۔

64- حاضرات عبدالقاہر عامل

عبارت عمل ﴿یا عبدالقاہر عامل حاضر شو بحق ق ق ق ق ق ق ق و بحق جیت﴾

طریقہ زکوٰۃ یہ حاضرات بہت زود اثر اور بے خطا ہے۔ ایک زبردست عامل اس حاضرات میں حاضر ہو کر ہر قسم کی درست معلومات عامل کو فراہم کرتا ہے۔ یہ عامل کے رُوبرو حاضر بھی ہو سکتا ہے۔ جس کا طریقہ مخصوص ہے۔ یہ جلالی حاضرات ہے۔ بروز اتوار دن کے ساڑھے گیارہ بجے فتیلہ روشن کریں۔ سرخ پھول تھوڑے سامنے رکھیں۔ سات رنگ کی مٹھائی بھی ہو۔ اب عبارت عمل کو لاتعداد پڑھنا شروع کر دیں۔ نگاہ فتیلہ پر ہو۔ قبلہ رُد ہو۔ بخور لوبان' کافور اور لونگ کا روشن کریں۔ فتیلہ کا کاجل حاصل کریں۔ جب فتیلہ جل کر تمام ہو پڑھائی ختم کریں اور کاجل ٹھنڈا ہونے پر نکالیں۔ نیاز شیرینی پھول پر دیں۔ اب آپ اس کے عامل ہیں۔ پہلے طفل نابالغ پر حاضرات کریں۔ کچھ عرصہ بعد بڑوں پر بھی چلے گی۔ ناخن انگوٹھا پر کاجل کی سیاہی لگا کر عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ دس پندرہ منٹ میں حاضرات کھل جائے گی۔

65-حاضرات تسخیر گنیش دیوتا

اُوم گنپتی نمہ

طریقہ نوچندی اتوار بائیس مالا روزانہ 40 یوم رات بارہ بجے پڑھیں۔ با پرہیز عمل کریں۔

توشہ سوا پاؤ گندم کا آٹا۔ گڑ پرانا سیاہ سوا پاؤ۔ سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اوپر سرخ دھاگہ لپیٹ دیں اور چڑھاوا چڑھائیں اور بولیں کہ۔

اے گنیش دیوتا یہ تیرا توشہ ہے اسے قبول فرما اور میرا کام کر۔

روزانہ اسی طرح 40 یوم تک توشہ رکھیں۔ چالیسویں یوم حاضری ہوگی عہد و پیمان کریں۔ اس کا عامل لاکھوں میں کھیلتا ہے اور دولت اس کے پاس ہر وقت رہتی ہے۔

67-حاضرات الحُب (موہنی منتر)

حُب عمل کالی

طریقہ جس وقت سورج گرہن لگے یا جس دن دیوالی ہو تو غسل کر کے پاک کچی زمین پر بیٹھ کر مندرجہ ذیل عمل کو 41 مرتبہ پڑھیں اور شراب پر دَم کریں اور اس شراب کو دھار باندھ کر زمین پر گرائیں۔ اگر عمل شراب پر نہ کرنا چاہیں تو اکیس عدد لونگ لیں اور ہر لونگ پر علیحدہ علیحدہ اکیس بار عمل پڑھ کر دَم کر کے لونگ کو آگ میں جلائیں۔ ہر لونگ کے ساتھ ایک ایک قطرہ شراب کا آگ پر ڈالیں۔ بس اب آپ عامل ہوگئے۔ اب جب بھی ضرورت پیش آئے تو اس منتر کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر کسی چیز پر دَم کریں اور مطلوب کو کھلا دیں۔ دَم بھر میں دیوانہ وار قدموں میں آ جائے گا اور عمر بھر جدا نہ ہوگا۔ جب عمل پڑھیں تو (جس کو ہم چاہیں) اس کی جگہ نام مطلوب مع والدہ لیں۔ اب آپ اس عمل کے صرف ایک سال کے لئے عامل ہوں گے۔ ایک سال کے بعد پھر عمل دوبارہ پڑھنا پڑے گا۔ عمل یہ ہے۔

کالی کالی مہاں کالی۔ برہما کی بیٹی۔ اندر کی سالی۔ مدھو پاس پئے اُدھاری۔ ایت گن تیرو کارن دھاری۔ بان بٹھاواں۔ بھیروں کے پاس۔ تیرا گن بھولے میرا گن لاگے۔ کانپور کی جوگنی۔ بنارس کی تیلنی۔ چوکا نند کی سندری۔ تینوں اک تھاؤں ہو کے بار بار باندھن۔ کلیجہ باندھ۔ کالی کپاؤ باندھ۔ پاربتی سب گھٹ باندھ۔ گورکھ جتی۔ گورکھ جتی۔ جے پور سنگھنی دوارے جائے۔ تیار ہو بیٹھے۔ سنگ ہونے کے گورو گیان دھیان (جس کو ہم چاہیں) اس کو جاپ لے بیٹھے (آزمودہ است)۔

68-حاضرات الحب (موهنی منتر)

کل کلمہ تیر تیرہ سو جوگنی باندھوں۔ نو سو باندھوں ویر۔ آس باندھوں پاس باندھوں۔ رستہ چلت تریا باندھوں۔ باندھوں سیس کی موہنی۔ موہنی موہنی کرے پکار۔ موہنی جھک کر کرے سلام۔ دوہائی مہادیو گوراپاربتی کی۔

طریقہ دیوالی کی رات منتر بالا کو 303 بار روزانہ سات یوم تک پڑھیں۔ اگربتی (دھوپ) جلائے۔

توشہ 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔ توشہ روزانہ نیار کھنا ہوگا۔

جس کام کے لئے پڑھا جائے گا وہ کام ہوگا۔ جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو مٹی کی چٹکی پر سات مرتبہ عمل پڑھ کر دَم کرے اور مطلوب کو مارے یا کسی میٹھی چیز پر منتر بالا سات مرتبہ پڑھ کر وہ چیز کھلائے مطلوب فوراً مطیع ہوگا۔ حیرت انگیز عمل ہے۔

69-حاضرات موہنی برائے حب

موہنی جوہنی دونوں بہنیں چل چل بیٹھیں راول جائیں جلتی آگ بجھائیں۔ جلتے منگل کو کری شور۔ بس انتر کھائے۔ ناہر سنگھ کی موہنی تورے مکھ پر چھائے۔

طریقہ ہولی یا دیوالی کی رات 12 بجے 500 بار سات یوم تک پڑھیں۔

توشہ 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔

بخور دھوپ (اگربتی) جلائیں۔ جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو مٹی کی چٹکی پر سات بار یا گیارہ بار عمل پڑھ کر دَم کریں اور ماریں یا کسی میٹھی چیز یا سفید الائچی پر پڑھ کر دَم کریں اور مطلوب کو کھلائیں۔ جو شخص بھی کھائے گا مطیع و فرمانبردار ہوگا اور آپ کے ہر اشارے پر سر تسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے۔

70-حاضرات موہنی برائے حب

جل باندھوں سنتھل باندھوں۔ نرناری سب کو چھوڑ ہمارے پاس آئے نہ آئے تو اگن بان سینہ پر کھائے۔ یہ سونہ مانے تو ہنومان بھیروں کی دوہائی۔ پھرے منتر بھیروں جی تمہارا اوچہ پھرے

طریقہ ہولی یا دیوالی کی رات ایک ہزار بار پڑھ کر سرمہ پر دَم کر کے رکھ لے۔ صرف ایک روزہ عمل ہے۔ جس کے پاس بھی سرمہ لگا کر جائے گا وہ مسخر ہوگا۔

71-حاضرات الحب تسخیر موہنی دیوی

﴿موہنی موہنی میں پکاروں موہنی تیرا نام۔
بھری سبھا کے بیچ دیکھوں موہنی تیرا کام۔
چل موہنی راجہ اِندر کے اکھاڑے کی رانی۔ موہنی حاضر شو﴾

طریقہ نوچندی سنیچر یا نوچندی اتوار 707 دفعہ 21 یوم رات 12 بجے عمل پڑھیں۔

توشہ 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔ ایک عدد گیندے کا ہار۔ توشہ روزانہ نیا رکھنا ہوگا اور ہر روز رکھنا ہوگا۔

بخور دھوپ (اگربتی) کا جلائیں۔

72-حاضرات الحب موہنی منتر

﴿تیل تیل مہا تیل۔ دیکھوں ری موہنی تیرا کھیل۔ لونگ لونگا لونگا۔ بیر ایک لونگ میری آتی پاتی۔ دوسری لونگ دکھائے چھاتی۔ روٹھی کو منالائے۔ بیٹھی کو اٹھالائے۔ سوتی کو جگالائے۔ چلتی پھرتی کو لوالائے۔ آکاس کی جوگنی پتال کا سدھ۔ فلاں بن فلاں کو لاگ لاگ ری موہنی تجھے بھیروں کی آن﴾

ترکیب عمل نوچندی اتوار کی رات 12 بجے عمل پڑھیں۔ دو لونگ ثابت کلاہ دار اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ 41 بار عمل پڑھ کر لونگوں پر دم کریں۔

بخور دھوپ (اگربتی) کی دھونی دیں۔ اپلے کی آگ جلائیں۔ چراغ سرسوں کے تیل کا جلائیں۔ عمل نوچندی اتوار سے شروع کریں اور ہفتہ کی رات ختم کریں یعنی سات دن تک پڑھیں۔

توشہ 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔

جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو دونوں لونگ اس شخص کی پشت پر ماریں۔ انشاء اللہ وہ شخص مطیع و فرمانبردار ہوگا اور آپ کے ہر اشارے پر سر تسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے۔

73-فرید الجان کو حاضر کرنا

ریاضت کے ساتھ تین روزے رکھیں۔ پھر صبح وشام 1000 بار قسم پڑھیں۔ تیسرے دن یہ قسم تنہائی میں 1000 بار پڑھیں۔ ایک خوبصورت شخص ظاہر ہوگا۔ وہ سلام کرے گا تو سلام کا جواب دینا۔ حسب طاقت

معاہدہ کریں۔ وہ مومن ہوگا۔قسم یہ ہے

﴿الوش الوش. تقاروش تقاروش. العرش العرش.﴾

ہر 100 کے بعد یہ کہیں۔ اُحْضُرُوْ یَا فَرِیْد الجَان.

74-حمامته بنت الملک داغر

یہ طلسم کتان کے نیلے رنگ کے ٹکڑے پر لکھیں اور جب تک چراغ جلتا رہے پڑھتے رہیں۔

بخور مقل ازرق۔صندل۔احمر۔عود۔قمازی۔سندرس۔لوبان وکزبرة

اور عزیمت ایک ہزار بار پڑھیں۔ جب تعداد پوری ہوجائے تو چراغ بجھا کر سو جائیں۔موکل نیند میں آکر حاضر ہوگا۔جو کام کہیں گے وہ کرے گا۔عزیمت یہ ہے

﴿اطقطقوش. اطقطقوش. مهميكوش. مهميكوش. ميططوش. ميططوش. مقطوس. مقطوس. احضری ایّها الملكة حمامته بنت الملک داغر واحذ مینی فی کل اریده والاصراف﴾ سورۂ اخلاص تین بار۔سورۂ فاتحہ ایک بار۔اور آخر میں ﴿لام لام انصرنی بسلام.﴾

یہ نقش انار کے درخت میں باندھیں۔ پھر رات کو یہ قسم پڑھیں تو موکل حاضر ہوگا۔موکل کالے کتے یا کالی بلی کی صورت میں ہوگا۔ایک بار

﴿بخ بخ لاخ لاخ لخ لخ انصرف یا مهیمن بحلب كذا الیٰ كذا بارک اللّٰہ فیکم و علیکم والزالزلۃ اشتاتا.﴾

وہ اللہ کے حکم سے آپ کی ہر حاجت پوری کرے گا۔

بخور جاوتری۔لوبان۔خشک دھنیا کا جلائیں۔

75-تسخیر لچھیا (3 یوم)

طریقہ عمل اس عمل تسخیر میں کامیابی صرف اور صرف اپنی قوتِ ارادی اور توشۂ عمل واجازت لینے پر ہی ممکن ہے۔

عمل ﴿کنکا صبر صبر۔ آگنکا نھنکا۔ گرو نے یاد کیا۔ گرو کا کاج کیا۔ ہر دل سے بسے لچھیا بِحَقِ لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہ﴾

توشہ پھول۔ ہار گلاب+چنبیلی کا۔ عطر۔ کنگھی۔ تیل چنبیلی۔ بتی۔ سرمہ۔ سیندور۔ مٹھائی۔ بھنے ہوئے چنے کالے۔ایک نیا رومال۔

بخور لوبان اور گوگل کا سلگائیں

طریقہ عمل نوچندی ہفتہ یا منگل رات **12** بجے شروع کریں۔ منہ شمال مشرق کی طرف رکھیں اور روزانہ **1440** مرتبہ **3** یوم بلا ناغہ وقتِ مقررہ پر پڑھیں۔ روزانہ سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ آخری یوم لچھیا حاضر ہوگی۔ عہد و پیمان کرلیں۔ شرائط کے مطابق ہر کام کرے گی۔

نوٹ اس عمل کی اجازت لینا لازمی ہے۔ ضروری تاکید ہے۔

76-تسخیر دیوی

﴿اُوم سَرُوُ کاریہ سِدھیئے شانتی دِیوِیئے نمہ﴾

طریقہ: پیپل کا بڑا پودا لاکر عمل پڑھتے وقت اپنے سامنے رکھیں۔ منہ شمال یا مشرق کی طرف کرکے عمل بالا کو **1008** بار نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر کو **21** یوم تک پڑھیں۔ دیوی حاضر ہوکر ہر کام لمحہ بھر میں کرے گی۔

توشہ: سات قسم کی مٹھائی، سیندور، مصری، سرمہ، عطر حنا کی شیشی، چنبیلی کے تیل کی شیشی، ساڑھی سرخ رنگ کی اپنے سامنے رکھیں۔ روزانہ دورانِ عمل اصلی گھی کا چراغ ضرور جلائیں۔

خصوصی نوٹ: واضح رہے کہ 'تسخیر روحانیات' کے کسی بھی عمل کے لیے تین چلہ کو مدنظر رکھنا چاہیئے۔ اگر ناکامی ہو تو عامل کو جان لینا چاہیئے کہ اس میں قوتِ تسخیر روحانیت نہیں ہے اور اس کی فطرت وقسمت میں مادۂ تسخیر موجود نہیں ہے۔ لیکن اگر دورانِ عمل شواہد ملیں جو عمل کے بااثر ہونے پر دلالت کریں تو عمل جاری رکھنا چاہیئے۔

77-الحب

چراغ کے اُوپر باہر سورۂ ہمزہ (پارہ ۳۰) لکھیں۔

بخور جاوتری ولوبان کا جلائیں۔ پھر یہ لکھیں:

﴿یاقش بجلجمیش جلمیش ہیوش مہوش معترقش مہرقش عجل ایھا الملک جرنوش و ہیج و الف قلب کذا و کذا اِلی

کذا و کذا بحق ھٰذا الاسماء ویل کُلَّ۔

اورمندرجہ بالاعزیمت بھی 101 بار پڑھیں یاقش بجلجمیش آخرتک۔

78-حاضراتِ سفلی پرائزبانڈز' ریس' سٹہ و دیگر بین الاقوامی لاٹریاں

یہ حاضرات کسی جادو سے کم نہیں کیونکہ ریس وسٹہ' پرائز بانڈز اور لاٹریوں کے اعمال حاصل کرنے اور اس کی جستجو میں لوگوں کی عمریں بیت گئیں مگر گوہر مراد حاصل نہ کر سکے۔ان لوگوں کے لئے یہ حاضرات کسی خزانہ سے کم نہیں۔طریقہ ولوازمات درج ذیل ہیں:

ایک سفید گتہ پر مندرجہ ذیل نقش بنائیں اور سیاہ دائرہ میں عطر لگائیں۔حاضرات کرنے سے پہلے چند عدد گلاب کے پھول' بھُنے ہوئے کالے چنے ایک چھٹانک' ریوڑیاں یا گڑ ایک چھٹانک اور تھوڑی سی شراب ایک پیالہ میں رکھیں۔حاضرات ٹھیک دن کے بارہ بجے کریں تو بہتر ہے۔بخور۔لوبان اور گوگل کا جلائیں۔

اگر نقش پر بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی اُنگلی سے شراب لگا دی جائے تو نقش میں مقناطیسی و جادوئی طاقت آجاتی ہے۔نقش پر شراب لگانے کے بعد عامل بچے کو نقش کے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہے اور مندرجہ ذیل عبارت 108 مرتبہ پڑھ کر بچے اور نقش پر دَم کرے۔

عبارت یہ ھے سِین یٰسین عزازیل شیطان فلاں گھڑیا کی ڈبل یا فلاں بانڈ کا نمبر یا فلاں لاٹری کا نمبربتا. تجھے قسم ھے دریائے نِیل کی جو میرا کام نہ کرے تو آدمؑ کو سجدہ کرے۔

تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کھل جائے گی۔پھر آپ بچہ کے توسط سے نمبرز وغیرہ پوچھیں اور اپنا مطلب و دِلی مراد حاصل کریں۔فیض پانے پر تھوڑا سا حصہ صدقہ وخیرات ضرور کریں۔اُمید واثق ہے کہ شائقین انعامی بانڈز وسٹہ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات انعام پانے پر خوشی سے ناچیں وجھومیں گے۔حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

کُلُّمْ شَیطَانِ الرَّجِیم

اِبلیس	ھامہ
ھیم	لاقیسَ

☆☆☆ علاج بذریعہ حاضرات ☆☆☆

1- حاضرات

﴿آیت الکرسی دل قرآن - چودہ طبق پہ تو رحمن - آیت الکرسی دل ہزاری - یَا مُحَمَّدٌ رَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ تیری سواری - لنکا کا کوٹ سمندر کی کھائی - یَا حَضْرَتْ سُلَیْمَانْ پیغمبر تیری دُھائی بِحَقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلَ اللّٰہ﴾

طریقہ عروج ماہ نوچندی جمعرات اس عمل کی زکوۃ باپرہیز روزانہ 313 بار 21 یوم پڑھیں - پھر عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کریں تا کہ عمل قابو میں رہے - جب بھی حاضرات کا مشاہدہ کرنا ہو تو کسی نابالغ بچے کو نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر اور اس پر عطر لگا کر اس کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر یا ہتھیلی پر کاجل لگا کر مذکورہ بالا کلمات گیارہ مرتبہ پڑھ کر اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھ کر بچے پر پھونکیں - فی الفور حاضرات کا نزول ہو گا - بچے کے ذریعے ہر سوال کا جواب تسلی بخش حاصل کریں -

نوٹ اگر جن بھوت اتارنا ہو تو لیلۃ القدر کی رات 313 مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت بعد از نماز عشاء پڑھیں - بعدہٗ سات مرتبہ مریض کو پانی پر دم کر کے پانی پلائیں اور چھینٹے بھی ماریں - فی الفور جن بھوت اتر جائے گا - انشاءاللہ تعالیٰ -

2- حاضرات برائے شفائے امراض

(نایاب عمل)

(جنات کے امراض وسحر جادو کے اثرات ختم کرنا)

﴿سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ﴾

طریقہ سب سے پہلے اس آیت مبارکہ کی زکوۃ ادا کریں - روزانہ باپرہیز عروج ماہ نوچندی جمعرات اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور روزانہ 818 مرتبہ 21 یوم پڑھیں - عامل ہو جائیں گے - عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 101 مرتبہ پڑھ لیا کریں - اب جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مریض کو غسل کرائیں اور باوضو ہو کر، عطر لگا کر اپنے سامنے بٹھائیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کر لے - جب تک میں نہ کہوں آنکھیں نہیں کھولنا - پھر مریض پر درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر مندرجہ بالا آیت کی تکرار برابر کرتے ہیں - اس کے بعد سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ بِحَقِ یَا شَافِیْ پڑھ کر مریض پر دم

کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد مریض کی بند آنکھوں میں روشنی نظر آئے گی۔ جب روشنی نظر آئے تو مریض کو کہیں کہ روشنی پر اپنی توجہ مرکوز کردے۔ عامل یعنی آپ برابر سَلامٌ قَولاً مِّن رَّبٍ رَّحِیم بِحَقِّ یَا شَافِی پڑھتے رہیں۔ روشنیاں مریض کے تمام بدن میں دورہ کریں گی اور حسب منشاء ہر قسم کے برے اثرات کو ہمیشہ کے لئے ختم کردیں گی۔ اس عمل سے آپ یعنی عامل عمل تقویم سے مریض کو سلا کر عجیب وغریب قسم کے حالات اور واقعات سے آگاہی حاصل کرسکتا ہے لیکن یہ طریقہ اختیار کرنے کے لئے عامل کو تجربہ کار ہونا چاہیئے ورنہ مریض کی سیلانی روح کو دوسرا عامل قبضہ میں کرسکتا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ وہی عامل اختیار کرے جو اس عمل کے اسرار و رموز سے واقف ہو اور روح کو واپس بلانے کا طریقہ بخوبی جانتا ہو۔ غرض اس حاضرات سے عامل اپنی عقل سے کام لے کر ہر طرح کے برے اثرات ختم کرسکتا ہے۔ دیگر جنات اور دوسری مخلوق چڑیل وارواح خبیثہ کو قبضہ میں بھی کرسکتا ہے اور ان کی حاضری بھی کرسکتا ہے۔ یہ عامل کی صوابدید و دانشمندی و عقل و تجربہ پر منحصر ہے کہ وہ کونسا طریقہ اپنے لئے اختیار کرتا ہے۔ احقر کی طرف سے عام اجازت ہے۔

3-حاضرات

(آسیب جنات نکالنے' جلانے کا نایاب عمل)

طریقہ اول شرینی پر فاتحہ حضور خواجہ معین الدین چشتی" کی آدھ کلو برفی پر دلائیں۔
پھر یہ عزیمت لکھیں۔

﴿بسوختم دیواں و پریاں و جنیاں و بھوتاں و عفریتاں و کفتاراں و جادوگراں و بان ہائی و بیر ہائی و جوگنیاں و نہ کردہ و بازو سیلہ و کنب و سردرد و سوزش و شیاطین الجن والانس وکلیمانس و ہر آفتے و ہر بلائے درجان و تن و استخوان (اس جگہ مریض کا نام مع والدہ لکھیں) باشد دریں فتیلہ چراغ حاضر آمدہ بند شود و بسوزد﴾

اسے باوضو سفید کاغذ پر تحریر کرکے پاکیزہ روئی میں لپیٹ کر تیار رکھ لیں۔

ترکیب اول جگہ کو پاکیزہ کمرہ کو خوشبو سے معطر کرے۔ پھر فتیلہ کو آسیب زدہ کے سر پر سے سات بار اتاریں۔ ایک ٹھلیہ کوری اور ایک نیا چراغ تھوڑا سا خالص سرسوں کا تیل اور اس میں پانچ چھ قطرے عمدہ عطر کے ڈالیں اور ایک عدد عطر کی شیشی بھی پاس رکھ لیں۔ مریض اور اس کے ساتھی درود شریف اور کلمہ طیبہ پڑھیں اور کسی سے گفتگو نہ کریں۔ پھر اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض سات مرتبہ پڑھ کر فتیلہ تیل میں تر کرکے روشن کریں اور مریض کو ہدایت کریں کہ وہ صرف چراغ کی لو پر نظر رکھے اور دل میں کلمہ شریف یا درود شریف کا ورد جاری رکھے۔ جب آسیب زدہ کو کچھ نظر آئے تو ڈرے نہیں اور عامل کو بتاتا رہے کہ کون تشریف لایا۔ جب کوئی بزرگ تشریف لائیں

تو ان کا نام پوچھے اور ان کو سلام عرض کرے اور ان کے ذریعے عامل جن کو جلوائے یا چھوڑ دے۔ اس عمل میں آپ اپنے کسی فوت شدہ شخص سے ملاقات بھی بزرگ کے ذریعے کر سکتے ہیں۔ کوئی سوال خلاف شرع نہ کریں۔ مجرب المجرب و نایاب عمل ہے۔

نوٹ یہ عمل بغیر حصار کے بلا خوف و خطر کر سکتے ہیں۔ احقر کی طرف سے عام اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمان وکل مومنین کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ آمین ثم آمین!

4-حاضرات برائے آسیب، جنات و ارواح خبیثہ

۷۸۶

8 / ۱۴۴۱	1 / ۱۴۳۳	6 / ۱۴۳۸
3 / ۱۴۳۵	5 / ۱۴۳۷	7 / ۱۴۴۰
4 / ۱۴۳۶	9 / ۱۴۴۲	2 / ۱۴۳۴

طریقہ تین نقش لکھیں۔ ایک نقش کو پانی میں گھول کر پلا دیں اور ایک نقش مریض کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور ایک نقش اس کے سر پر رکھ دیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کرلے۔ نقش ہاتھ میں پکڑتے ہی مریض چیخنے لگے گا اور مریض کا وجود بھاری ہو جائے گا۔ اور بیہوشی طاری ہو جائے گی۔ اس کے بعد نادعلی یا سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ اگر ایک مرتبہ عمل کرنے سے مریض ٹھیک نہ ہو تو اس عمل کو تین چار بار کریں۔

نوٹ اگر نقش مریض کو پلانے اور ہاتھ میں پکڑانے سے اس کو کچھ بھی محسوس نہ ہو تو سمجھ لیں کہ مریض کو مرض روحانی نہیں بلکہ جسمانی ہے۔

5-حاضرات

طریقہ عامل بروز جمعہ 8 اور 9 کے درمیان غسل کر کے ہرے رنگ کا احرام باندھ لے یا پھر ہرے رنگ کی چادر اوڑھ لے اور اسی رنگ کا تہبند باندھ لے اور ایک پاؤ کھجور، ایک پاؤ چھوارے، ایک پاؤ کشمش، ایک پاؤ بتاشے، ایک پاؤ بھنے ہوئے کالے چنے اور سو گرام زیتون کا تیل اپنے پاس رکھ کر مندرجہ ذیل نقش برائے حاضرات تیار کرے۔ عامل نقش لکھتے وقت قبلہ رو بیٹھے۔ نقش تیار کرنے کے بعد مذکورہ تمام چیزیں خیرات کر دے اور اس کا ثواب آنحضورؐ کے طفیل تمام اہل بیت اور بزرگان چشت کو پہنچا دے۔ جب حاضرات کرنی ہو تو اس عبارت کا عامل ورد کرے۔ عبارت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَا هُوَ يَا عَلِيُّ لِحَاسُ مَحْوُ حَقٌّ سِرُّهٗ﴾

اس کے بعد ایک گول دائرہ بنائیں اور اس گول دائرے میں حاضرات کا کاجل لگائیں اور اس پر خوشبو بھی لگائیں۔ حسب قاعدہ مریض اور بچے کو بٹھا کر حاضرات کریں۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ میں حاضرات کھل جائے گی۔ یہ حاضرات بڑوں پر بھی کی جاسکتی ہے۔ بچوں پر لازماً کھل جاتی ہے۔ حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

لا ھُوَ یَا عَلِیُّ لِحَاسُ

مَحُوْ حَقُّ سِرَّہٗ

6-حاضرات

طریقہ حاضرات والے کاجل سے ایک آئینہ پر گول دائرہ سیاہ رنگ کا بنائیں یا پھر ہرن کی جھلی پر گول دائرہ بنائیں۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو بچے اور مریض کو بٹھائیں اور آئینہ یا جھلی بچے کے ہاتھ میں تھما دیں اور عامل مندرجہ ذیل عزیمت کا ورد اس وقت تک جاری رکھے جب تک حاضرات کھل نہیں جاتی۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ بعد حاضرات کھل جائے گی اور مؤکل حاضر ہو کر عامل کے سوالوں کا جواب دے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ.
جَرْبُوس اَرَادُوس هُبُون بَرتُون سَلْمُوسُ سَلوكَاس الْاَيَار بِحَقِّ
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ حَاضِر شُو حَاضِر شُو حَاضِر شُو﴾

7-حاضرات

مندرجہ ذیل عزیمت لکھ کر کانچ کے گلاس میں پانی بھر کر ڈال دیں اور مریض اور بچے کو حسب قاعدہ بٹھا کر عامل مندرجہ ذیل عزیمت کا ورد شروع کرے۔ انشاء اللہ گلاس میں حاضرات ہو گی اور جو بھی سوال کرو گے اس کا جواب بچے کے کان میں آئے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ . یَا لَطِیْفُ اَلْطَفُ مِنْ کُلِّ لَطِیْفٍ یَا
کَرِیْمُ اَکْرَمُ مِنْ کُلِّ کَرِیْمٍ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا مَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ
یَا سَلَامُ اَسْلَمُ مِنْ کُلِّ سَلَامٍ.﴾

8-حاضرات

طریقہ یہ حاضرات بہت ہی آسان ہے اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ بڑوں پر بھی ہوتی ہے۔ بڑوں کو بھی اس حاضرات میں نظر آتا ہے اور مؤکلین بڑوں سے بھی بات کرتے ہیں۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور روزانہ یہ عزیمت 81 بار 21 دن تک پڑھیں۔

﴿یَا کَامِلُ اَکْمَلُ کَمَالُ یَا کَامِلُ حاضر شو یَا حذورائِیلُ بِحَقِّ کَامِلُ کَامِلُ خَلِیفَه حاضر شو﴾

حاضرات کے لئے نقش جمعہ کے دن نیک ساعت میں تیار کریں اور بوقت حاضرات مریض کے ہاتھ میں تھما دیں اور عامل مذکورہ عزیمت 21 بار پڑھیں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

کامل ٧٨٦ کامل

٣١	٢٦	٣٤
٣٣	■	٢٨
٢٧	٣٥	٢٩

کامل کامل

9-حاضرات برائے ارواح خبیثہ

مندرجہ ذیل حاضرات خاص طور پر آسیبی اثرات میں مبتلا مریضوں کے لئے کی جاتی ہے۔ ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش بنائیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اس نقش کی طرف دیکھے اور عامل اپنے اوپر سورۂ فلق سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ مریض کو مؤکل نظر آئیں گے اور عامل کی ہر بات کا جواب مریض کی معرفت دیں گے۔

نقش درج ذیل ہے۔

الخبیثات الخبیثات للخبیثین للخبیثین
هرچه در وجود فلان ابن فلان موجوده است درین نقش حاضر شو. و خاکستر شود. او دفع شود

اگر مریض کو اثرات جلتے ہوئے دکھائی دیں تو سمجھ لیں کہ اثرات باطل ہو گئے ہیں ورنہ وہ حاضر ہو کر آئندہ نہ آنے کا وعدہ کر کے دفع ہو جائیں گے۔

10-حاضرات سورۂ مزمل

عامل روزانہ بعد نماز عشاء سورۂ مزمل 21 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ 41 ویں دن بچوں کو شیرینی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد عامل سورۂ مزمل کا نقش جمعہ کے دن نیک ساعت میں تیار کر کے رکھ لے اور جب حاضرات کرنی ہو تو حسب قاعدہ حاضرات کا اہتمام کرے اور عامل سورۂ مزمل کو عزیمت کے ساتھ پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہو گا اور سورۂ مزمل کے مؤکل حاضر ہو کر حکم کی تعمیل کریں گے اور مریض کے اوپر چڑھے ہوئے اثرات کو زائل کرنے میں باذاللہ عامل کی مدد کریں گے۔ عزیمت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم . اَجِبْ یَا رَوقیائیلُ یَا طاطائیلُ یَا شُرفائیلُ یَا رفتمائیلُ بِحَقِّ یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیلَ اِلَّا قَلِیْلاً (ختم سورۃ تک پڑھیں) سورۃ ختم ہونے کے بعد قرآن مجید کی یہ آیت بھی پڑھیں۔

﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوْا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ . وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْ یَعلَمُونَ النَّاسَ السِّحَر . بوَسِیلَہ خدا و رسول خدا صلّی اللّٰہ علیہ وَسَلّم حاضر شو حاضر حاضر شو﴾. نقش درج ذیل ہے۔

٧٨٦

اعوز باللہ من الشیطن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٧ ٧ ع ٨ ٨ ز ز ه

ـــــــــــــــــــــــلہ

٩٩١١١٠١٠١٠٩٦٠١١٩

ـــــــــــــــــــــــلہ

واتبعو ماتتلو الشیاطین علی ملک سلیمٰن وما کفر سلیمٰن

ولکن شیاطین کفروا یعلمون الناس السحر

شاہ بکتانوش را اعلم انکہ بدیدی ایں رقعہ بوسیلہ

خدا و رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم آمدہ حاضر شود

11- حاضرات برائے سحر و جادو

یہ حاضرات مخفی علوم اور پر اسرار قوت کا شاہکار ہے۔ سحر و جادو کی حاضری کے لئے ایک نادر تحفہ ہے۔ اگر سچ پوچھا جائے تو یہ حاضرات لاکھوں روپے میں بھی سستی ہے۔ اس عمل کی سب سے بڑی خصوصیت و خوبی یہ ہے کہ اس میں کسی چلہ اور زکوٰۃ کی ضرورت نہیں۔ یہ بغیر زکوٰۃ کے بھی کار آمد ہے۔ ہاں البتہ عامل کا صحت مند ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ عامل کی قوت ارادی مستحکم و مضبوط ہو اور اس کے خیالات مستحکم ہوں۔ اس عمل میں جب عامل دوران عمل طلسم کا ورد شروع کرتا ہے تو جادو اور سحر جل کر اور بھسم ہو کر مریض کے جسم سے خاکِ مسان کی صورت میں خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ دیکھنے والوں کو حیرت ہوتی ہے اور مریض چند ہی منٹوں میں سفلی جادو کی نحوست سے پاک و صاف ہو جاتا ہے۔ اس عمل میں سب سے پہلے عامل ایک طلسم پڑھ کر مریض کو سلا دیتا ہے اور دوسرے لفظوں میں اس کو آپ بیہوش ہونا کہہ سکتے ہیں۔ عامل کو چاہیئے کہ بے ہوشی طاری کرنے والی عبارت پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ حصار والی عزیمت پڑھ کر اپنا حصار کر لے۔ اس کے بعد بے ہوش کرنے والی عبارت 110 مرتبہ پڑھ کر مریض کے اوپر سر سے پاؤں تک پھونک مارے۔ اس وقت مریض کو ایسا محسوس ہو گا جیسے اس کو بخار چڑھ رہا ہے۔ اس کا جسم کانپنے لگے گا اور تھوڑی ہی دیر کے بعد مریض بیہوش ہو جائے گا۔ اس کے بعد عامل جب اس کو اس کا نام لے کر پکارے گا تو وہ اس طرح بولے گا جس طرح باہوش لوگ بولتے ہیں۔ وہ عامل کے ہر سوال کا جواب دے گا۔ حالانکہ بظاہر وہ بے ہوش ہو گا۔ عامل اس سے پوچھ سکتا ہے کہ یہ جادو کس طرح کا ہے؟ جادو کس نے کرایا ہے؟ جادو کرنے والے کا نام و پتہ کیا ہے؟ جادو کی مدت کتنی ہے؟ جادو کو باطل کرنے کا طریقہ کیا ہو گا؟ اس طرح تمام معلومات حاصل کرنے کے بعد عامل ہوش میں آنے والی عزیمت تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے تو مریض ہوش میں آ جائے گا۔ عامل مریض کو ہوش میں لانے کے بعد اس کو اپنے سامنے کھڑا کر دے اور ایک چھری پر ذیل کا عمل تین تین مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرے۔ پھر اس چھری کو مریض کے سر سے پیر کی طرف اتارے اور زمین پر ایک لکیر سامنے سے اپنی طرف کو کھینچے۔ اس طرح تین لکیریں برابر کھینچ دے۔ اس کے بعد اس طرح عمل پڑھ کر تین لکیریں بائیں سے دائیں طرف کو ان ہی لکیروں پر کھینچ دے۔ اس وقت مریض کے جسم سے بدبودار خاک مسان کی طرح گرم گرم خاک نکلنی شروع ہو گی۔ جب یہ خاک ٹھنڈی ہو جائے تو اس کو اٹھا کر کسی کپڑے میں پوٹلی باندھ کر کسی دریا / سمندر یا بہتے پانی میں بہا دے۔ یہ عمل بہت ہی طاقتور ہے۔ اس کی قدر کرنی چاہیئے اور نا اہلوں سے چھپانا چاہیئے۔ شائقین حاضرات و مبتدی حضرات پوری طرح اس عمل کو بار بار پڑھ پڑھ کر و سمجھ کر اس کی شروعات کریں۔ عمل حصار کی عزیمت درج ذیل ہے۔

هُوَ یَا قِدًا یوقًا قَاهِدًا هُوَ قَبِهَایَا قًا یَوطَسمًا قَایَاهَا سَاخَسیًا سَاهَا سَمعًا هَطَا عَمسًا کَهَا لِیجًا هَامَاهَمَا یَا هَا لِیخًا یَامَالِیقًا یَا هَا لِیخًا یَا هَا حَبسًا

اَھَاحَمَا طَلمَاھَا مَحَا مَلگَا ھَمیکاً طَمِبھاً ھَمطَتَا مَشھَطاً وَ اَسُوعاً شَاھِیماً عَاسُوعاً شَامِھاً ھُوماً ذَابُوھاً ذَامُوھاً ھَوِیدًا رَوِیدًا﴾

سحر و جادو کو مریض پر حاضر کرنے اور مریض کو بیہوش کرنے والی عزیمت یہ ہے۔

﴿کَشعاً کَشگعُوشاً کَشطاً کَشگعُوطاً طَشکا طَشکُوشا کَشوطَاشا کَشُوعَا کَھیا عَصَایَاھَیَا کَعصَا سیُّوحاھیطُوحاجَھَا لاسِ کَسطَسطَا اَھطَاطِ ھَیفطَا اَحطَینَا حَمِینَا قُطُوشِ لَیُوسِ زَیدُوحَایدُوحَا یومَا سَاطَالُومَا سَادِیمُوسَاھَا قَیُّومَاسَا﴾

مریض کو بیدار کرنے والی عزیمت یہ ہے۔

﴿ھَقَا ھَلقَلھَا تَاھَلھَا یَابَریَا اَوصَل صَایَا صَومَابِھَا طَیفِ طِیعًا اَسمَا طُونَا اَطوَانَا ھَگش یُوکَش فَاھیَا رَوشِ دَوس دَوش شَفُومِ مَھیُومِ فَقُوسِ عَلشَا فَش فَاھَیُوش عَلاقُونِ کَونَا قَاقَرِیعًا سَرِیعًا﴾

عامل اس عمل کے لئے کسی پرسکون وخلوت کی جگہ کا بندوبست کرے اور سورج غروب ہونے کے بعد ہی اس عمل کو انجام دے۔ دوران عمل لوبان اور اگربتی وغیرہ جلائے اور عمل کے بعد حسب توفیق صدقہ ادا کرے۔ مریض کے جسم سے جو خاک برآمد ہو۔ اس کو 6 گھنٹے کے اندر اندر کسی دریا / سمندر وغیرہ میں ڈال دے۔ عمل سے فارغ ہونے کے بعد عامل کو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل آیات قرآنی ایک تعویذ کی شکل میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈلوا دے۔

آیات یہ ہیں۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. بِسْمِ اللّٰه وَبِاللّٰه بِسْمِ اللّٰه وَمَاشَاءَ اللّٰه بِسْمِ اللّٰه لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْم. قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحر اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰه لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْن. وَ يُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَو كَرِهَ الْمُجْرِمُون. فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُون. فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِيْن﴾

12- حاضرات برائے جن آسیب و ارواح خبیثہ

جمعہ کی رات کو سرسوں کے تیل پر "یَا قَھَّارُ یَا جَبَّارُ" ایک ہزار ایک (1001) مرتبہ باوضو پڑھیں

اور تیل پر پھونک ماریں (یعنی دَم کریں) پھر وہ تیل کسی کورے مٹی کے نئے چراغ میں ڈال کر جلائیں۔ چراغ ایسا ہو جس پر پانی نہ لگا ہو اور چراغ میں جلانے کے لیے روئی بھی نئی ہو۔

مریض یا مریضہ کو چراغ جلا کر چراغ کے قریب بٹھائیں اور مریض کو کہیں کہ چراغ کی لَو کو غور سے دیکھتا رہے۔ اگر مریض کے دونوں کانوں میں تیل کا ایک ایک قطرہ ڈال دیں تو نُورٌ عَلٰی نُوْر ہے۔ تھوڑی ہی دیر میں مریض پر جن یا آسیب یا جو بھی ارواحِ خبیثہ ہوں گی وہ جل جائیں گی۔ کیونکہ جاندار شے کا جلانا جائز نہیں اس لئے پہلے زور سے تین مرتبہ آواز لگائیں کہ اس مرد یا عورت پر جو بھی چیز مسلط ہے وہ اس کو چھوڑ کر چلا جائے۔ نہایت ہی عجیب قیمتی ومفید عمل ہے۔ کبھی خطا ہی نہیں کرتا۔ سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

13- آسیب جلانے کا نقش

۷۸۶

۱۰۲	۱۰۳	۱۰۵
۱۰۳	۱۰۵	۱۰۲
۱۰۵	۱۰۲	۱۰۳

جن۔ بھوت۔ ارواحِ خبیثہ خاکستر شود

طریقہ جس کسی پر جنات، بھوت، چڑیل، شیطان یا کسی بھی ارواح خبیثہ کا اثر ہو تو عامل کو چاہیئے کہ مندرجہ بالا نقش لکھ کر اس کے سر پر اور تمام جسم پر مل کر آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ اثر فی الفور ختم ہو جائے گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

14- آسیب، اثر جادو اور ارواح خبیثہ نکالنے کا نایاب و بے مثل عمل

یہ وہ نایاب و بے مثل حاضرات ہے جس کی تلاش میں دنیا سرگرداں رہتی ہے۔ اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی اور لطف کی بات یہ ہے کہ یہ حاضرات بغیر چلہ و زکوٰۃ کے کام کرتی ہے۔ حاضرات میں سرتاج وچوٹی کا عمل ہے۔ یہ عمل حاضرات احقر کے معمولات میں سے ہے۔ یہ عمل آپ لاکھوں روپے میں بھی حاصل نہیں کر سکتے۔ یہاں احقر نے بلا بخل و بلا لالچ کے عوام الناس کی فلاح و بہبود کے لئے شائع کر دیا ہے تا کہ ہر شخص اس عمل حاضرات سے فائدہ اٹھا سکے۔ یہ ایک قابل قدر تحفہ ہے جس سے آپ یقیناً فائدہ اٹھائیں گے اور خلق خدا کو بھی ضرور فیض پہنچائیں گے۔ عمل یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ قُلْ قُلْ قُلْ . كَافِرُوْن . كَافِرُوْن . كَافِرُوْن . كَافِرُوْن هُوَاللّٰه . هُوَاللّٰه . هُوَاللّٰه . فَلَقْ . فَلَقْ . فَلَقْ . بِرَبِّ النَّاسِ . بِرَبِّ النَّاس بِرَبِّ النَّاسِ . اَحَدُ مِنْ هَمْزَاتِ الشَّيطَان اَحَدُ اَحَدُ بِحَقِّ هٰذَالْكَلِمَاتِ الشَّرِيفَته بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ . بِحَقِّ حَضرت سُلیمَان بِنْ دَاؤد عَلَیهِ السَّلَام اُحْضرُوْ اُحْضرُوْ اُحْضرُوْ یَاهٰذَا لْاَرْوَاح ○﴾

طریقہ مندرجہ بالا عمل کو کاغذ پر لکھیں اور مریض کو دکھائیں۔ لکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ کاغذ کے چاروں طرف لکھ کر بیچ میں خالی جگہ چھوڑ دیں۔ اس کے بعد سرسوں زرد رنگ کی جس میں کوئی دوسرے رنگ کا کوئی دانہ ہو لے کر اس پر 15 مرتبہ مندرجہ بالا عمل کو پڑھیں اور دم کر کے مریض کے سر پر دو دو تین تین دانے ڈالیں۔ سر پر سرسوں ڈالتے وقت مریض پر لرزہ طاری ہوگا اور وہ تھرا اٹھے گا۔ جب یہ حالت دیکھو تو اس وقت مریض کی پیشانی کے بال پکڑ کر اس میں گرہ لگا دیں اور پوچھیں کہ تو کون ہے؟ وہ فوراً جواب نہ دے گا۔ اس کے بعد اس عمل کو از سر نو پڑھیں تاکہ دوبارہ اس کے جسم میں لرزہ طاری ہو جائے تو پھر اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر گرہ لگا دیں اور پوچھیں کہ تو کون ہے؟ دوسری مرتبہ بھی جواب نہ دے تو پھر تیسری مرتبہ اسی طرح عمل پڑھیں اور سرسوں کو دم کر کے اس کے سر پر ڈالیں۔ تیسری بار بھی لرزہ آئے گا۔ اس کے بعد ایک پیالہ پانی کا لے کر اس عمل کو اس پانی پر دم کر کے پانی کے چھینٹے اس کے چہرے پر ڈالیں۔ مریض سخت خوف کھائے گا اور ڈر کر جواب دے گا کہ میں فلاں جادو ہوں اور فلاں شخص نے کیا ہے اور فلاں جگہ پر کیا گیا ہے اور فلاں جگہ پر محفوظ ہے۔ پس مریض کے بال کھول دیں اور اس کو غسل دیں۔ اس عمل کو جو کاغذ پر لکھا ہے مریض کے سیدھے بازو پر باندھ دیں۔ جادو کا اثر انشاء اللہ اس سے دور ہو جائے گا اور آئندہ مریض جادو سے محفوظ رہے گا۔

15-عجیب و غریب طلسماتی نایاب حاضرات

دھتورہ کا عرق نکال کر اس عرق سے کوئی سا بھی حاضراتی نقش تیار کریں۔ مثلاً 34 کا مثلث نقش یا 15 کا نقش مثلث لکھیں اور نقش لکھنے کے بعد مندرجہ ذیل عبارت کو 108 بار پڑھ کر نقش پر دم کریں اور جس کو حاضرات دکھانا ہو یعنی معمول پر یہی عبارت 108 بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ معمول ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دے گا۔ عبارت درج ذیل ہے۔

﴿اَجِتْ اَجِتْ سَری سَندُونِی هُمْتَنام یَابُدُّوحْ حاضِر حاضِر حاضِر اُوم هَرینگ هَری سَنگ سُوَاهَا﴾

اس نقش کی برکت سے اگر کسی مریض پر جن' آسیب' بھوت' چڑیل' کا سایہ ہوگا یا کسی اور بدروح یا ارواح خبیثہ کا اثر ہوگا تو وہ بھی حاضر ہو جائیں گے۔ اس صورت میں عامل بذریعہ معمول معلوم کرے کہ وہ اس مریض کو کیسے چھوڑیں گے اور ان کی شرائط پوری کر کے مریض کا پیچھا چھڑوا سکتا ہے اور آئندہ نہ آنے کا قول لے سکتا ہے۔ شائقین حاضرات کے لئے ایک قابل قدر تحفہ ہے۔

16-جن' بھوت' پری' دیو کو حاضر کرنا

ترکیب حاضری مندرجہ ذیل آیت و نقش دونوں کو ساتھ لکھیں اور مریض کے منہ میں دے کر کہیں کہ اسے داڑھ کے نیچے رکھ کر دبائے۔ پہلے دائیں داڑھ کی طرف دبائے پھر بائیں داڑھ میں رکھ کر دبائے۔ جو کچھ بھی حاضر ہوگا فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ يَا اَللّٰه يَا مُحَمَّدُ رَسُوْلُ اللّٰه يَا عَلِیؑ يَا بی بی فاطمہؑ زہرہ . يَا حضرت امام حسینؑ شهيد كربلا يَاسين سورت يَاسين سَيِّد الْمُرسَلِين وَالْقُرآنِ الْحَكِيْمِ صِرَاطَ الْمُسْتَقِيْم٥﴾ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

يَا اللّٰه	يَا اللّٰه	يَا اللّٰه
يَامحمدؐ رسول اللّٰه	يَا محمدؐ رسول اللّٰه	يَا محمدؐ رسول اللّٰه
يَا علیؑ	يَا علیؑ	يَا علیؑ

جن۔ بھوت۔ پری۔ دیو حاضر شو۔

17-عمل نادِ علیؑ برائے حاضری آسیب و ارواح خبیثہ

صرف ایک لفظ (نَادِ عَلِيًا) کا ورد کریں 1066 مرتبہ۔ اول و آخر درود شریف 15-15 مرتبہ درمیان میں 1066 مرتبہ صرف ایک رات (نَادِ عَلِيًا) پڑھیں عامل ہو جائیں گے۔

بوقت ضرورت صرف 11 مرتبہ ورد کریں اور آسیبی' سحری مریض کو پانی دم کر کے پلائیں اور اس پر دم کریں۔ انشاء اللہ کیسا ہی سخت آسیب ہو فوراً دور ہوگا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 70 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ عمل قابو میں رہے گا۔

نوٹ مریض کو نیلے دھاگے پر 11 مرتبہ نادِ علیاً پڑھ کر گرہ لگا کر دم کر کے گلے میں ڈال دیں۔

18-حاضرات برائے تشخیص سحر و آسیب

طریقہ سحر و آسیب کے مریض پر 7 مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر نیلے دھاگے پر پڑھ کر پھونکیں۔ دھاگہ پہلے مریض کے قد سے ناپ لیں اور پھر دم کریں۔ سحر و آسیب ہونے کی صورت میں دھاگہ لازمی بڑھ جائے گا اور جسمانی بیماری ہونے کی صورت میں دھاگہ لازمی چھوٹا ہو جائے گا۔

عزیمت ﴿اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا شَنْشَارَن اَخْبِرُنِیْ بِالْاِسْرَار الْجَلِّی وَ الْحَقِّیُ بِحَقِّ رویاءِ یُوْسُفَ عَلَیْهِ السَّلَامْ وَ بِحُرْمَتِ لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا هُوَ﴾

19-عمل حاضرات

اس عمل حاضرات کی پہلے زکوۃ ادا کریں ورنہ یہ مؤثر ثابت نہیں ہو گی۔ اس کی زکوۃ کا طریقہ یہ ہے۔

طریقہ سب سے پہلے اول درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب روح اقدس جناب مولا علی مشکل کشا اور پیرانِ پیر دستگیرؒ کی ارواحِ مبارکہ کو بخشیں۔ اول و آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پھر عملِ حاضرات کی عبارت 101 یا 110 مرتبہ پڑھیں۔ دن جمعہ عروج ماہ ہو۔ پاس خوشبو جلائیں۔ رجال الغیب کا لحاظ رکھیں اور باحصار پڑھیں۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پڑے تو ایک لڑکا بارہ سال اور لڑکی نیک خصلت 14 سال ہو۔ اپنے سامنے بٹھائیں اور دائیں ہاتھ کی مٹھی بند کر کے انگوٹھے کے ناخن پر یا علیؑ لکھیں اور کافور جلائیں۔ اس کی سیاہی کو عطر میں ملا کر لکھیں اور انگوٹھے پر لگا دیں۔ اور 11 مرتبہ عملِ حاضرات پڑھ کر پھونکیں اور معمول سے معلوم کریں کہ کچھ نظر آیا کہ نہیں۔ اگر انکار کر دے تو ایک مرتبہ اور پڑھ کر دم کر دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔ یہ عملِ حاضرات آسیب کی حاضری اور بیماری میں شفاء کے لئے بھی دم کرتے ہیں۔ بہت مؤثر ہے۔

عبارتِ عمل

۷۸۶

اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ یَا بَدُّ عُ یَا بُدُّوحُ بِحَقِّ سُلَیْمَانْ بِن دَاؤد عَلَیْهِ السَّلَامْ. لَآ اِلٰهَ کی چوکی۔ مُحَمَّدٌ رَسُوْلَ اللّٰه حاضر کر حاضرات۔ سب مُحْکَمْ بَیِّن لا دُهائی پنجتنؑ پاک احمد و غوث الاعظم دستگیرؒ کی۔ (بمعہ آیۃ الکرسی پڑھیں)۔

20-حاضرات تیر بہدف

یہ عمل مجھے رئیس امروہی صاحب مرحوم نے دیا تھا۔ اُن کا کہنا ہے حاضرات کا بہت اچھا عمل ہے اور کامیاب عمل اُن کو ضلع رہتک سے ملا تھا۔ رئیس امروہی صاحب کا کہنا ہے جن مولانا موصوف نے مجھے دیا ہے وہ عامل کامل تھے۔ بڑی بڑی دور تک اُن کی دھوم تھی۔ دیو' پری اور ہر ایک قسم کی بلاؤں' خبیث کے لئے سب کے لئے حاضرات ہوتی ہے۔ جب عامل بنو تو سب سے پہلے حضرت اشرف جہانگیر صاحب کی روح کو شیرینی پر دَم کر کے نیاز کا اُن کو ثواب بخشیں۔ پھر یہ فلیتہ لکھ کر چراغ میں جلائیں۔ سارے کام تیر بہدف ہوں گے۔ فلیتہ یہ ہے

١	٢	٣	۴	۵		
٦٠	٧٠	٨٠	٩٠	١٠٠		[illegible]
بحق اھیا اشراھیا علیقا					ما فی قلوبھم علیقا	
ھا	ھا	ھا	ھا			[illegible]
بحق ملیقا ملیقا طلیقا انت القلع						
۲۳۴۰	۲۳۵۴	۲۳۵۱	۲۳۴۸			
۲۳۵۲	۲۳۴۷	۲۳۴۲	۲۳۵۳			[illegible]
۲۳۴۶	۲۳۴۵	۲۳۵۶	۲۳۴۴			
۲۳۵۵	۲۳۴۴	۲۳۴۵	۲۳۵۰			
چڑیل حری مری مسان مسان بھوت راکھس بھوکس جوگی جوگنی سحر جادو و سوختہ جن پری ام الصبیان۔ دیو خبیث۔ دوارش۔ ہر چہ درد وجود فلاں بن فلاں مریض باشد حاضر شود و حاضر شود و سوختہ گردد و ارفع گردد وزود زود						

21-حاضرات نادِ علیؑ

نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء یا چاند کی گیارہویں تاریخ سے نادِ علیؑ کو **110** مرتبہ اسمِ خود کے اعداد کے مجموعہ کے برابر **3** روز تک پڑھیں۔ اس کے بعد آیۃ الکرسی کے ساتھ ''الٓمٓ'' لگا کر **71** مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر **11-11** مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ دورانِ عمل ایک پیالے میں پانی لے کر اس میں گلاب کا تازہ پھول ڈال کر سامنے رکھیں اور ورد کے دوران پھول پر نظر رکھیں۔ عمل ختم ہونے پر پھول والا برتن کسی جگہ محفوظ کر کے رکھیں کہ کسی کی نظر نہ پڑے۔ تین دن کے عمل تک پھول ایک ہی رہے گا۔ سبز لباس اور سبز جاء نماز پر عمل کریں۔ آخری دن فاتحہ مولائے کائنات مولا علی مرتضیٰ مشکل کشا کی دلائیں۔ اس عمل سے ہر چیز کی بندش باندھی اور کھولی جاتی ہے۔

22-حاضرات

یہ فلیتہ عنائت کردہ جناب شاہ عبداللطیف شہید نیشاپور کا ہے اور وہ اس عمل کے پورے حاکم تھے۔ اور وہ

گھر بیٹھ کر بغیر مریض دیکھے یہ کام کرتے تھے۔ اُن کا اور میرا بارہا بار آزمایا ہوا ہے۔ پہلے نیا چراغ لے کر اُس میں یہ نقش تحریر کریں۔ اُس کے بعد دوسرا فلیتہ لکھیں۔ چراغ کا نقش یہ ہے۔

۳۳۹	۳۴۳	۳۴۶	۳۳۲
۳۴۵	۳۳۳	۳۳۸	۳۳۴
۳۳۴	۳۴۸	۳۴۱	۳۳۷
۳۴۲	۳۳۶	۳۳۵	۳۴۷

امہ حہ معہ ھعی اشر اھیا اھیا اھیا

﴿هَرُ بَلا و آسِیب وَغیره که دَر وَجُود فلان بن فلان مستول شُده بَاشد یَا دِیُگر سَخت کنانیده بَاشد بمجرد روشن شدن بِحُرُمَتِ نَقشِ مُعَظَّمُ وَ مَعه چراغ دَرآید وَ نماید وَ خاکستر شود بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ کھ د ص حٰمٓعٓسٓقٓ﴾ فلیتہ جلانے کا یہ ہے۔

العجل العجل	۱۱	۸		۱۳
الوحا الوحا	۲	۱۱	۱۱۶	۷
الساعۃ الساعۃ	۲۶	۳		۹
ال ع ح ل	ع	۱۰	ع ا	۴
فلاں بن فلاں مستولی باشد یا دیگرے سخت کردہ بات بمجرد روشن شدن فلیتہ رخود حاضر شود			جملہ آفت ابلیس وشیاطین وارواح از جمیع آسیب	

23-ہر قسم کی بند حاضرات کھولنے کا تیر بہدف نقش

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض حاسد و منافق عامل حاضرات بند کر دیتے ہیں۔ جس سے عامل کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور عامل بدظن ہو کر اور تھک کر حاضرات کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ حاضرات کی بندش یا حاضرات بند کرنا یہ تہذیب و عملی اصول کے خلاف ہے۔ یا کسی کی روزی بند کرنا، شادی نکاح کی بندش کرنا یہ طریقے

اسلامی اصول وتہذیب کے خلاف ہیں۔ ایسا کرنے والا مومن یا مسلمان نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ایسے طریقوں سے گریز و اجتناب کریں۔ جس سے کسی کی دل شکنی ہو یا روزی ختم ہو۔ یاد رکھیں رازق اللہ ہے وہی سب کو روزی و رزق دیتا ہے۔ یہ پریشانیاں عارضی ہوتی ہیں۔ بہر حال ایسے کاموں سے گریز کریں جس سے کسی کو نقصان پہنچے۔ بلکہ ایسے کام کریں جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہو۔ علم پھیلائیں، علم سیکھیں اور علم سکھائیں۔ علم کی شمع روشن کریں تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں اس علم سے بہرہ ور ہوں۔ ایک دوسرے سے محبت کریں۔ حسد نہ کریں۔ ایک دوسرے کو علم سکھائیں اور خود بھی علم سیکھیں۔ ایسے کام نہ کریں جس سے کسی کی دل شکنی ہو۔ بقول شاعر۔

مندر کو توڑیئے مسجد کو ڈھایئے　　　دل کو نہ توڑیئے یہ خدا کا مقام ہے

بہر حال ایسا نقش حاضر خدمت ہے جو ہر قسم کی بند حاضرات کو فوری کھولتا ہے۔ حاضرات کسی بھی طریقے سے نہ کھلتی ہو اور ہر قسم کی کوشش کے باوجود ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش سے کام لیں۔ یہ نقش جلتے ہی ہر قسم کی حاضرات فوری کھل جاتی ہے اور ہر قسم کی حاضرات کا فوری نزول ہو جاتا ہے۔ حاضرات کھولنے کا نقش یہ ہے

بکتانوش فاضل شاہ محمد میمون شاہ زنگی......

۷۸۶

۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸

لو آئیل　　　لو آئیل

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو کسی پاک صاف سفید کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنا کر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر روشن کریں اور بچہ کی کنپٹی پر **لو آئیل** سات مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور حاضرات کریں۔ انشاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔

24-اس حاضرات سے جن، پریاں نظر آتی ہیں۔

یہ عمل پایہ کی حاضرات ہے یعنی مرض معلوم کرنا کہ اس آدمی کو کیا ہے اور مریض کی بیماری پہچاننے میں حاضرات سے عامل مدد لیتا ہے اور سب باتوں کا پتہ چل جاتا ہے کہ آدمی کو کیا ہے؟ مثال کے طور پر اس کا طریقہ یہ ہے۔ سب سے پہلے آپ کو عمل کی جگہ جہاں آپ عمل کرنا مناسب سمجھ رہے ہیں پاک مٹی لے کر لیپ وغیرہ کر کے

درست کریں۔ پھر یہ معلوم کرنے کے لئے کہ مریض کو کیا ہے؟ ایک نقش جو مندرجہ ذیل ہے اُس آدمی کے ہاتھ میں دے دیں اور کہیں کہ اسے اپنے سامنے رکھے۔

۱۔ اگر وہ آسیب کا مریض ہے تو دیکھئے اُس نقش کو دیکھ کر رونا شروع کر دے گا۔

۲۔ اگر اُس پر خبیث خلل ہے تو مریض ہنسنے لگے گا۔

۳۔ اگر کوئی جسمانی بیماری ہے تو مریض خاموش رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

25-حاضرات

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

۳۰۹۱۹	۳۰۹۱۸	۳۰۹۲۳
۳۰۹۲۴	۳۰۹۲۰	۳۰۹۱۶
۳۰۹۱۷	۳۰۹۲۲	۳۰۹۲۱

اسرافیل حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو عزرائیل

طریقہ مندرجہ بالا نقش کو لکھ کر درمیان کے خانہ میں کاجل یا کالی سیاہی لگا کر اور اس پر عطر لگا کر بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر سورۂ اخلاص و درود شریف پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات نہ کھلے۔

جب حاضرات کا نزول ہو جائے تو بچے سے سوال و جواب کرے۔ یہ نہایت زبردست اور طاقتور حاضرات ہے۔ ہر جائز کام منٹوں میں کر دیتی ہے۔ زبردست جن و بھوت و سحر بھی اتار دیتی ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔ اس کی قدر کریں۔

حضرت شاہ زنجانی قدس اللہ سرہ میری نظر میں

از رشحات قلم :- علامہ محمد رفیق زاہد مدظلہ العالی

منہاج العالمین وسراج الکاملین حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی قدس اللہ سرہ کی ذات گرامی نے برصغیر پاک وہند میں علوم مخفیہ و روحانیہ کی بقاء واحیاء کی خاطر جس قدر خدمات سرانجام دیں ان کی نظیر نہیں ملتی۔ آپ کی وہ ذات گرامی ہے کہ جس نے تن تنہا منکران روحانیات کا مقابلہ کیا اور اس میدان میں کامیاب وکامران رہے۔ آپ نے اپنے کمال علم وفن کی بنا پر نجوم وجفر اور علوم مخفیہ کے اقدار کی اشاعت وترویج کرنے میں جس قدر کارنامے سرانجام دیئے بلاشک وشبہ وہ آج علمی وفنی تاریخ کا تابناک باب ہیں۔ جفر ونجوم کو ظنی وقیاسی اور سحر وجادو کے نام سے پکارنے والے کفر ژولیدہ افراد کا قلع قمع کرنا آپ ہی کے حصے میں آیا کیونکہ برصغیر پاک وہند جو تقسیم سے قبل کفرستان تھا، جس میں علوم روحانیہ کے حقائق ودقائق کی اشاعت کا تصور تک نہ تھا۔ متحدہ ہندوستان کے لوگ انبیاء کرام اور خاصان خدا کی طرف سے پہنچائے جانے والے علوم وفنون کو تسلیم کرنے اور ان پر ایمان وایقان رکھنے کی بجائے سحر وجادو اور بتوں سے مرادیں مانگتے تھے اور یہود وہنود کے علوم وفنون کو ہی حقیقت سمجھتے تھے۔ ان کا مقصد حیات اصنام و کواکب پرستی اور شیاطین وخدا دشمن قوتوں سے استمداد لینے کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ ان حالات میں شاہ زنجانی کا اعلائے کلمۃ الحق کے لئے اپنا پرچم بلند کرنا یقیناً منشائے خداوندی کے مطابق تھا۔ آپ ضلع شیخوپورہ کے علاقہ پسیانوالہ سے لاہور تشریف لائے اور جریدہ مقبول جہاں آئینہ قسمت کا اجراء کیا۔ یہ شاہ زنجانی کی ہی تشریف آوری کی برکت تھی کہ سحر وجادو اور علوم مخفیہ وروحانیہ کو خلط ملط کر کے دونوں کو ایک ہی علم وفن قرار دینے والوں کے صنم کدوں کی فلک بوس عمارات بید لرزاں کی طرح کانپنے لگیں۔ حقیر راقم السطور کا خیال ہے کہ حضرت شاہ زنجانی کو روحانی ومخفی علوم وفنون کی خدمات کے لئے خدا دوست قوتوں نے ہی مامور فرمایا اور انہی قوتوں نے ہی ان کی ہر طرح سے مدد وتائید فرمائی۔ یہی وجہ ہے کہ برصغیر پاک وہند میں علمائے روحانیات کا تعارف اور علوم روحانیہ کا تحفظ حضرت شاہ زنجانی کی ذات گرامی کا مرہون منت ہے۔

نسب نامہ

حضرت شاہ زنجانی قدس اللہ سرہ کا نسبی تعلق خاندان سادات سے تھا جو مولائے دو جہاں سرکار تاجدار امامت وولایت حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہما السلام تک منتج ہوتا ہے۔ آپ کے شجرۂ نسب کی جو تحقیق کی گئی ہے اس کے صحیح ہونے پر آپ کے خاندان اور سلسلہ ہائے زنجانیہ کے تمام اکابر حضرات نے اتفاق کیا ہے۔ کسی نے بھی مختلف فیہ ہونے کا ذکر نہیں کیا۔ اصالت، نجابت، سیادت اور شرافت میں خاندان زنجانیہ کی فضیلت اور برتری کسی کے لئے بھی اور کبھی بھی وجہ اختلاف نہ رہی ہے۔ نسبت ارادت کی بنا، پر شاہ زنجانی کا سلسلہ بیعت حضورﷺ سے جاملتا ہے۔ اکابر بزرگان زنجان کا کہنا ہے کہ شاہ زنجانی کا نسب پاک سینتالیس (47) واسطوں سے حضرت امیر المومنین علیہ السلام تک جاملتا ہے۔ شجرہ طریقت اس طرح پر ہے۔

(1) الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی بن
(2) سید بابا جیون شاہ زنجانی بن
(3) سید سکندر شاہ زنجانی بن
(4) سید محمد شاہ زنجانی بن
(5) سید شاکر علی شاہ زنجانی بن
(6) سید غلام نبی شاہ زنجانی بن
(7) سید مراد شاہ بلقب باقر شاہ زنجانی بن
(8) سید غلام علی شاہ زنجانی بن
(9) سید شاہ محمد زنجانی بن
(10) سید معظم شاہ زنجانی بن
(11) سید شاہ محمد زنجانی بن
(12) سید پیر علی شاہ زنجانی بن

(13) سید عبدالوہاب شاہ زنجانی بن
(14) سید اسمٰعیل شاہ زنجانی بن
(15) سید سلیمان شاہ زنجانی بن
(16) سید بابو شاہ زنجانی بن
(17) سید کمال الدین شاہ زنجانی بن
(18) سید جلال الدین شاہ زنجانی بن
(19) سید شاہ ابی زید شاہ زنجانی بن
(20) سید میر احمد شاہ زنجانی بن
(21) سید اسمٰعیل شاہ زنجانی بن
(22) سید میر علی شاہ زنجانی بن
(23) سید میر حسن شاہ زنجانی بن
(24) سید میراں حسین شاہ زنجانی مدفون لاہور
(25) سید علی شاہ جہانیاں زنجانی بن
(26) سید ابو جعفر شاہ زنجانی بن
(27) سید اخی ابوالفراح شاہ زنجانی بن
(28) سید امیر علی شاہ زنجانی بن
(29) سید میر عالم ابی محمد شاہ زنجانی بن
(30) سید میر جعفر نظام الملت شاہ زنجانی بن
(31) سید میر علی شاہ زنجانی بن
(32) سید محمد میر عالم نور شاہ زنجانی بن
(33) سید میر احمد ابو عبداللہ شاہ زنجانی بن
(34) سید موسیٰ اصغر شاہ زنجانی بن
(35) سید شاہ احمد ثانی زنجانی بن
(36) سید محمد الاعرج شاہ زنجانی بن
(37) سید احمد پاک کبیر شاہ زنجانی بن
(38) سید موسیٰ المبرقع شاہ زنجانی بن (آمد زنجان 225ء)
(39) حضرت امام محمد تقی علیہ السلام بن
(40) حضرت امام علی نقی علیہ السلام بن
(41) حضرت امام علی رضا علیہ السلام بن
(42) حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام بن
(43) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بن
(44) حضرت امام باقر علیہ السلام بن
(45) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام بن
(46) حضرت امام حسین علیہ السلام سید الشہداء بن
(47) امام حضرت علی مرتضٰی داماد رسول مصطفیٰؐ

سے 47 ویں پشت سے جا ملتا ہے۔

سطور بالا میں بیان کیا جانے والا شجرہ سلسلہ زنجانیہ خاندان زنجانیہ کے قلمی بیاض سے لیا گیا ہے جو خاندان زنجانیہ میں نسل در نسل محفوظ چلا آرہا ہے۔ اسے سید مبارک علی شاہ زنجانی آف جنو ضلع نارووال نے از تحقیق نو مرتب اضافہ زنجانیہ حال کے ساتھ مرتب کیا ہے۔

شاہ زنجانی کی ولادت باسعادت ٹھاٹھیں مارتے ہوئے دریائے راوی کے کنارے پنجاب کے ایک مشہور و معروف علاقہ پسیانوالہ (نارنگ منڈی) ضلع شیخوپورہ کے علاقہ میں ہوئی۔ پیدائش بھی وہیں ہوئی اور نشوونما بھی وہیں ہوئی۔ پسیانوالہ میں جائے ولادت باسعادت کے بارے میں بھی کسی نے بھی اختلاف نہیں کیا بلکہ اس بارے میں بھی سب کا اتفاق ہے آپ کے برادر بزرگ سید غلام مصطفیٰ شاہ زنجانی بھی پسیانوالہ میں ہی پیدا ہوئے۔ حصول تعلیم کے لئے آپ نے اپنے عہد طفلی میں متعدد مقامات کی سیر و سیاحت بھی کی اور مختلف مقامات پر تشریف لے جا کر علوم و فنون حاصل کئے۔ تاہم آپ کا زیادہ تر قیام لاہور میں ہی رہا اور آپ مدرسہ حزب الاحناف میں ہی درس و تدریس کرتے رہے۔ وہیں قرآن کریم کا حفظ فرما کر اکتساب علم فرمایا۔ کلام اللہ حفظ کیا اور درس نظامی عربی و فارسی کے امتحانات پاس کئے۔ ظاہری علوم و فنون کے حصول کے بعد آپ باطنی علوم کے حصول میں مشغول ہو گئے اور والد ماجد شیخ بابا سید جیون شاہ زنجانی قطب الاقطاب کی زیر نگرانی چلہ کشی کے مراحل طے کئے۔ آپ کے والد بزرگوار بابا صاحب نہایت ہی اصلاح سے مزین اور تقویٰ سے مرقع تھے۔ اپنے وقت کے ولی کامل اور غایت بزرگ تھے۔ روایت کی جاتی ہے کہ حضرت بابا صاحب ولایت ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے عہد کے عامل و کامل انسان بھی تھے۔ آپ خصوصی طور پر جنات و روحانیات کے ماہر و حاذق تھے۔ اکثر بڑے بڑے مشائخ

حضرات نے ان سے کسب فیض کیا ہے اور ان کو صاحب جلال و جمال دیکھا ہے۔ حضرت بابا صاحب کی وفات کے بعد (المتوفی 1889ء) شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز نے کسب معاش اور نشر علم و فن کے لئے لاہور کے علاقہ محلہ دارا شکوہ عقب لنڈا بازار میں روحانی ادارہ کا سنگ بنیاد رکھا اور خدمت دین و علم کے ساتھ ساتھ اپنا گذر اوقات فرمانے لگے۔ کسب حلال کا تجسس اور اسے اپنانا اولیائے کاملین کا وطیرہ حیات رہا ہے۔ اپنے ہاتھوں کی کمائی سے گھر اور لنگر کے مصارف پورے کرنا ہی ولایت کی تکمیل کرنے کے مترادف ہے۔ لہذا حضرت شاہ زنجانی کو جو آمدنی ہوتی تھی اس سے آپ بابا جیون شاہ زنجانی کے دربار کے لنگر کو بھی چلاتے تھے۔ اپنا اور بچوں کا پیٹ بھی پالتے تھے اور اس سے جو کچھ بچ جاتا تھا اسے راہ خدا میں تقسیم کر دیتے تھے۔ راقم السطور سے ایک ملاقات میں شاہ زنجانی نے ایک مجذوب سے ملاقات کا ذکر فرمایا جو اس طرح پر تھا کہ آپ ادارہ آئینہ قسمت میں تشریف فرما تھے کہ وہاں برلی کنڈی نامی مجذوب تشریف لائے۔ جب آپ نے اس مرد حق کو دیکھا تو احتراماً آگے بڑھے اور ان کے پاؤں کا بوسہ دیا۔ اپنے ساتھ مسند پر بٹھایا اور انگور کا طشت تحفتہً پیش کیا۔ شاہ زنجانی ان کے سامنے زانوئے ادب تہ کر کے بیٹھ گئے۔ مرد مجذوب نے اپنی زنبیل سے ایک روٹی کا ٹکڑا نکال کر اپنے دانتوں میں چبایا پھر شاہ زنجانی کے منہ میں ڈال دیا جسے حضرت شاہ زنجانی نے تمام و کمال کھالیا اور کسی قسم کی کراہت محسوس نہ کی۔ شاہ زنجانی چبایا ہوا ٹکڑا کھانے سے سراپا نور بن گئے جس سے آپ کا سینہ بے کینہ علوم و فنون کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر بن گیا۔ شاہ زنجانی کے بقول اس دن کے بعد سے لے کر زندگی کی آخری سانس تک پاک و ہند میں کوئی بھی صاحب علوم و فن ان کے مقابل آنے کا دعویٰ نہ کر سکا۔

این سعادت بزور بازو نیست

تانہ بخشد خدائے بخشندہ

بلاشک و شبہ آپ کے روحانی کمالات اس بلندی پر تھے کہ آپ اپنے عہد کے ارباب تصوف اور ارباب معرفت کے بھی سرخیل تھے۔ روحانی علوم و فنون سے ظہور و عمل میں آنے والے عجائبات سے ہٹ کر آپ صاحب کمالات تھے اور آپ سے خوارق عادات اعمال دیکھے گئے۔ حضرت مبلغ اعظم مولانا محمد اسماعیل فیصل آبادی، ثقہ الاسلام سرکار علامہ محمد بشیر صاحب انصاری، فاتح ٹیکسلا اور علامہ حافظ کفایت حسین صاحب آف لاہور زندگی بھر آپ کے کمالات کے معترف رہے۔ حافظ صاحب قبلہ جو خود اپنے دور کے ایک کامل و اکمل انسان تھے، فرمایا کرتے تھے کہ شاہ زنجانی معشوق صمدانی ہیں اور یہ کہ کمال حصول میں آپ کے تمام دوست اس مقام پر نہ پہنچے کہ جس مقام کو آپ نے حاصل کیا۔ شاہ زنجانی کی روحانی برتری کے مقام کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کو آپ کے سلسلہ زنجانیہ کے اکابر بزرگان سے دو تحفے ملے۔ ایک ادب دوسرا علم۔ چنانچہ زنجانی خاندان میں سے شاہ زنجانی کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر کسی کا ادب کیا کرتے تھے اور دوسری خصوصیت کے طور پر ہر وقت علم و فن کے متلاشیوں پر علم و فن کے فیوض و برکات کی بارش کیا کرتے تھے۔ حضرت قبلہ سید ناظر حسین شاہ صاحب زنجانی لاریب برصغیر پاک و ہند کے مجدد فن ہیں۔ جن کی روحانی برتری اور حکومت تا قیام قیامت برقرار رہے گی اور یہ شرف عظیم شاہ زنجانی کو ہی حاصل ہے کہ پورے پاک و ہند بلکہ دنیا بھر میں ان کی جلائی ہوئی شمع علم و فن آج بھی فروزاں و روشن ہے۔ آپ کی ذاتی محنت خداداد صلاحیت اور خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم نے آپ کو روحانی علوم و فنون کے مجدد کے درجہ پر فائز کر کے پاک و ہند میں آپ کو روحانی حکومت تفویض فرمائی۔ آپ کی علمی و فنی حیثیت ایک مسلمہ حقیقت ہے اور آپ کی زندگی کے اوراق اس پر شاہد ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت شاہ زنجانی پر روحانی کیفیت طاری ہوئی جس میں آپ نے میری موجودگی میں ارباب محفل کو اس بات کی نوید دی کہ میرا ایک فرزند ہوگا جس کا مجھے انتظار ہے اور میں اس کا نام نامی بھی شہزادہ انتظار حسین زنجانی تجویز کرتا ہوں۔ یہ میرا بیٹا میرا روحانی خلیفہ ہوگا اور اس کی اولاد سے تا روز قیامت میرا مشن جاری رہے گا۔

علمی و فنی خدمات

اکابر زنجان اور خود شاہ زنجانی جہاں کہیں بھی قیام پذیر رہے انہوں نے علمی و فنی اشاعت کو کبھی بھی نظر انداز نہیں کیا۔ انہوں نے اپنے حلقہ کے مریدین کے علاوہ بھی اپنے دروازے ہر وقت مخلوق خدا کے لئے کھلے رکھے تاکہ جس وقت بھی کوئی علم و فن کی حاجت رکھنے والا حاجت مند آئے تو وہ مایوس نہ لوٹے۔ چنانچہ لنڈا بازار میں اقامت پذیر ہو کر شاہ زنجانی نے مخلوق خدا اور طالبان علم و فن کی بہت زیادہ خدمت کی۔ آپ کی علمی و فنی خدمات کا ذکر کیا

جائے تو اس کے لئے ایک الگ دفتر کی ضرورت ہوگی۔ مختصر طور پر اسی قدر ہی عرض کر دیا جاتا ہے کہ اسلام میں اشاعت علم پر بے حد زور دیا گیا ہے۔ لہذا اسی بنا پر ہی شاہ زنجانی نے روحانی ادارہ قائم کیا اور مسندِ علم وفن پر بیٹھ کر علمی وفنی خدمات سرانجام دیں۔ خود اکابر علمائے علم وفن کے نزدیک علم وفن کی اشاعت اس لئے بھی ضروری ہے کہ اس سے ہر صاحب علم وفن ایک سلسلہ میں منسلک ہو جاتا ہے۔ شاہ زنجانی کی کوششوں سے علم وفن کی اشاعت وتبلیغ کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا وہ اب ان کی پیش گوئی کے مطابق شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی اور ان کے بعد ان کی اولاد کی شکل وصورت میں تا قیام قیامت جاری وساری رہے گا۔ شاہ زنجانی نے جب آئینہ قسمت کا اجراء فرمایا تو اس وقت پاک وہند کفر وطاغوت کے اعمال واوراد کے زیر اثر تھے۔ اعمال قرآنی اور اوراد روحانی کا کوئی نام لیوا نہ تھا۔ بالخصوص پاکستان میں ہندووانہ تقویم اور جوگیوں وساحروں کے جنتروں منتروں کی کتابوں کا شہرہ تھا۔ سفلی وکالے علم کی دھوم دھام تھی۔ جب آپ نے علمی وفنی علم بلند کیا تو لوگوں کو اعمال قرآنیہ اور وظائف ربانیہ سے آشنائی ہوئی۔ جو لوگ مدت مدید سے سفلی وکالے علم کے اعمال کا جاپ کرتے چلے آرہے تھے کہ یہ کون ہے، کیا کہتا ہے، اس کی اس کوشش کا مقصد کیا ہے؟ کیونکہ اس سے قبل سرزمین پاکستان پر کسی نے اس قسم کی کوئی کوشش نہ کی تھی۔ آپ کے انداز اشاعت کا اس قدر اثر ہوا کہ پاکستان میں روحانی علوم وفنون کی اشاعت کے بہت سے اور بھی ادارے کھل گئے۔ حضرت شاہ زنجانی کا انداز خدمات اس قدر پر خلوص اور واضح وشستہ تھا کہ اہل وطن نے اپنا رخ سفلی عاملوں اور جادوئی کتابوں سے موڑ کر آپ کی طرف کیا اور آپ کی مصنفہ ومولفہ کتابوں نے وہ روحانی لطائف وحقائق پیش کئے کہ جس سے مرعوب ہو کر صاحبان علم وفن نے اسلامی تقویم (زنجانی جنتری) کو بخوشی قبول کر لیا۔

خصائص جمیلہ

حضرت شاہ زنجانی خصائص ومعارف کے مجموعہ تھے۔ آپ کی تمام زندگی عبادت الٰہیہ وذکر وفکر سے وابستہ رہی۔ ستر برس تک کامل آپ نے رات ودن اپنا انداز اشاعت نہیں بدلا۔ سفر وحضر میں بھی آپ کی کیفیت یہ تھی کہ رات کو روزانہ اعمال واوراد اور ختم قرآن فرماتے تھے۔ اسی طرح دن کو بھی قرآن کریم کی تلاوت اور ذکرِ محمد وآل محمد میں مصروف رہتے تھے۔ آپ کے بشرہ مبارک پر ہمیشہ خوف آخرت کی غمگینی کے ساتھ ساتھ روحانی طمطراق نمایاں رہتا تھا۔ عمر بھر کبھی اپنے لئے دعا نہیں فرمائی بلکہ صاحبان علوم وفن کے لئے ہر وقت دعا گو رہے۔ آخری عمر میں آپ پر روحانی وجد واستغراق کو طاری ہوتے ہوئے دیکھا گیا۔ جب نماز کا وقت ہو جاتا تو آپ پر خود بخود استغراق ختم ہو جاتا نماز کی ادائیگی کے بعد پھر وہی کیفیت ہو جاتی۔ اس دوران کاروبار زندگی بھی چلتا رہتا۔ لوگ جوق در جوق اپنے مسائل ومشکلات کے ساتھ چلے آتے اور شاہ زنجانی کی نگاہ کرم سے فیض یاب ہو جاتے۔ شاہ زنجانی نے اپنی نیازمندی اور دل سوزی کی بناء پر خداوند کریم کا قرب حاصل کیا اور اس کی مخلوق کی خدمت کر کے اس کی خوشنودی حاصل کی۔ یہی وجہ ہے کہ شاہ زنجانی کے اس دارفانی سے رخصت ہونے کے باوجود وہ اہل بصیرت کے نزدیک زندہ جاوید اور صاحب تصرف ہیں۔ جس سے ان کے حلقہ کے احباب ومعتقدین مستفید ہوتے چلے آرہے ہیں۔ حضرت شاہ زنجانی قدس سرہ نے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر گامزن ہو کر اپنے آپ کو بلند اخلاق اور اعلیٰ کردار کا مالک ہونا ثابت کیا۔ عمر بھر کبھی بھی ایسی بات آپ سے ظاہر نہ ہوئی جس پر کوئی شاتم انگشت نمائی کرنے کی جسارت کرتا۔

شاہ زنجانی کا فیضانِ کرم

حضرت شاہ زنجانی کے اخلاق حسنہ اور عدیم النظیر فیضانِ کرم سے لاکھوں کی تعداد میں عامل وکامل پیدا ہوئے۔ مرید وشیخ کا رابطہ زندگی اور موت دونوں حالتوں میں ہر وقت قائم رہتا ہے۔ چنانچہ ارادت مند جہاں بھی ہو وہ اپنے روحانی پیشواء سے مستفید ہوتا رہتا ہے اور مرید کی نظر سے اس کا شیخ ومرشد کبھی بھی اوجھل نہیں ہوتا جس کی وجہ سے مرید کی روحانی استعداد میں روز بروز ترقی ہوتی رہتی ہے اور منزل بہ منزل شیخ کی رہنمائی ودستگیری ہوتی رہتی ہے۔ شاہ زنجانی کا روحانی فیضان ان کی ظاہری زندگی کے بعد بھی ان کے حلقہ کے مریدان تک جاری وساری ہے اور ہمیشہ جاری وساری ہی رہے گا۔ آپ کی رحلت کے بعد آپ کے جانشین بلافصل حضرت شہزادہ السید انتظار حسین شاہ زنجانی ثانی نے سلسلہ زنجانیہ کے فیضان کو بے حد فروغ دیا۔ چنانچہ خاندان زنجانیہ کے خلفاء حضرات میں سے موصوف کی روحانی وعلمی خدمات قابل ذکر ہیں کہ انہوں نے حضرت زنجانی قدس سرہ کی علمی اور روحانی مشن کی اشاعت وترویج کا حق ادا کر دیا ہے۔ حضرت شاہ زنجانی حضرت نعمان کے مذہب کے مطابق تھے کیونکہ انہی کی بدولت نہ صرف مسلک ومذہب میں ترقی

ہوئی بلکہ یہ تمام کا تمام سلسلہ نعمانی ہی ہے۔ موصوف عقائد و مذہب کے حنفی ہونے کے باوجود امت کے تمام تر اکابر عقائد و مذاہب کے ہاں بڑی قدر و
منزلت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ چنانچہ مسلمانوں کے دو بڑے مذہب شیعہ و سنی دونوں ہی آپ کے لئے بے پناہ عقیدتوں اور محبتوں کا جذبہ رکھتے
تھے۔ آپ کی تنہا ذات گرامی نے اختلاف امت کو مٹانے اور مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کا بھی فریضہ انجام دیا اور شریعت محمدی کو کمال
خوبصورتی کے ساتھ پہنچایا۔ خود شاہ زنجانی کا قول ہے کہ دین خدا اور سید الانبیاء کا ہے چاہیے کہ آئمہ امت میں سے کسی ایک کا خود کو مقلد بنا لیا جائے اس
لئے کہ اگر آپ خود کو مقلد نہ بنائیں گے تو ضعیف الایمان ہو جائیں گے۔

تصانیف حضرت شاہ زنجانی

سب سے پہلی تصنیف "مصباح الجفر" ہے۔ یہ کتاب حضرت صادق آل محمدؑ امام جعفر صادق علیہ السلام کے علم مقدس جفر کے حقائق و دقائق پر
مشتمل ہے۔ اس کتاب پر برصغیر پاک و ہند کے نامور شیعہ عالم دین علامہ حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ قدس سرہ العزیز نے تقریظ فرمائی ہے اور اس
کتاب کو جفر پر ایک جامع و مانع صحیفہ قرار فرمایا ہے۔ یہ کتاب آپ کی بہت سی دوسری کتابوں کے مقابلہ میں مشہور ہوئی۔ آپ کی اس کے علاوہ بھی
تصانیف ہیں جن سے آپ کے علمی تجربہ کا پتہ چلتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ ایک نابغہ روزگار مصنف و مؤلف تھے اور مجدد برحق تھے۔ اس
وقت جو کتابیں ملتی ہیں ان کے علاوہ بھی آپ کی غیر مطبوعہ تصانیف ہیں۔ آپ فی الحقیقت کثیر تصانیف بزرگ تھے مگر بیشتر کتابیں دور زمانہ کی وجہ سے
اوجھل ہو گئیں۔ اس کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ آپ کے خلیفہ مجاز شاہ زنجانی ثانی اس وقت کم سنی کے عالم میں تھے۔ ان سے بلوغت کے بعد جو کچھ ہو سکا
آج وہ سب کے سامنے ہے۔ تاہم وہ ان کے تحریر کردہ رسائل کو پوری طرح تلاش کر کے نشر نہ کر سکے۔ اس میں ان کی کوئی کوتاہی نہ ہے ایسا ہوتا ہی رہتا
ہے۔ حضرت شاہ زنجانی مصنف و مؤلف ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ راقم کے نزدیک حضرت زنجانی قدس سرہ شعراء کے گروہ میں
نابغہ عصر تھے۔ اصناف شعر، قصیدہ، غزل اور رباعی میں کمال درجہ رکھتے تھے۔ آپ کے کلام کے بارے میں تخلص کے باوجود بھی معلوم نہ ہو سکا مگر صرف
اردو شاعری ہی آپ کی زیادہ معروف ہے۔ آپ کے کلام کا مجموعہ عرفان جو غیر مطبوعہ ہے فی الواقع گراں بہا ہے۔ اس میں ہزاروں شعر مرقوم ہیں۔
زمانہ کی دست برد سے آپ کا بیشتر کلام ضائع ہو گیا اس میں سے بہت ہی کم باقی رہ گیا ہے۔ یہ سب کچھ ہماری ذمہ داریوں کی وجہ سے آپ کے خلیفہ مجاز
کی طرف سے اس کی حفاظت کے نہ ہونے کی بنا پر ضائع ہو گیا۔

اوراد و وظائف

حضرت شاہ زنجانی کے اوراد و وظائف کو موصوف نے مصباح العملیات نامی کتاب میں تحریر فرمایا ہے یہ وہ وظائف و اوراد ہیں جو حضرت شاہ
زنجانی کو اپنے سلسلہ عالیہ زنجانیہ کے مشائخ حضرات کی طرف سے عطا ہوئے۔ شاہ زنجانی مرحوم و مغفور زندگی بھر ان کی مداومت کرتے رہے اور آج تک
ان کے حلقہ کے ارادت مند حضرات انہیں پڑھتے چلے آ رہے ہیں۔ ان اعمال و اوراد میں سے حضرت بابا جیون شاہ صاحب زنجانی کے وظائف و مجربات کا
بطور خاص ذکر کیا گیا ہے۔ شاہ زنجانی کو خلافت و خرقہ ان کے والد مرشد کی طرف سے ہی عطا ہوا ہے۔ زنجانی سلسلہ سادات کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ
بات واضح ہو جائے گی کہ تمام اکابرین زنجانیہ شرعی اصولوں کے پابند درویش کو خرقہ خلافت مرحمت فرماتے رہے ہیں۔ تاریخ میں کوئی ایسا شخص نظر نہیں آیا
کہ جسے خاندان زنجانیہ کی طرف سے خرقہ خلافت عطا ہوا ہو اور وہ بعد میں چل کر نااہل ثابت ہوا ہو کیونکہ ایسا وقوع پذیر ہونا ناممکن ہے۔ بابا جیون شاہ کا یہ
قول سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے کہ جو شخص تکبر کرے اور بڑائی کو ظاہر کرے وہ کسی طور پر بھی درویش نہیں بلکہ دنیا پرست ہے، رہبر و رہنما نہیں،
رہزن ہے۔ ایسا شخص مشائخ و اولیائے کرام کے خرقہ کے حاصل کرنے کا اہل نہیں ہو سکتا۔ اسے سارق سمجھا جائے گا۔ ایسا شخص اس نعمت عظمیٰ کے لائق نہیں
بلکہ وہ ضال و بے نعمت ہے۔ اس قسم کے شخص سے ارباب روحانیات متنفر ہو جاتے ہیں۔ ایسے شخص پر اولیاء و خاصان خدا کی نظر التفات ہو جائے، ناممکن
ہے۔ اوراد و وظائف کا ذکر کیا جاتا ہے تو اس میں یہ بھی تذکرہ ہوگا کہ صاحب عمل و اعمال ہونے کے سبب شاہ زنجانی قدس سرہ عمر بھر بھی سادہ غذا اور عام
لباس استعمال فرماتے رہے۔ اس معاملہ میں آپ نے شرائط کا ہمیشہ لحاظ رکھا اور کبھی بھی تکلف سے کام نہیں لیا۔ نان شبینہ آپ کی مرغوب غذا تھی۔ اگر

قدرے سخت ہو جاتی تو اسے پانی سے تر کر کے استعمال فرماتے۔ان کے ہم عصران حقیر راقم السطور سمیت ان کے اس عمل سے واقف تھے کہ آپ سفر میں بھی ہمیشہ درویشوں کی خانقاہوں اور مدارس دینیہ میں قیام فرماتے۔نام ونمود کو انسانی وقار کے منافی گردانتے کیونکہ اصول درویشی کی روایت بھی یہی چلی آ رہی ہے۔حضرت شاہ زنجانی نے اسی طریقہ کو اپنا کر اپنے اسلاف کے طرز طریق کو زندگی بھر برقرار رکھا۔ایک مکمل عامل وکامل ماہر کی طرح آپ نے زہد وتقویٰ اور سادہ زندگی کو اپنائے رکھا جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ آپ نے زندگی بھر اپنے وجود کو کبھی بھی آسائش نہیں پہنچائی۔موصوف جہاں ولی کامل اور صاحب کرامت بزرگ تھے وہاں بلند درجہ عامل بھی تھے۔ان کے کمالات عمل کا اندازہ ان کے زیر قبضہ وتصرف روحانیات سے کیا جاسکتا تھا۔شاہ زنجانی جہاں اپنے جسم لطیف کے عامل تھے وہاں جنات کی نوع کا ایک مسلمان قبیلہ بھی ان کے تابع فرمان اور زیر اثر تھا۔زندگی بھر لوگ ان کی ان تسخیر کردہ نادیدہ قوتوں کی کرامات کو ملاحظہ ومشاہدہ کرتے رہے۔موصوف جب بھی حل طلب مسائل کے لئے اپنی تسخیر کردہ قوتوں کو طلب فرماتے تو اس کو روحانی مجلس کا نام دیتے تھے۔ان روحانی مجالس میں ان کے خاص الخاص احباب بھی شامل ہوتے تھے اور اس طرح آپ کی مسحور کن مشاہداتی محافل میں شرکت کر کے جہاں آپ کے باقاعدہ حلقہ ارادت میں آجاتے تھے وہاں نادیدہ قوتوں کا مشاہدہ کر کے ان کا ایمان وایقان مضبوط ہو جاتا اور وہ زنجانی قدس سرہ کی روحانی عظمت سے متاثر ہو کر خود صاحب عمل وہدایت بن جاتے۔آج سے نصف صدی قبل جب شاہ زنجانی نے علم، علم فرض بلند کیا تو اس وقت سحر وجادو کے پرستاروں اور کفر وضلالت کے خوگروں نے آپ کا متعدد بار مقابلہ کیا مگر تاب نہ لا کر آپ کے قدموں میں گر کر معافی کے خواستگار ہوئے موصوف حضرت بابا جیون شاہ صاحب زنجانی کی رحلت کے بعد سیدھے لاہور ہی تشریف لائے اور حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری علیہ الرحمۃ (المتوفی 456ء) کے روضہ اقدس پر حاضری دی۔وہاں پر موجود بزرگ حضرات نے آپ کا استقبال کیا۔مزار مقدس پر حاضری دینے کے بعد آپ کا ارادہ چلہ کشی کا ہوا۔اس کے لئے آپ کچھ مدت تک تو دربار پاک پر ہی سکونت پذیر رہے۔تاہم آپ کے قیام پذیر ہونے کی مدت کا تعین ثابت نہیں ،صرف چند دن کا ذکر کیا گیا ہے۔چند دن کے توقف کے بعد روحانی رہنمائی میں آپ حضرت مخدوم سید فخر الدین المعروف سید میراں حسین زنجانی قدس سرہ کے مزار مقدس پر حاضر ہوئے۔یہیں پر ہی آپ کی چلہ کشی ثابت ہے۔میراں حسین زنجانی" کے مزار اقدس پر موجودہ چبوترے کی شکل زنجانی کی چلہ گاہ کے طور پر مشہور ہے۔زنجانی سلسلے کے اکابر بزرگوں سے روایت ہے کہ شاہ زنجانی چلہ کشی کے مراحل سے گزر کر عامل تو ہو ہی گئے تھے مگر اس چلہ کشی کے عمل کی بنا پر ان کے والد مرشد حضرت بابا جیون شاہ صاحب زنجانی نے انہیں درجہ غوثیت پر فائز فرما دیا۔اسی دوران انہیں جنت کی بھی بشارت دی گئی اور اس بشارت کے بعد خود شاہ زنجانی قدس سرہ نے اپنے تمام تر مریدوں اور حلقہ روحانیات کے احباب کو بھی جنت کی بشارت دے دی۔رحلت کے وقت آپ کی عمر شریف 70 سال کے قریب تھی۔وصال شریف کے وقت سے مہینوں قبل آپ نے اپنے ارادت مندوں کو اپنے واصل ہونے کی خبر کر دی تھی۔آپ کے خلیفہ مجاز شاہ زنجانی ثانی اس وقت بلوغت کے قریب تھے انہوں نے اپنے والد گرامی کے فرامین اور متعین کردہ خطوط کو نشان منزل بنا کر علمی وفنی ترویج کا بیڑہ اٹھالیا اور آج جب شاہ زنجانی قدس سرہ ہم میں موجود نہیں ہے شاہ زنجانی ثانی نے ان کی کمی بہت حد تک پوری کر دکھائی ہے۔سلطان النجمین شہزادہ انتظار حسین شاہ زنجانی ثانی، شاہ زنجانی قدس سرہ کی اولاد امجد اور نسل پاک میں سے ایسے ہم صفت موصوف ہیں جو ان کے خلیفہ مجاز ہونے کی تمام تر صلاحیتوں سے ممتاز ہیں اور اہل حال و مکشوفات میں سے ہیں۔انہیں والد مرشد کی طرف سے جفر ونجوم کے علاوہ علم لانی بھی حاصل وتعلیم ہوا ہے۔خود شاہ زنجانی بھی باطنی طور پر ان کے ساتھ ساتھ رہتے ہیں۔علاوہ بریں روحانی افراد کا ایک دوسرے سے باطنی رابطہ تو ہمہ اوقات رہتا ہے اور خلفاء مجاز کو اکابر کی زیارات ہوتی رہتی ہیں خواہ وہ جہاں کہیں بھی ہوں کیونکہ بزرگان دین کا حاضر وناظر ہونا نعمانی عقیدہ ہے اور بالکل برحق عقیدہ ہے جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔الغرض حضرت شاہ زنجانی قدس سرہ جس علم وعمل کے عہدہ ومرتبہ پر فائز تھے اسی اعلیٰ مقام پر ان کے جانشین شاہ زنجانی ثانی بھی فائز ہو چکے ہیں۔ارباب علم وفن کے علم میں رہے کہ جفر ونجوم اور روحانی علوم وفنون سے ظاہر ہونے والے حالات ونتائج کے مقابلہ میں باطنی کشف واخبار اور اطلاعات وانکشافات بہر حال زیادہ قابل اعتماد ولائق التفات ہوتے ہیں۔شاہ زنجانی ثانی نے اپنے والد گرامی سے باطنی طور پر معتکف ہو کر باطنی وظاہری ہر دو طرح کے علوم وفنون اور فیوض وبرکات حاصل کئے ہیں۔شاہ زنجانی قدس سرہ کی اولاد میں سے بلاشک وشبہ شہزادہ انتظار حسین زنجانی ثانی ہی قابل ذکر ہیں جو مسلک زنجانی اور علوم وفنون روحانی کی اشاعت و

زائچے کے لئے اپنی زندگی کو وقف کئے ہوئے ہیں۔ ''ماہنامہ آئینہ قسمت،، کے علاوہ دیگر کتابوں کے ذریعہ فنی و علمی سلسلے کو مزید آگے بڑھانے میں ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔ موصوف کا کہنا ہے کہ وہ کم از کم ایک صد کتابیں شائع کروانے کا عزم بالجزم رکھتے ہیں۔ خداوند عالم انہیں اس میں کامیابی بخشے۔ قارئین کرام، ماہنامہ ''آئینہ قسمت،، کا مطالعہ کر کے دیکھ لیں اور ادارہ کی طرف سے شائع کردہ کتابوں کو ملاحظہ فرمالیں تو انصاف پسند طبیعت بیساختہ پکار اُٹھے گی کہ شاہ زنجانی قدس سرہ کے انتخاب کردہ ایں علمی و فنی گلدستہ جیسا اور کہیں بھی کوئی گلدستہ نہیں ہے ایک طرف ادب و علم کا مظہر اور دوسری جانب عجائبات و کرشمات کا مظہر ہے۔ نصف صدی سے ہزارہا عاشقانِ علم و فن اس روحانی سرچشمہ سے استفادہ کرتے چلے آرہے ہیں۔ ماہنامہ ''آئینہ قسمت،، کی گولڈن جوبلی منائی جارہی ہے۔ یہ چند ایک سطور اسی مناسبت سے خاندان زنجانیہ کے آفتاب علم و حکمت شاہ زنجانی قدس سرہ کی خدمات کے اعتراف کے طور پر تحریر کی گئی ہیں۔ آپ کے فیضان کرم اور ظہور کمالیت کا مشاہدہ مقصود ہو تو ان کے جانشین و وارث حضرت شاہ زنجانی ثانی کی زیارت کی جاسکتی ہے۔ ہم نے تو صدہا مرتبہ ان سے مناظر اور خوارق و کرامات کو دیکھا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود شاہ زنجانی قدس سرہ ہی انتظار حسین زنجانی ثانی کی صورت میں دوبارہ تشریف فرما ہوگئے ہیں اور مخلوقِ خدا کو فیض یاب فرمارہے ہیں۔ بزرگانِ دین کے بعد ان کے مزارات مقدسہ پر حاضری دینا اور ان کے خلفاء سے فیض یاب ہونا ازحد ضروری ہے کیونکہ روحانی اشخاص اپنی قبروں میں رہتے ہوئے ارادت مندوں کو ان کی حاجت روائی کے لئے سامان رہنمائی فراہم کرتے رہتے ہیں۔ وہاں ان کی اولاد مجاز اور خلفائے مجاز بھی ظاہری طور پر خلقِ خدا کو مستفید کرتے رہتے ہیں۔ سلطان الفقراء حضرت شاہ زنجانی قدس سرہ کی عظمت و توقیر کے لئے یہی کافی ہے کہ انہیں ان کے اسلاف کی طرف سے خرقہ ولایت ملا ہے اور خدائے بزرگ و برتر نے انہیں نسل سادات سے ممتاز فرمایا ہے۔

آپ تمام اولیائے کرام اولین و آخرین خصوصاً اصحاب کہف کے توشہ کی ہر ماہ اپنے ہاں محافل برپا کرتے تھے۔ صحابہ کرامؓ سے حد درجہ کا عشق فرماتے تھے۔ تابعین اور تبع تابعین کی محبت سے سرشار رہتے تھے۔ زنجانی سید تھے اور حضرت سیدنا غوث اعظمؓ قدس سرہ کی اولاد سے بھی نسبت رکھتے تھے۔ یہ بھی ان کی بہت بڑی عظمت تھی۔ آپ کے ملفوظات طیبات میں والدین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھنے، تلاوت قرآن کرنے اور اس پر عمل کرنے، کعبہ شریف اور مدینۃ الرسول کی زیارت کرنے، اکابر و مشائخ کی مجالس میں جانے اور ان کے فرمودات پر مکمل طور پر عمل کرنے کو اہم قرار دیا گیا ہے۔

شاہ زنجانی قدس سرہ کے تعارف میں اگر یہ بیان نہ کیا جائے کہ موصوف اپنے وقت کے ایک ماہر نباض اور ایک حاذق طبیب تھے تو یہ ایک بہت بڑی فاش غلطی ہوگی اور ناقابل کوتاہی ہوگی۔ شاہ زنجانی روحانی طبیب بھی تھے اور طبیب جسمانی بھی تھے۔ خدائے بزرگ و برتر نے ان کے ہاتھوں میں اعجاز مسیحائی کو عطا کر رکھا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جسمانی امراض و عوارضات میں جکڑا ہوا لاعلاج جو بھی مریض آپ کی بارگاہ اقدس میں علاج معالجہ کے لئے حاضر ہوتا وہ کبھی بھی خالی نہ جاتا تھا۔ آپ کی بابصیرت نظر اور شفابخش ادویاتی تجویز مریض کی کہنہ ترین مرض و درد کو صحت و شفایابی میں تبدیل کر کے رکھ دیتی۔ عام لوگوں کے علاوہ آپ کے شفابخش معالجات کا اس قدر شہرہ ہوا کہ پاکستان بھر سے جو بھی طبیب خواہ وہ کہیں سے لاہور آیا، اس نے سب سے پہلے حضرت شاہ زنجانی قدس سرہ کی بارگاہ غوثیت میں حاضری دی اور روحانی و جسمانی طور پر استفادہ کیا۔ مرض اٹھرا جس میں مریض عورت کی اولاد زندہ نہیں بچ پاتی اور مرتی جاتی ہے، اسی طرح تھر یعنی بانجھ پن جس میں مبتلا عورت زندگی بھر بے اولاد رہتی ہے۔ ان ہر دو غیر العلاج امراض کا آپ خصوصی طور پر روحانی و جسمانی علاج فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک حقیقت ہے کہ لاتعداد مایوس العلاج خواتین آپ کے مسیحائی علاج کی بدولت دولت شفا سے مالامال ہوئیں۔ ہزاروں خالی گودیں اولاد کی نعمت عظمیٰ سے بھر گئیں اور دربدر کے ستائے ہوئے پریشان حال لوگوں کو در زنجانی سے شفا و سکون ملا۔ شاہ زنجانی اپنے مریدان اور معتقدین حضرات کے معاملات میں حد درجہ کے حساس اور غم ناک ہو جاتے تھے۔ وہ اپنی نیاز مندی اور دل سوزی سے ان کی مشکلات و حاجات کے حل و عقد کے لئے بارگاہ خدا سے دست دعا رہتے تھے اور اس وقت تک ان کا اضطراب و کرب ختم نہ ہو پاتا جب تک کہ ان کے مرید و معتقد کی حاجت روائی نہ ہو جاتی۔ شاہ زنجانی قدس سرہ کے اس دنیا سے تشریف لے جانے کے باوجود آج بھی وہ زنجانی ثانی کی شکل و صورت میں اپنے نیاز مندوں کو فیوض و برکات سے مستفید فرمارہے ہیں۔ شاہ زنجانی ولی کامل تھے اور اولیائے کاملین اس دار فانی سے رخصت ہونے کے باوجود زندہ و جاوید اور متصرف ہوتے ہیں کیونکہ اولیاء ہرگز نہیں مرتے بلکہ وہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔

درگاہ شاہ زنجانی کی زیارت پر جانے والے زائرین کے لئے راہنما نقشہ

زائرین کی خدمت کیلئے

متولی پیر سید الطاف حسین شاہ بخاری ہمہ وقت موجود رہتے ہیں

موبائل فون: 0333-4211858

مکتبہ آئینہ قسمت کی شہرۂ آفاق کتب

نمبر	کتاب	نمبر	کتاب	نمبر	کتاب
1	مصباح الجفر	20	کلیہ ریس وسٹہ	39	اسرار عجیبہ
2	مصباح الرمل	21	علاج بالنجوم	40	تقویم سیارگان
3	مصباح الاعداد	22	قرآن سائنس اور نجوم	41	حقائق ہمزاد
4	مصباح العملیات	23	جامع النجوم	42	بیاض عملیات
5	مصباح الریمیا	24	رجوع	43	روحانی زندگی کے سات سنہرے اصول
6	مصباح الفراست	25	حروفِ صوامت	44	بیاضِ نظامی
7	مصباح النجوم	26	ارواح الجفر (حصہ اول و دوئم)	45	بوستانِ طلسمات
8	آپکی تاریخ ولادت	27	خزینہ جفر	46	رفیق طلسمات
9	مصباح القیافہ	28	تجلیات جفر	47	آئینہ مسمریزم
10	خواب اور تعبیر	29	فانوس الجفر	48	روح النجوم
11	تسخیراتِ ہمزاد	30	تحقیق جفر	49	روحانی دعائیں
12	استخارۂ قرآنیہ	31	نادِ علیؑ	50	بحرالحاضرات
13	استخارۂ سجادیہ	32	طلسماتِ ہدہد	51	حاضرات کی دنیا
14	طلسماتِ سامری	33	اسرارِ طلسمات	52	آئینہ ہپناٹزم
15	سحر اسود	34	قانونِ طلسمات	53	عملیاتِ حب
16	مفاتح الغیب	35	فیوض طلسمات	54	مصباح الرویا
17	سابر منتر	36	طلسمات کی دُنیا	55	محفل حاضرات
18	خیال و سانس	37	رموزِ سوال	56	تسخیر الارواح
19	ابجد نجوم	38	کرشمات مئوکلات	57	بیاض قیصری

درگاہ پیر شاہ زنجانی
کتاب وقف
درگاہ پیر شاہ زنجانی
سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی
پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری لاہور